قل بفضل الله وبرحمته فبذلك فليفرحوا هو خير مما يجمعون
الحمد لله على انعامه عما سما على الطباع حجته وبرهانه الساطع الظاهر الباهر الفارق بين الباطل والحق
المسمى
معيار الحق
مع ترجمة
الذي افاده الشيخ الاجل المحقق الاكمل امام العلماء مروج سنت سيد المرسلين المبتغي لمرضات رب العالمين المولوي محمد نذير حسين
قد طبع باهتمام الامجد المكرم السيد محمد معظم في مطبعة الفاروقي الواقعة في الدهلي

# بسم الله الرحمن الرحيم

نحمدك يا من بعث فى الاميين رسولا منهم يتلوا عليهم اياتك ويزكيهم ويطهرهم تطهيرا ونصلى على نبيك
محمد الذى وجبت علينا اتباعه وجعلته لنا هاديا وسراجا منيرا وعلى اله وصحبه الملتزمين بهديه المستنين
بسنته الذين جعلت كلا منهم شمس الهدى وللدين نصيرا وعلى سائر امته سيما الائمة الاربعة الذين هم لقوام
دينه كالعناصر الاربعة ولا ينكر غير المعاند كون كل واحد منهم له معوانا وظهيرا **اما بعد** فيقول العبد الاحقر
طالب الحسنيين المبتغى مرضاة خالق الثقلين **السيد محمد نذير حسين** انه قد وصلت الى الرسالة الموسومة
بتنوير الحق المنسوبة فى الظاهر الى جامع الحسنات المولوى محمد قطب الدين شرح الله صدره بنور اليقين المصنفة فى
الحقيقة لمحمد شاه الفنجابى الذى اقام عنده زهاء اربع سنين واستفاد منه ثم اعتزل عنه كاعتزال واصل بن عطاء عن الامام
الحسن البصرى فاطلعت عليها وفزت الى ما فيها فوجدتها مشتملة على المفاسد والخطوء وتذكرت من مطالعة
اسمها قول الشاعر مصرع برعكس نهند نام زنگى كافور : اذ وجدت بعضها وهو الباب الاول مخالفا لما روى عن المحققين
من المحدثين والمؤرخين المعتبرين ومتضمنا للاحاديث الواهية الموضوعة التى نص على حرمة روايتها عن الحفاظ
المحققين وبعضها وهو الباب الثانى مخالفا لما صرح به امامنا وسيدنا ابو حنيفة النعمان افاض الله عليه شآبيب العفو
والغفران وصاحباه ومن تبعهم من جمهور الفقهاء والاصوليين من المتقدمين والمتاخرين وبعضها وهو اكثر الباب الثالث
خلاف مسلك المحققين المنصفين فتصديت لتحرير جوابات اظهارا للحق لقوله تعالى لا يخافون لومة لائم ولقوله
عليه السلام الساكت عن الحق شيطان اخرس فجاء بعون الله كتابا ينطق بالحق فلذا سميته باسم كالمسمى معيار الحق
واعلم ان ما ادعيناه من كون تلك الرسالة فى الحقيقة لمحمد شاه يقتضى تفصيلا وهو انه بعد ما اعتزل عنى كان

سابقاً من عدة سنين فی جمع ما اوردہ فیہا من المزخرفات لرد ما فی الرسالتین المتبرکتین ایضاح الحق و تنویر العینین للمقتدانا المولوی اسمٰعیل الشہید لحاج الحرمین فلما اختتم ما جمعہ و تم ما یفیدہ ما قصدہ اراد اظہارہ وافشائہ لکنہ کان فی لست مشہورا وملتفتا الیہ للناس فکیف یظہر ثمرۃ کیدہ وانی یلتفت الی وجہ من وجوہ الناس فتجسس من ینسب الی نفسہ ما جمعہ وہو من المشہورین ومع ذلک یکون ساذجا غیر واقف من کید الخائنین فوجدہ موافقا للمدعا مجمع الحیاء والکرم المولوی قطب الدین صانہ اللہ تعالی عن مکر الخصما فی الدین فالتجا الیہ بہذا السوال نہارہ ولیلہ وکان یذہب فی حضرتہ صباحہ ومساءہ ولما کان المولوی قطب الدین کذلک لما اصرف مدۃ عمرہ فی تالیف الکتب المتضمنہ للمسائل السہلۃ المشہورۃ ولم تیسر لہ مطالعۃ کتاب کبیر دقیق من کتب الاصول ومباحث فروع العلماء الماہرین بالفقہ والحدیث یمیل لعدل حتی یطلع علی مباحث عضال معرکۃ آراء المحققین لیعصم نفسہ عن اغواء المغوین اغتر من کیدہ ورضی بقولہ فاستجاب دعوتہ واخذ ما جمعہ وکان فی العبارۃ العربیۃ فترجمہ بالہندیۃ وسماہ بتنویر الحق ونسبہ الی نفسہ خلاف للواقع الاحق ولنا الشہود علی ما اوردناہ فی ہذا التفصیل لمن ارتاب فلیحضر عندنا فلیطلب منا الشواہد والدلیل والذی لہ طبع سلیم وعقل مستقیم سیطمئن قلبہ من مطالعۃ آخر تلک الرسالۃ لان فی آخرہا اقرارا من محمد شاہ بما یصدق ہذا المقال ولما کانت الرسالۃ فی العبارۃ الہندیۃ ینبغی ان یکون جوابہا ایضا فی الہندیۃ فالمامول من ارباب الفضل والکمال ان ینظروا الی ما قیل لا الی من قال فان المحققین یعرفون الرجال بالحق لا الحق بالرجال والتوفیق من اللہ المنعام المفضال

بعد حمد و نعت کے بندۂ عاجز طالب حسنات دارین محمد نذیر حسین عرض کرتا ہے بیچ خدمت علماء ماہرین شریعت غرا و مستبصرین ملت بیضا کے کہ گذشتہ ۱۲ بارہ سے اسّی مین ایک رسالہ مسمّٰی بہ تنویر الحق نامزد بہ نسبت جناب مولوی محمد قطب الدین صاحب سلمہ اللہ تعالی کے چہپکر جابجا مشہور ہوا چنانچہ ناگاہ اس عاجز کی نظر سے بہی گذرا تو معلوم ہوا کہ یہہ رسالہ حقیقت مین جمع کیا ہوا اور ترتیب دیا ہوا شیخ محمد شاہ ساکن موضع پیر سکندرہ ضلع پاک پٹن کا ہے لیکن نامبردہ نے بسبب غیر مشہور ہونے اپنے کے آمد رفت اور رابطہ اخلاص کا جناب مولوی صاحب سلمہ ربہ سے پیدا کیا اور شیوہ عجز و انکسار اور چاپلوسی و خوش آمد سے عرض معروض کر کے جناب مولوی صاحب ممدوح کو اسپر آمادہ و مستعد کیا کہ آپ بذات خود اس رسالہ کو منسوب کر کے ترجمہ اردو زبان مین فرما دین اور معرفت اپنی چہپوا دین کہ عوام الناس بنا بر شہرت فضیلت اور دیانت آپکی خواہش کرکے لے لین اور دستور العمل اپنا ٹہرا دین پس جناب مولوی صاحب نے بپاس حیا و کرم و مروت جبلی اپنی کے عرض میان محمد شاہ مقرون باجابت فرما کر اچانک اس میدان جان فرسا مین پا انداز ہوئے اور عادت معہودہ قدیمہ کو چہوڑ کر ذات شریف اپنی بعض بعض مباحث دقیقہ معرکہ آرائے اہل اصول مین ڈالی حالانکہ جناب ممدوح پہلے ایام شباب تا بغایت حال فارس تجربہ و حذاقت اس میدان لق و دق کے نتہے صرف بمقتضائے رافت مروت کے بنظر سرسری نامبردہ کے لکہنے پر کاربند ہو کر ترجمہ کر دیا اور لحاظ قوت ماخذ اور صحت و ضعف اوس

راجح اور مرجوح احادیث اور مسایل متنازع فیہا کر جنمین شیخ محمد شاہ نے قدم ڈالا ہے مطلع ہوئی کسی کہنے والے نے
خوب کہا ہے **مصرعہ** نہ این کار بازیچہ و سرسری است ۔ اسواسطی کہ جناب مولوی صاحب معزی الیہ کو ہمیشہ ورود وظائف اور
سرانجام امر ضروری روزمرہ اہل حاجات سی فرصت کہان ملتی ہے کہ بدلجمعی تمام مباحث عضال اور مسایل مشکلہ اصولیہ
مین نظر باریک فرمادین اور شیخ صاحب نے جس جس مقام مین بسبب خام طبعی اور ناتجربہ کاری کے اس رسالہ کی توجیہات مین
لغزش کہائی ہے نیز مولوی صاحب ممدوح سے اوپر اعتماد اوسکے کے لغزش واقع ہوئی سچ ہے دیکہنے اور سننے مین بڑا
فرق ہے ؎ شنیدہ کی بود مانند دیدہ ۔ اور کوئی نادان اس بیان سی نہ سمجھے کہ اسمین مذمت اور منقصت
جناب مولوی صاحب کے پائی جاتی ہے حاشا کہ یون نہین کیونکہ مباحث دقیقہ اصولیہ لوازمات اور ضروریات دین سے نہین کہ
جاننا انکا ہر اہل صلاح و یقین پر واجب ہو و معہذا الکل فن رجال موقع و مزیب ہی ؎ ہر کسی را بہر کاری ساختند
اور پوشیدہ نرہے کہ شیخ صاحب نے ظاہر بزعم اپنے اس رسالہ مین تائید مذہب حنفی کی کی ہی مگر بباعث کمفہمی اور ناواقفیت
کی کہ ہنوز نوآموز ہے بیان وجوب تقلید مذہب معین مین خلاف مسلک رائی امام صاحب اور صاحبین رحمہم اللہ وغیرہم کے
چلا خصوصاً درپے رد کرنے رسالہ ایضاح الحق وغیرہ کہ جو منجملہ مصنفات مبارکات جناب فیضمآب قامع شرک و بدعت مجاہد فی سبیل اللہ
مولانا وبالفضل اولانا محمد اسمٰعیل شہید عمرے رہے سی ہی بہمہ تن متوجہ ہوا چنانچہ ناظرین واقفین رسالہ مذکورہ پر خوب
روشن اور ہویدا ہے ؎ ہر رنگی کہ می آید شناسم ۔ مقام افسوس کا ہے کہ مشارالیہ ہماری پاس کئی برس رہکر شب و روز
مستفید ہوتا رہا ولیکن مذاق تحقیق علماء حقانی ربانی سی بے بہرہ رہا ؎ تہیدستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل
بنابراں کے اس عاجز نے واسطے اظہار حق اور خیرخواہی عوام مومنین کے کہ افراط و تفریط مین نہ پڑین درباب
اعتقاد رکہنے حقیت تقلید مذاہب ائمہ اربعہ وغیرہم رحمہم اللہ تعالٰی کے مطابق تحقیق جناب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
والد ماجد جناب مولانا شاہ عبدالعزیز اور موافق تقریر دلپذیر مولانا محمد اسمٰعیل شہید علیہ الرحمہ والرضوان اور جسطرح سے
کتب اصولیہ حنفیہ اور مالکیہ اور شافعیہ وغیرہ مین دلیل شرعی کی ساتہ معمول بہ نزدیک علماء محققین منصفین کے
چلا آتا ہے بے کم و کاست لکہدیا اور اپنے رائے کو اسمین دخل ندیا اور نام اس رسالہ کا معیار الحق رکہا خداوند کریم اپنے
فضل و کرم سے افراط و تفریط اور تعصب مذہب سے محفوظ رکہکر توفیق جوابدہی باصواب کی عطا فرما دے رب زدنی
علما آمین رب العلمین ثم آمین اب دانشمندان شرع شریف سی کہ حکمت و حقیقت کتاب و سنت اور تعامل آثار صحابہ اخیار اور
آداب و روش تابعین اور تبع تابعین اور مجتہدین نامدار و محدثین کبار و طریقہ علماء ثقات متاخرین منصفین رضی اللہ
عنہم سے بخوبی واقف ہین التماس کرتا ہے کہ رسالہ معیار الحق کو بنظر انصاف ملاحظہ فرماوین اور چین بجبین نہ لاوین کیونکہ الحق مر
کلام متین سید المرسلین ہے پس اگر تائید حق مین محلی و مجلی پاوین تو بلا خوف لومۃ لائم اظہار حق مین اغماض نکرین
بلکہ صاف صاف اسکے مادح حق گوئی کا اسطرح سی ادا کرین ہذا کتاب ینطق بالحق وماذا بعد الحق الا الضلال ولکن اکثرکم للحق کارہون

اور جو کہین اسمین خطا واقع ہوئی ہو تو مقتضائے واعفوا واصفحوا اصلاح دیدین اور جو اصلاح ندی سکین تو خاموش رہین **قال المولف** باب اول بیچ فضایل امام اعلم رح کے **اقول** ہرچند کہ فضائل سے امام صاحب کی ہمکو مین عزت اور فخر ہے اسلئے کہ وے ہمارے پیشوا ہین اور ہم اونکی امر حق مین پیرو ہین لاکن اون فضائل سے جو فی الواقع بھی ہون اور ساتھہ اسنادِ صحیح کے ثابت ہون نہین تو جھوٹی تعریف شعبہ رفض کا ہی کیونکہ وہ لوگ اسی مرض سی ہلاک ہوگئی ہین اور رفضی ٹہرائی گئی ہین اسلئی ہمپر ضرور ہوا کہ اس بات کی بہی تحقیق لکھین کیونکہ کچی کچی باتین کہ جو پایہ تحقیق سی نزدیک علماء محققین ثقات کی دور رہی ہین بہر رہین ہین اور اسمین امام صاحب کے تابعی ہونیکا دعوے کیا ہے اور واسطی اثبات اس دعوے کے احادیث موضوعہ اور معلقہ اور قصّی واہیات وارد کئی گئی ہین اور اسمین کچہہ امام صاحب کی کسر شان اور مذمت نہین ہی اسلئی کہ اونکی فضیلت تابعی ہونی پر موقوف نہین اونکا مجتہد ہونا اور متبع سنت اور متقی اور پرہیزگار رہنا کافی ہے اونکی فضایل مین بیا آیۂ کریمہ ان اکرمکم عنداللہ اتقٰکم زینت بخش مراتب اونکی کی ہی اور اکثر ائمہ نقل امام صاحب کے تابعی ہونیکی قائل ہین چنانچہ آگی بیان اسکا آئیگا **قال** اور اعلام الاخبار وغیرہ مین لکھا ہے کہ امام صاحب نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سی تین حدیثین سنی ہین اول حدیث طلب العلم فریضة علی کل مسلم حدیث دوم ان اللہ یحب اغاثة اللهفان تیسری حدیث لو توکلتم علی اللہ تعالی حق توکله لرزقکم کما یرزق الطیر تغدو خماصا وتروح بطانا کما فی الطحطاوی ہے دوسرے عبد اللہ بن ابی اوفی بن علقمہ کہ کوفی مین سن چھیاسی یا ستاسی مین سب اصحاب کی بعد رحلت فرمائی اوسوقت امام چہہ یا سات برس کی تہے اور امام نے اونسی یہہ حدیث نقل کی ہے من بنی للہ مسجدا ولو کمفحص قطاة بنی اللہ له بیتا فی الجنة کذا فی الطحطاوی ہے اور مختصر مین ابن حجر نے لکھا ہے کہ پانچ برس کی عمر سماع حدیث مین معتبر ہے چنانچہ محمد بن اسمٰعیل بخاری رح نے محمود بن ربیع کی روایت پانچ برس کی عمر مین قبول کی ہے تیسرے سہل بن سعد ساعدی کہ مدینہ مین سن اٹھاسی یا اکانوین مین بعد سب اصحاب کے واصل جنت ہوئے اوسوقت امام صاحب آٹہہ یا گیارہ برس کے تہے لاکن اونسے کچہہ روایت نہین کی چوتہی ابو طفیل عامر بن واثلہ مکہ مین بعد سن ایکسو دو کے سارے جہان کے اصحاب کے بعد رحلت فرمائی اور پہلا حج امام نے سولہ برس کی عمر مین سنہ ہجرے مین کیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ امام نے بیشک ابو طفیل سے ملاقات کی ہوگی کیونکہ دنیا مین ان مین ایک صحابہ باقی رہے تہے اور لوگ تلاش کرکے اصحاب کو ملاقات کرتے تہے **اقول** باللہ التوفیق و منه الوصول الی التحقیق یہہ چار دن صحابہ امام کے زمانہ مین موجود تہے لاکن ملاقات امام صاحب کے اونین سے کسی سے یا روایت کرنے اون سے نزدیک اکثر ائمہ نقل کے ثابت نہین ہوتے چنانچہ شیخ ابن طاہر حنفی صاحب مجمع البحار جنکے تحقیق سے فن حدیث و اخبار مین علماء مذہب واقف ہین تذکرہ موضوعات مین فرماتے ہین وکان فی ایام ابی حنیفة اربعة من الصحابة انس بن مالك بالبصرة وعبد اللہ بن

ابی اوفی بالکوفۃ وسہل بن سعد الساعدی بالمدینۃ وابو طفیل عامر بن واثلۃ بمکۃ ولم یلق واحدا منہم
عنہ واصحابہ یقولون انہ لقی جماعۃ من الصحابۃ وروی عنہم ولم یثبت ذلک عند اہل النقل ا
ترجمہ بطریق اختصار کے یہ چارون صحابی امام کے زمانہ مین موجود تھے لاکن ملاقات امام کی اونمین سے ایک سے بہی ثابت نہین
ائمہ نقل کے انتہے آور اسی انداز پر آیندہ بہی بعض عبارتونکا ترجمہ مختصر کیا جاویگا اور ملا علی قاری نے بیچ شرح شرح نخبۃ الفکر کے لکہا ہے
علامہ سخاوی صاحب مقاصد الحسنۃ سے کہ قول معتمد اور صحیح یہی ہے کہ امام ابوحنیفہ رح کو کسی صحابی سے روایت کرنی ثابت نہین اور ایسا ہی ذکر
کیا علامہ محمد اکرم حنفی نے بیچ حاشیہ نخبۃ الفکر کے علامہ سخاوی سے نقل علی القاری رح فی شرحہ شرح النخبۃ عن السخاوی ان المعتمد انہ لا
روایۃ للامام عن احد من الصحابۃ لصغرہ فی زمن ادراکہ ایاہم انتہے کلامہ وذکر محمد اکرم الحنفی فی امعان النظر
توضیح نخبۃ الفکر فی ذکر قلۃ الوسائط فی الروایۃ منہا الثلاثیات للبخاری رح والثنائیات فی موطا امام مالک
والوحدان فی حدیث الامام ابی حنیفۃ رح قال العلامۃ السخاوی لکن الاخیر بسند غیر مقبول اذ المعتمد انہ لا روایۃ للامام
ابی حنیفۃ عن احد من الصحابۃ رض انتہی کلامہ اور قاضی علامہ شمس الدین ابن خلکان نے بہی ایسا ہی افادہ فرمایا ہے چنانچہ وفیات
الاعیان مین فرماتے ہین وادرک ابو حنیفۃ اربعۃ من الصحابۃ رضوان اللہ علیہم اجمعین وہم انس بن مالک بالبصرۃ
وعبد اللہ بن ابی اوفی بالکوفۃ وسہل بن سعد الساعدی بالمدینۃ وابو طفیل عامر بن واثلۃ بمکۃ ولم یلق واحدا منہم ولا
اخذ عنہ واصحابہ یقولون لقی جماعۃ من الصحابۃ ولم یثبت ذلک عند اہل النقل انتہی اقول قولہ ادرک ابو حنیفۃ اربعۃ من الصحابۃ معناہ
ادرک زمانہم کما صرح بہ الشیخ ابن طاہر والا فلا معنی لما قال بعدہ ولم یلق واحدا منہم وہذا لا یخفی علی من لہ ادنی لب
اور امام نواوی شارح صحیح مسلم تہذیب الاسماء مین فرماتے ہین قال الشیخ ابو اسحق فی الطبقات ہو النعمان بن ثابت بن زوطی ابن
ماہ مولی تیم اللہ بن ثعلبۃ ولد سنۃ ثمانین من الہجرۃ وتوفی ببغداد سنۃ خمسین ومائۃ وہو ابن سبعین سنۃ اخذ
الفقہ من حماد بن ابی سلیمان وکان فی زمانہ اربعۃ من الصحابۃ انس بن مالک وعبد اللہ بن ابی اوفی وسہل بن
سعد وابو الطفیل ولم یاخذ عن احد منہم انتہے اور شیخ ابن طاہر مجمع البحار مین فرماتے ہین وابو حنیفۃ النعمان بن ثابت
ابن زوطا بن ماہ الامام الکوفی مولی تیم اللہ بن ثعلبۃ وہو من رہط حمزۃ الزیاۃ وکان خزازا یبیع الخز وکان جدہ من
اہل کابل وبابل مملوکا لبنی تیم فاعتقہ وقال اسمعیل بن حماد بن ابی حنیفۃ نحن من ابناء فارس من الاحرار ما وقع
علینا رق ولد جدی سنۃ ثمانین وذہب بہ الی علی وہو صغیر فدعا لہ بالبرکۃ فیہ وفی ذریتہ وتوفی ببغداد سنۃ خمسین
ومائۃ علی الاصح وکان فی ایامہ اربعۃ من الصحابۃ انس بن مالک وعبد اللہ بن ابی اوفی وسہل بن سعد وابو الطفیل
ولم یلق احدا منہم ولا اخذ عنہ واصحابہ یقولون انہ لقی جماعۃ من الصحابۃ وروی عنہم ولا یثبت ذلک عند اہل النقل
انتہے اقول نقل الشیخ مقولۃ اسمعیل بن حماد بن ابی حنیفۃ تعریض علیہ تنبیہ علی کذبہ بناء علی التحقیق فانہ مقولۃ متفرع
علی حریتہ اصلا والمحقق الرق کما صرح بہ الشیخ آنفا والحافظ ابن حجر فی التقریب والامام النواوی فی التہذیب والعلامۃ کاردونی

خلکان [و]فیات الاعیان وغیرهم ومشتملة علی ان الامام اباحنیفة جدہ اسمٰعیل ذهب به الی علی رضی الله تعالی عنه فدعا له بالبرکة
اور یہ کہنا بے تحقیق عند هؤلاء الاربعة وغیرهم من کافة المسلمین بل هو لم یقل به احد من الجهلاء فما ظنک بالعلماء لان علیا
مات قبل ولادة الامام باربعین سنة کما صرح به العسقلانی فی التقریب وغیرہ فافهم لا یتوهم ان مراد اسمٰعیل
من الجد الذی ذهب به الی علی یحتمل ان یکون جدا اعلی لان اسمٰعیل یعنی بالجد الجد الذی مات ببغداد سنة خمسین
ومائة کما یدل علیه کلامه وهو لیس الا اباحنیفة سو اور اس مقام مزلة الاقدام مین حافظ دراز پشاوری بہی پہسلے اور راہ
تحقیق سے بہکے چنانچہ اول ترجمہ فارسی پارہ اول صحیح بخاری مین بیچ بیان مناقب امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے لکہتے ہین کہ اسمٰعیل پسر حماد
گفت کہ جد من امام ابو حنیفہ رح در سال ہشتاد متولد شد و او را پدرش ثابت بخدمت علی شاہ ولایت بردہ بود و دران حال او خورد سال بود
پس حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ درہمان حال بدرگاہ ایزد متعال دعا بر نمیوال کرد کہ حق تعالیٰ بلطف و رحمت بسیار خیر و برکت بوے یا
در وے و اولاد وے پایدار نماید انتہےٰ بجز و فہ عجب یہہ لوگ ساتہ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ کے موصوف اور ممتاز ہین کہ ایسی بیخبری کی
اپنے کہ موجب شرم و حیا کی ہے خبر نہین رکہتے کیونکہ سال وفات علی مرتضی کجا اور سال پیدائش امام صاحب کجا ؎ بہا کہ چشم بر گل
تحقیق واکنند + از ہر چہ فہم رنگ نگیر د حیا کنند + در بحثے کہ غیر خموشی علاج نیست + بر ہرزہ ست تکیہ بچون و چرا کنند + اور حافظ
الحدیث ابن حجر عسقلانی تقریب التہذیب مین فرماتے ہین النعمان بن ثابت الکوفی ابو حنیفة الامام یقال اصله من فارس
ویقال مولی بنی تیم فقیه مشهور من السادسة انتہےٰ اقول حافظ ابن حجر نے امام کو چہٹے طبقے مین شمار کیا ہے اور چہٹا طبقہ
اُن لوگون کا ہے جنکو کسی صحابی سے ملاقات نہین ہوئی چنانچہ خود ابن حجر مقدمۃ الکتاب مین فرماتے ہین السادسة طبقة عاصروا
الخامسة لکن لم یثبت لهم لقاء احد من الصحابة کابن جریج انتہےٰ تو دیکہو کہ علما محققین معتبرین کے کلام سے ظاہر ہوا کہ لقا
امام کا اون چارون مین سے کسی صحابی سے ثابت نہین سو مانع کو اسیقدر سند منع کی کافی ہے اور مدعی کو اثبات دعوی کا ساتہ دلیل
قوی کے لازم ہے حالانکہ جناب مؤلف نے دعوے لقا ان چارون صحابہ کو کسی دلیل اور بینہ سے ثابت نہین کیا یعنی کوئی قول ائمہ
نقل سے مثبت اس دعوی کا نقل نہین کیا سو نہ نقل کرنا جناب مولف کا قول کسی امام کا ائمہ نقل سے واسطے اثبات ملاقات امام کی سہل
بن سعد اور ابو طفیل سے تو ظاہر ہی ہے لاکن ملاقات انس اور عبد اللہ کی جسپر قول طحطاوی کا نقل کیا ہے وہ بہی حقیقت مین مجرد از شائبہ
و بینہ ہے اسلئے کہ طحطاوی اور مثل اوسکی ائمہ نقل سے نہین ہین اور قول اونکا ایسے دعاوی کو مثبت نہین ہوسکتا جبتک کہ ائمہ
نقل سے روایت متصل نہو کیونکہ فقہا مقلدین اپنے ائمہ کی تعریف مین کیا کچہ نہین لکہہ گئے چنانچہ صاحب الدر نے در مختار مین امام
اعظم رح کی مدح مین کیا کچہ غلو کیا ہے اور کہا ہے کہ عیسے علیہ الصلوۃ والسلام بہی آخر زمانہ مین امام ہی کے مذہب پر عمل کرینگے حیث
قال الی ان یحکم بمذهبه عیسے علیه الصلوة والسلام انتہےٰ اور اگرچہ اس قول کی حلبی نے تاویل کر دی ہے لاکن وہ تاویل
توجیه القول بما لا یرضے به قائله ہے اسی واسطے طحطاوی نے بعد نقل کرنے تاویل حلبی کے کہا ہے والذی ینبغی للطائفة الحنفیة
ان لا یتکلموا بهذه الالفاظ الموهمة فانها موجبة للتکلم فیهم بل ان بعض الحمقی یسبون الامام ویتفوهون عنه الا حنيها فالاولی

بجنسہ انتہی اور بعضے حنفیون نے یہہ کہا ہے کہ امام صاحب خضر علیہ السلام کے اوستاد ہتی خضر نے اون سے
تیس برس علم حاصل کیا تہا پانچ برس حین حیات مین اور پچیس برس قبر پر سے چنانچہ طحطاوی نے نقل کیا ہی اعلم
ان اللہ تعالیٰ قد خص ابا حنیفۃ بالشریعۃ والکرامۃ ومن کراماتہ ان الخضر علیہ السلام کان یجئ الیہ کل
یوم وقت الصبح ویتعلم منہ احکام الشریعۃ الی خمس سنین فلما توفی ابو حنیفۃ ناجی الخضر ربہ الٰہی ان کان
لی عندک منزلۃ فاذن لابی حنیفۃ حتی یعلمنی من القبر علی حسب عادتہ حتی اعلم شرع محمد صلی اللہ
علیہ وسلم علی الکمال لتحصل لی الطریقۃ والحقیقۃ فنودی ان اذھب الی قبرہ وتعلم
منہ ما شئت فجاء الخضر علیہ السلام وتعلم منہ ما شاء کذلک الی خمس وعشرین سنۃ حتی اتم الدلائل والاقاویل
الخ انتہی مانقلہ الطحطاوی اور اس سی بڑہ کر ہے قصہ قشیری کا جسمین خوب تفصیل سی خضر علیہ السلام کو امام صاحب کا مقلد بنایا ہے
چنانچہ وہ بہی طحطاوی مین منقول ہے اور سوا اسکے بہت ایسی باتین فقہا مقلدین مادحین سے اپنے
ائمہ کی تعریف مین صادر ہو چکے ہین تو اگر مجرد قول المادحین کا کالوحی من السماء ہوتا اور ایسے امور اہم
مین حاجت دلیل اور روایت کی ائمہ نقل سے نہوتی تو پہر قصہ قشیری اور قصہ خضر وامثالہا کو علماء حنفیہ ہے نے
کیون رد کر دیا ہے دیکہو طحطاوی مین اون قصون پر کیا کچہہ لے دے ہوئے ہے تو خوب ثابت ہوا کہ طحطاوی و من مثلہ کا
قول امام صاحب کو تابعی نہین کر سکتا جب تک ائمہ نقل سے ثبوت نہ پہونچے اور اسکا حال تم دیکہہ ہی چکی ہو اب اگر کوئی
اعتراض کرے کہ بے شک امام کی ملاقات اون صحابہ سی بنقل ائمہ نقل تو ثابت نہین لاکن ہم عصر تو ہتی اور
روایت کرنا امام کا انس اور عبد اللہ بن ابی اوفی سے طحطاوی وغیرہ نے یہہ نقل کیا ہے سو یہہ امر واسطی اثبات
دعوے لقائے انس اور عبد اللہ کی کافی ہے بنا بر مذہب امام مسلم صاحب صحیح کی تو جواب اسکا یہہ ہے کہ روایت کرنا امام
کا انس اور عبد اللہ سے طحطاوی وغیرہ نے بسند متصل الی الامام امام سے روایت نہین کیا اور علم حدیث وسیر مین
ملاحظہ حال راویونکا درجہ درجہ آخر تک بر ضرور ہی عبد اللہ بن مبارک کہتی ہین بیان کرنا اسناد کا منجملہ دین سی ہے
کیونکہ جو اعتبار اسناد کا نہوتا ہر کوئی جو چاہتا کہدیتا تو جہوٹ اور سچ مین امتیاز نہوتا عبد اللہ بن المبارک یقول الاسناد
من الدین ولولا الاسناد لقال من شاء ما شاء کذا فی مقدمۃ صحیح المسلم وغیرہ اور روایت معلق
بلا سند ہی لئی حجت نہین ہوتی نزدیک جمہور علماء کے کما فی نخبۃ الفکر و شرحہ وغیرہما تو بنا بر مذہب مسلم کی بہی لقا ثابت
نہوا علاوہ یہہ ہے کہ جو تین حدیثین مروی امام کین انس سی مولف نی طحطاوی سے نقل کین ہین وہ تینون موضوع
ہین نزدیک اکثر کے خاص کر حدیث پہلی کہ اوسکو بہت سارے علماء نقاد نے موضوع کہا ہے پس کسطرح ہم عصر
سے روایت کرنا ضم کر کے بنا بر مذہب مسلم کے ملاقات امام کی انس سی ثابت کہو گے اب موضوع ہونا اون
احادیث کا سنو شیخ ابن طاہر حنفی صاحب مجمع البحار تذکرہ موضوعات مین فرماتے ہین

طلب العلم فریضة علی کل مسلم روی عن انس بطرق کلها معلولة واهیة وقال احمد لا یثبت فی هذا الباب شیٔ وکذا
قال ابن راهویه وابو علی النیشاپوری والحاکم انتهٰی مختصرا ترجمہ یہہ حدیث مروی ہی انس سے کئی طریقوں سی جو سبکے سب واہیات
ہین اور امام احمد نے فرمایا ہی کہ اس مضمون کے کوئی بہی حدیث ثابت نہین اور ایسا ہی کہا ہے ابن راہویہ اور ابو علی نیشاپوری نے
اور حاکم نی اقول ایسا ہی کہا ہے نور الدین علی نی مختصر تنزیہ الشریعة المرفوعة عن الاخبار الشنیعة الموضوعة مین اور کہا ابن
حبان نے کہ یہ حدیث باطل ہے اسکی کچہ اصل نہین اور لایا ہی اسکو ابن الجوزی اپنی موضوعات مین کذا فی الفوائد المجموعة فی الاحادیث الموضوعة
للقاضی محمد بن الشوکانی اور سید محمد امین المشہور بابن العابدین نی رد المحتار حاشیة الدر المختار مین کہا ہے وجاء من طرق انه روی
عنه احادیث ثلثة لکن قال ائمة المحدثین مدارها علی من اتهمه الائمة بوضع الاحادیث انتهی ترجمہ روایت کرنا امام کا ان
تینون حدیثونکو انس سی منقول تو ہے لاکن مدار انکا بقول ائمہ محدثین کی اون راویون پر ہے جو کہ متہم ہین ساتہ وضع کرنے احادیث کے
وما قال محمد امین بعده قال بعض الفضلاء وقد اطال العلامة طاش کبری فی شرح النقول الصحیحة فی اثبات سماعه
منه والمثبت مقدم علی النافی فعجیب من شانه ان لم یحمل علی انه نقله لا علی وجه التعویل علیه کیف وان المثبت انما
یکون مقدما علی النافی اذا کان النافی نافیا بالاصل واما اذا کان مما یعرف بالدلیل فله صلوح المعارضة للمثبت
فی المسلم والمختار انه کان النفی بالاصل فیقدم الاثبات تقدیم الجرح علی التعدیل لحریة زوج بریرة حین اعتقت
لان عبدیته کانت معلومة فالاخبار بها بالاصل انه کان مما یعرف بدلیله تعارضا وطلب الترجیح کالاحرام فی تزویج میمونة نفی للحل
اللاحق انتهی وهکذا فی سائر کتب الاصول فاقول متفرعا علی هذا الاصل ان نفی سماع الامام عن انس لیس کحریة زوج بریرة لان
عبدیته کانت ثابتة مستمرة من حین النکاح الی ان الاعتاق ولیس کذلک سماع الامام عن انس بان یکون ثابتا مستمرا من یوم
ولادته الی وفات انس ولم یقل به احد من الجهلاء فکیف العلماء بل هو کالاحرام فی تزویج میمونة فکما ان الاحرام
نفی للحل اللاحق کذلک نفی سماعه نفی لسماع اللاحق الحادث فیصلح لمعارضة المثبت ثم الترجیح عندنا
فیما نحن فیه للنافی لان مدار السماع عن انس علی الاحادیث المعلقة الموضوعة کما رجح الاحرام فی
تزویج میمونة بان رواته کلهم ائمة فقهاء کما قال الطحاوی کذا فی المسلم فافهم وتشکر

قال اور تہذیب الاسماء مین امام نواوی شافعی اور یافعی شافعی نے اپنی تاریخ مین لکہا ہی کہ جابر بن عبد اللہ اور عبد اللہ بن انیس اور
عائشہ بنت عجرد اور واثلة بن الاسقع اور عبد اللہ بن جزء بہی امام کی وقت مین تہی اور روایت بہی کی ہی اور جلالین مین مندرج ہے
کہ امام نی چودہ برس کی عمر مین عبد اللہ بن انیس سے کوفی مین سنہ ۹۴ چورانوے مین یہ حدیث سنی حبک الشیٔ یعمی ویصم اور عائشہ بنت
عجرد سے یہ حدیث روایت کی ہی اکثر جند الله فی الارض الجراد لا اکله ولا احرمه اور واثلة بن الاسقع سے دو حدیثین نقل کین
ایک تو یہ دع ما یریبک الی ما لا یریبک اور دوسری حدیث یہ ہے لا تظهر شماتة لاخیک فیعافیه الله ویبتلیک اور
عبد اللہ بن حارث بن جزء سی کعبہ کے پاس سنہ ۹۶ چہیانوے مین کہ امام مع اپنے باپ کے ساتہ حج کو گئی تہی یہہ حدیث سنی اعانة المسلم

فریضۃ علی کل مسلم اور مسند خوارزمی مین ابن عمر سے یہ حدیث نقل کی ہی من تفقہ فی دین اللہ کفاہ ھمہ ورزقہ اور جابر سے
یہ حدیث نقل کیہی کہ ایک انصاری نے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر پوچھا کہ میری ماں کبھی بیٹا نہیں ہوا آپنے فرمایا فاین کنت من
کثرۃ الاستغفار وکثرۃ الصدقۃ یرزق بہا الولد پس اوسنی بہت استغفار پڑہنا اور بہت صدقہ دینا شروع کیا تب اوسکی نو بیٹے
ہوئے **اقول** عائذا باللہ من الکاذبین ہرچند کہ بعد منع کرنے ملاقات و روایات امام کے اون جابر ن صحابہ سے جنکی ہمعصر امام سی مسلم ہی
اور بعد ایراد سند منع کے کلام سی ابن طاہر اور ابن خلکان اور نواوی اور ابن حجر کی حاجت رد کرنے کی اس قول کو تو نہ تہی لاکن چونکہ
مؤلف سی اس قولمین غلطے فاحش واقع ہوئی بسبب عدم امتیاز کے درمیان نقل صحیح اور نقل غلط واہی کی افسوس کہ جناب مترجم بنابر اعتماد اور
تقلید شیخ محمد شاہ نوائمور کے ایسی غلطی مین پڑے اسلئے اسکی بہی تحقیق کیجاتی ہے تو سنو یہ بات کہ امام کیوقت مین جابر بن عبد اللہ اور عبد اللہ
بن انیس وغیرہما موجود تہی اور امام نی اونسی روایت بہی کی ہی امام نواوی کیطرف اسکو نسبت کرنی جیسا کہ مؤلف نی دعوی کیا ہی کذب صریح
اور بہتان قبیح ہی نعوذ باللہ منہ اسلئے کہ امام نواوی نی تہذیب الاسماء مین ہرگز نہین کہا کہ یہ لوگ امام کیوقت مین موجود تہی جس کسیکو
شک ہو وہ تہذیب الاسماء کو ملاحظہ کرلے بلکہ امام نواوی کی کلام سی جو عنقریب منقول ہوگا صاف معلوم ہوتا ہی کہ جابر بن عبد اللہ اور عبد اللہ
بن انیس امام سی پہلے کئی برس انتقال کرچکے تہے اور جبکہ جناب مؤلف نی بسبب جہالہ کرنے طرف امام نواوی کے غلطے صریح کہا ہے تو اسی قیاس پر
امام یافعی کیطرف نسبت کرنا اوس قول کا بہی محض غلط ہی حاشا کہ امام یافعی نی کہا ہو کہ یہ لوگ امام کے زمانہ مین تہی اور امام کو اونسی لقا ہوا
اور روایت کی ہی اونسی اب عبارت مرآت الجنان تاریخ امام یافعی کی نقل کیجاتی ہی کہ جہوٹ سچ معلوم ہو جاوے قال الیافعی فی تاریخ مرآت الجنان
فی حوادث سنۃ خمسین ومائۃ وفیہا توفی فقیہ العراق الامام ابو حنیفۃ النعمان بن ثابت الکوفی مولی بنی تیم اللہ
بن ثعلبۃ ومولدہ سنۃ ثمانین رای انسا وروی عن عطاء بن ابی رباح وطبقتہ وکان قد ادرک اربعۃ من الصحابۃ ھم انس بن مالک
بالبصرۃ وعبد اللہ بن ابی اوفی بالکوفۃ وسہل ابن سعد الساعدی بالمدینۃ وابو الطفیل عامر بن واثلۃ بمکۃ قال بعض
اصحاب التاریخ ولم یر احدا منھم ولا اخذ عنہ واصحابہ یقولون لقی جماعۃ من الصحابۃ وروی عنہم ولم یثبت ذلک عند اھل
النقل انتہے کلام الیافعی مختصرا تو صاف معلوم ہوا اس تاریخ سے کہ ذکر جابر بن عبد اللہ وعبد اللہ بن انیس کا اور بیان لقاء امام صاحب کے
اسمین مذکور نہین تو بجز افترا پردازی کی کچہہ اور مقصود نہین ہوتا اور روایت قرطاسی پر عمل و اعتماد کرنا موجب ندامت کا ہوتا ہے اور
اگر بالفرض والتقدیر امام یافعی نے یہ قول کہا بہی ہو تو یہ قول اونکا نامقبول اور مخالف عقل اور نقل کے ہوگا اسلئے کہ لقاء بعض صحابہ کا
اون پانچ مین سی امام سی محال ہے عقلاً اور بعض سے عادۃً تو پہر کسطرح سے قول اونکا سنا جائیگا کیا امام یافعی اگر بالفرض یہ کہہ گئے
ہون کہ امام کو آدم علیہ السلام سے ملاقات ہی تو قول اونکا مقبول ہوگا حاشا وکلا۔ اب تفصیل محال ہونے ملاقات کی سنو کہ جابر بن عبد اللہ
سنہ اناسی مین ایکسال ولادت امام کے پہلے انتقال کرچکے تہی کہ امام سنہ اسی مین پیدا ہوئے چنانچہ محقق ابن العابدین شامی
رد المحتار مین فرماتی ہین واعترض بانہ مات قبل ولادۃ الامام بسنۃ انتہے اور ابن شاہین فرماتی ہین ھذا وھم صریح فان
جابر بن عبد اللہ باتفاق الروایات مات فی بضع وسبعین ولم یعش الی ثمانین وہی التی ولد فیہا الامام ابو حنیفۃ رضی اللہ

تعالیٰ عنہ فکیف یتصور روایتہ عنہ انتھی قولہ علی ما نقلہ الطحطاوی اور بنا بر تصریح امام نواوی کی جابر بن عبد اللہ تولد امام سے کئی سال پہلے انتقال کر چکے تھے چنانچہ تہذیب الاسماء مین فرماتی ہین توفی جابر بن عبد اللہ بالمدینۃ سنۃ ثلاث وسبعین وقیل ثمان وسبعین وقیل ثمان وستاین وھو ابن اربع وتسعین سنۃ رضی اللہ عنہ وکان ذھب بصرہ آخر عمرہ انتھے اور وہ حدیث جو مؤلف نے اخیر مین اس رسالہ کے نقل کرکے کہا ہی کہ یہہ حدیث امام نے جابر سے نقل کی ہے وہ موضوع ہے چنانچہ محقق شامی حنفی رد المحتار مین فرماتی ہین ومن ثم قالوا ان الحدیث المروی عن ابی حنیفۃ عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ صلی اللہ علیہ وسلم امر من لم یرزق ولدا بکثرۃ الاستغفار والصدقۃ ففعل فولد لہ تسعۃ ذکور ان حدیث موضوع ابن حجر انتھے اور اگر کوئی یہہ اعتراض کری کہ ایک روایت سی معلوم ہوتا ہے کہ امام ۷۰ھ ستر مین پیدا ہوئے تھے تو ملاقات جابر سے ممکن ہوئی تو جواب اسکا یہ ہے کہ اگر مسلک تحقیق اور قول حق اختیار کرو تو اس ستر ۷۰ھ سنہ کی روایت کو مردود سمجھو کیونکہ جمہور کے نزدیک یہی حق ہی کہ امام ۸۰ھ اسی مین پیدا ہوی ہین اور جناب مؤلف نے بہی کہا ہی کہ امام ابو یوسف سے روایت ہی کہ امام سن اسی مین پیدا ہوئے تھے تو قول اسی کا برحق ہے قول ستر کا محض باطل اور اگر تحقیق سے کچھ علاقہ نہو تو خصم کو بہی گنجایش ہے کہ وہ روایت منقولہ امام نواوی کی جس سے وفات جابر کے سنہ ۷۸ھ مین معلوم ہوتی ہی اختیار کرے اور اگر کوئی یہ اعتراض کری کہ یہ حدیث تو بیچ مسند امام کے موجود ہے یہہ کیونکر کہا جاتا ہے کہ یہ موضوع ہی تو جواب اسکا یہ ہے کہ اس حدیث موضوع کو امام نے بذات خود مسند نہین کیا کیونکہ یہ تمام مسند ابو حنیفہ کی بذات خود جمع کئے ہوئی نہین ہے بلکہ سنہ ۶۰۰ھ چہہ سو چوہتر تک امام کے مسانید کو کئی شخصون نی علیحدہ علیحدہ جمع کر رکہا تہا اور اوس سال مین خوارزمی نے سبکو جمع کردیا اور ایک مسند ابو حنیفہ کی مشہور ہوئی جیسا کہ کہا بستان المحدثین مین بر ہر عاقل پوشیدہ نمیماند کہ مرویات مخصوص از ہر رطب و یابس مجموع و مخلوط میباشد تا وقتیکہ خود آن شخص کہ اعتقاد برنگے و فضیلت او داریم آن مخلوط را تمیز نکند و بار ہا بنظر امعان و تعمق مطالعہ ننماید و شاگردان خود را تعلیم نکند محل اعتماد چہ قسم تواند بود و تفصیل این اجمال آنکہ مسند حضرت امام اعظم رحہ کہ بالفعل مشہور است تالیف قاضی القضاۃ ابو المؤید محمد بن محمود بن محمد الخوارزمی است کہ در سنہ ششصد ہفتاد و چہار آنرا ایچ ساختہ مسانید امام اعظم رحہ را کہ علماء سابق برداختہ بودند درین جمع کردہ و ہیچ چیز را از مرویات امام اعظم رحہ ترک نکردہ پس این مسند را نسبت بحضرت امام اعظم رحہ کردن ازان باب است کہ مسند ابی بکر را مثلاً از مسند امام احمد رحہ نسبت بحضرت ابو بکر صدیق رضہ نمایم و از تصانیف ایشان انکاریم و آن از مغلطہ بیش نیست خلاصہ تقریر مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہ کی بستان المحدثین سے نقل کی گئی تو کیا جانی یہہ غلطی اور درج کرنا حدیث موضوع کا اوسمین کس جامع سے واقع ہوا اور عبد اللہ بن انیس قبل تولد امام کے چہبیس برس سن چون ۵۴ھ مین انتقال کر چکے تھے کہ پیدائش امام کی چہبیس ۲۶ برس کے بعد سنہ ۸۰ھ اسی مین ہوئی تہی اور بنا بر بعضے روایات کی سنہ ۷۴ھ چوہتر مین انتقال کئی ہین تو اسصورت مین تولد امام کا چہہ برس پیچھے ہوا چنانچہ حافظ الحدیث عسقلانی تقریب مین فرماتی ہین عبد اللہ بن انیس الجھنی ابو یحیی المدنی حلیف الانصار صحابی شہد العقبۃ واحدا ومات بالشام فی خلافۃ معاویۃ سنۃ اربع وخمسین ووھم من قال سنۃ ثمانین انتھے اور امام نواوی تہذیب مین فرماتی ہین قال ابن عبد البر توفی سنۃ اربع وسبعین وقیل توفی سنۃ اربع وخمسین انتھے تو جو لوگ سنی روایت وفات

مین اس عبداللہ کے اختیار کر دگے اور سہی تقدیم وفات اوسکی کی امام کی تولد پر ثابت ہوگی تو پہر کسطرح کہہ سکوگی کہ امام نی قبل تولد کے ملاقات عبداللہ بن انیس کے حاصل کی ہی اور ایک حدیث بہی سنی آور اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہہ عبداللہ بن انیس جو قبل تولد امام کی وفات پاچکی ہی عبداللہ جہنی تہی تو ہو سکتا ہی کہ امام کی ملاقات کوئی اور عبداللہ ہون تو جواب اسکا یہ ہی کہ جنہون نے دعوی امام کی ملاقات کا عبداللہ ابن انیس سے کیا ہی تو مراد اونکی وہی عبداللہ ہین جو کوفی مین گئی تہی نہ کوئی اور عبداللہ چنانچہ مولف کی کلام مین بہی گذرا ہی کہ طحطاوی مین مندرج ہے کہ امام نے جو ۱۴ برسکی عمر مین عبداللہ بن انیس سے کوفی مین سنہ ۹۴ چورانوین کی بعد حدیث سنی الخ اور ردالمحتار وغیرہ مین بہی ایسا ہی منقول ہے اور حال یہ ہی کہ وہ عبداللہ کوفی والی نہین ہین مگر جہنی کیونکہ سوا اونکی اور کوئی عبداللہ بن انیس کوفی مین نہین گیے چنانچہ محقق ابن العابدین ردالمحتار مین فرماتی ہین واجیب بان هذا الاسم لخمسة من الصحابة فلعل المراد غير الجهني ورد بان غيره لم يدخل الكوفة انتهے آور اوس حدیث کو جسکو مؤلف نی طحطاوی سے نقل کرکے کہا ہی کہ امام نی چودہ برسکی عمر مین کوفے مین سنہ ۹۴ چورانوین مین عبداللہ سی یہ حدیث سنی اسی نظر سے کہ عبداللہ تو ۵۴ چون مین انتقال کرچکے تہی پہر سنہ ۹۴ چورانوین مین اونسی کسطرح ملاقات ہوئی اور اس نظر سے کہ جس سند سے وہ حدیث امام سے نقل کیگئی ہے اوسمین دو راوی مجہول الحال ہین محققین نے رد کر دیا ہے چنانچہ محقق ابن العابدین ردالمحتار مین فرماتی ہین واخرج بعضهم بسنده الى الامام انه قال ولدت سنة ثمانين وقدم عبد الله ابن انيس صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم الكوفة سنة اربع وتسعين وسمعت منه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم حبك للشيء يعمي ويصم واعترض بان في سنده مجهولين وبان ابن انيس مات سنة اربع وخمسين انتهے تو دیکہو جابر بن عبداللہ عبداللہ بن انیس بالاتفاق قبل تولد امام کی وفات پاچکے تہے اور قطع نظر سب محققین کے کلام کی امام نواوی ہی کی قول سی تقدیم وفات اون دونون کی تولد امام پر ثابت ہی ہے تو انصاف سی کہو کہ اون ہردو سے ملاقات کا دعوی کرنا کیسا مخالف عقل اور نقل کے ہے اور نسبت اسکی طرف امام نواوی کی کیسا بہتان عظیم ہی اور شیخ مؤلف کیسا شیر بہادر ہے کہ اکیلا عقل اور نقل دونون سی لڑتا ہے اور جناب مترجم صاحب بی دہوکہا کہایا اوسکی حمایت پر اور عایشہ بنت عجرد کے ملاقات اگر بالفرض ثابت بہی ہو تو اوسکی ملاقات سی امام صاحب تابعی نہین ہوسکتے اسلیے کہ عایشہ بنت عجرد صحابیہ نہ تہی جیسیکہ شیخ الاسلام حافظ الحدیث واسماء الرجال محمد بن احمد ابو عبداللہ ذہبی ترکمانی کی کلام سی جنکی جلالت شان اور علو مکان سی سب علماء ادنی اور اعلی واقف ہین اور شیخ الاسلام حافظ الحدیث ابن حجر عسقلانی کی کلام سی معلوم ہوتا ہے چنانچہ محقق ابن العابدین ردالمحتار مین فرماتی ہین قوله بنت عجرد اسمها عايشة واعترض بان حاصل كلام الذهبي وشيخ الاسلام ابن حجر العسقلاني ان هذه لا صحبة لها وانها لا تكاد تعرف انتهى اور اسی نظر سے وہ حدیث جسکو مؤلف نی مروی امام کے عایشہ سی قرار دیا ہے وہ نامقبول ہے چنانچہ محقق شامی ردالمحتار مین فرماتی ہین وبذلك رد ما روي ان ابا حنيفة روى عنها هذا الحديث الصحيح اكثر جند الله في الارض الجراد لا اكله ولا احرمه ابن حجر الهيتمي انتهے اور واثلہ بن الاسقع کے ملاقات ؏ ؎ م اگر نہین تو محال عادۃ تو ہے او منقول نہونا اوسکا سے امام آئمہ نقل مین سے مرجح دوسرا ہے آور وجہ استحالہ عادی کی یہ ہے کہ واثلہ نے بقول متفق علیہ سنہ ۸۵ پچاسی مین ملک شام مین بیچ شہر دمشق کے وفات پائی ہے اور امام صاحب اوس زمانہ مین پانچ برسکی لڑکے تہی اور یہ بات

امام صاحب پنج برس کے لڑکے ہو کر دمشق مین واسطے ملاقات واثلہ کے تشریف لے گئے ہون ثابت نہین اور عقل سلیم کو بھی اسسے انکار ہے کہ پنج برس کے لڑکے سے یہہ امر صادر ہوا اور سنہ وفات واثلہ کا اور محل انتقال کا تصریح سے حافظ ابن حجر اور امام نواوی کی ظاہر ہوتا ہے حافظ ابن حجر تقریب مین فرماتے ہین واثلة بن الاسقع بالقاف ابن کعب اللیثی صحابی مشہور نزل الشام وعاش الی سنة خمس وثمانین ولہ مائة وخمس سنین انتھی۔ اور امام نواوی تہذیب مین فرماتی ہین وتوفی بدمشق سنة ست اوخمس وثمانین وھو ابن ثمان وتسعین قالہ ابو مسہر وقال سعید بن خالد توفی سنة ثلث وثمانین وھو ابن مائة وخمس سنین انتھی۔ ان روایات مین سے روایت متفق علیہا کو جسمین امام نواوی اور حافظ عسقلانی کا اتفاق ہے ہمنے اختیار کیا اور باقی دو روایتین بھی ہمارے موافق ہین خاص کر تیسری روایت جو کہ سعید بن خالد سے مروی ہے بہت مفید ہے اسلئے کہ بنابر اوسکی امام کے عمر وقت وفات واثلہ کے تین ہی برس کی ہوتی ہے کما لا یخفی اب باقی رہے عبد اللہ بن جزء سو اونسے بھی ملاقات امام کی ۹۶ سنہ چھیانوین مین جیسا کہ مولفنا در اوسکی اتباع کو دعوی ہے عقلاً محال ہے اسلئے کہ عبد اللہ بن جزء نے ۸۶ سنہ چھیاسی مین مصر مین انتقال کیا ہے چنانچہ حافظ ابن حجر تقریب مین فرماتے ہین عبد اللہ بن الحارث بن جزء بفتح الجیم وسکون الزای بعدہا ھمزة الزبیدی بضم الزاء صحابی ابو الحارث سکن مصر وھو اٰخر من مات بہا من الصحابة سنة خمس او ست او سبع وثمانین والثانی اصح انتھی اور یہی سن وفات عبد اللہ کی محقق شامی نے اور شیخ ابن طاہر نے نقل کیا ہے جیسا کہ عنقریب آویگا تو علی التحقیق امام صاحب کل چھہ سال حیات سے عبد اللہ بن جزء کی پائی اور امام چھٹے سال مین تھے کہ ابن جزء نے انتقال کیا پس کیونکر تسلیم کیا جاوے کہ چہتر برس کے ہو کر ۹۶ سنہ چھیانوین مین عبد اللہ سے ملاقات کی اور دو حدیثین سنی تو دیکھو کہ یہہ کیسی غلطی فاحش اور خطا صریح مولف مذکور سے واقع ہوئی بنا بر بے تمیزی اور عدم اطلاع اوپر کتب سیر محققین کے ۵ بنام کن امام کو نام چند؛ چنانچہ اس دعوے کو بنظر اسی کذب بدیہی اور بہتان قطعی کے علماء محققین حنفیہ ہے نے رد کر دیا ہے چنانچہ ابن العابدین حنفی رد المحتار مین فرماتے ہین واما ما جاء عن ابی حنیفة من انہ حج مع ابیہ سنة ۹۶ ست وتسعین وانہ رای عبد اللہ ھذا یدرس بالمسجد الحرام وسمع منہ حدیثا فرد جماعة منہم الشیخ قاسم الحنفی بان سند ذلک فیہ قلب وتحریف وفیہ کذاب باتفاق وبان ابن جزء مات بمصر ولابی حنیفة ست سنین وبان ابن جزء لم یدخل الکوفة فی تلک المدة ابن حجر انتھی اور شیخ ابن طاہر حنفی تذکرہ موضوعات مین فرماتی ہین فی الذیل حدثنی عبد اللہ بن احمد ثنا محمد بن احمد الاشعثی ثنی اسمعیل بن محمد ثنا احمد بن الصلت الحمانی ثنا محمد بن سماعة عن ابی یوسف عن ابی حنیفة قال حججت مع ابی ولی ست عشر سنة فمررنا بحلقة فاذا ظھر فقلت من ھذا قالوا عبد اللہ بن الحارث بن جزء فتقدمت الیہ فسمعتہ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من تفقہ فی دین اللہ کفاہ اللہ ھمہ ورزقہ من حیث لا یحتسب فی المیزان ھذا کذب فابن جزء مات بمصر ولابی حنیفة ست سنین والآفة

قال الدارقطنی کان یضع الحدیث وقد وقع لنا ھذا الحدیث من وجہ اٰخر وھو باطل ایضا واخرجہ ابن الجوزی
فی الواھیات انتھے یعنی دعوی امام کی ملاقات کا جابر سی جو قبل تولد امام کے ایکسال یا دوسال انتقال کر چکے تھے
اور ایسا ہی عبداللہ بن انیس سے جو چوبیس برس پہلے تولد سے امام کے وفات پا چکی تھے اور ایسا ہی ابن جزء سے سنہ ۹۶
چھیانوین مین حالانکہ وہ سنہ چھیاسی مین رحلت فرما چکی تھے ایسے بے تمیزون سی کچھ نئی بات نہین ہے کیونکہ وہ شخص جسنے
یہہ دعوے کیا تہا کہ خضر علیہ السلام نے تیس برس مین امام سے علم حاصل کیا تہا پانچ برس زندگی میں ... پچیس برس بعد
موت کی قبر میں وہ بھی تو انہین کا بھائی بے تمیز تہا پہر اگر انہون نی بہی دو تین مرد دین سے امام کی ملاقات کا دعوی لیا تو کچھ
عجب نہین کیونکہ تعصب اور بی تمیزی مین دونو برابر ہین قدبر **قال** الحاصل امام نے بمصداق آیہ کریمہ ... السابقون
الاولون من المھاجرین والانصار والذین اتبعوھم باحسان رضی اللہ عنہم ... ورضوا عنہ
واعدلھم جنت تجری تحتھا الانھر علم مفاخرت اور فضیلت کا اوپر ہر سہ مجتہدین کی بلند کیا کہ ... مجتہدین مین
یہہ فضیلت نہین پائی جاتی اس لئی کہ امام مالک تیرانوین ۹۳ یا چورانوین یا ستانوین سن مین پیدا ہوئی اور اس ... مین مکہ
مین تھی لیکن انکا ثابت نہین تا ابوطفیل سے ملاقات کا احتمال ہو بلکہ ابن صلاح نی تصریح کی ہی کہ امام ... تبع تابعین
ہین کہ کسی صحابہ سے ملاقات نہین ہوئی اور امام شافعی رح کہ سن ۱۵۰ ڈیڑہ سو مین پیدا ہوئی شاگرد امام محمد رح کو ... امام مالک
کی ہین اور امام احمد بن حنبل رح شاگرد امام شافعی رح کی ہین کہ ایک سو چونسٹہ ۱۶۴ مین پیدا ہوئی پس ثابت ہوا کہ امام اعظم رح کا
مرتبہ سب مجتہدین سے نہایت ہی بڑا ہی **اقول** امام صاحب اس آیت کی مصداق تب ہوتی جبکہ تابعی ہوتی اور اسکا حال خوب روشن
ہوگیا تو فضیلت امام کی باقی تینون مجتہدون پر اگر تابعی ہونے کی نظر سی تہی تو نہی یہہ تابعی ہونے ... اور
باوجود تابعی نہونی کے اتباع باحسان مین عموما داخل ہین جیسا کہ تفسیر بیضاوی وغیرہ سی مستفاد ہوتا ہی والذین اتبعوھم
باحسان اللاحقون بالسابقین من القبیلتین او من اتبعوھم بالایمان والطاعۃ الی یوم القیمۃ انتہی اب اگر کہو کہ امام کے
فضیلت بعضی حدیثون سی معلوم ہوتی ہے جیسا کہ جناب مولف نی کہا ہے کہ ... سیوطی نے لکہا ہے کہ امام کی
فضیلت مین یہہ حدیث صحیح بخاری کے کافی ہی لو کان الایمان عند الثریا لنالہ رجال من فارس ... اور اماموں پر
فضل نہین ثابت ہوتا کیونکہ اور آئمہ بہی کئی احادیث صحیحہ کے مصداق ہو سکتی ہین چنانچہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ حدیث
یوشک ان یضرب الناس اکباد الابل یطلبون العلم فلا یجدون احدا اعلم من عالم المدینۃ کی کہ ترمذی نی روایت کی ہے
مصداق ہوسکتی ہین جیسا کہ عبدالرزاق اور سفیان بن عیینہ سی جو راوی ہین اس حدیث کی ترمذی نے روایت کی ہے
اور امام شافعی رح تو کئی احادیث صحیحہ کے مصداق ہوسکتی ہین جیسا کہ امام نواوی نی ان احادیث کو تہذیب مین خوب
تفصیل سے وارد کیا ہے طالب تفصیل کو چاہیے کہ تہذیب کو ملاحظہ کرے اور اگر کہو کہ ان احادیث مذکورہ بالا مین تو نام
کسی کا بہی نہین اور مصداق ہونا کسی امام کا مثلا ابوحنیفہ رح کا یا شافعی رح کا ان احادیث مین تو تجویز اور فرع اپنی اپنی عقیدہ کی ہے

لاکن ابو حنیفہ رح کی فضیلت مین بعضی ایسی حدیثین ہین جو ان پیغمبر مبارک یاد و نکی تخصیص اور تصریح ہی ایک روایت مین اسطرح آیا ہی یکون فی امتی رجل یقال لہ ابو حنیفۃ وھو سراج امتی اور ایک مین یون آیا ہے سیاتی بعد رجل یقال لہ النعمان بن ثابت الکوفی ویکنی بابی حنیفۃ لیحیین دین اللہ وسنتی علی یدہ اور ایک مین یون فرمایا ہے یخرج فی امتی رجل یقال لہ ابو حنیفۃ وبین کتفیہ خال یحیی اللہ تعالی علی یدہ سنتی اور حضرت علی رض سی روایت ہی الا انبئکم برجل من کوفتکم ھذہ یکنی بابی حنیفۃ قد ملئی قلبہ علما وحکما وسیھلک بہ قوم فی اخر الزمان الغالب علیھم التنافر یقال لھم البنانیۃ کما ھلکت الرفضۃ بابی بکر وعمر رضی اللہ عنھما اور یہ ذو روایتین اخیر کین مؤلف نی نقل کین ہین سو یہ بات کسی کو سوای امام صاحب کی میسر نہین تو اور ون پر فضل ثابت ہوا تو ہم اسکی جواب مین کہینگے کہ یہ سب واہیات اور مفتریات اور موضوعات ہین اور واضعین اسکی مصداق ہین اس حدیث کی من کذب علی متعمدا فلیتبوء مقعدہ من النار - اور ناقلین انکی اگر باوجود علم بالوضع کی اون کو نقل کئے ہین تو فاسق ہین بالاجماع کیونکہ روایت کرنا حدیث موضوع کا حرام ہی اتفاقا اور اگر بسبب جہل کی اونکی موضوع ہونی سی نقل کئی ہین تو جاہل اور مغرور ہین اور موضوع ہونا اون واہیات کا اونکی الفاظ اور معنی سی ظاہر ہے اور محدثین نی بہی تنبیہ کسی ہی چنانچہ نور الدین علی کتاب مختصر تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ مین فرماتی ہین **حدیث** سیاتی بعد رجل یقال لہ النعمان بن ثابت ویکنی بابی حنیفۃ لیحیین دین اللہ وسنتی علی یدہ خط من حدیث انس من طریق ابان وعنہ ابو المعلی بن المہاجر مجہول وعنہ سلیمان بن قیس کذلک وعنہ محمد بن یزید بن عبد اللہ السلمی متروک ووجد من طریق الجوئباری وناھیک بہ کذابا - اور قبل اس عبارت کی فرماتی ہین حدیث یکون فی امتی رجل یقال لہ محمد بن ادریس اضر علی امتی من ابلیس یکون فی امتی رجل یقال لہ ابو حنیفۃ وھو سراج امتی فاما من حدیث انس ففیہ احمد جوئباری وعنہ مامون السلمی واحدھما وضعہ وذکر الحاکم فی المدخل ان مامونا قیل لہ الا تری الی الشافعی ومن تبعہ الی خراسان فقال حدثنا احمد الی اخرہ فبان بھذا انہ الواضع لہ علیہ ما استحقہ وجعلوہ ایضا من حدیث ابی ھریرۃ اخرجہ الخطیب من طریق محمد بن سعید المروزی البورقی وقال الحاکم والخطیب وھو من وضعہ انتہی اور **قاضی محمد بن الشوکانی** کتاب فوائد المجموعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ مین فرماتی ہین ویکون فی امتی رجل یقال لہ ابو حنیفۃ ھو سراج امتی ھو موضوع وفی اسنادہ وضاعان مامون السلمی واحمد بن عبد الجوئباری والواضع لہ احدھما انتہی اور شیخ ابن طاہر تذکرہ موضوعات مین فرماتی ہین قال الصغانی سراج امتی ابو حنیفۃ موضوع انتہی اور علامۃ الدہر رئیس محدثین عصر مجد الدین صاحب قاموس سفر السعادات مین فرماتی ہین در فضایل امام ابی حنیفہ وامام شافعی رضی اللہ عنہما وذم ایشان چیزے صحیح ثابت نشدہ وہر چہ دران معنی مذکور ست مجموع مفتری وموضوع ست انتہی تو ائمہ اربعہ مین سے کسی حضرت کو دوسرے پر تفضیل کلی نہین سب حضرات اقتصادین در مقتدای شرع متین تہی اسلئی میزان شعرانی مین کہا ہی الائمۃ کلھم علی ھدی من ربھم

اور کسی صحابی حب مین کچہہ فضل تہا اور کسی مین کوئی فضیلت تہی **مصرع** ہر گلی را رنگ و بوئی دیگرست ؛ تنبیہ اس قول کی ایسی اندازہ پرداز پر لکھی گئی ہی کہ اس مین باقی بعضے اقوال ہی باعث ہوگیا ہے جو شخص ادنی بہی فہم رکہتا ہوگا اس رد کو او سکی باقی کلام پر منطبق کریگا **قال** اور امام کا قول ہے کہ فرمودہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور صحابہ کا سر انکہون ہمارے پر اور قول تابعین کا ہمارے قول کے برابر ہی یعنی اونکا قول ہم پر حجت نہین اس قول سی بہی تابعی ہونا ثابت ہی **اقول** اگر بعدم تسلیم امام کی قول کو تابعین کے امام صاحب کا تابعی ہونا ثابت ہو تو چاہیئے کہ کرخی کو اور دبوسیہ کو اور شافعی رح کو اور ایک جماعت عظیمہ کو علماء اصول سی صحابی کہدین کیونکہ شافعی رح سی بنا بر قول جدید کی اور اون تمام سی جنکا نام گذرا یہہ مروی ہی کہ قول صحابی کا جسمین رای کو دخل ہو ہمپر حجت نہین جیسا کہ مغتنم وغیرہ مین لکھا ہے حالانکہ اون لوگون کو کوئی شخص صحابی نہین کہتا تو چاہیئی کہ امام کو بہی تابعی نکہو بسبب انکار اونکی کے تسلیم سی قول تابعی کے فافہم **قال** پہر ایک روز لڑکون نے امام صاحب کو دیکہکر کہا کہ یہہ شخص ہزار رکعت ہر شب مین پڑہتا ہے اور تمام شب بیدار رہتا ہے دس روز سی آپ ہزار رکعت پڑہتے ہی اور تمام شب جاگتی طحطاوی مین نقل ہی کہ جس مقام پر امام نی وفات پائی ہی وہان ستر ہزار ختم کئے تہے اور تاریخ بغداد مین خطیب نے لکھا ہے کہ تیس یا چالیس برس تک امام نے ایک وضو سی نماز عشاء اور صبح کی پڑہی ہی **اقول** یہہ سب واہیات ہے اور موجب ذم کا ہے نہ یہہ کہ مدح کا باعث ہو اور جناب حضرت امام کی تو یہہ شان نہین ہی کہ ایسی تکلیف شاق اور بدعات کو اونکی طرف نسبت کیا جاوی اور دلیل بدعت ہونی اوس عبادت کی یہہ ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نی عمر بہر مین کبہی شب کو تیرہ رکعت سی زیادہ نوافل نہین پڑہے اور نہ کبہو تمام شب جاگی بلکہ ایک ثلث جاگتے اور دو ثلث سوتی اور اس پر زیادتی کرنیوالی کو فرماتے کہ یہہ شخص میری سنت سی نفرت کرتا ہے اور یہہ ہم مین سی نہین اور ایسا ہی ختم کرنا قرآن کا ہے سات دن کی دوری درست نرکہتی اور فرماتی کہ تین دن سی کم مدت مین پڑہنی والا تو قرآن کو سمجہتا ہی نہین چنانچہ روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الصلوۃ الی اللہ صلوۃ داؤد واحب الصیام الی اللہ صیام داؤد کان ینام نصف اللیل ویقوم ثلثہ وینام سدسہ ویصوم یوما ویفطر یوما رواہ الشیخان اور روایت ہے عائشہ صدیقہ رض سی قالت کان تعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینام اول اللیل ویحیی الآخرہ ثم ان کانت لہ حاجۃ الی اہلہ قضی حاجتہ ثم ینام وان کان عند النداء الاول جنبا وثب فافاض علیہ الماء وان لم یکن جنبا توضأ للصلوۃ ثم صلی رکعتین رواہ ایضا الشیخان اور روایت ہے عائشہ صدیقہ رض سے کہ فرمائی تہین ولا اعلم ان نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأ القرآن کلہ فی لیلۃ ولا قام لیلۃ کاملۃ حتی الصباح ولا صام شہرا کاملا غیر رمضان الحدیث رواہ النسائی اور روایت ہی عائشہ صدیقہ رض سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعث الی عثمان بن مظعون فجاءہ فقال یا عثمن ارغبت عن سنتی قال لا واللہ یا رسول اللہ ولکن سنتک اطلب قال فانی انام واصلی واصوم وافطر وانکح النساء فاتق اللہ یا عثمن فان لاہلک علیک حقا وان لضیفک علیک حقا وان لنفسک علیک حقا فصم وافطر وصل ونم رواہ ابو داؤد

اور روایت ہی عبداللہ بن عمرو بن عاص سے انہ قال اخبر رسول اللہ علیہ السلام انی اقول واللہ لاصومن النہار ولاقومن
اللیل ما عشت فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انت الذی تقول ذلک فقلت لہ بابی وامی قد قلتہ یا رسول
اللہ قال فانک لا تستطیع ذلک فصم وافطر ونم وقم وصم من الشہر ثلثۃ ایام فان الحسنۃ بعشر امثالہا
وذلک مثل صیام الدہر قلت فانی اطیق افضل من ذلک قال فصم یوما وافطر یومین قلت فانی اطیق افضل من
ذلک قال علیہ السلام فصم یوما وافطر یوما فذلک صیام داؤد علیہ السلام وھو اعدل الصیام وفی روایۃ
افضل الصیام قال فانی اطیق افضل من ذلک فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا افضل من ذلک وزاد فی روایۃ
فان لجسدک علیک حقا وان لزوجک علیک حقا وان لزورک علیک حقا وفی اخری لہ الم اخبر انک تصوم الدھر
وتقرأ القرآن فی کل لیلۃ فقلت یا نبی اللہ وانی لم ارد بذلک الا الخیر وفیہا قال واقرأ القرآن فی کل شہر قال
قلت یا نبی اللہ انا اطیق افضل من ذلک قال فاقرءہ فی سبع لا تزد علی ذلک الحدیث رواہ الشیخان اور روایت ہے
عبداللہ بن عمرو سے قال یا رسول اللہ فی کم اقرأ القرآن قال فی شہر قال فانی اقوی من ذلک ردد الکلام ابو موسی
وتناقصہ حتی قال اقرءہ فی سبع قال فانی اقوی من ذلک قال لا یفقہ من قرء القرآن فی اقل من ثلث رواہ ابو داؤد
اور روایت ہے انس سے قال جاء ثلثۃ رھط الی ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم یسئلون عن عبادۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فلما اخبروا بہا کانہم تقالوھا فقالوا این نحن من النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقد غفر اللہ ما تقدم من ذنبہ وما تاخر فقال
احدھم اما انا فاصلی اللیل ابدا وقال الآخر انا اصوم النہار ابدا ولا افطر وقال اخر انا اعتزل النساء فلا اتزوج
ابدا فجاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم الیہم فقال انتم الذین قلتم کذا وکذا واللہ انی لاخشاکم للہ واتقاکم لہ لکنی
اصوم وافطر واصلی وارقد واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فلیس منی رواہ الشیخان قال سلمان لابی
الدرداء نم فلما کان من اخر اللیل قال قم قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم صدق سلمان عن عائشۃ قالت کانت عندی
امراۃ من بنی اسد فدخل علی رسول اللہ صلعم فقال من ھذہ قلت فلانۃ لا تنام باللیل فذکر من صلاتہا فقال
مہ علیکم بما تطیقون من الاعمال فان اللہ لا یمل حتی تملوا رواہ البخاری فی باب ما یکرہ من التشدید فی العبادۃ
مالک بن اسمعیل بن ابی حکیم انہ بلغہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمع امراۃ من اللیل تصلی فقال من ھذہ
فقیل لہ ھذہ الحولاء بنت تویت لا تنام اللیل فکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذلک حتی عرفت الکراھۃ فی
وجہہ ثم قال ان اللہ تبارک وتعالی لا یمل حتی تملوا اکلفوا من العمل ما لکم بہ طاقۃ رواہ مالک فی الموطا پس
اہل بصیرت اور صاحبان فطانت پر بسبب ملاحظہ ان احادیث مذکورہ بالا کی بدعت ہونا مواظبت تمام شب کی جاگنی کا اور ہمیشہ
مداومت کی رات بھر میں ہزار رکعت پڑھنی کا کہ اسمیں طرح طرح کی مشقت اور تکلیف سخت پائی جاتی ہے اور ستر ہزار قرآن ختم کرنیکا
جو ستر برس کے عمر میں بعد منہا کرنے چار برس بخیال طفولیت کی تین ختم تخمیناً ہر روز میں ہوتی ہیں اور ایک وضو سے عشاء اور فجر کی نماز

پرہنی کا ظاہر ہے تو ایسی بدعات کو جناب امام کیطرف ہرگز نسبت کرنی نچاہیئے کیونکہ امام صاحب تمام سنت کا بہت رکھتے تھے اور خلاف
سنت کی نہین کرتے تھے علاوہ بدعت ہونی اس عبادت کی سی یہہ عبادت تو عقلاً بہی دشوار ہی تھی کہ تمام رات کی اوسط منہ
بارہ گھنٹی ہوتی ہین اور چار گھنٹی اوسمین سی منہا کرنی چاہیئین تین گھنٹا اول سی شب کی کہ اوسمین کہانا پینا شب کا اور استنجا
طہارت اور وضو اور نماز عشا کی ادا ہوا اور ایک گھنٹا آخر سی شب کے کہ اوسمین وقت فجر کی آمد ہوتی ہی اور نوافل نہین پڑہی
جاتی تو باقی رہے آٹھ گھنٹی تو اونمین اگر ہزار رکعت پڑہتی تھے تو فی گھنٹہ سوا سو رکعت پہلی اور ادا سوا سو رکعت کا مع ادائی ارکان
یعنی رکوع و سجود و قیام و قعود و قومہ و جلسہ و قراءۃ کی اور رعایت ہیئات اونمین اور مستحبات ایک گھنٹہ کی میعاد مین عقل سلیم محال جانتی ہے
ہان اگر یہہ کہو کہ اس کیفیت سی پڑہتے تھے کہ بعد تحریمہ کی قراءۃ بقدر مدہامتان کر کی رکوع و سجود مین اشارۃ ذرہ سا سر کو جھوکا کر رکعت
پوری کرتے تھے تو البتہ امکان ہے لاکن یہہ کیا عبادت ہوئی اور اسمین کیا تقرب اور ثواب ہوا اور ایسا ہی ستر ہزار ختم جسکی تخمیناً
تین ختم ہر روز ہوتی ہین بہی دشوار ہے اسلیئے کہ امام صاحب کاروبار تجارت بہی کرتے تھے جیسا کہ کلام مین ابن طاہر کی جو مجمع البحار مین
نقل کیا گیا ہے گذر چکا اور اجتہاد مسائل بہی کرتے تھے اور بعد اجتہاد کی مباحثہ اور مشورہ شاگردون سے کرتے تھے اور تعلیم و تعلم مین بہی
شاغل رہتے تھے پس با اینہمہ ہر روز تین ختم قرآن کی کسطرح کرتے ہونگی اور یہہ بہی نہین کہہ سکتی کہ کرامت سی تین ختم ہر روز کرتی تھے
اسلیئے کہ کرامت تو ایک امر اتفاقی ہے کہ خارق عادات کی ہوتی ہی نہ دوامی اور عادی حالانکہ یہہ شعار امام کا بقول خصم کی دوامی تہا
تو خوب ثابت ہوا کہ ایسی شاقہ عبادت شرعاً بدعت ہی اور عادۃً دشوار ہی اور نسبت کرنا اسکا طرف جناب امام کی اچہا نہین اور شان
حضرت امام کی اس سی بلند تر ہے اور ثواب کثیر اتباع سنت مین ملتا ہی نہ زیادہ مشقت اوٹہانی مین جیسکہ قاضی ثناء اللہ مرحوم ترجمہ ارشاد
الطالبین وغیرہ مین ارشاد فرماتی ہین اور جناب شاہ ولی اللہ محدث والد امجد مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہما حجۃ اللہ البالغۃ مین
فرماتی ہین ومنها التشدد وحقيقته اختيار العبادة الشاقة لم يأمر بها الشارع كدوام الصيام والقيام والتبتل
وترك التزوج وان يلتزم السنن والآداب كالتزام الواجبات وهو حديث نهي النبي صلى الله عليه وسلم عبد الله
بن عمرو وعثمان بن مظعون عما قصدا من العبادة الشاقة وهو قوله صلى الله عليه وسلم لن يشاد الدين احد الا غلبه
فاذا صار هذا المتعمق او المتشدد معلم قوم ورئيسهم ظنوا ان هذا امر الشرع ورضاه وهذا داء رهبان اليهود والنصارى
انتهى كلامه باب احكام الدين من التحريف عن عائشة رض قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا امرهم امرهم من الاعمال بما يطيقون
قالوا انا لسنا كهيئتك يا رسول الله ان الله قد غفر لك ما تقدم من ذنبك وما تأخر فيغضب حتى يعرف الغضب في وجهه
ثم يقول ان اتقاكم واعلمكم بالله انا كما رواه البخاري في كتاب الايمان اور صاحب فتح الباری اس حدیث کی نو فائدے لکہی ہین منجملہ کی تیسرا فائدہ یہہ ہے الثالث
الوقوف عند ما حد الشرع من عزيمة ورخصة واعتقاد ان الاخذ بالارفق الموافق للشرع اولى من الاشق المخالف له انتهى ما فی فتح الباری مختصراً پس جو کچھ
قصہ واہیہ بلا سند صحیح کی فضیلت مین امام صاحب کے نقل کرتے ہین امام صاحب تک ساتھ سند صحیح متصل مسلسل کے نہین پہنچا اور نیز
مخالف سنت کے ہو اور شان امام کی بہی اسکو مقتضی نہو تو پایہ اعتبار سی ساقط ہی کیونکہ اخبار مین سند صحیح متصل لازم ہوتی ہے قبول کرنے مین

اسکی نزدیک فقہا اور محدثین کے اور یہہ سند صحیح متصل الاسناد دہیان بائی نہین جاتی پہر کیونکر قابل اعتماد کی ہو اب اہل انصاف
سررشتہ عدل کا ہاتہہ سے مدین اور خوب غور و فکر کری مطابق اس آیۃ کریمہ کے اعدلوا ھو اقرب للتقوی بے اظہار حق مین چشم پوشی
نفرماوین کہ حق اور باطل مین امتیاز ہو جاوے **قال باب دوسرا بیچ بیان تقلید ائمہ اربعہ کی** فرماتا ہی اللہ تعالی
فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون یعنی پس پوچہو اونسی جو اہلیت ذکر کی رکہتی ہین اگر نہین جانتی ہو تم لیس یہہ آیت
ساتہہ اجماع امت کی مخصص اور ظنی ہی اسلیئے کہ ہرگز اہل سنت اجازت نہین دیتی ہین کہ پیروی کیجاوی روافض و خوارج کی اور
اسیطرح روافض وغیرہ نہین اجازت دیتی کہ پیروی کیجاوی اہل سنت کی پس اجماع ہوا امت کا اوپر تخصیص اس آیۃ کی پس ہوی
یہہ آیۃ مخصص اور ظنی الدلالۃ **اقول** اصل غرض مؤلف کی عقد باب ثانی سی اثبات وجوب تقلید مجتہد معین ہی لاکن دعوی تخصیص
مذاہب اربعہ کو محض واسطے بنایا ہی تو سنو کہ مقصود مؤلف کا اس دعوی سی کہ یہہ آیۃ مخصص ہے بالاجماع اور ظنی الدلالۃ ہی یہہ ہی کہ جبکہ
ایکدفعہ ظنی ہو چکی تو اب جتنین تخصیص چاہینگی کیا کرینگی تو کہ تخصیص ایک مذہب خاص کی ثابت ہو جاوے تو سنو کہ دعوی تخصیص کا اور
ظنی الدلالۃ ہونے اس آیۃ کا غلط اور بی اصل ہے اسلئی کہ لفظ اہل کا اس آیۃ مین اپنے عموم پر ہے اور اسکے تخصیص پر کوئی دلیل شرعی
نہین ہے نہ تو کتاب اللہ اور نہ حدیث متواتر یا مشہور یا خبر واحد اور نہ قیاس صحیح کسی مجتہد کا اور نہ کوئی قرینہ عقلی جس سے عموم آیۃ
مین استحالہ معلوم ہو پس پہر اگر تخصیص کیجاوی تو تخصیص اسکی بلا مخصص ہوگی اور تخصیص بلا مخصص نسخ کرنا ہی کتاب اللہ کو جیسا کہ
عبارت شرح **ابن الحاجب** کیسی معلوم ہوگا اور ممنوع ہے باتفاق امۃ محمدیہ کی کیونکہ رافع ہے امان کو لغت اور شرع سے
یعنی جو لفظ باعتبار لغت یا شرع کے عام ہونی پر دلالت کرتا ہو اور کوئی دلیل شرعی اوسکی خاص ہونے پر قایم نہین پہر جو کوئی
اپنے فہم مجرد سی بلا دلیل اوسکو خاص کر ڈالی تو باعتبار لفظ عموم کا از روئی لغت اور شرع کی جاتا رہی اور احکام شرعی درہم برہم
ہو جاوین اور یہہ بات مخالف اہل زبان اور اہل شرع کی ہے تو بلا قرینہ لفظ عام خاص نہین ہو سکتا اور مؤلف لفظ اہل کہ عام ہے
بلا دلیل خاص کرتا ہے تو اسمین مخالفت اہل لغت اور شرع کے لازم آویگی اور یہہ مخالفت ممنوع ہے چنانچہ صدر الشریعہ **توضیح** مین
فرماتی ہین ولو جاز ارادۃ البعض بلا قرینۃ لارتفع الامان عن اللغۃ والشرع بالکلیۃ لان خطابات الشرع
عامۃ انتہی اور علامہ **تفتازانی** تلویح مین فرماتے ہین فتقریرہ انہ لو جاز ارادۃ بعض مسمیات العام من غیر قرینۃ لارتفع
الامان عن اللغۃ لان کل ما وقع فی کلام العرب من الالفاظ العامۃ یحتمل الخصوص فلا
یستقیم ما یفہمہ السامعون من العموم وعن الشرع لان عامۃ خطابات الشرع عامۃ فلو جوزنا ارادۃ البعض من
اور اگر بغیر قرینہ کے بعضی معنونکا ارادہ کرلینا جایز ہوتا تو لغۃ اور شرع کی بالکل امن اوٹہہ جاتا کیونکہ خطابات شرع کے عام ہین ہو چکی
عبارت توضیح کی۔ تقریر اسکی یہہ ہی کہ اگر جایز ہوتا ارادہ رکہنا کچہہ افراد عام کا بغیر قرینہ کی تو اوٹہہ جاتا امن لغۃ سے کیونکہ جتنے
عام لفظ عربی زبان مین بولی جاتی ہین سب مین خاص ہو جانیکا احتمال ہے اسلیئے وہ معنی ٹہیک نرہینگی جو عام لفظوں سے
سننے والون نے سمجہے ہین اور شرع سے بہی امن اوٹہہ جاتا کیونکہ خطابات شرع کے عام ہین [illegible] مین اگر جایز رکہین ہم ارادہ بعضی معنونکا

غیر قرینة لما صح فہم الاحکام بصیغة العموم انتہی بلکہ یہہ تخصیص بلا مخصص عادت یہود اور نصاریٰ کی ہے کیونکہ وہ لوگ عمومات توریت
اور انجیل کے بلا مخصص شرعی تخصیص کر لیا کرتے تھے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین انما اهلك الذين قبلكم
انهم كانوا اذا سرق فيهم الشريف تركوه واذا سرق فيهم الضعيف اقاموا عليه الحد رواه البخاري
ومسلم عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم في تمام قصة المرأة المخزومية اور جبتک کسی نے فرد نے بہی دعویٰ
نہین کیا کہ یہہ آیة مخصوص ہے پہر اجماع کی کیا معنے اور مؤلف کی دعوے اجماع کو جو محض بے بنیاد اور بے سند ہے کون سنتا ہے
اور جو کہ مؤلف نے کہا ہے کہ اہل سنت اجازت نہین دیتے کہ پیروی کی جاوے روافض کی اور ایسا ہی بالعکس اسمی
اجماع تخصیص پر لفظ اہل کے اوس آیة مین نہین نکلتا ہے اسلئے کہ اجازت نہ دینا سنیّون کا واسطے اتباع رفضا کے
اور اجازت نہ دینا رفضیون کا واسطے اتباع اہل سنت کی مبنی اس پر نہین ہے کہ ہر ایک فرقہ اپنے مقابل کو اہل ذکر کا
مصداق جانکر پہر اپنے تخصیص کرتا ہے بلکہ ہر ایک فرقہ اپنے مقابل کو اہل ذکر کا مصداق
ہی نہین جانتا اور اوسمین داخل ہی نہین رکہتا اور جبکہ اپنے مقابل کو
اہل ذکر مین داخل نہ مانا تو حاجت اوسکی خارج کرنے کی اور اپنی فرقہ کو خاص کرنے کی کہان ہوئی **تقریر مفصل** اسکی فرقہ
اہل سنت کیطرف سے کی جاتی ہے اہل سنت کہتے ہین کہ اہل ذکر ہم ہی ہین اور کسی پر فرقہ ضالہ سے اہل ذکر صادق
نہین آتا اسلئے کہ لفظ ذکر کا جو کہ مضاف الیہ لفظ اہل کا ہی فی نفسہ تو مطلق اور شامل تہا ذکر حق صریح کو بہی اور ذکر باطل محض کو
بہی اور ذکر مخلوط اور مشوب بہوای نفسانی کو بہی لاکن اس آیة مین مقید ہے ساتہہ قید حق ہے اور باعث اس تقیید پر
آیات قرانی اور احادیث صحیحہ بہی ہین اور عقل تیز تائید کرتی ہے قال الله تعالى ذلك بان الله نزل الكتاب بالحق
الآية نزل عليك الكتب بالحق الآية ولا تلبسوا الحق بالباطل وتكتموا الحق وانتم تعلمون الآية
ويكفرون بما وراءه وهو الحق الآية من بعد ما تبين لهم الحق فاعفوا واصفحوا الآية وان فريقا منهم ليكتمون
الحق وهم يعلمون الحق من ربك فلا تكونن من الممترين الآية وانه للحق من ربك وما الله بغافل عما تعملون
الآية وكذب به قومك وهو الحق الآية قل الحق من ربكم فمن شاء فليؤمن ومن شاء فليكفر الآية حتى
جاءهم الحق ورسول مبين الآية لما جاءهم الحق قالوا هذا سحر مبين الآية ولذا قال في التفسير النيشابوري العالم بالحق

یہہ بسبب اسکی ہے کہ اللہ نے یہہ کتاب حق پر اوتاری ہے آخر آیة تک اوتاری اوپر تیرے یہہ کتاب حق پر آخر آیة تک اور نہ ملاؤ
حق کو باطل کے ساتہہ اور چہپاؤ تم حق کو جان بوجہکر آیة جہٹلاتی ہین ماسوا توریة کی حالانکہ وہ حق ہے آخر آیة تک پیچہے بعد اسکی کہ
ظاہر ہو گیا انہین حق پس معاف کرو اور درگذر کرو آخر آیة اور بیشک ایک گروہ انکا حق کو جان بوجہہ کر چہپاتا ہی حق وہی ہی
جو تیرے رب کی طرف سے ہے پس ہرگز نہ ہو شک کرنیوالون سے مت ہو آخر آیة تک اور بیشک یہہ حق ہے اللہ کی جانب سے اور اللہ غافل نہین تمہارے کامون سے آخر آیة تک
اور جہٹلایا اوسکو تیری قوم نے حالانکہ وہ حق ہے آخر آیة تو کہہ دے کہ حق اللہ کی جانب سے ہے پہر جو چاہے ایمان لاوے اور جو چاہے کفر کرے آخر آیة یہانتک کہ

يجب عليه اظهاره ويحرم كتمانه انتهى قال الله تعالى فاتبعوا احسن ما انزل من ربكم وقال تعالى اتبعوا ما
انزل اليكم من ربكم ولا تتبعوا من دونه اولياء وقال تعالى فبشر عبادي الذين يستمعون القول
ويتبعون احسنه وقال تعالى ارأيت من اتخذ الهه هواه الآية وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لياتين
على امتي كما اتى على بني اسرائيل حذو النعل بالنعل حتى ان كان منهم من اتى امه علانية لكان في امتي من يصنع
ذلك وان بني اسرائيل تفرقوا على ثنتين وسبعين ملة وتفترق امتي على ثلث وسبعين ملة كلهم في
النار الا ملة واحدة قالوا من هي يا رسول الله قال ما انا عليه واصحابي رواه الترمذي عن عبد الله بن عمر
اور سوا اسکی اور بہت حدیثین جو کہ رد مین خارجیا ور مرجیا و شیعیا ور معتزلیا ور قدریا ور جبریہ کی وارد ہین اس تقیید پر
باعث ہین اور باعث ہونا عقل کا تو ظاہر ہے کیونکہ الله جلشانہ نے بھیجا رسولون کا اور نازل کرنا وحی متلوا ور غیر متلو کا نہین کیا
مگر واسطے اتباع حق کے تو بالیقین معلوم ہوا کہ اس آیۃ مین مراد ذکر سے ذکر حق ہے سو جو کوئی اہل ایسے ذکر کا ہوگا عموماً خواہ
کوئی ہو اوسکا اتباع وقت لاعلمی کے واجب ہوگا اور نہین ہے مگر ہمارا فرقہ سنیہ اور ماسوای ہمارے سب فرقہ اہل ذکر مین
داخل ہے نہین باعتبار عقاید کے کیونکہ ذکر اور مذہب انکا باطل ہے اکثر امور مین بنابر عقیدہ اور اعمال کی چنانچہ
علامہ ابن نجیم صاحب بحر الرائق نے کتاب اشباہ والنظائر مین ناقلاً عن المصفی کہا ہے واذا سئلنا عن معتقدنا
ومعتقد خصومنا في العقائد يجب علينا ان نقول الحق ما نحن عليه والباطل ما
عليه خصومنا هكذا نقل عن المشائخ انتهى اور ایسا ہی طحطاوی نے دعوی کیا ہے اور کہا ہے فعليكم
معاشر المؤمنين باتباع الفرقة الناجية المسماة باهل السنة والجماعة فان نصرة الله
وحفظه وتوفيقه في موافقتهم وخذلانه وسخطه ومقته في مخالفتهم انتهى

حق یہ اظہار حق واجب ہی اور چھپانا اوسکا حرام ہے ہوچکی عبارت نیشاپوری کی الله تعالی نے فرمایا ہی پیروی کرو بہتر وہ جو
اوتارا گیا تمہاری الله کی جانب سی اور فرمایا پیروی کرو اوسکی جو اوتارا گیا تمہاری الله کی جانب سی اور نہ پیروی کرو
سوا اوسکی رفیقون کی فرمایا سو تو خوشی سنا میرے بندون کو جو سنتی ہین بات پھر چلتی ہین اوسکی نیک پر فرمایا بھلا دیکھہ تو جسنے پوجا
پکڑا اپنے چاؤ کا ۔ تا آخر آیۃ ۔ اور فرمایا رسول الله صلعم نے البتہ میرے امت پر ہو بہو ایسا وقت آئیگا جیسا بنی اسرائیل پر
آیا تھا یہانتک کہ بنی اسرائیل مین سی اگر کسینے کھلا کھلا اپنی مان سی زنا کیا ہے تو میرے امت مین سی بھی کوئی ایسا کریگا
اور بیشک بنی اسرائیل بہتر فرقی ہوگئی اور میری امت تہتر فرقون پر متفرق ہوگی سبکی سب آگ مین ہونگی مگر ایک فرقہ
لوگون نے پوچھا وہ کونسا فرقہ ہے ای رسول الله فرمایا وہ وہ فرقہ ہے جسپر مین اور میری صحابہ ہین روایۃ کی یہہ حدیث ترمذی نے
عبد الله ابن عمر سے رضه اور جسوقت پوچھی جائین ہم اپنے مسلک اور اپنے مقابل کی مسلک سے عقیدہ کی باب مین تو واجب ہی
ہمپر یہہ کہنا کہ جسپر ہم ہین وہ حق ہے اور جسپر ہمارا مقابل ہے وہ ناحق ہے یون ہین نقل ہوا ہے لوگون سی منقول ہی ہوچکی عبارت اشباہ کی

اور ایسا ہی سب اہل سنت کا دعوی ہی اور علی ہذا القیاس ہر ایک فرقہ اپنے حقیت کی تقریر کرتا ہے باقی رہی ترجیح اپنے اپنے دعوی کی کہ فی الواقع کون اہل ذکر حق کا ہے فروع مین سو یہہ بحث دوسرا ہی ہمقام مین اس سے بحث نہین اس محل مین تو اتنا معلوم کر لینا چاہیے کہ ہر ایک فرقہ ذکر کو قید حق کی ضم کر کی اوسکو اپنی مذہب مین منحصر کرتا ہے اور اپنے لوگون کو اہل اوس ذکر کا ٹہراتا ہے باوجودیکہ اہل اپنے عموم پر ہے یعنی اسطرح کہتا ہے کہ ہماری ذکر کے جو کہ حق ہے سب اہل عموما قابل اتباع کی ہین تو اجازت نہ دینا ہر فرقہ کا واسطی اتباع اپنے مخالف کی مستلزم تخصیص کو لفظ اہل مین نہوا اور یہہ آیۃ ظنی الدلالۃ ہوئی **قال** پس بعد تخصیص اس آیۃ کی اور تقرر مذاہب کے پہر مخصص ہوئی باجماع اہل سنت وجماعۃ کی باینطور کہ مراد اب اہل ذکر سے ائمہ اربعہ ہین پس دلالت کی اس آیۃ نی کہ تقلید ایک کی ائمہ اربعہ مین سے وجب لازم ہے اور وہ اجماع اہل سنت کا نقل کیا ہے طحطاوی وغیرہ نی کہا طحطاوی نے بیچ شرح در المختار کے کتاب الذبائح مین

قال[1] بعض المفسرین فعلیکم یا معشر المؤمنین اتباع الفرقۃ الناجیۃ المسماۃ باھل السنۃ والجماعۃ فان نصرۃ اللہ تعالی وحفظہ وتوفیقہ فی موافقتھم وخذلانہ وسخطہ ومقتہ فی مخالفتھم وھذہ الطائفۃ الناجیۃ قد اجتمعت الیوم فی المذاھب الاربعۃ ھم الحنفیون والمالکیون والشافعیون والحنبلیون ومن کان خارجا من ھذہ المذاھب الاربعۃ فھو من اھل البدعۃ والنار انتھی

**اقول** اس مین دو دعوے کئی ہین پہلا یہہ کہ اہل سنت کا اجماع ہو گیا ہی اسپر کہ اب اس آیت مین اہل ذکر سے ائمہ اربعہ مراد ہین دوسرا یہہ کہ جبکہ ائمہ اربعہ بالاجماع مراد ہوئی تو تقلید ایک کی ائمہ اربعہ سی وجب ہو گئی سو دعوی دوسرا تو باطل اور غلط محض ہے ہماری غور ہے کہ فرض کیا کہ مذاہب اربعہ کی تقلید چاہیے لاکن اس سی یہہ کہاں لازم آتا ہے کہ ایک مذہب کی خاص کر ہی تقلید وجب ہو جاوے یہہ تو آجتک کسی اہل عقل نی دعوی نہین کیا جیسا کہ چار کی جفت ہوتی ہے ایک کے جفت ہونیکا دعوی کسی نی نہین کیا اور دعوی اول اس سی زیادہ تر باطل ہے اسلیئے کہ آجتک یہہ بہی کسی نے نہین کہا کہ اس آیۃ مین ائمہ اربعہ مراد ہین پہر اجماع کا کیا نام لینا ہے اجماع کی تو تمام اصولیین یہہ معنی کرتی ہین

---

[1] واجب ہی تم پر اے گروہ مومنو کی پیروی اوس فرقہ نجات یافتہ کی جسکا نام اہل سنت والجماعت ہی کیونکہ مدد اوسکی یعنی اللہ کی مدد اور نگہبانی اور توفیق انہین کے موافقت مین ہی اور ذلت دینا اوسکا اور خفا ہونا اور بگاڑنا اونکے مخالفت مین ہے ہو چکی عبارت طحطاوی کی[1] کہا بعض مفسرین نی کہ واجب ہی تم پر اے گروہ مومنو کی پیروی کرنا اوس فرقہ نجات یافتہ کا جسکا نام اہل سنت والجماعت ہے کیونکہ اللہ کی مدد اور حفاظت اور توفیق اونکی موافقت مین ہی اور ذلت دینا اوسکا اور خفا ہونا اور بگاڑنا اونکی مخالفت مین ہے اور یہہ گروہ نجات یافتہ آجکی دن مجتمع ہو گیا ہے چار مذہب مین کہ وہ حنفی اور مالکی اور شافعی اور حنبلی ہین اور جو کوئی نکلا ان چارون مذہبون مین سے تو وہ اہل بدعت اور اہل نار سے ہی ہو چکی عبارت طحطاوی کی ؛

ترجمہ حاشیہ

ہو اتفاق المجتہدین من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی عصر علی امر شرعی اور جو عبارتین شواہد اس دعوی پر طحطاوی وغیرہ سے نقل کیا ہے اون عبارتون مین سی ایک سی بہی معلوم نہین ہوتا کہ اس آیۃ مین آئمہ اربعہ کی مراد ہونی پر اجماع اہل سنت کا ہوا ہے طحطاوی کی کلام کے تو معنی ظاہری یہہ ہین کہ اکہٹا ہوگیا ہے آجکی دن وہ فرقہ ناجیہ مذاہب اربعہ مین یعنے اگرچہ قبل اس سی سب صحابہ اور تابعین اور مجتہدین آخرین سوائی آئمہ اربعہ اور اتباع اونکی کے فرقہ ناجیہ مین داخل تہے لاکن چونکہ زمانہ اونکا منقرض ہوگیا ہی اور کسی صنف مذاہب کے سوائی ائمہ اربعہ کے اتباع اور مقلدین نہین رہی تو اب اہل سنت مین سے ائمہ اربعہ ہے کے لوگ باقی رہگئی ہین اور وہ فرقہ انہین مین اکہٹا ہوگیا ہے تو انصاف سی کہو کہ اس کلام سے اجماع مراد ہونی پر آئمہ اربعہ کی کہان نکلتا ہے شاید جناب مؤلف نے لفظ اجتمعت سی کہ جسمین ا ج م ع حروف اجماع کی موجود ہین اجماع کو ستنباط کیا ہے تو استشہاد مؤلف کا ساتہہ کلام طحطاوی کے باطل ہوا اور باقی اون عبارتون کو جن سی اجماع سمجہا ہے عنقریب نقل کرکے اونسی جواب دیا جاویگا انشاء اللہ تعالے اب طحطاوی کی اس دعوی کی کہ آجکی دن اہل سنت مذاہب اربعہ ہی مین منحصر ہین اور سوائی انکی جو ہو سو وہ اہل بدعت اور اہل نار مین سے ہی تحقیق کی جاتی ہی تو سنو کہ اگر اس حصر کو عادی اور اکثری کہین تو مسلم الثبوت ہی جیسا کہ عقائد جلالیہ مین حصر ادعائی محض کیا ہے الفرقۃ الناجیۃ هم الاشاعرۃ اجمع وهم السلف الصالحون من المحدثین العارفین باحادیث رسول اللہ صلعم وتمییز اقسامها من الصحیح والحسن والضعیف وغیرها ونقلها من الموضوعات انتهی ما فی العقائد الجلالیۃ حالانکہ ماتریدیہ بہی فرقہ ناجیہ مین بلاریب داخل ہین پس مراد عبارت عقائد جلالیہ سی حصر عادی واکثری ہے نہ حصر حقیقی تنزیلی کہ ماتریدیہ اسسے خارج ہو جاوین کما لا یخفی علی الماہر المتفطن اسی طور سی توجیہ عبارت طحطاوی کی کیجاوے کہ تمام اہل سلف ائمہ اربعہ اور محدثین صحاب صحاح ستہ وغیرہم فرقہ ناجیہ مین داخل ہو جاوین اور جو بزعم اپنے ہر شخص اپنے کو فرقہ ناجیہ ہونے کا دعوی کرتا ہے اور دوسری کو خلاف اسکے جانتا ہے تو یہ طرح کا دعوی لغو محض ہے شرعا اور عقیدہ اہل تعصب کا ایسا ہی ہوتا ہی المشهور فی دیار الخراسان والعراق والشام واکثر الاقطار ان اهل السنۃ والجماعۃ هم الاشاعرۃ وفی دیار ماوراء النهر ان اهل السنۃ والجماعۃ هم الماتریدیۃ اصحاب ابی المنصور الماتریدی کا

---

سلف وہ متفق ہونا امت محمدی کی مجتہدونکا ایک زمانہ مین ایک امر شرعی پر سلف فرقہ نجات یافتہ سبکے سب اشاعرہ ہین اور وہ اگلی محدثون مین کی نیک لوگ ہین کہ اونکو احادیث رسول اللہ صلعم مین شناخت اور اقسام حدیث مین امتیاز اور موضوعاتکی جانچ حاصل ہے سلف مشہور شہر خراسان اور عراق اور شام مین اور اکثر اطراف مین یہہ ہے کہ اہل سنت والجماعت تو اشاعرہ ہین اور مشہور ماوراء النہر مین یہہ ہے کہ اہل سنت وجماعت تو ماتریدیہ ساتہی ابی منصور ماتریدی کی ہین جیسا کہ مذکور ہوا سلف شبہہ ؛

شرح العقائد الجلالية هذا هوس من هوساتهم ما انزل الله بها من سلطان بل كلهم من اهل السنة والجماعة كما لا يخفى على اهل الخبرة بالشريعة واحوال القرون الثلثة وغيرها اور معنی عادی اکثری کی یہہ ہین کہ فی الواقع تو موجب حکم خدا و رسول کی سب اہل سنت کی مقتدای صحابہ اور تابعین اور مجتہدین ائمہ اربعہ اور سوای انکی اور مقلدین انکی فرقہ ناجیہ مین داخل تہی لاکن اجکے دن عادت ایسی ہو گئے ہی کہ سوائی اہل مذاہب اربعہ کی کوئی نہین رہا اور روایت بہی کسی مذہب کی سوای مذاہب اربعہ کی اکثر کر نہین ملتی تو اسطرح سے حصر کرنا حصر شرعی تنزیلا نہوا بلکہ عادی اور اکثری بسبب وجود مانع کے ہوا تو ارتفاع اس مانع کی سی یہہ حصر نرہیگا یعنی جبکہ کوئی روایت صحیحہ بنقل متصل ثابت کسی مجتہد سی سوای ائمہ اربعہ کی ہمکو ملیگی تو اوسوقت ائمہ اربعہ اور وہ مجتہد آخر یکسان ہونگی جیسا کہ کلام بلاغت نظام سی مولنا بحر العلوم **عبد العلی حنفی** کے معلوم ہوتا ہے چنانچہ **شرح تحریر ابن الہمام** مین فرماتی ہین واما المجتهدون الذين اتبعوهم باحسان فكلهم سواء في صلوح التقليد بهم فان وصل فتوى سفيان بن عيينة او مالك بن دينار يجوز الاخذ بها كما يجوز الاخذ بفتوى الائمة الاربعة الا ان لم يبق عن الائمة الاخرين نقل صحيح الا قل القليل ولذا منع من منع من التقليد اياهم فان وجد نقل صحيح منهم في مسئلة فالعمل به والعمل بفتوى الائمة الاربعة سواء انتهى اور **شرح مسلم** مين فرماتے ہین ثم في كلامه يعني ابن الصلاح خلل اخر اذ المجتهدون الاخرون ايضا بذلوا جهدهم مثل الائمة الاربعة وانكار هذا مكابرة وسوء ادب بل الحق انما منع من تقليد غيرهم لانه لم يبق رواية مذهبهم محفوظة حتى لو وجد رواية صحيحة من مجتهد اخر يجوز العمل بها الا ترى ان المتاخرين افتوا بتحليف الشهود افاقة لعدم وقوع التزكية على مذهب ابن ابي ليلى فافهم انتهى اور اگر یہہ حصر اس نظر سی نہو جو مذکور ہوا بلکہ اس نظر سی ہو کہ اجتہاد مستقل ائمہ اربعہ پر ختم ہو گیا ہے بلکہ سوائی ائمہ اربعہ کی اہل سنت مین سے کوئی مجتہد ہوا ہی نہین نہ قبل انکی اور نہ بعد انکی یا اس نظر سے ہو کہ مجتہد تو سوا انکی ائمہ اربعہ کی بہت ہوئی ہین لاکن سوائے ان چار کے اتباع کسیکا درست نہین خواہ وہ صحابی ہو خواہ تابعی خواہ بعد ائمہ اربعہ کے خواہ پہلی انسی

---

شرح عقاید جلالی مین یہہ ایک ہوس ہی لوگونکی ہوسون مین سی کہ اللہ نی اسپر دلیل نہین اتاری بلکہ اشاعرہ اور ماتریدی سب کے سب اہل سنت و جماعت ہین چنانچہ یہہ امر احوال قرون ثلثہ اور خبر دار علم شریعت پر مخفی نہین ہے سطر ۵ ولیکن وہ علمای مجتہد جو صحابہ کرام کی نیک پیرو ہین سو وہ سبکی سب صلاحیت تقلید مین برابر ہین پس اگر پہنچ جاوی فتوا سفیان ابن عیینہ یا مالک ابن دینار کا تو روا ہی اوسپر عمل کرنا جیسا کہ روا ہی ائمہ اربعہ کی فتوون پر عمل کرنا مگر یہی بات ہی کہ سوا ائمہ اربعہ کی اور اماموں کی اقوال نقل صحیح سے کم مہیا ہوتی ہین اوسلیئے منع کیا ہی انکی تقلید سی جس کسی نی منع کیا پہر اگر پائی جاوی نقل صحیح کسی مسئلہ مین تو عمل کرنا اوسپر اور عمل کرنا ائمہ اربعہ کی قول پر برابر ہے ہوچکی عبارت شرح تحریر کی سطر ۱۲ پہر اوسکی کلام یعنی ابن صلاح کی کلام مین ایک اور خلل ہی کیونکہ سوا ائمہ اربعہ کی اور مجتہدون نی بہی مثل ائمہ اربعہ کے کوشش کی ہین چنانچہ انکار کرنا اسبات کا ہٹ دہرمی اور بے ادبی ہی بلکہ حق الامر یہہ ہی کہ سوا ائمہ اربعہ کے اورونکی تقلید سی ممانعت اسلیئے ہے کہ اور ونکی مذہبونکی روایتین محفوظ نہین ہین یہان تک کہ اگر مجتہد کی مذہب کی روایۃ صحیح ملجاوے

اس کلام مین اعتراض تو وہی ہے جو کہ نور الانوار کی عبارت مین گذرا ہی اور جواب اوس سی یہہ دیا ہے کہ ہمنے شق اول کو
یعنے اعتبار اتحاد زمانہ کو اختیار کیا اور دفع اوس ایراد کا جو اس شق پر ہوتا تہا دو وجہ سی ہی وجہ اول یہہ کہ امام
شافعی اور امام احمد نی امام اعظم سے اوسی قول مین اختلاف کیا ہوگا جسمین ابو یوسف اور امام محمد کی رائی ابو حنیفہ سے
متحد ہوگی تو خلاف شافعی اور احمد کا ابو یوسف اور محمد سے بعینہ خلاف ہوا ابو حنیفہ سی نظراً الی الاتحاد اور اختلاف
اونکا ابو یوسف اور محمد سی تو ایک ہی زمانہ مین ہوا ہی تو لازم آیا کہ ابو حنیفہ سی بہی ایک ہی زمانہ مین ہوا اور وجہ
دوسری یہہ کہ بیشک بسبب اختلاف اتحاد زمانہ کی آیمہ اربعہ کا اپنا خاص اختلاف تو اجماع مرکب نہین ہوسکتا لاکن چونکہ خلاف اونکا رجوع
کرتا ہے طرف اختلاف صحابہ کی اسلیئے یہہ خلاف اجماع مرکب ہوسکتا ہے اسلیئے کہ خلاف صحابہ کا بلا خلاف اجماع مرکب
ہونا مسلم ہے **اقول فی الجواب عن جوابہ** یہہ جواب دونو وجہ سی باطل ہے وجہ اول تو قابل مضحکہ کی ہی کیونکہ جب ایکدفعہ
خلاف امام مالک اور امام اعظم کا مثلاً مقدار مسح سر مین ایک زمانہ مین واقع ہوا اور اوسکو اجماع مرکب فرض کیا گیا تو بعد انعقاد
اجماع کے وقت احداث شافعی کی قول ثالث کو مسح سر مین جو مختار ہے اون دونو کی موافقت رای ابو یوسف اور محمد کی ابو حنیفہ سے
کیا فائدہ کرگی بلکہ اگر ابو یوسف کو خود ابو حنیفہ ہی فرض کیا جاوے تو بہی کچہہ فائدہ نہین اسلیئے کہ اجماع مرکب ایکدفعہ منعقد
ہوگیا اور احداث قول ثالث کا باطل ٹہیرایا گیا اور اگر کہو کہ وقت خلاف امام مالک اور امام اعظم کے فی الفور اجماع نہوا تہا بلکہ
امام شافعی کے انتظاری ہتی اور جبکہ اونکا خلاف ہمعصر ابو یوسف اور امام محمد کے ہوگیا تو اجماع مرکب منعقد ہوا تو ہم کہینگی کہ ایسا
ہی امام بخاری اور طبری اور داؤد ظاہری اور سوا اونکے اور مجتہدونکی قیامت تک انتظاری کرنی چاہیئے اور اگر انتظار شافعی کی کو
اور اونکی انتظاری سی کوئی مرجح شرعی ہو تو بیان کرو علاوہ یہہ کہ اس وجہ سے اختلاف سب مجتہدونکا قیامت تک ایک زمانہ مین ہوئیگا
کیونکہ جسطرح ابو یوسف کی ہمعصری امام شافعی سی بوسیلہ اتحاد ہے ابو یوسف کے امام اعظم سی موجب ہو ہمعصری امام شافعی کو امام اعظم سے
ہسیطرح ہمعصری کسی اور موافق فی الرای اونکے مثلاً امام ابو ثور یا امام طبری سے یا کسی اور مجتہد سی قیامت تک موجب ہوگی
ہمعصری ابو ثور وغیرہ کی امام اعظم سے کیونکہ وقت خلاف ابو ثور یا بخاری کے یا کسی اور مجتہد کی قیامت تک کوئی شخص موافق
فی الرای امام اعظم یا امام شافعی اور احمد کا ہوگا **علاوہ** یہہ کہ یہہ وجہ اوسی صورت اور اوسی مسئلہ مین جاری ہوگی جسمین امام
ابو یوسف وغیرہ امام اعظم سے متفق ہونگی اور بہت سی مسائل مین جنمین امام ابو یوسف اور امام محمد امام سے مخالف ہین اونمین
اس وجہ سی اجماع مرکب منعقد نہوگا حالانکہ مدعا یہہ تہا کہ ہر مسئلہ مذاہب اربعہ کی کا خلاف درست نہین اور جمیع اجزاء مذاہب اربعہ پر

کہ زمانہ شافعی رح اور زمانہ احمد بن حنبل رح کا الگ ہے زمانہ ابی حنیفہ رح اور مالک رح سے سو جب اختلاف کیا ابو حنیفہ اور مالک رح نے
تو چاہیئے کہ یہہ اجماع ہو جاوے اور امام شافعی اور احمد بن حنبل کے قولونکی باطل ہونی پر ہان مگر یہہ کہا جا سکتا ہے کہ معتبر اختلاف ایک ہی زمانیکا ہے
اور امام شافعی وغیرہ نے جب کوئی قول کہا ہے تو بے اسکے نہین کہ وہ اوس رائے پر کہا جسے امام ابو یوسف اور امام محمد نے
امام ابو حنیفہ کے مقابلہ مین برتا تہا یا یہہ کہ خلاف صحابہ مین تہا سو ابو حنیفہ نے ایک صحابی کا قول اپنا عمل درآمد ٹہرایا اور امام شافعی نے دوسرے صحابی کا قول لیا

اجماع مرکب منعقد ہے اور وجہ ثانی کا لغو ہونا بہی ظاہر ہے کیونکہ وجہ ثانی سی اسیقدر لازم آتا ہی کہ جس مسئلہ مین اختلاف ائمۂ اربعہ
مولفق خلاف صحابہ کی ہوگا اوسمین احداث قول آخر کا ممنوع ہے نہ سب مسائل مین اور بہت سی مسائل قیاسیہ مختلف فیہا
ائمہ اربعہ کی ایسی ہین جو اونمین خلاف اونکا طرف خلاف صحابہ کی راجع نہین ہی پہر اونمین احداث قول آخر کا کدرست
ہوگا تو جواب ملا احمد صاحب کا بوجہ حسن محمد و مش اور باطل ہوا اور دعوے انحصار مذاہب کا بزعم اجماع مرکب کی بوجہ اوضح منقوض ہوا
فالحمد للہ علی توفیقہ والہامہ الحق تحقیقہ بس ناظرین اہل انصاف اور علماء اصول بے اعتساف سی امید غور اور انصاف کی ہے
اور یہہ جو مولف نی اخیر مین قول ثالث کی دعوے کیا ہے کہ ابن صلاح نی اس نظرسی کہ مذاہب اربعہ پر اجماع مرکب منعقد
ہوگیا ہے تقلید غیر الاربعہ کو ممنوع کہا ہے اور مولف نی اس دعوے کو کتاب مسلم الثبوت کی طرف مسند کیا ہی یہہ غلط محض
اور کذب بحت ہی اسلیئے کہ خود مسلم الثبوت ہی مین لکھا ہی کہ ابن صلاح نی تقلید غیر الاربعہ کو اس نظرسی منع کیا ہے
کہ یہہ مذاہب اربعہ خوب مُدَوَّن اور مفصل ہوگئی ہین اور باب باب اور فصل فصل کئی گئی ہین اور خوب مہذب اور منقح اور
معلل ہوگئی ہین اور سوا ان مذاہب کے یہہ تحقیق اور تفصیل اور تعلیل اور تبویب اور تنقیح کسیمین پائی نہین جاتی اور صاحب مسلم نے
ابن صلاح کی اس نظر کو جو در اصل مبنی اسکا قول امام الحرمین کا ہے بہی باطل کر دیا ہے بدلیل اجماع صحابہ اور اجماع تمام
مسلمین کے اور مسلم کی شرح مین مولانا بحر العلوم لکہنوی حنفی نے خوب تفصیل دلائل سے قول ابن صلاح کو اور اوسکی
مبنی کو باطل کیا ہے اور اچہے طرحسے تخصیص اور تعیین مذاہب اربعہ کو ڈہایا ہے چنانچہ کہا ہے مسلم اور شرح بحر العلوم مین

قال الامام اجمع المحققون علی منع العوام من تقلید اعیان الصحابۃ رضوان اللہ تعالی علیہم فان اقوالہم قد
تحتاج من استخراج الحکم منہا الی تنقیحۃ کما فی السنۃ ولا یقدر العوام علیہ بل یجب علیہم اتباع الذین
سبروا ای تعمقوا وبوبوا ای اوردوا ابوابا لکل مسئلۃ علی حدۃ فہذبوا مسئلۃ کل باب و نقحوا
کل مسئلۃ عن غیرہا وجمعوا بجامع وفرقوا بفارق وعللوا ای اوردوا لکل مسئلۃ مسئلۃ علۃ وفصلوا
تفصیلا یعنے یجب علی العوام تقلید من تصدی لعلم الفقہ لا لاعیان الصحابۃ وعلیہ ابتنی ابن الصلاح منع
تقلید غیر الائمۃ الاربعۃ ہم الامام الہمام امام الائمۃ ابو حنیفۃ الکوفی والامام مالک والشافعی والامام
احمد رحمہم اللہ تعالی وجزاہم عنا احسن الجزاء لان ذلک المذکور لم یدر فی غیرہم

سے امام نے کہا ہے محقق لوگ اکہٹی ہوگئی ہین اسپر کہ عام لوگون کو صحابہ کی پیروی منع ہے کیونکہ صحابہ کے قول حدیث کیطرح حکم کی برآمد کرنی مین بحث و
تفتیش کے محتاج ہین اور عام لوگ اسپر قادر نہین بلکہ عام لوگونپر پیروی اون لوگون کی واجب ہے جنہون نے ہر مسئلہ کے باب جدا جدا مقرر کر دئی ہین اور
ہر مسئلہ کے وجوہات بیانکر دئی ہین اور تفصیل کر دی ہے حاصل کلام یہہ ہے کہ عام لوگونپر پیروی اونکی واجب ہے جو تدوین علم فقہ کی قید پہ ہوے صحابہ کی پیروی اونکو نہین چاہیے
اور اسیپر سوا ائمہ اربعہ اور وں کی پیروی کے ممنوع ہونیکی بنا ابن صلاح نی رکہی ہے اور وہ ائمہ اربعہ امام عالی ہمت اماموں کی امام ابو حنیفہ کوفی اور امام مالک اور
شافعی اور امام احمد ہین اللہ اونپر رحمت کری اور ہماری طرف سے اچہا بدلا دے اونہین کے پیروی دوسرے اسلیئے نہے کہ وہ باب اور فصلین وغیرہ ؟

وفیہ ما فیہ فی الحاشیۃ قال القرافی انعقد الاجماع علی ان من اسلم فلہ ان یقلد من شاء من العلماء من غیر
حجر واجمع الصحابۃ علی ان من استفتے ابا بکر وعمر امیری المؤمنین فلہ ان یستفتے ابا ھریرۃ ومعاذ بن جبل
وغیرھما ویعمل بقولھم من غیر نکیر فمن ادعی برفع ھذین الاجماعین فعلیہ البیان انتھی فقد بطل بھذین الاجماعین
قول الامام وقولہ اجمع المحققون لا یفھم منہ الاجماع الذی ھو حجۃ حتی یقال یلزم تعارض الاجماعین بل الذی
یکون مختارا عند احد ویکون الجماعۃ متفقین علیہ یقال اجمع المحققون علی کذا ثم فی کلامہ خلل اخر وھو ان
التبویب لا دخل لہ فی التقلید وکذا التفصیل فان المقلد ان فھم مراد الصحابی عمل والا سال عن مجتہد اخر
فافھم وبطل بھذا قول ابن الصلاح ایضا ثم فی کلامہ خلل اخر اذ المجتھدون الاخرون ایضا بذلوا جھدھم مثل
الائمۃ الاربعۃ وانکار ھذا مکابرۃ وسوء ادب فالحق انہ انما منع من منع تقلید غیرھم لانہ لم یبق روایۃ مذھبھم
محفوظۃ حتی لو وجد روایۃ صحیحۃ من مجتھد اخر یجوز العمل بھا الا تری ان المتاخرین افتوا بتحلیف الشھود اقامۃ
لہ مقام التزکیۃ علی مذھب ابن ابی لیلی فافھم انتھی ما فی المسلم وشرحہ لبحر العلوم
اور ایسا ہی فاضل قندہاری نے منتخب الحصول میں فرمایا ہے تو اس عبارت مسلم کی اور شرح کی سے جناب مولف کی کیسی
تکذیب ہوئی اور معلوم ہوا کہ منع کرنا ابن صلاح کا تقلید سے غیر ائمہ اربعہ کی اجماع مرکب پر مبنی نہیں بلکہ قول پر امام الحرمین
کے اور وہ بہت ہی غلط اور مخالف اجماع صحابہ اور اجماع تمام مسلمین کے ہے اور اسی جگہہ سے باطل ہوا جو کہ مولف فی اعتراض
مافیہ سے جواب نا صواب پایا تہا اور کہا تہا کہ اوہٹہ گیا شبہ اوسکا ساتہہ نقل کرنے ان ثقات مذکورین کی اس اجماع کو
اور انکی کلاموں میں نہیں سمجھی جاتیں اور اس قول میں بڑا اعتراض ہے حاشیہ میں ہے کہ قرافی نے کہا ہے کہ اجماع ٹہر چکا اسپر کہ جو مسلمان ہے
اوسکو چاہیے کہ بلا روک ٹوک کے علما میں سے جسکی پیروی چاہے کرے اور متفق ہوگئی صحابہ اسپر کہ جو فتوی پوچھے دونوں مومنوں کی سردار ابو بکر اور عمر سے تو
اوسکو روا ہے کہ فتوا پوچھے ابو ہریرہ اور معاذ بن جبل وغیرہ سے اور بلا کہٹکے انکی قول پر عمل کرے اور جس کسی کو ان دونو اجماعوں کی مرفوع ہونیکا دعوی ہے
تو دلیل اسکی اوسکی ذمہ پر ہے ہو چکی عبارت حاشیہ کی سو بلاشک ان دونوں اجماعوں سے امام الحرمین کا قول جہوٹا پڑ گیا اور امام کے اس قول سے
کہ محقق لوگ اکہٹے ہوگئے ہیں وہ اجماع نہیں سمجہا جاتا جو حجت ہے تا کہ یہہ کہدیا جاوے کہ دو اجماعوں کا باہم مخالف ہونا لازم آتا ہے بلکہ جبکہ
کسی شخص کے مختار کو جب ایک گروہ متفق ہو جاوے کہدیتے ہیں کہ محقق لوگ اس پر اکہٹے ہوگئے ہیں پہر اوسکی کلام میں اور خرابی ہے کہ باب بنانیکو
اور اسیطرح تفصیل کو پیروی میں دخل نہیں ہے کیونکہ اگر مقلد نے مراد صحابہ کو سمجہہ لیا تو عمل کرلیگا اور نہیں تو اور مجتہد سے پوچہہ لیگا سمجہہ لو
اس کلام کو اور اس سے ابن صلاح کا قول ہے باطل ہوگیا پہر اس کلام میں اور خلل ہے اسلیے کہ اور مجتہدوں نے بہی مثل ائمہ اربعہ کے صرف توجہہ کیا ہے
چنانچہ نہ ماننا اسکا ہٹ دہرمی ہے اور بے ادبی سو سچ تو یہہ ہے کہ جس کسی نے سوا ائمہ اربعہ کے اوروں کی پیروی کو منع کیا ہے سو اسلیے منع کیا ہی کہ صحیح روایتیں اونکی
مذہبوں کی باقی نہیں رہیں یہانتک کہ اگر کسی اور مجتہد کے مذہب کے روایۃ صحیح ملجاوے تو اوسپر عمل کرنا روا ہی کیا تو نے دیکہا نہیں کہ قائمقام تزکیہ کے
متاخرین نے گواہوں کی قسم دلانے پر موافق مذہب ابن ابی لیلی کی فتوا دیدیا ہے سمجہہ لے تو ہو چکی عبارت جو مسلم میں اور اوسکی شرح میں ہی کہ جو بحر العلوم کی تصنیف

انتہی اور وجہ باطل ہونی اس جواب کی یہہ ہی کہ مبنی اعتراض مسلم کا اجماع صحابہ کا ہے جسکے بعد کوئی اجماع مخالف اوسکی او ناسخ اوسکا باجماع اہل اصول کے مقبول نہین ہے اور اجماع تمام مسلمین کا ہے جو کہ قرافی نے نقل کیا ہے اور مبنی مولف کی جواب کا اختلاف ائمہ اربعہ کا ہے جسکو بے دلیل وحجۃ اجماع مرکب نام رکھہ لیا ہے اور جسکے قرار واقعی تغلیط کی گئی ہے فتدبر[۵۱] ولا تکن من المغترین **تنبیہ** بعد ردکر دینے دعوے اجماع مرکب کی حجیت اختیار کرنے کی باقی کلام کو مولف کی نہین رہی کیونکہ وہ تمام اسی سے مستنبط اور اسی پر مبنی ہے اور جبکہ مبنی اور اصل باطل ہوگیا تو جو کہ اسپر بنا کیا گیا ہے اور اوسپر متفرع کیا ہے بطریق اولی باطل ہوگیا لاکن چونکہ کلام باقی مولف کا قطع نظر بطلان دعوے اجماع مرکب کے سے اور دلائل اور وجوہات سے بہی باطل تہا اسلئے اوسکی رد کی درپے ہوتے ہین **قال** پس ثابت ہوئین اس سے کتنی باتین اول تو یہہ کہ باطل ہے قول اون جہلا کا کہ کہا اونہون نے تقلید شرک ہے بہ سبب قول اللہ تعالی کے قل[۵۲] یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا و بینکم ان لا نعبد الا اللہ ولا نشرک بہ شیئا ولا یتخذ بعضنا بعضا اربابا من دون اللہ اور بسبب قول اللہ تعالی کے اتخذوا[۵۳] احبارہم ورھبانہم اربابا من دون اللہ پس حاصل یہہ کہ یہہ قول باطل ہے بسبب اس اجماع کی کہ منقول ہے بڑے علما سے اور بسبب قول اللہ تعالی کے یا ایہا[۵۴] الذین آمنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم اور بسبب اس قول اللہ تعالی کے فاسئلوا[۵۵] اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون الخ **اقول** یہہ جہوٹ ہی مولوی اسمٰعیل صاحب پر تو ثابت ہوا جو کہ ہمنے خطبہ مین کہا تہا کہ رسالہ مولف کا مقابلہ مولوی اسمٰعیل کے تالیف ہوا ہی سو بیان اسکا یہہ ہوگا پہلی ایک مقدمہ سن لینا چاہیے وہ مقدمہ یہہ ہے کہ معنے تقلید کی اصطلاح مین اہل اصول کی یہہ ہین کہ مان لینا اور عمل کرلینا ساتہہ قول بلا دلیل اوس شخص کے جسکا قول حجۃ شرعی نہو تو بنا بر اس اصطلاح کی رجوع کرنا عاما کا طرف مجتہدون کی اور تقلید کرنی اونکی کسی مسئلہ مین تقلید نہوگی بلکہ اسکو اتباع اور سوال کہینگے اور معنی تقلید کے عرف مین یہہ ہین کہ وقت لاعلمی کے کسے اہل علم کا قول مان لینا اور اوسپر عمل کرنا اور اسی معنی عرفی سی مجتہدون کی اتباع کو تقلید بولا جاتا ہے چنانچہ ملا حسن شرنبلالی حنفی **عقد الفرید** مین فرماتے ہین حقیقۃ[۵۶] التقلید العمل بقول من لیس قولہ احدی الحجج الاربعۃ الشرعیۃ بلا حجۃ منہا فلیس الرجوع الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والاجماع من التقلید لان کلا منہما حجۃ شرعیۃ من الحجج الشرعیۃ وعلی ھذا اقتصر الکمال فی تحریرہ وقال ابن امیر الحاج وعلی ھذا عمل العامی

---

۵۱ سو سونچ تو اور نہ ہو ڈگمگانی والون سے ۵۲ کہہ اے اہل کتاب آؤ طرف ایک بات کی کہ برابر ہے درمیان ہماری اور درمیان تمہارے یہہ کہ نہ عبادت کرین ہم مگر اللہ کو اور نہ شریک لاوین ساتہہ اوسکی کچہہ اور نہ پکڑین بعضے ہمارے بعض کو پروردگار سوا اللہ کے ۵۳ پکڑا اونہون نے عالمون اپنے کو اور درویشون اپنے کو پروردگار سوا اللہ کے ۵۴ اے لوگو جو ایمان لائی ہو فرمانبرداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا اور صاحبون حکم کی کا تم مین سی ۵۵ سو پوچہو تم ذکر والون سے اگر ہو تم نہین جانتے ۵۶ اصل تقلید کی ایسی شخص کی قول پر عمل کرنا کہ جسکا قول چارون حجتون شرعیہ مین سے نہو اور نہ اوسکی قول پر عمل کرنیکی کوئی حجت شرعی ہو سو رجوع کرنا آنحضرت اور اجماع کیطرف تقلید نہین ہے اسلئے کہ یہہ دونو حجتون شرعیہ مین سے ہین اور اسی پر بس کیا ہی کمال نے اپنے کتاب تحریر مین اور ابن امیر الحاج نے کہا ہے کہ اسی نہج پر ہے عمل کرنا انجان کا

بقول المفتی وعمل القاضی بقول العدول لان کلا منہما وان لم یکن احدی الحجج فلیس العمل بہ بلا حجۃ شرعیۃ لایجاب النص اخذ العامی
بقول المفتی واخذ القاضی بقول العدول انتہی ما فی العقد الفرید لبیان الراجح من الاختلاف فی جواز التقلید اور فاضل قندہاری مغتنم الحصول مین
فرماتے ہین التقلید العمل بقول من لیس قولہ من الحجج الشرعیۃ بلا حجۃ فالرجوع الی النبی علیہ الصلوۃ والسلام او الی الاجماع
لیس منہ ہکذا رجوع العامی الی المفتی والقاضی الی العدول لوجوبہ بالنص بل رجوع المجتہد والعامی الی مثلہ لکن العرف
علی ان العامی مقلد للمجتہد قال امام الحرمین وعلیہ معظم الاصولیین وقال الغزالی والامدی وابن الحاجب ان سمی الرجوع الی الرسول والی
الاجماع والی المفتی والی الشہود تقلیدا فلا مشاحۃ انتہی پس ثابت ہوا کہ آنحضرت کی پیروی کو اور مجتہدین کی اتباع کو تقلید کہنا مجوزہے
تمت المقدمۃ اور جبکہ مقدمہ ممہد ہوا تو اب معلوم کرنا چاہیئے کہ تقلید مجتہد کی عالم بالحدیث وبالقران کو وقت جاننی ایک مسئلے
کے قرآن مجید سے یا حدیث سے اوس مسئلہ معلومہ مین نچاہیئے مثلاً جبکہ عالم بالحدیث وبالقران کو معلوم ہو کہ پانچ وقت کی نماز
فرض ہے ہر مکلف پر تو پہر اوسکو اس مسئلہ مین تقلید کسی مجتہد کی نچاہیئے بلکہ اسوقت تقلید رسول مقبول صلعم کی پر ضرور
چاہیئے اسلئے کہ جس آیۃ کی حکم سے کہ تقلید ثابت ہے تو وہ اوسیصورت مین ہی جبکہ لاعلمی ہو قال اللہ تعالی فاسئلوا اہل الذکر ان
کنتم لا تعلمون یعنے پس سوال کرو اہل ذکر سے اگر نہ جانتے ہو تم اور یہی آیۃ دلیل ہے وجوب تقلید پر کما اشار
الیہ المحقق ابن الہمام فی التحریر وغیرہ اور ظاہر ہی کہ امر بالسوال اس آیہ مین مقید بالشرط ہے اور اصول فقہ مین محقق ہے
کہ حکم مقید بالشرط متعدی نہین ہوتا ہے اوس فرد مین جو کہ مجرد ہو اوس شرط سے چنانچہ **مسلم الثبوت** مین لکہا ہی
الظاہر ان التخصیص بمعنی القصر اتفاق وانما الخلاف فی اثبات النقیض انتہی اور توضیح مین کہاہے وعندنا لا یثبت
بدای بالتعلیق بل یبقی الحکم علی العدم الاصلی حتی لا یکون ہذا العدم حکما شرعیا بل عدما اصلیا انتہی اور ایسی کوئی دلیل قرآن سی یا حدیث سی
یا اجماع سی یا قیاس سے جو کہ باوجود علم کی تقلید کو واجب یا جایز کردی اور اوسکو عدم اصلی سے نکالی نہین ہے بلکہ کئی آیات صریح دلالت کرتی ہین
اسپر کہ بمجرد علم کسی مسئلہ کے قرآن یا حدیث سی بدون کسیکی تقلید کے پیروی قرآن اور حدیث کی لازم ہے قال اللہ
تعالی ولئن اتبعت اہواءہم بعد الذی جاءک من العلم مالک من اللہ من ولی ولا نصیر اور وجہ استدلال اس آیۃ سی عنقریب شاہ عبد العزیز قدس سرہ سے

مفتی کے قول پر اور عمل کرنا قاضی کا ثقہ کی قول پر کیونکہ یہہ دونو اگرچہ خود حجت شرعی نہین ولیکن عمل اونپر بے حجت شرعی نہین اسلئی کہ حکم
کہلا ہوا انجان کیلئے مفتی کی قول پر عمل کرنیکا اور قاضی کی لئی ثقہ کے مقولہ پر عمل درآمد کرنیکا شرع مین وارد ہوا ہے ہوچکی وہ عبارت عقد الفرید کی
ہے وہ عقد الفرید جسمین خلاف جواز تقلید کے امر غالب کا بیان ہے سلہ تقلید اوس شخص کے قول پر بلا دلیل عمل کرنا ہے جسکا قول حجتون
شرعیہ مین سی نہو سو رجوع کرنا آنحضرت اور اجماع کیطرف تقلید نہ ٹہرے اور اسیطرح رجوع کرنا انجان کا مفتی کی قول کیطرف اور رجوع کرنا قاضی کا
ثقہ آدمی کی قول کیطرف تقلید نہین ٹہرگی کیونکہ یہہ رجوع بحکم شرع واجب ہے ہان رجوع کرنا مجتہد یا انجان کا اپنے جیسے کیطرف تقلید ہے لیکن مشہور یون
ہو گیا ہے کہ انجان مجتہد کا مقلد ہے امام الحرمین نے کہا ہے کہ اسے قول مشہور پر بڑی بڑی اصولی ہین اور غزالی اور امدی اور ابن حاجب نے کہا ہی کہ
رجوع کرنا آنحضرت اور اجماع اور مفتی اور گواہون کی طرف اگر تقلید قرار دیا جاوے تو کچہ حرج نہین سلہ جیسا کہ اشارہ کیا ہے طرف محقق ابن ہمام نے تحریر

کلام سی معلوم ہوگی **قال اللہ تعالٰی** فبشر عبادی الذین یستمعون القول فیتبعون احسنه اولئك الذین هداهم الله واولئك هم اولوا الالباب اسیواسطی ائمہ اربعہ اور اونکی اتباع سی نہی اور نکیر مروی ہے چنانچہ شیخ جلال الدین اسیوطی کتاب الرد علی من اخلد الی الارض مین فرماتی ہین هل ابلح مالك وابو حنیفة والشافعی رضی الله عنهم قط لاحد تقلیدهم حاشا الله منهم بل انهم قد نهوا عن ذلك لعلمهم بفضول الحد فیه انتہی اور شیخ عبد الوہاب شعرانی **یواقیت والجواہر** مین فرماتے ہین وکان الامام احمد یقول لیس لاحد مع الله ورسوله کلام لا تقلدنی ولا تقلدن مالکا ولا الاوزاعی ولا النخعی ولا غیرهم وخذ الاحکام من حیث اخذوا من الکتاب والسنة علی ما نقله فی عقد الجید انتہی اور **فاضل بہاری مسلم الثبوت** مین فرماتی ہین العدول عن الدلیل الی التقلید خلاف المعقول کیف وفیه ریب وقد امرنا بترکه فی الحدیث المنقول انتہی اور **تاج الدین عثمانی جامع الفواد** مین فرماتی ہین من یعمل بقول المجتهدین فهو مثاب فی الدنیا والاخرة ما لم یجد الحدیث الصحیح المتصل الاسناد واذا وجده یعمل بالحدیث انتہی اور **علامہ مجد الدین صاحب قاموس سفر السعادہ** مین فرماتی ہین ودر باب عبادات اعتماد کلی بران کنند یعنی برانچہ از حدیث ثابت است واز خلاف زید وعمر نیندیشند انتہی اور قاضی عضد شارح مختصر الاصول فرماتی ہین المستفتی المقلد والمفتی المجتهد والمستفتی فیه هو المسائل الاجتهادیة انتہی یعنی وہ مسئلہ جسمین کسیکی تقلید چاہیے وہ مسائل اجتہادیہ ہین نہ منصوصہ اور مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہ فتح العزیز مین تحت اس آیہ کی ولئن اتبعت اهواءهم بعد الذی جاءك من العلم الایة فرماتی ہین ازین آیہ معلوم شد کہ بعد از وضوح دلائل وسطوع براہین تقلید باطل است زیراکہ اتباع ہوا بعد مجی العلم است انتہی مولانا اسمٰعیل شہید صراط المستقیم مین فرماتی ہین پس در ہر مسئلہ کہ حدیث صحیح غیر منسوخ یابد اتباع ہیچ مجتہد ندان کنند انتہی تو ثابت ہوا کہ عالم بالحدیث کو وقت علم کسی مسئلہ کے نصوص سے تقلید کسی مجتہد کے نجا ہے اگرچہ قول اوس مجتہد کا موافق ہے اوس حدیث کی ہو لاکن جو لوگ کہ حدیث پر عمل کرنیسے منع کرتے ہین اونکو باوجود وضوح براہین کے حق نہین سوجہتا تو وہ یہہ عذر پیش کرتے ہین کہ آجکل وہ حدیث پر عمل کرنا بہت دشوار ہی کیونکہ حدیث وقران ایک دریا نا پیدا کنار ہے اوسکو سمجہنا اور اوسپر عمل کرنا

---

عه بالاتفاق ہے بے اسکے نہین کہ خلاف نقیض کے ثابت کرین ہے عه اور ہمارے نزدیک تعلیق سے حکم ثابت نہین ہوتا بلکہ حکم اپنے ناپیدی اصلی پر باقی رہتا ہے یہانتک کہ پیدا ہو پیدی حکم شرعی نہین ہوتے بلکہ ناپیدی اصلی رہتی ہے شه فرمایا اللہ تعالٰی نے اور البتہ اگر پیروی کریگا تو اونکی خوشنودی کی بعد اسکے کہ آیا ہے تیرے پاس علم نہین تیری لئی اللہ سے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار رله سو خوشخبری دی میرے بندونکو جو سنتی ہین بات کو پہر پیروی کرتی ہین بہتر اوسکی کے یہہ لوگ ہین جنکو ہدایت کی اللہ نے اور یہی لوگ ہین صاحب عقل کی طه ہرگز نہین روا رکہا مالک اور ابو حنیفہ اور شافعی نی خدا اونسی خوش ہو کسی کے لئے اپنے پیروی بلکہ بلاشک انہون نی اس سے منع کیا ہے اور کیسا اوبات مین دخل نہین دی ته اور امام احمد کہتے تھے کہ اللہ اور رسول کے مقابلہ مین کسیکو تاب سخن نہین البتہ نہ تو میری پیروی کر اور نہ مالک کے نہ اوزاعی نہ نخعی کے اور کسیکی جہان قران اور حدیث سی اونہون نی حکم شرعی لئی ہین تو بہی لے ہو چکی عبارت یو قیت کے جسطرح عقد الجید مین ہے عه دلیل سے پہر کر تقلید کیطرف آنا خلاف عقل ہے کیونکہ اسمین شک ہے اور شک کے چہوڑ دینی پر ہمین حدیث مین حکم کیا گیا ہے شه جو کوئی مجتہد کے قول پر عمل کریگا تو وہ دونو جہان مین ثواب پاویگا جبتک کہ حدیث صحیح متصل الاسناد نہ پاوے اور جب پاوے تو اوسپر عمل کرے

مجتہد مطلق ہی کا کام ہے اور ہمارا یہہ شان ایسی نہین ہے کہ حدیث و قران کو سمجھین اور اگر کچھہ ترجمہ ظاہری سمجھتے بھی ہین
تو پھر ہمکو یہہ معلوم نہین ہوتا کہ فلانی حدیث منسوخ ہے یا نہین یا معنے ظاہر پر محمول ہے یا مأول ہے یا کوئی اور حدیث اسکی معارض
موجود ہے یا نہین تھا اس عذر کا دو وجہ جواب ہے وجہ اول یہہ کہ قران اور حدیث ایسے مشکل نہین ہین کہ سوائے مجتہد مطلق کے کسیکی
سمجھہ مین نہ آوین بلکہ ایسے آسان ہین کہ جسکو لغت عرب سے معرفت ہو خاص کر علما تو وہ بخوبی بشرط قصد سمجھنے کی معنی سے
قرآن اور حدیث کے واقف ہوجاتا ہی قولہ تعالیٰ ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر وقال تعالیٰ ھو الذی بعث فی الامیین
رسولا منھم یتلوا علیھم ایاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین الایۃ وقال تعالیٰ
ولقد انزلنا الیک ایٰت بینٰت وما یکفر بھا الا الفٰسقون تو جو کوئی اہل علم ہوکر کہے کہ ہم قران و حدیث نہین سمجھتے تو گویا وعید مین آیہ
کریمہ مذکورہ بالا کی داخل ہوا جیسا کہ مولانا اسمٰعیل شہید رسالہ تقویۃ الایمان مین فرماگئے ہین اسیواسطے سب محققین نے تصریح کی ہی کہ حکم
منصوص کو ہر ایک عالم سمجھتا ہے اور جو کہ ساتھہ مجتہد کے مختص ہے وہ قیاس ہے چنانچہ شرح شاشی مین لکھا ہی کل عالم لہ اصابۃ الحکم
المنصوص علیہ مطلقا سواء کان قطعیا او ظنیا بحسب الدلالۃ والاثبات وما کان ظنی الثبوت اعنی القیاس فھو
المختص بالمجتہد انتھے اور قاضی عضد نے کہا ہے اذا دخل الفاء فی لفظ الراوی مثل زنی ماعز فرجم فالفقیہ
وغیرہ فی ذلک سواء انتھی بلکہ شیخ ابن الہمام نے لکھا ہے کہ دلالۃ النص کو جو کہ عبارت النص اور اشارۃ النص سے
مرتبہ خفا مین ہے عوام بھی سمجھتے ہین چنانچہ تحریر مین فرماتے ہین ان دلالۃ النص یخالف القیاس فی ان القیاس یختص
بالمجتہد و دلالۃ النص یفھمھا العوام انتھے تو اسی سبب سے کتب فقہ مین تصریح ہے کہ جو عامی ظاہر معنی پر حدیث افطر الحاجم و
المحجوم کے مطلع ہوکر بعد حجامت کے جانکر کچھہ کہا لیے تو اوسپر کفارہ نہین آتا چنانچہ بحر الرائق مین کہا ہے وان لم یستفت ولکن
بلغہ الخبر وھو قولہ علیہ السلام افطر الحاجم والمحجوم وقولہ علیہ السلام الغیبۃ تفطر الصائم ولم یعرف النسخ ولا تاویلہ
فلا کفارۃ علیہ عندھما لان ظاھر الحدیث واجب العمل بہ خلافا لابی یوسف لانہ لیس للعامی العمل بالحدیث لعدم علمہ بالناسخ والمنسوخ انتھے
اور ہدایہ مین کہا ہے ولو بلغہ الحدیث فاعتمدہ فکذلک عند محمد لان قول الرسول صلی اللہ علیہ وسلم لا ینزل عن قول المفتی انتھی

عہ فتوا پوچھنی والیکا مقلد ہونا اور مفتی کا مجتہد ہونا اور اجتہاد کے طور پر فتوا دینا یہہ سب اصول اجتہاد مین ہوتا ہے۔ عہ اور البتہ آسان
کیا ہمنے قران کو واسطے نصیحت کے پھر کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنیوالا عہ وہی ہی جس نے بھیجا انپڑھون مین پیغمبر انہین مین سے پڑھتا انپر آیتین
اوسکی اور پاک کرتا ہے اونکو اور سکھاتا ہے اونکو کتاب اور حکمت اور بلا شک تھے اس سے پہلے البتہ گمراہی مین عہ اور بیشک البتہ اوتاری ہمنے
تیری طرف کھلی نشانیان اور اوس سے منکر نہین ہوتے مگر بدکار لوگ عہ اگر فتوا نہین پوچھا لیکن پہونچ گئی اوسی حدیث اور وہ حدیث
آنحضرت کا یہہ فرمانا کہ ٹوٹ گیا روزہ سینگی لگانیوالا اور لگوانیوالا دونون کا روزہ نہین اور یہہ فرمانا آنحضرت کا کہ غیبت روزہ توڑ دیتی ہی اور نہ پہچانا حدیث کا
منسوخ ہونا اور اوسکی تاویل نہین جانتا تو اوسپر کفارہ نہین شیخین کے نزدیک کیونکہ ظاہر حدیث پر عمل کرنا واجب ہے لیکن امام ابی یوسف نے
اسمین خلاف کیا ہے اور اونکی دلیل خلاف کی یہہ ہے کہ انپڑھ کو بسبب نہ جاننے ناسخ اور منسوخ کی حدیث پر عمل کرنا نہین پہونچتا ہو یہی عبارت بحر الرائق کی۔

اقول خلاف ابی یوسف انما هو فی العامی الصرف الجاهل الذی لا یعرف معنے الاحادیث وتاویلاتها واما العارف بمعانی النصوص وتاویلاتها ونسخها وجرحها وصحتها وسلامتها عن معارضتنا قوی منها فلا خلاف فی صحة عمله بها کما قال فی خزانة الروایات نقلا عن دستور السالکین واما الجواب عن قول ابی یوسف ان للعامی الاقتداء بالفقهاء فمحمول علی العامی الصرف الجاهل الذی لا یعرف معنی الاحادیث وتاویلاتها الا انه اشار الیه لعدم الاهتداء فی حقه الی معرفة الاحادیث وکذا قوله وان عرف العامی تاویله یجب الکفارة یشیر الی ان المراد من العامی غیر العالم وفی الحمیدی العامی منسوب الی العام وهم الجهال فعلم من هذه الاشارات ان مراد ابی یوسف ایضا من العامی الجاهل الذی لا یعرف معنے النص وتاویله فیما ذکر من قول ابی حنیفة والشافعی ومحمد ع بیندفع قول القائل بوجوب العمل بالروایة بخلاف النص انتهی ما نقله الشیخ الاجل فی عقد الجید اور تلویح اور حاشیہ شیخ الاسلام علی التلویح اور شرح عقائد اور فتاوی فضلیہ اور نقود وغیرہ سی بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ سمجھنا نصوص کا مجتہدون پر خاص نہین بلکہ غیر مجتہد بھی سمجھتے ہین تو بھر حال سمجھنا علما کا معانی نصوص کو بلا اختلاف ثابت ہوا اور جبکہ یہہ ثابت ہوا کہ اہل علم بھی معانی احادیث اور قران کو خوب سمجھہ سکتی ہین تو اب معلوم کرنا چاہیے اسیطرح عالم متتبع طالب حق کو دیکھنے سے کتب احادیث اور شرح اونکی کی اور کتب اسما الرجال کی غالب ظن سی یہہ بھی معلوم ہو جاتا ہے موافق فہم و استعداد کے کہ فلانی حدیث صحیح ہے یا ضعیف ہے اور معمول بہ ہے یا منسوخ ہے اور اسکی معارض کوئی حدیث صحیح موجود ہی یا نہین اگرچہ دو چار ہی مسئلہ پر واقف ہو جاوے گو کہ تمام و کل مسائل کے دلائل پر نہو یعنے اس مسئلہ کی دلیل مثلاً جانتا ہی اور مسائل مین مقلد ہی تو یہہ عیب کی بات نہین درست اور حق ہی ایسی کہ تجزی اجتہاد مین جائز ہے بنا بر قول حق کی جیسا کہ مولانا عبد العلی وغیرہ شرح مسلم مین فرماتی ہین اور مسلم الثبوت سی بھی واضح ہوتا ہی غیر المجتہد المطلق ولو کان عالما یلزمه تقلید المجتهد فیما لا یقدر علیه من الاجتهاد فیه ای تحصیله بالاجتهاد بناء علی التجزی فی الاجتهاد ویلزمه التقلید مطلقا فیما یقدر علیه و فیما لا یقدر

---

مین کہتا ہون کہ خلاف ابو یوسف کا بیچ ایسے نہین کہ وہ ایسی انجان مین ہے کہ جو معنی حدیثوں کی اور اونکی تاویلین نہین جانتا اور کہلی کہلی آیتون اور حدیثون کے معنے اور تاویلین اور ناسخ منسوخ اور صحیح ضعیف جاننے والا سو اوسکی عمل کی صحیح ہونی مین کسیکے کا خلاف نہین چنانچہ بحوالہ دستور السالکین کے خزانة الروایات مین کہا ہے اور امام ابو یوسف کے قول کا جواب کہ انجان کو فقہا کی پیروی ہی سو یہہ اس انجان پر محمول ہے جو نرا ایسا جاہل ہو کہ حدیث کی معنی اور اونکی تاویلین نہین جانتا اسواسطے کہ یہہ اشارہ کر دیا کہ اوسکی حق مین معرفت حدیث کی راہ پائی نہین ہے اور اسیطرح ابو یوسف کا یہہ کہنا کہ اگر انجان حدیث کی معنی جانتا ہے تو اوسپر کفارہ ہے اشارہ ہی کہ انجان سی مراد جاہل ہے اور حمیدی مین ہے کہ عامی عوام کیطرف منسوب ہوتا ہے اور وہ جاہل لوگ ہوتی ہین سو ان اشارات سی معلوم ہوا کہ ابی یوسف کے مراد بھی انجان سی وہ جاہل ہے جو نص کے معنے اور تاویل نہین جانتا سو ابو حنیفہ اور شافعی اور محمد کے قول مذکور سی بھی کہتی ہو لیکا یہہ کہنا کہ نص کے خلاف روایة پر عمل واجب ہی دفع ہو گیا ہو چکی وہ عبارت جسکو نقل کیا شیخ بزرگ نے عقد الجید مین ۱۵ نرا غیر مجتہد اگرچہ کچھ عالم ہو لازم ہے اوسی پیروی مجتہد کے اون مسئلون مین جنمین اوسی اجتہاد کی قدرت نہین ہے اور یہہ بات اقسام اجتہاد پر مبنی ہے اور یہہ بات

غلبہ بناء علی تفقیہ بالتحری وقد عرفت ان الحق ہو الاول انتہے ما قال مولانا عبد العلے فی شرح مسلم الثبوت اور اگر کہو کہ اطلاع اس امر کی یقیناً آجکل دن دشوار ہے تو کہا جائیگا کہ علم الیقین توان امور کا مجتہدین کو بھی نہین ہوتا چنانچہ مولانا شاہ ولی اللہ نے عقد الجید مین فرمایا ہے ورد بانا ان اراد عدم الیقین بنفی ہذہ الاحتمالات فالمجتہد ایضا لا یحصل لہ فی زماننا الیقین بذلک وانما یبتنی اکثر امرہ علی غالب الظن وان اراد انہ لا یدرک ذلک بغالب الظن منعناہ فی صورۃ النزاع لان المتبحر فی المذہب المتتبع لکتب القوم الحافظ من الحدیث والفقہ بجملۃ صالحۃ کثیرا ما یحصل لہ غالب الظن بان الحدیث غیر منسوخ ولا مؤول بتاویل یجب القول بہ انتہی بلکہ آجکل دن بہلی زیادہ غلبہ ظن حاصل ہوتا ہے کیونکہ ابتدا زمانہ مین علم حدیث زبانی زبانی سیکہا جاتا تہا۔ اور کتب مدون نہ تہی اور قواعد ممہد نہ تہے اور کتب اسماء الرجال کا نام ونشان نہ تہا اور اب بحمد اللہ سب کچہہ مالابد منہ للعمل موجود ہے چنانچہ عنقریب کلام مین عبد الرحمن بن اسمٰعیل **ابوشامہ** کے آویگا اور **وجہ ثانی** یہہ کہ اگر کوئی شخص اہل علم حسب وسعت اپنی کی ایک حدیث کو تحقیق کرکے اوسپر عمل کرلے تو نہایت یہی ہوگا کہ وہ حدیث منسوخ ہوگی تو ہم کہتے ہین کہ وہ شخص عمل کرنیمین ساتہہ اوس حدیث کی گنہگار نہوگا اور وہ عمل اوسکا باطل اور قابل اعادہ کی نہوگا جیسا کہ مروی ہے کہ بعد نسخ قبلہ ٹہرانی بیت المقدس کی بعض لوگ بدستور قدیم طرف بیت المقدس کے نماز پڑہتے رہے اور جب آنحضرت سی اونکو خبر پہونچی تو متوجہ مکہ کی طرف ہوئی اور آنحضرت علیہ السلام نی اونکو یہہ امر نکیا کہ جو نماز طرف بیت المقدس کے باوجود منسوخ ہونی استقبال بیت المقدس کے پڑہ چکی تہی اونکو اعادہ کرین چنانچہ **فاضل قندہاری** نے **مغتنم** مین کہا ہی انہ علیہ الصلوۃ والسلام لم یامر الذین صلوا الی بیت المقدس بعد التحویل جاہلین بہ بان یعیدوا صلوتہم انتہے تو عذر اون لوگونکا جو کہ حدیث پر عمل کرنیسی بالکل منع کرتے ہین بجمیع وجوہ باطل ہوا اور ثابت ہوا کہ عالم بالحدیث کو وقت جاننی ایک مسئلہ کی حدیث کی تقلید کسی مجتہد کی نہ چاہیئے اوس مسئلہ خاص مین باقی رہی تقلید وقت لاعلمی سو یہہ چار قسم ہے **قسم اول** واجب ہے اور وہ مطلق تقلید ہے کسی مجتہد کی مجتہد اہل سنت کی سی لا علی التعیین جسکو **مولانا شاہ ولی اللہ** نے عقد الجید مین لکھا ہے کہ یہہ تقلید واجب ہے اور صحیح ہے باتفاق امت اور اسکے یہہ علامت لکھی ہے کہ عمل مقلد کا ساتہہ قول مجتہد کی اسطرح پر جیسے شرط کی ہوتی ہے کہ اگر وہ قول موافق سنت کی ہو تو عمل کیئی جاوینگا اور جبکہ معلوم ہوگا کہ مخالف ہے سنت کی تو اوسکو چہوڑ دینگا

---

کر اوسی بالکل سب مسئلونمین پیروی لازم ہے لئے انقسام اجتہاد پر مبنی ہے اور یہہ تو تجہے معلوم ہے کہ حق یہہ ہے کہ پہلے ہی ثابت ہو چکے وہ عبارت جسے مولانا عبد العلے نے شرح مسلم مین کہا ہے **سه** اور یہہ قول اسطور رد کیا گیا ہے کہ اگر ان احتمالات کی نفی کا عدم یقین مراد ہے تو اسکا یقین تو مجتہد کو بہی حاصل نہین ہوتا وہ تو اپنے اکثر مسائل غالب ظن پر مبنی کرتا ہے اور اگر یہہ مراد ہے کہ وہ شخص اسکو بغالب رائے نہین جانتا تو اسکو نزاع کی صورت مین ہم نہین مانتی کیونکہ متبحر فی المذہب کہ قوم کی کتابونکو دیکہتا رہتا ہے حدیث اور فقہ مین بہی مقدار شائستہ کا حافظ ہو اکثر اوقات یہہ بات اوسی الظن غالب حاصل ہو جاتی ہے کہ حدیث منسوخ نہین ہے اور نہ ایسے اول جسکی تاویل کا قائل ہو **سه** جب ہوئے آنحضرت صلعم نے اون لوگونکو جنہونے بعد تبدیل جہت قبلہ کی انجانی مین بیت المقدس کیطرف

چنانچہ فرماتے ہین اعلم ان تقلید مجتہد علی وجہین واجب وحرام فاحدهما ان یکون من اتباع الروایة ولو دلالة وتفصیله ان الجاهل
بالکتاب والسنة لایستطیع التتبع ولا الاستنباط فکان وظیفته ان یسأل فقیها ما حکم رسول الله صلی الله علیه وسلم فی مسئلة کذا وکذا فاذا
اخبر اتبعه سواء کان ماخوذا من صریح نص او مستنبطا منه او مقیسا علی المنصوص فکل ذلک راجع الی الروایة عنه صلی الله علیه وسلم ولو دلالة وهذا
قد اتفقت الامة علی صحته قرنا بعد قرن وامارة هذا التقلید ان یکون عمله بقول المجتهد کالمشروط بکونه موافقا للسنة فلا یزال متفحصا
من السنة بقدر الامکان فمتی ظهر حدیث یخالف قوله نبذه واخذ بالحدیث **قسم ثانی** مباح اور وہ تقلید مذہب معین کی ہے بشرطیکہ مقلد
اس تعین کو امر شرعی نہ سمجھی بلکہ اس نظر سی تعین کر لی کہ جبکہ امر اللہ تعالی کا واسطی اتباع اہل ذکر کے عموماً صادر ہوا ہے تو جب
ایک مجتہد کا اتباع کرینگی اوسی کی اتباع سی عہدہ تکلیف کیسی فارغ ہو جاینگی اور اسمین سہولت بہی پائی جاتی ہے اور
علامت اس تقلید کی یہہ ہے کہ اگر دوسرے مذہب کے کسی مسئلہ پر عمل کر سکے تو اوس سے انکار نہ کری اور کسی شخص عمل کرتی
والیکو برا نہ جانی اور ملامت اور نکیر نکری مثلاً حنفی المذہب کو مسئلہ رفع یدین اگر معلوم ہو تو اوسکی استعمال سی نفرت اور
انکار نہ کرے بلکہ کبہی کر بہی لے اور حنفی ہو کر کسی کرنیوالی پر طعن نکرے **قسم ثالث حرام وبدعت ہے**
اور وہ تقلید ہے بطور تعیین کے بزعم وجوب کے برخلاف قسم ثانی کے **قسم رابع** شرک ہی اور وہ ایسی تقلید ہے کہ وقت
لاعلمی کے مقلد نے ایک مجتہد کا اتباع کیا پہر اوسکو حدیث صحیح غیر منسوخ غیر معارض مخالف مذہب اوس مجتہد کے
مثلا معلوم ہوئی تو اب وہ مقلد بدستاویز اون عذرات کی جنسے سابقاً بخوبی جواب دیا گیا ہے یا تو حدیث کو قبول
ہی نہین کرتا اور یا اوسمین بدون سبب کے تاویل و تحریف کرکی اوس حدیث کو طرف قول امام کی لیجاتا ہی غرضکہ وہ مقلد
مذہب اپنے امام کا نہین چہوڑتا سو ان قسمون مین سی قسم اول اور ثانی تو محتاج اثبات کی نہین کیونکہ اون دونو کو فریقین
تسلیم کرتے ہین لاکن قسم ثالث اور رابع بیشک معرکہ آرا اور محط انظار ہے سو دلائل قسم ثالث کی تو مبحث مین تقلید
شخصی کے آوینگے **فانتظر** اور قسم رابع کو اس مقام پر مدلل کیا جاتا ہے تو واضح ہو جاوے کہ شرک ہونی پر ایسی تقلید کے
آیات قرانی اور احادیث نبوی بہت سی دال ہین اور بہت علمانے اون آیات اور احادیث سی شرک ہونا ایسی تقلید کا

**له** سمجھ لے کہ مجتہد کی پیروی دو قسم کی ہے واجب اور حرام سو ایک تو یہہ ہے کہ باعتبار دلالت کے روایت کا اتباع ہو اوسکی تفصیل
یہہ ہے کہ جو شخص قران اور حدیث کو نہین جانتا تو وہ بذات خود جستجوی مسائل اور استنباط کی طاقت نہین رکھتا سو اوسکا یہہ ہی وظیفہ ہے
کہ کسی فقیہہ سی پوچھ لے کہ آنحضرت صلعم نے فلانی فلانی مسئلہ مین کیا حکم فرمایا ہے جب فقیہہ بتادی تو اوسکی پیروی کرے برابر ہے کہ صریح نص سے
لیا ہو یا اوس سے استنباط کیا ہو یا منصوص پر قیاس کیا ہو یہہ سب صورتین حضرت صلعم کے روایت کیطرف رجوع کرتے ہین
اگرچہ بطور دلالت کے ہی ہون اور ایسے تقلید کے صحت پر تمام امت کا ہر طبقہ مین اتفاق ہے بلکہ اور تمام امتین
اپنی اپنی شریعتون مین ایسے صورت پر متفق ہین اور اس تقلید کا نشان یہہ ہے کہ اوسکا عمل مجتہد کے قول پر مثال مشروط
کے ہے کہ سنت کی موافق ہو سو ہمیشہ جہانتک ہو سکی سنت کے تلاش مین رہے پہر جب ایسی حدیث ملجاوی کہ اوس قول کی مخالف ہو تو اوسکو چہوڑ کر

ثابت کیا ہے پس نقل کر دینا اقاویل اون علماء کا جنمین وہ آیات اور احادیث موجود ہین مستغنی ہے ذکر کرنی آیات
کیسی غلطی ہے توسنو کہ تفسیر نیشاپوری مین ضمن اس آیۃ اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا من دون اللہ کی مذکور ہے
کہ یہہ مراد نہین کہ یہود اور نصاری نی اپنے علماء اور درویشون کو خدا ٹھیرالیا تہا بلکہ مراد یہہ ہے کہ اطاعت اونہون نی
اپنے علماء اور درویشون کی برخلاف حکم خدا اور رسول کے کی تہی عبارت تفسیر مذکور کی بعینہ لکہی جاتی ہے اختلفوا فی معنی
اتخاذهم اياهم اربابا بعد الاتفاق على انه ليس المراد انهم جعلوهم الهة فقال اكثر المفسرين المراد انهم اطاعوهم في اوامرهم ونواهيهم ونقل
عن عدي بن حاتم كان نصرانيا فانتهى الى النبي صلى الله عليه وسلم وهو يقرء سورة براءة فلما وصل الى هذه الاية قال عدي انا لسنا نعبدهم فقال
اليس تحرمون ما احل الله وتحلون ما حرم فقلت بلى فقال تلك عبادتهم قال الربيع قلت لابي العالية كيف كانت الربوبية في بني اسرائيل
فقال انهم ربما وجدوا في كتاب الله ما يخالف قول الاحبار والرهبان فكانوا ياخذون باقوالهم وما كانوا يقبلون حكم الله تعالى ثم قال العلماء انما
لم يلزم تكفير الفاسق بطاعة الشيطان خلافا لما عليه الخوارج لان الفاسق وان كان يقبل دعوة الشيطان الا انه يلعنه ويستخف به بخلاف اولئك
الاتباع المعظمين قال الامام فخر الدين الرازي رح قد شاهدت جماعة من مقلدة الفقهاء قرأت عليهم آيات كثيرة من كتاب الله في مسائل كانت تلك الايات
مخالفة لمذهبهم فيها فلم يقبلوا تلك الايات ولم يلتفتوا اليها وكانوا ينظرون الي كالمتعجب يعني كيف يمكن العمل بظواهر تلك الايات مع ان الرواية عن
سلفنا وردت بخلافها فلو تاملت حق التامل وجدت هذا الداء ساريا في عروق الاكثرين انتهى ما في التفسير النيشابوري وهكذا في التفسير الكبير پس امام
فخر الدین رازی کی تقریر سی صاف واضح ہوا کہ اکثر مقلدین متعصبین مخالفت قرآن وحدیث کی کرتے رہے ہین بسبب غلبہ تقلید کے
اور نیز ظاہر ہوا اونکی کلام سی کہ ایسی تقلید کہ مخالف قرآن وحدیث کی ہو وہ مذموم اور در حسب الرد آئی ہے اور متعصبین سات اٹھہ سو برس سے
چلے آتے ہین کہ باعث تعصب نفسانی کی ظاہر قرآن وحدیث پر عمل کرنا دشوار ہوتا ہے اونپر اور ایسے ہی مقلدین مصداق
اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا من دون اللہ کے ہین اور جناب مولانا شاہ ولی اللہ نے فرمایا کہ جس کسی نے کہ اپنے امام کو
ایسا سمجہہ لیا کہ اسکے شان سی خطا بعید ہے تو اس نظر سے اگرچہ کوئی دلیل خلاف قول اوس امام کی ملی تو بہی اوسکی تقلید کو نہ چھوڑے

ف۱ علماء مختلف ہین یہود اور نصارا کی اپنی علما کو پروردگار ٹھہرانے کے معنون مین بعد اتفاق اسبات کی کہ وہ اپنی علما کو خدا نہین کہتی تہے سو اکثر مفسرون نے
کہا ہے کہ وہ امر ونہی مین اپنے علما ہی کا کہنا کرتے تہے عدی بن حاتم سے منقول ہے کہ وہ حالت نصرانیت مین آنحضرت صلعم کی پاس آئے اور
آنحضرت صلعم سورہ براۃ پڑہ رہے تہے جب اس آیۃ تک پہونچی تو اونہون نے کہا ہم تو اپنے علما کی بندگی نہین کرتے آپنے فرمایا کیا تم حرام نہین
ٹہراتے جسی اللہ نے حلال کیا اور حلال نہین ٹہراتے جسی حرام کیا اونہو نے کہا یہہ تو ٹہیک ہے آپنے فرمایا یہی تو اونکی بندگی ہے ربیع نے کہا مینے
ابو العالیہ سے پوچہا کہ بنی اسرائیل کا علما کو پروردگار ٹہرانا کیونکر تہا اونہون نے کہا اکثر وہ کتاب اللہ مین وہ مسئلہ جو اونکی علما کی مخالف ہون پاکر اپنے
علما کی قولونکو لیتے تہے اور حکم خدا چہوڑ دیتے تہے علما نے کہا ہے کہ ہوا اسکی نہین جو فاسق کی تکفیر اطاعت شیطان مین لازم نہین آتی بخلاف فرقہ
خوارج کے کہ فاسق اگرچہ شیطان کا کہا مانتا ہے مگر اوسکو برا کہتا ہے بخلاف ان اطاعت کرنے والون کے کہ اپنے مقتداؤن سی بر سر تعظیم ہین
امام فخر الدین رازی نے کہا ہے کہ مین ایک گروہ مقلدون سے ملا اور اونکی مذہب کے مخالف کچہ آیتین تہی اونکی روبرو پڑہین تو اونہون نے اون آیتون کیطرف

تو وہ شخص داخل ہے اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله مین چنانچہ عقد الجید مین ارشاد فرماتی ہین فمن یکون عامیا ویقلد رجلا من الفقهاء بعینه یری انه یمنع من مثله الخطأ وان ما قاله هو الصواب البتة واضمر فی قلبه ان لا یترک تقلیده وان ظهر الدلیل علی خلافه وذلک ما رواه الترمذی عن عدی بن حاتم انه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقرء اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله قال انهم لم یکونوا یعبدونهم ولکنهم کانوا اذا احلوا لهم شیئا استحلوه واذا حرموا علیهم شیئا حرموه انتہی ارشاد حضرت ممدوح قدس سره حجة الله البالغه مین فرماتی ہین ومنها تقلید غیر المعصوم ای غیر النبی صلی الله علیه وسلم الذی ثبت عصمته وحقیقته ان یجتهد واحد من علماء الامة فی مسئلة فیظن متبعوه انه علی الاصابة قطعا او غالبا فیردوا به حدیثا صحیحا وهذا التقلید غیر ما اتفق علیه الامة المرحومة فانهم اتفقوا علی جواز التقلید للمجتهدین مع العلم بان المجتهد یخطی ویصیب مع الاستشراف لنص النبی صلی الله علیه وسلم فی المسئلة والعزم علی انه اذا ظهر حدیث صحیح خلاف ما قلده فیه ترک التقلید واتبع الحدیث قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی قوله تعالی اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله انهم لم یکونوا یعبدونهم ولکنهم کانوا اذا احلوا لهم شیئا استحلوه واذا حرموا علیهم شیئا حرموه انتہی کلامه اور مولانا جناب شاہ عبد العزیز نے فرمایا ہے کہ جو کوئی کسیکی تقلید اپنے اوپر لازم سمجھ لیوے اور باوجود مخالف معلوم ہو جانے حکم اوسکی کی ساتھہ حکم خدا کی اوسکا اتباع نچھوڑے تو اوسنے بحکم آیۃ اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله کے خدا کا شریک ٹھیرایا چنانچہ فتح العزیز مین تحت آیۃ فلا تجعلوا لله اندادا وانتم تعلمون کے فرماتی ہین درینجا باید دانست چنانچہ عبادت غیر خدا مطلقا شرک وکفر ست اطاعت غیر او تعالی نیز بالاستقلال کفر ست ومعنی اطاعت غیر بالاستقلال آنست کہ اورا

کان النکاح بشہادۃ الفسقۃ ہل یجوز للقاضی ان یبعث الی شافعی المذہب لیبطل ہذا النکاح بسبب انہ کان بشہادۃ الفسقۃ قال نعم و
للقاضی الحنفی ان یفعل ذلک بنفسہ اذا ابطلا المذہب وان لم یکن مذہبہ انتہی کذا فی العالمگیریۃ تو غور کرو کہ اگر عمل اور فتوی
بمذہب مخالف ضرورت ہی کیوقت جایز ہوتا تو اس سایل کو شیخ الاسلام عطاء بن حمزہ نی باوجودیکہ شافعی المذہب موجود تہا
اور ضرورت خلاف کرنیکی اپنے مذہب سے حنفی کو نہ تہی کیون حکم دیا کہ حنفی قاضی آپ ہی اس نکاح کو برخلاف مذہب امام اپنے کے
باطل کردے ۲۹ جیسا کہ شیخ الاسلام عطاء بن حمزہ نے قضا علی خلاف المذہب کو بدون ضرورت کی ہی درست کیا ہے
ایسا ہے اور فقہا نے بہی درست کیا ہی چنانچہ عمدہ مین فرمایا ہے یجوز للقاضی ان یبعث الی شافعی المذہب لیبطل النکاح
اذا کان التزویج بشہادۃ الفسقۃ وللحنفی ان یفعل ذلک وہی مسئلۃ القضاء علی خلاف مذہبہ انتہی
کذا فی الفصول العمادیۃ ۳۰ امام طرطوسی نقل کرتے ہین کہ ایکروز جمعہ کی قامت ہوگئی تہی اور قاضی ابو الطیب طبری
شافعی تکبیر کہنے کو مستعد ہوئے تو ناگاہ ایک جانور نے انکے اوپر بیٹ کردی اور ظاہر ہے کہ شافعی مذہب مین بیٹ جانور کی
نجس ہوتی ہی لاکن قاضی ابو الطیب نے شافعی ہوکر اوس بیٹ کی نجس نہونی مین امام احمد بن حنبل کی تقلید کرلے اور کہا کہ مین اب
حنبلی ہون اور تکبیر تحریمہ کہدی اور نماز مین داخل ہوئی چنانچہ امام سید شریف علی السمہودی نے نقلاً عن الکتاب المخادم فرمایا ہے
ان الامام الطرطوسی رحمہ اللہ حکی انہ اقیمت صلوۃ الجمعۃ وہم القاضی ابو الطیب الطبری بالتکبیر فاذا طائر قد ذرق
علیہ فقال انا حنبلی ثم احرم ودخل قلت ومعلوم انہ انما کان شافعیا یتجنب الصلوۃ بذرق الطائر فلم یمنعہ عملا ای السابق بمذہبہ فی
ذلک من تقلید المخالف انتہی علی ما نقلہ العلامۃ الحسن الشرنبلالی الحنفی فی العقد الفرید ۳۱ اور ایسا ہی مروی ہے کہ قاضی ابو عاصم
عامری حنفی وقت نماز مغرب کے قفال شافعی کی مسجد مین تشریف لیگئی تو قاضی ابو عاصم عامری حنفی کو قفال شافعی نی دیکہکر
موذن کو حکم دیا کہ تکبیر مین دو دو کلمہ کہے واسطے خاطرداری قاضی حنفی کے باوجودیکہ شافعی مذہب مین تکبیر مین ایک ایک کلمہ کہا جاتا
تہا اور قاضی حنفی کو امام بنایا تو اونہون نے بہی اپنے مذہب کے خلاف پاس خاطر قفال شافعی کے جہر بسملہ مع القراءۃ اور رفع یدین وغیرہ

---

ف۱ شیخ الاسلام عطاء بن حمزہ سی پوچہا گیا کہ ایک شخص نے اپنے چہوٹے عمر کی لڑکی کو ایک چہوٹے عمر کی لڑکے سے بیاہ دیا اور وہ دونون بڑی ہوئی
اور اون دونون مین جدائی منقطعہ فیتی ہے اور فاسقون کے گواہی سے یہہ نکاح منعقد ہوا تہا تو کیا قاضی کو جایز ہے کہ شافعی مذہب کے پاس اس مسئلہ کو بہیج
تاکہ بسبب فسق گواہون کے اس نکاح کو باطل کرادے اونہون نے جواب دیا کہ ہان اور قاضی حنفی خود بہی اس بات مین مذہب شافعی پر حکم لگاسکتا ہے یہہ
حکم لگادے اگرچہ خود اوسکا مذہب نہین ہے فتاوی عالمگیری مین یونہین ہے ف۲ قاضی کو جایز ہے کہ اس مسئلہ کو شافعی مذہب کے پاس بہیجے
اس نکاح کو باطل کرنیکے لئے بسبب اسکے جو یہہ نکاح فاسق گواہونکی گواہی سی بندہا ہوا اور حنفی کو بہی یہہ حکم لگانا پہونچتا ہے اور یہہ مسئلہ خلاف مذہب
فتوا دینے کا ہے ف۳ امام طرطوسی سے حکایت ہے کہ ایک روز نماز جمعہ کی قامت ہوئی اور قاضی ابو الطیب طبری نے تکبیر کا ارادہ کیا تو ایک
جانور نے امام طرطوسی پر بیٹ کردی تو اونہون نے کہا کہ مین حنبلی ہون اور نیت باندہ مین کہتا ہون کہ اس بات کا معلوم ہے کہ وہ شافعی تہی جانور کے

شافعیون کی موافق نماز مین ادا کیا چنانچہ امام سید شریف علی السمہودی کتاب خادم سی نقل فرماتی ہین ان القاضی اباعاصم العامری الحنفی کان یفتی علی باب مسجد القفال والمؤذن یؤذن المغرب فترک ودخل المسجد فلما راٰہ القفال امر المؤذن ان یثنی الاقامۃ وقدم القاضی فتقدم وجہر بالبسملۃ مع القرأۃ واتی بشعار الشافعیۃ فی صلوتہ ومعلوم ان القاضی اباعاصم انما یصلی قبل بشعار مذہبہ فلم یمنعہ سبق عملہ بمذہبہ فی ذلک ایضا انتہی علی ما نقلہ العلامۃ الشرنبلالی الحنفی فی العقد الفرید اور طحطاوی نے بہی اس قصہ کو نقل کیا ہے **تنبیہ** حضرت مولف نی جواب مین روایت قفال اور ابوعاصم کی یہہ ارشاد کیا ہے کہ یہہ روایت مخالف ہے اجماع کے تو اوسکو تم خوب دیکہتی چلی آتی ہو کہ اجماع ہت کا کسطرف ہے التزام کیطرف یا عدم التزام کیطرف اور یہہ بہی فرمایا ہی کہ جایز ہے کہ کیا گیا ہو یہہ فعل بنظر نفوذ کی نہ بنظر اسکے کہ یہہ فعل درست ہے سو بطلان اس قول کا صریح ہے اسلیئے کہ یہہ فعل اور ترک مذہب امام اپنے کا قاضی ابوعاصم وغیرہ سی باوجود ممنوع ہونے کے داعیہ نہیں ہوا اور نیز کیا جبر ہوا تہا کہ باوصف علم عدم جواز اقدام کی مرتکب اس گناہ کے یعنے ترک تقلید کے بزعم مولف ہونی تہی رسالت فرمایا حضرت صلعم نے من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین ۵۲ نازم برین فہم و دانش ۵۲ خاتم المتاخرین زین العابدین ابن نجیم صاحب بحر الرایق قایل صحت حکم ملفق کے ہین اور ظاہر ہے کہ جو شخص تلفیق کو جو جمع بین المذہبین فی حادثۃ واحدۃ عبارت ہی جایز رکہی وہ اختیار عمل بمذاہب مختلفہ مین بطریق اولی جایز رکہیگا کیونکہ جمع اولمین تو خلاف بہی ہی اور ثانی مجمع علیہ ہے چنانچہ فرماتی ہین رسایل زینیہ مین ۵۳ ویمکن ان یوخذ صحۃ الاستدلال من قول ابی یوسف وصحۃ البیع بغابن فاحش بقول ابی حنیفۃ بناء علی جواز التلفیق فی الحکم بین القولین ۵۴ خانیہ سی منقول ہے کہ اگر کسی شخص نے قسم کہائی کہ جس عورت کو مین نکاح مین لاؤنگا اوسکو طلاق ہے پہر اوسنی ایک عورت سی نکاح کر لیا اور کسی فقیہہ سی پوچہا کہ اب اسکو طلاق ہوئی یا نہین تو فقیہ نے حکم دیدیا کہ طلاق نہین ہوئی تو اوس شخص نے اوس عورت کو اپنے زوجیت مین رکہا اور پہر آیندہ ویسی ہی قسم کہائی اور بعد اسکے دوسرے عورت سی نکاح کر کے حکم اوسکا کسی دوسرے فقیہ سے پوچہا تو اوس دوسرے فقیہ نے برخلاف پہلے فقیہ کی حکم دیا کہ طلاق واقع ہوگئی تو اس شخص کے حق مین ہمارے آئمہ کا یہہ فتوے ہی اور حکم ہے کہ وہ شخص پہلی عورت کو پہلی فقیہ کی تقلید سی اپنے نکاح مین سمجہی اور دوسرے عورت کو دوسرے فقیہ کی تقلید سے مطلقہ سمجہکے چہوڑ دی سو یہہ حکم صریح دلالت کرتا ہے اسبات پر

---

بیٹہ سی نماز کیونکر پڑہتے سو شافعی ہونی نی اونکو اس کام سی نہ روکا اور مذہب مخالف کی تقلید کر لی ۵۱ قاضی ابوعاصم عامری حنفی قفال کی مسجد کی دروازہ پر بیٹہے فتوا دیا کرتے تہے ایکدن موذن نے مغرب کے اذان کہی سو وہ اپنا شغل چہوڑ کر مسجد مین چلی گئے جب قفال نی اونکو دیکہا تو موذن سی کہا کہ دو دو دفعہ کلمات تکبیر کو ادا کری اور قاضی کو امام بنایا قاضی نے پکار کر بسم اللہ اور قراءۃ پڑہی اور سب باتین شافعی مذہب کے اپنے نماز مین برتین اور یہہ معلوم ہے کہ پہلی قاضی اپنے مذہب کے موافق نماز پڑہا کرتی تہے سو اونکو اونکی مذہب پہلے اس عمل کے سبقت سی باز نرکہا ہو چکی عبارت عقد الفرید کی ۵۲ جسکی بہلائی اللہ ارادہ کری تو اوسکو دین کے سمجہہ دیتا ہے ۵۳ اور ممکن ہے کہ استدلال کی صحت امام ابی یوسف کی قول پر اور باوجود نقصان امر کی بیع کی صحت امام ابی حنیفہ کی قول پر لیجائے

کو کبھو ایک فقیہ کی تقلید کرنے اور کبھو دوسرے کی اور ایک مسئلہ مین حنفی ہونا اور دوسرے مسئلہ مین شافعی ہونا درست ہی اور ایک ہی امام
معین کی تقلید واجب نہین ہی چنانچہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی حنفی تحصیل التعرف فی معرفۃ الفقہ والتصوف مین فرماتی ہین ونقل[1]
عن الخانیۃ فی مسئلۃ تعلیق الطلاق بالتزوج انہ قال اصحابنا رحمہم اللہ ان صاحب الحادثۃ اذا استفتی عدلا
من اهل التقوی فافتی ببطلان الیمین وسعہ ان یاخذ بفتواہ ویمسک المرأۃ فان تزوج اخری بعدها وقد حلف بطلاق
کل امرأۃ تزوجها فاستفتی فقیها اخر مثلہ فافتاہ بصحۃ الیمین ووقوع الطلاق المضاف الیہ بالتزوج فانہ یمسک الاولی ویفارق
الثانیۃ وهذا کلہ دلیل علی انہ یجوز الرجوع من فقیہ الی فقیہ وان یکون الشخص حنفی المذهب فی مسئلۃ وشافعی
المذهب او غیرہ فی اخری ولا یجب تقلید امام بعینہ انتہی اور یہہ روایت ذخیرہ مین اور نوادر رستم مین اور قول سدید وغیرہ مین بھی موجود
ہی[2] اور مولوی سید حیدر علی مرحوم ساکن قصبہ ٹونک کہ جو بڑے عالم متبحر جامع معقول اور منقول شاگرد رشید مولانا شاہ عبدالعزیز
اور مولانا شاہ رفیع الدین قدس سرہما کے تہے اپنے رسالہ صیانۃ الاناس من وسوسۃ الخناس کہ جو رد مین فصل رسول
بدایونی کے تحریر کے ہی فرماتی ہین **قول موسوس** بعض متردد دین نے یہہ حال سنکر استدعا کی کہ چند باتین مولوی اسمٰعیل کی
اسطرحسی نقل کر دیجئے کہ موافق مخالف سی تحقیق کیجا دین ہر چند دانشمند ون پر مولوی اسمٰعیل کے کلام سے ظاہر ہے کہ اونکو چلا قید مذہب و
ملت کی نہین ہے اور سیف الجبار وغیرہ رسایل مین محقق ہوچکا **جواب اسکا** یہہ ہی کہ حال رسایل مذکور کا تو دیکہنی سے
معلوم ہوگا پر اتنا کہا جاتا ہی کہ ملت سے اگر مراد یہہ ہے کہ مولوی اسمٰعیل کو قید دین اسلام کی نہین تہی کبھی مسلمان کبھی یہودی
کبھی نصرانی کبھی مشرک بنتی تہے تو یہہ بات قابل جواب کی نہین اسکو ہر کوئی جانتا ہے کہ یہہ جہوٹ ہی اور اگر مراد ملت سے
وہی مذہب ہے، تو جواب اسکا یہہ ہے کہ قید ایک مذہب کی اکثر لوگون کی معین اکثر احوال مین اولی اور مستحسن بلکہ ضرور ہوتی ہے کیونکہ
دین پر چلنا سہل ہوجاتا ہے لیکن ہر شخص کیواسطے ضرور نہین جسکو اللہ تعالے نے مرتبہ تحقیق کا دے وہ کیون تقلید کرے پہر تقلید
ایک شخص معین کی اسپر اگر کوئی ادلہ شرعیہ اربعہ سی ہو تو لاؤ ذکر کرو تقلید تو واسطی بعلیم کے ہے فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون
سید شریف نی حکمۃ العین کے حاشیہ مین فرمایا ہے کہ اولاد رسول اللہ کی ایک جسمی وہ سادات کرام ہین اونپر صدقہ زکوٰۃ کا حرام ہے
دوسرے اولاد روحی وہ علماء عظام ہین اونپر تقلید جو دوسرے عالم کا صدقہ ہے حرام ہے اور جو تحقیق حاصل ہوئے اور تقلید ضروری یعنی قت

---

[1] مسئلہ تزوج کی تعلیق طلاق مین خانیہ سی منقول ہے کہ ہمارے اصحاب نے کہا ہے کہ جب کوئی شخص کسی مفتی عادل سے اسباب مین
فتوا پوچھی اور وہ یمین کا باطل ہونا بیان کرے تو اوسکو روا ہے کہ اوسکی فتوے پر عمل کرکے عورت کو روک رکھی پہر کسی اور عورت سی نکاح
کیا اور یون قسم کہائی کہ جس عورت سی نکاح کرے اوسپر طلاق ہے پہر ویسے مفتی متقی سے فتوا پوچھا اور مفتی نے ایسا فتوا دیا کہ
تیری قسم ٹہیک ہے اور یہہ طلاق معلقہ پڑگئی تو پہلی عورت کو روک رکھی اور دوسری کو چہوڑ دی اور یہہ سب دلیل ہے اسپر کہ ایک فقیہ سی
دوسرے فقیہ کی طرف رجوع کرنا درست ہی اور یہہ جایز ہے کہ ایک مسئلہ مین حنفی ہو اور دوسرے مسئلہ مین شافعی وغیرہ ہو اور ایک امام معین کی
تقلید واجب نہین ہے ہو چکی عبارت تحصیل التعرف کی [2] پوچھو اہل ذکر سے اگر تم نہین جانتے ہو

ہونی مرتبہ تحقیق کی ضرورت پڑی تو ہوئی تو اسلیئے مجتہد مخطی کو بھی ایک اجر ہے اور اگر مصیب ہو تو دو اجر بخلاف عامی مقلد کی کہ اسکو خطا مین نہ دونا اجر نہ ایک محقق سکے حقین کلام بر سبیل تنزل کیا گیا والا عامی اور مقلد کو بھی موافق تحقیق متاخرین اور متقدمین کی تقلید ایکشخص کے لازم اور واجب نہین اگرچہ اولی اور بہتر اور موجب سہل ہونے عمل کے ہے اِس ہمارے دعوے پر صحابہ رض کا اجماع حجت اور دلیل ہے تو جو شخص کہ تقلید ایک شخص کی لازم اور واجب کہتا ہے وہ غلط کہتا ہے جو عدم وجوب پر اجماع صحابہ کا ہے رض اسپر اسکو علم نہین اب سنو اسکا بیان مسلم کتاب علم اصول الفقہ کے جس خوبی سے ہے اور اخیر اور پہلی کتابون مین حاجت بیان کی نہین اسمین ہمارا مطلب ہی اور تحریر محقق ابن ہمام اور اسکی شرحین بھی ایسی ہی اب پہلی کتاب اور اسکی شرح کی عبارت نقل کی جاتی ہے مسلّم اور اسکی شرحین یون ہے مسلم قال[له] الامام اجمع المحققون على منع العوام من تقليد اعيان الصحابة رضوان الله تعالى عليهم فان اقوالهم قد تحتاج فى استخراج الحكم منها الى تنقية كما فى السنة ولا يقلد العوام عليه بل يجب عليهم اتباع الذين سبروا اى تعمقوا وبوبوا اى اوردوا ابوابا لكل مسئلة على حدة فهذبوا مسئلة كل باب و نقحوا كل مسئلة من غيرها وجمعوا بجامع وفرقوا بفارق وعللوا اى اوردوا لكل مسئلة مسئلة علة وفصلوا تفصيلا يعنى يجب على العوام تقليد من تصدى لعلم الفقه لا اعيان الصحابة المجملين القول وعليه ابتنى ابن الصلاح منع تقليد غير الائمة الاربعة الامام الهمام امام الائمة امامنا ابى حنيفة الكوفى والامام مالك والامام الشافعى والامام احمد رحمهم الله تعالى جزاهم عنا احسن الجزاء لان ذلك المذكور لم يدر فى غيرهم وفيه ما فيه فى الحاشية قال القرافى انعقد الاجماع على ان من اسلم فله ان يقلد من شاء من العلماء من غير حجر واجمع الصحابة على ان من استفتى ابا بكر وعمر اميرى المؤمنين فله ان يستفتى ابا هريرة ومعاذ بن جبل وغيرهما ويعمل بقولهم من غير نكير فمن ادعى برفع هذين الاجماعين فعليه البيان انتهى فقد بطل بهذين الاجماعين قول الامام وقوله اجمع المحققون لا يفهم منه الاجماع الذى هو الحجة حتى يقال يلزم تعارض الاجماعين بل الذى يكون مجمعا عند احد ويكون مجمعا متفقا عليه يقال اجمع المحققون على كذا ثم فى كلامه خلل اخر اذ المجتهدون الاخرون ايضا بذلوا جهدهم مثل الائمة الاربعة وانكار هذا مكابرة وسوء ادب

---

[له] امام الحرمین نے کہا ہے کہ محققین اسپر جمع ہو گئی ہین کہ عام لوگ صحابہ رض کی پیروی نکرین کیونکہ اونکی قولونین حدیث کی طرح بدقت حکم نکلتا ہے اور عام لوگ اتنی قدرت نہین رکھتے بلکہ حاصل کلام یہ ہے کہ عوام کو فقہا کی پیروی چاہیئے صحابہ کی نہین اور ابن صلاح نے اسپر بنا رکھہ کر سوائے آئمہ اربعہ کے اورون کی تقلید سے منع کیا ہے یعنے امام والاہمت ہمارے امام ابوحنیفہ کوفی اور امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد اللہ تعالے اونپر رحمت کرے اور جزا دے کیونکہ اونکی سوا اورون کے مذہبون مین اونکی مذہبونکی سی باتین نہین پائی جاتی ہین اور اسمین اعتراض ہے حاشیہ مین ہے کہ کہا قرافی نے کہ اجماع منعقد ہو چکا ہے کہ جو مسلمان ہے اوسکو روا ہے کہ علما مین سے جسکی چاہے تقلید کرے اور صحابہ کا اجماع ہو چکا ہے کہ جو امیر المومنین ابوبکر اور عمر سے فتوا پوچھے تو اوسی کو روا ہے کہ ابوہریرہ اور معاذ بن جبل وغیرہ سے فتوا پوچھے اور بلا دہڑک اونکی قول پر عمل کرے سو جس کسیکو ان دونو اجماعونکی اوٹھہ جانیکا دعوے ہے تو اوسپر دلیل ہے تو ان دونو اجماعون سے امام الحرمین کا قول باطل ہو گیا اور امام الحرمین کا یہہ کہنا کہ محقق جمع ہو گئی ہین اس سے وہ اجماع جو حجت ہے نہین سمجھا جاتا کہ یہہ کہا جاوے کہ دو اجماعون مین مخالفت لازم آتی ہے بلکہ جو امر کسیکا مختار اور پسندیدہ ہوتا ہی اور ایک گروہ خاص

بل الحق انہ انما منع من منع تقلید غیرھم لانہ لم یبق روایۃ مذھبھم محفوظۃ حتی لو وجد واروایۃ
صحیحۃ من مجتھد آخر یجوز العمل بھا الا تری ان المتاخرین افتوا بتحلیف الشھود اقامۃ لہ موقع
التزکیۃ علی مذھب ابن ابی لیلی فافھم انتہے اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ طعنہ زنی خصوصًا ایسی علماؤن پر عدم تقلید مذہب
اور ملت کی اور دوسرے مطاعن نشا اسکا وہی نشہ و شراب قہر الٰہی کا ہے جیسے مکر یہ معلوم ہوا تمام ہوئی تقریر مولانا حیدر علی
مرحوم کی صیانۃ الاناس مین اور نیز مولانا مغفور نے سنہ بارہ سو ستر مین ایک فتوی جواب مین کسی سائل کی تحریر فرمایا تھا
اور ۱۲۸۰ مین مع مواہیر علماء ٹونک اور دہلی بتقاریب طبع آیا تھا وہ بھی نقل کیا جاتا ہے چہ میفرمایند علماء دین و مفتیان
شرع متین درباره کسیکہ ایمان بر خدا و رسول آورده بر اتباع احکام شرعیہ بلا تقلید مذہبی از مذاہب اربعہ بدل و جان
کمر بستہ و ائمہ اربعہ را پیشوای خود میداند و خود را محمدی میگوید و مقلد مذہب معین راکہ خود را حنفی یا شافعی مثلا
میگوید نیز محمدی میداند مثل عبد اللہ نو مسلم و مانند آن آن شخص مسلمان سنی ہست یا نہ و ہر کہ او را مشرک یا کافر یا مردود
گوید آن کیست بینوا توجروا جوابی ازین استفتا آنست کہ این سوال متضمن سہ سوال ہست اول آنکہ ہر کہ با وجود ایمان
بخدا و رسول بر اتباع احکام شرعیہ بلا تقلید مذہب از مذاہب اربعہ بدل جان کمر بستہ و ائمہ اربعہ وغیرہم از ائمہ اہل سنت
جماعت را بر حق میداند و خود را محمدی میگوید این اتباع جایز ہست یا نہ دوم آنکہ او را کافر یا مشرک یا مردود گفتن وا و را
از فرقہ اہل سنت خارج دانستن روا ہست یا نہ سوم آنکہ در صورتیکہ او را کافر یا مشرک یا مردود گفتن روا نباشد حکم این گوینده
چیست جواب از سوال اول آنکہ در کتاب مسلم کہ در اصول الفقہ بمذہب حنفی مثل آن تا این زمان تالیف نگشتہ در ذہبیہ
آن از امام قرافی رحمہ نقل کرده ترجمہ اش اینست کہ اجماع منعقد ہست بر اینکہ ہر کہ اسلام آورد برای او روا ہست تقلید ہر مجتہد کہ بخواہد
بغیر تعیین من غیر حجر و نیز اجماع صحابہ رض ہست بر اینکہ شخصی کہ استفتا از حضرت ابی بکر و حضرت عمر رض میکرد و تقلید این ہر دو
مینمود برای او روا ہست کہ استفتا از ابی ہریره و معاذ بن جبل بکند و عمل با قوال ایشان نماید من غیر نکیر پس کسیکہ رفع این ہر دو اجماع
دعوی کند بروی واجب ہست کہ دلیل دعوی خود بیان نماید انتہے ترجمہ حاصلش اینست کہ اتباع احکام شرعیہ و اخذ آنہا
از ہر مجتہد کہ خواہد بلا تقلید مذہب از مذاہب اربعہ وغیرہا جایز ہست باجماع صحابہ پس منکر و مخالف آن منکر و مخالف اجماع
صحابہ ہست و در خوف تردی و ہلاکست لیکن باید دانست کہ چنانکہ عدم تعیین مجتہد در تقلید جایز ہست ہمچنین تعیین نیز
جایز ست بلکہ تعیین درین زمانہ موجب سہولت عمل در دین ست و نیز در تقلید مجتہد معین فایده دیگر ست کہ چون ہر مسئلہ

---

اوسپر متفق ہو جاتا ہے تو یون کہہ دیتے ہین کہ اسبات پر محقق جمع ہو گئی ہین پہر اوسکی کلام مین اور خلل ہی کہ مثل ائمہ اربعہ کی اور
مجتہدون نے بہی کوششین کی ہین چنانچہ اسکا انکار ہٹ دہرمی اور گستاخی ہی بلکہ حق تو یہہ ہی کہ سوا ائمہ اربعہ کی اور ونکی تقلید سی جن لوگون نے
منع کیا ہی اوسکی یہہ وجہ ٹہرائی ہی کہ اور ونکی مذہبونکی روایتین محفوظ نہین رہی ہین یہانتک کہ اگر کسی اور مجتہد سی روایت صحیح ملجاے
تو اوسپر عمل جایز ہی کیا تو نے دیکہا نہین کہ متاخرین نے قائم مقام تزکیہ کی ابن ابی لیلی کے مذہب کے موافق گواہون کی قسم دلانی پر فتوا دیدیا ہی ذرا سمجہہ اب تو

ہر کتاب عمل جایز نیست بلکہ کتاب معتبر متداول در اہل سنت و جماعت درکارست وہمچنین بر قول ہر العلم عمل روا نیست کما صرح به المحققون از اینجاست کہ فتوی مجتہد فاسق چنانکہ محتاج وجب التوقف ست صرح به علی البزدوی رح وغیرہ ونیز حقتعالی میفرماید ان جاءکم فاسق بنباء فتبینوا ازینجاست کہ قول فاسق در روایات و در دیانات معتبر نیست بلکہ عالم موثوق بہ در دین ضرورست و ہمعنی در تقلید مجتہد معین سہلست و در غیر دشوار مبادا بقول فاسق عمل واقع گردد و درینجا غرض بابیان عدم وجوب تعیین مجتہد است و اینکہ ہر کہ تعیین نکند او گمراہ نیست جواب از سوال دوم آنکہ چون الشخص متبع احکام بروجہ مذکور ایمان بر خدا و رسول وی صلعم میدارد و بسبب اتباع مذکور کہ باجماع صحابہ رض جایز ست از ایمان خارج نگشت سنی مومن صحیح الایمان باشد جواب از سوال سوم آنکہ مومن صحیح الایمان را کافر یا مشرک گفتن حسب فرمودہ رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام روا نباشد بلکہ خود کافر یا مشرک گوینده کافر میگردد در جمع الجوامع ست اذا قال الرجل لاخیہ یا کافر فقد باء بہ احدہما اخرجہ ت عن ابن عمر رض اذا قال الرجل لاخیہ یا کافر فقد باء بہ احدہما ان کان الذی قیل لہ کافرا فہو کافر والا یرجع الی من قال ط عن ابن عمر رض اینست حکم گوینده لفظ کافر و چون شرک مستلزم کفرست نیز حکم مشرک گوینده ہمین باشد اگر شرک خفی مرادش نباشد انچہ امام قرافی رح دو اجماع نقل کرده و صاحب مسلم آنرا ہم مسلم داشتہ اگرچہ بر تمامی اہل سنت وجماعت حجت ست لیکن بسبب بودن نقل از عالم متبحر شافعی و محقق متبحر حنفی الزام حجت بر مقلد حنفی و شافعی اتم و اکمل ست و بر اہل العلم مخفی نیست کہ از صحابہ کرام چند صحابہ معدود مجتہد بودند و باقی ہمہ مقلد باز اکثر و بیشتر ازینہا تقلید یک کس معین از صحابی مجتہد لازم نگرفتہ بودند باز اگر کسی مقلد یک کس معین اتفاقا میبود این تقلید خاص را بالخصوص واجب و لازم نمیدانست کہ خلاف اجماع صحابہ بود بلکہ تقلید دیگری ہم جایز میدانست پس انیمردم بیباک کہ خود ہا را با وجود بیعلمی از اہل العلم میشمارند انچہ لفظ و معنی لامذہب قرار داده اند در اکثر صحابہ باعتبار عمل و در جمیع صحابہ باعتبار اعتقاد جوازش متحقق بود و نیز متاخرین علماء حنفیہ تحلیف شہود موافق مذہب ابن ابی لیلی قایم مقام تزکیہ لازم شہود گردانیده اند و قضاۃ امصار و اعصار برین عمل میکنند با آنکہ در مذہب امام ہمام مذہب تحلیف شہود نا روا ست پس این لفظ لامذہب مقام طعن بر زبان آوردن قدح و جرح ست العیاذ باللہ تعالی در صحابہ کرام و در مفتیان و قضاۃ علماء متاخرین حنفیہ پس مومن صادق را از اہل العلم لازم ست کہ درین آیہ کریمہ افرایت من اتخذ الہہ ہواہ واضلہ اللہ علی علم وختم علی سمعہ وقلبہ وجعل علی بصرہ غشاوۃ فمن یہدیہ من بعد اللہ فلا تذکرون غور کرده حمایت

---

ف ۵۱ اگر آدمی تم بار ایک گنہگار خبر لیکر تو تحقیق کر دو ۵۲ جس وقت ایک آدمی نے دوسرے کو کہا کہ اے کافر تو وہ کفر دونوں میں سے ایک کی طرف رجوع کریگا بخاری اور ترمذی میں ابن عمر سے روایت ہے کہ جس وقت ایک شخص نے اپنے بھائی مسلمان کو کافر کہا تو وہ کفر ایک کیطرف رجوع کریگا کیونکہ جسکو کافر کہا گیا ہے اگر وہ کافر ہے تو کافر ہی اور نہیں تو کہنے والیکے طرف رجوع کریگا طبرانی میں ابن عمر رض سے ۵۳ بھلا دیکھو تو جسنے پوجا پکڑا اپنے چاؤ کا اور راہ سے کھویا اوسکو اللہ نے جانتا بوجھتا اور مہر کی اوسکی کان پر اور دل پر اور ڈالی اوسکی آنکھ پر اندھیرے پھر کون راہ پر لاوے اوسکو اللہ کے سوا کیا تم سوچ نہیں کرتے

وخاشی باشد کہ خدا نخواستہ باشد مصداق ہمین آیہ کریمہ گردد واین کاتب الحروف خود مقلد مذہب حنفی ست اگر کسی بر این مذہب طعن کند خود خصم او ہم لیکن انچہ حق ست چرا نہ گویم خصوصاً مانند گنگ بلکہ در حدیث وارد ست الساکت عن الحق شیطان اخرس نیز در حدیث مرفوع آمدہ من علم وکتم الجم بلجام من النار حقتعالی از رحمت خود ما را بر عداوت شیطان مطلع فرمودہ بانیکہ ما ہم باو عداوت کنیم مامور فرمودہ ان الشیطان لکم عدو فاتخذوہ عدوا انما یدعو حزبہ لیکونوا من اصحاب السعیر این شیطان ملعون علوم وہیان بنی آدم را بکید ہی در دام خود مے آرد وبا اہل العلم بازی دیگر پیش میکند بعضے از ینہا بمحدثین بی ادب میباشند وبعضی دیگر بمجتہدین نعوذ باللہ تعالی منہما ونیز این ظاہر ست نزد اہل العلم کہ ہر کسیکہ از اظہار دین مطابق تاکید احادیث نبوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام واجماع صحابہ کرام ناخوش گردد او از خواص وعوام مومنین خناس من الجنۃ والناس دانند حقتعالی ما را در اظہار دین منجملہ لا یخافون لومۃ لائم بفضل خود سازد واللہ تعالی اعلم در شرح تحریر ابن ہمام صاحب فتح القدیر ست عه اعلم انک قد علمت ان التکلیف من الشارع لیس الا العمل بفتوی مجتہد علی التخییر وتخصیص العمل بفتوی مجتہد دون مجتہد تحکم لا یلتفت الیہ بل ہو تغییر حکم الشارع من دون برہان وحجۃ رحمۃ اللہ الواسعۃ والصحابۃ احقاء بالتقلید فانہم اقرب الی اخذ الاحکام من صاحب الوحی لکن لا یخلوا بعض احکامہم عن اشارات خفیۃ فیحتاج الی تبیین المجتہدین اللاحقین واما المجتہدون الذین اتبعوہم باحسان فکلہم سواء فی صلوح التقلید بہم فان وصل فتوی سفیان بن عیینۃ او مالک بن دینار او غیرہم یجوز الاخذ بہ کما یجوز الاخذ بفتوی الائمۃ الاربعۃ الا انہ لم یبق عن الائمۃ الآخرین نقل صحیح الا قلیل القلیل ولذا منع من منع التقلید ایاہم فان وجد نقل صحیح منہم فی مسئلۃ فالعمل بہ والعمل بفتوی الائمۃ الاربعۃ سواء ہذا آخر ما قصدت ترقیمہ فی شرح کتاب التحریر انتہی واللہ اعلم بالصواب اور روایت یعنی پینتیسوین کتاب میزان کبری شیخ عبد الوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیجاتی ہے ٥٥ کان الامام ابن عبد البر یقول لم یبلغنا عن احد من الائمۃ انہ امر اصحابہ بالتزام مذہب معین لا یری صحۃ خلافہ بل المنقول عنہم

٥١ حق بات سے چپ رہنے والا شیطان گونگا ہے ٥٢ جو کوئی جان بوجھ کر چھپاوے اوسے آگ کی لگام دیا جاویگا ٥٣ بیشک شیطان تمہارا دشمن ہے سو تم سمجھ رکھو اوسکو دشمن وہ تو بلاتا ہے اپنے گروہ کو اسیواسطے کہ ہو دین دوزخ والون مین ٥٤ یہہ تو بیشک تیرے جانے ہوئے بات ہے کہ شارع کی طرف سے تکلیف فقط اتنی ہی ہے کہ بلا قید کسی مجتہد کے قول پر عمل کیا جاوے اور کسی مجتہد کی تخصیص کرنا سینہ زوری ہے اوسکی طرف التفات نچاہیے بلکہ یہہ ادل بدل ہے حکم شارع کا بلا دلیل اور اللہ کی رحمت فراخ کو تنگ کرنا ہے اور صحابہ بہت مستحق ہیں تقلید کی کیونکہ وہ صاحب وحی سے اخذ حکم میں قریب ہیں لیکن اونکی بعضی کلامون مین پوشیدہ اشارے ہیں کہ بسبب اس پوشیدگی کی بیان مجتہدین پچھلے کے حاجت پڑی ہے اور مجتہدین کہ صحابہ کے اچھے پیرو ہیں سب کے سب صلاحیت پیروی میں برابر ہیں اگر ملجاوے فتوی سفیان بن عیینہ یا مالک بن دینار وغیرہ کا تو ائمہ اربعہ کیطرح اونکی فتوی پر عمل کرنا جایز ہے ان اتنی بات ہے کہ اور ونکی مذہبونکی روایتیں بہت کم ہیں اسیواسطے اونکی تقلید سے جسنے منع کیا ہے اوسنے منع کیا ہے سو اگر نقل صحیح اوسکی ملجاوے تو اوسپر اور ائمہ اربعہ کے قول پر عمل کرنا برابر ہے یہہ آخر اون مضمونوں کا ہے جنکا شرح تحریر مین لانا مجھی مقصود تہا ہو چکی عبارت شرح تحریر کی اور بیشک بات کو اللہ خوب جانتا ہے ٥٥ امام ابن عبد البر یہہ کہتے تہے کہ ہمکو کسی امام سے یہہ روایت نہین پہونچی کہ اونہون نے اپنے رفیقونکو التزام مذہب معین کا امر کیا ہو اسطرحپر کہ اور غیر کے مذہب کو صحیح نجانے بلکہ منقول اونسے

تقریرهم الناس علی العمل بفتوی بعضهم بعضا لانهم کلهم علی هدی من ربهم وکان یقول ایضا لم یبلغنا فی حدیث صحیح ولا ضعیف ان رسول الله صلی الله علیه وسلم امر احدا من الامة بالتزام مذهب معین لا یری خلافه وهاذلك الا لان کل مجتهد مصیب انتهی ونقل القرافی الاجماع من الصحابة رض علی ان من استفتی ابا بکر وعمر رض وقلدهما فله بعد ذلك ان یستفتی غیرهما من الصحابة ویعمل به من غیر نکیر واجمع علی ان من اسلم فله ان یقلد من شاء من العلماء بغیر حجر ومن ادعی رفع هذین الاجماعین فعلیه الدلیل انتهی وکان الامام الزناتی من ائمة المالکیة یقول یجوز تقلید کل من اهل المذاهب فی النوازل انتهی ما فی کتاب المیزان الکبری للامام الشعرانی وایضا فیه وان قال احد من المالکیة الیوم بئس ما صنع من انتقل من مذهبه الی غیره قلنا له بئس ما قلت انت لان امام مذهبك الشیخ جمال الدین بن الحاجب رح والامام القرافی رح جوزا ذلك فقولك هذا تعصب محض فان الائمة کلهم فی الحق سواء فلیس مذهب اولی بالشریعة من مذهب وقد سئل الجلال السیوطی رح عن حنفی یقول یجوز للانسان ان یتحول حنفیا ولا یجوز للحنفی ان یتحول شافعیا او مالکیا او حنبلیا فقال قد تقدم انا قلنا ان هذا تحکم من قائله لا دلیل علیه من کتاب ولا سنة ولم یرو لنا فی حدیث صحیح ولا ضعیف تمیز احد من ائمة المذاهب علی غیره علی التعیین والاستدلال بتقدیم زمن ابی حنیفة لا تنتهض حجة ولو صح لوجب تقلیده علی کل حال ولم یجز تقلید غیره البتة وهو خلاف الاجماع وخلاف

لوگون کو جما دیتا تھا بعضو نکا بعضون مخالف مذہب کی فتوون پر کیونکہ وہ سب اللہ کی جانب سے ہدایت پر ہین اور یہہ بہی امام ہی عبدالبر کی کہتی تہی کہ کسی حدیث صحیح یا ضعیف مین ہمکو یہہ مضمون نہین پہونچا کہ آنحضرت صلعم نے امت مین سے کسیکو التزام مذہب معین کا اسطرح امر فرمایا ہو کہ اوسکی سوا کسیکو حق نجانی اور یہہ مقولہ اسیوجہ سے ہے کہ ہر مجتہد ٹہیک راہ پر ہے انتہی اور قرافی نی صحابہ رض سی اجماع نقل کیا ہے کہ جو شخص فتوا پوچہی ابوبکر اور عمر رض سی اور اوسپر عمل کری اوسی واہی اور صحابہ سے فتوا پوچہہ کر بے دہڑک عمل کری اور اسپر بہی اجماع ہی کہ جو مسلمان ہووی اوسی روا ہے جسکے چاہے علما مین سے بلا روک ٹوک تقلید کری اور جسکو ان دو اجماعونکی اوٹہنی کا دعوی ہے تو وہ دلیل لاوی انتہی اور آئمہ مالکیہ مین سے امام زناتی کہتے تہے کہ سب اہل مذہب کے تقلید حاجات مین روا ہے ہو چلی عبارت میزان شعرانی کی اور یہہ اوسی مین ہے کہ اگر کوئی مالکیون مین سے کہے کہ آج کل جسنی انتقال مذہب کیا اوسنی برا کیا تو ہم کہینگی کہ تونی برا کیا جو ایسی بات کہی کیونکہ تیری مذہب کے امام شیخ جمال الدین ابن حاجب اور امام قرافی رح انتقال مذہبی کو جایز رکہتی تہے سو تیرا یہہ قول محض ہٹ دہرمی ہے کیونکہ سب کے سب امام حق مین برابر ہین سو ایک مذہب ازروی شریعت کی دوسرے سے بہتر نہین ہو سکتا اور بلاشک پوچہا گیا تہا جلال الدین سیوطی سے اسباب مین کہ کوئی حنفی یون کہے کہ اور مذہب والیکا حنفی ہو جانا تو مضایقہ نہین مگر حنفی مذہب والا مالکی یا شافعی یا حنبلی نہو تو جواب دیا کہ یہہ پہلی ہی ہو چکا کہ ہم الیسی بات کو ہٹ دہرمی کہتی والیکی قرار دیا کرتی تہی اسپر قرآن اور حدیث سی کوئی دلیل نہین اور کسی حدیث صحیح یا ضعیف مین ہمین روایت نہین پہونچی کہ علی التعین ایک مذہب کو دوسرے سے فوقیت دیجاوے اور اسبات سے دلیل پکڑنا کہ امام ابوحنیفہ کا زمانہ مقدم تہا دلیل نہین ٹہریگا کیونکہ اگر یہہ بات صحیح ہو جاوے تو اونکی تقلید ہر حال مین واجب ٹہریگی اور بیشک اور کسیکی تقلید جایز نہیگی اور یہہ بات مخالف اجماع سے اور خلاف اوس

ما رواه البيهقي في كتاب المدخل عن ابن عباس رض ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال مهما اوتيتم من
كتاب الله فالعمل به واجب لا عذر لاحد في تركه فان لم يكن في كتاب الله فسنة لي ماضية فان لم يكن في سنة
لي فما قال اصحابي لان اصحابي كالنجوم في السماء فايما اخذتم به فقد اهتديتم واختلاف اصحابي لكم
رحمة انتهى قال الجلال السيوطي ثم انه يلزم من تخصيص تحريم الانتقال بمذهب الامام ابي حنيفة طرد ذلك في
بقية المذاهب فيقال بتحريم الانتقال من مذهب المتقدم بالزمن الى مذهب المتاخر كالشافعي يتحول مالكيا والحنبلي يتحول شافعيا
دون العكس وكل قول لا دليل عليه فهو مردود على صاحبه قال صلى الله عليه وسلم كل عمل ليس عليه امرنا فهو رد انتهى ورايت
فتوى اخرى له مطولة قد حث فيها على اعتقاد ان سائر ائمة المسلمين على هدى من ربهم وان تفاوتوا
في العلم والفضل ولا يجوز لاحد التفضيل الذي يؤدي الى نقص في غير امامه قياسا على ما ورد في
تفضيل الانبياء عليهم الصلوة والسلام فقد حرم العلماء التفضيل المؤدي الى نقص نبي واحتقاره لاسيما ان ادى
ذلك الى خصام ووقيعة في الاعراض وقد وقع الاختلاف بين الصحابة في الفروع وهم خير الامة وما بلغنا ان احدا منهم خاصم من قال بخلاف قوله
ولا عاداه ولا نسبه الى خطاء ولا قصور وفي الحديث اختلاف امتي رحمة وكان الاختلاف على من قبلنا عذابا او قال هلاكا انتهى
تمام ہوئی عبارت میزان شعرانی کی بس اب کہانتک روایتین نقل کرتی جاتین منصف ذی علم کو اسیقدر بس ہے اور متعصب جاہل کو
چارون مذہب کی کتابوں سی ہدایت نہین ہوگی بلکہ ہر قول و دلیل مین تاویل پیش کریگا اب بعض اہل بصیرت کی لیئے

---

روایت کی جسی بیہقی نے کتاب مدخل مین ابن عباس رض سی یون روایت کیا ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جب تک بات ملی تمہین قران سی تو
اوسپر عمل واجب ہے اوسکی چہوڑنیکی لئی کسیکو کوئی حیلہ نہین ہوسکتا اور اگر قران مین نہ ملی تو میری حدیث اور حدیث مین بہی نہ ملی تو جو میری
اصحاب نے کہا ہو کیونکہ اصحاب میری ایسی ہین جیسی آسمان مین ستارے جسکا قول تم لوگی ہدایت پاؤگی اور میرے صحابہ کا اختلاف تمہارے لیئے
رحمت ہے انتہی کہا جلال الدین سیوطی نے کہ حرام کہنا انتقال مذہب امام ابوحنیفہ کی مذہب سے اور مذہبوں مین بہی جاری ہوگا اور متقدم زمانہ کی
مذہب سے متاخر زمانہ کی مذہب کیطرف انتقال کرنا حرام ٹہریگا چنانچہ شافعی مذہب مالکی ہوجاوی اور حنبلی شافعی ہوجاوے
نہ اسکا الٹا اور ہر طرحکا ہر قول جسپر دلیل نہو کہنے والی پر پہیرا جاتا ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا کل وہ کام جسپر ہمارا امر نہین ہے سو
رد کرنیکے قابل ہے انتہی اور جلال الدین سیوطی کا ایک بڑا فتوی مینے دیکہا ہے کہ اوسمین یہہ ترغیب دلائی ہی کہ سبکی سب امام اللہ کی طرف سے
ہدایت پر ہین اگرچہ اونکی علم و فضل مین فرق ہو اور کسیکو یہہ بات نہین پہونچتی کہ اپنے امام کے ایسے فضیلت بیان کری
جس سے اور اماموں کی کسر شان ہو اور اسکو فضیلت انبیا پر قیاس کرنا چاہیئے کہ علما نے ایسے فضیلت ایک نبی کی جس سے نقص دوسرے
نبی کا لازم آوے حرام کہا ہے خصوصا اوسوقت کہ یہہ بحث موجب جہگڑیکا ہووے اور جزئی مسائل مین صحابہ کہ وہ امت
بہر کے اچہے لوگ ہین باہم مختلف رہے ہین لیکن یہہ نہین سنا کہ اونمین سی کوئی مخالف سی لڑا ہو یا اوسکی خطا گیری
اور دشمنی کا درپی ہوا ہو اور حدیث مین تو یون آیا ہی کہ میری امت کا اختلاف رحمت ہی اور اگلی لوگونکا اختلاف عذاب یا ہلاک منقول ہے

جوکہ قرآن او رحدیث کی سمجھنے کا قصد رکھتی ہین یا ورا وسکو مقدور بھی او رکافی سمجھتے ہین دلائل شرعیہ کا بیان چاہئیے
پہلی دلیل قول اللہ تعالی کا ما اٰتکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا ف۱ اور قول اللہ تعالی کا اتبعوا ما انزل الیکم
من ربکم ف۲ وجہ استدلال کے سمجھنے بیان ہوگی پہلی چند مقدمات کی تمہید کیجاتی ہے **مقدمہ اولی** جو شی کہ وجوب اللہ تعالی
کی اوسی ترک کرنا اوسکا حرام ہوتا ہے چنانچہ تلویح مین کہا ہے حاصل ف۳ ھذا الکلام ان وجوب الشئ یدل علی حرمۃ ترکہ
وحرمۃ الشئ یدل علی وجوب ترکہ وھذا مما لا ینبغی فیہ النزاع انتہے **مقدمہ ثانیہ** ائمہ اربعہ کی مذہب حق ہین اور مصداق
ہین ما اٰتکم الرسول اور ما انزل کی علی سبیل الدوران اسلئے کہ حق عند اللہ ایک ہے اور یہہ مقدمہ
عند الجمہور مسلم ہے اور محتاج ایراد نقل کا نہین **مقدمہ ثالثہ** بعض آئمہ کا ترک کرنا بعض احادیث کو فرع تحقیق اونکی
کے ہے کیونکہ انہون نے اون احادیث کو احادیث قابل عمل نہین سمجھا بدعوے نسخ یا بدعوے ضعف وامثال اوسکی یہہ
کہ حدیث کو قابل عمل کے سمجھکر پھر اپنے اقوال کی پابندی سے حدیث نہین مانتے تھے حاشا اللہ عنہم **مقدمہ رابعہ**
جو مقلد محض کہ حدیث سی کچھہ خبر نہین رکھتا ہو اگر حدیث کو قبول نکرے تو قبول نکرنا اوسکا فرع تحقیق کی مثل ائمہ اربعہ
کے نہوگی بلکہ ترک کرنا حدیث کا ہوگا **مقدمہ خامسہ** آجکل کے بعضے متعصب جو بعض احادیث مین تاویل بے ہودہ
اور دعوے نسخ اور ضعف کا بیدلیل بلکہ بمجرد پابندی قول امام کے سے کرکے حدیث کو ترک کرتے ہین وہ ویسی
نہین جیسے کہ آئمہ اسلئے کہ آئمہ سی دعوے نسخ وضعف وتاویل کا بنا لیا گیا تحقیق دین اللہ اور جمعا بین الادلۃ تھا اور آجکل کے
لوگونکو تاویل کرنا مراعاۃ لقول الامام مقابل قول رسول کے ہے چنانچہ کلام بلاغت نظام مین مولوی اسمعیل صاحب کے
جو تنویر العینین سے نقل کیا گیا ہے گذرا **مقدمہ سادسہ** آئمہ اربعہ کی مقلدین کو لازم ہے کہ چارون اماموں کو برابر
سمجھین نہ یہہ کہ اپنے امام کی مذہب کو صواب او رمحتمل خطا اور دوسرے ائمہ کے مذاہب کو خطا محتمل الصواب سمجھین جیسا کہ
مقتضا ہے قول علامہ نسفی کا ہے جو شرح اشباہ اور درمختار مین منقول ہے اذا سئلنا عن مذھبنا ومذھب خصومنا قلنا
وجوبا مذھبنا صواب یحتمل الخطاء ومذھب مخالفنا خطاء یحتمل الصواب انتہے ما فی الدر وہکذا فی الاشباہ اسلئے کم وبیش نہ سمجھے
اور برابر سمجھے کہ یہہ قول بظاہر معنی نامقبول ہے جیسا کہ ابن حجر اور محقق شیخ ابن الہمام کی کلام سی معلوم ہوتا ہے چنانچہ سید
محمد امین المشہور بابن العابدین ردالمحتار مین فرماتی ہین اذا علمت ف۴ ذلک ظہر لک ان ما ذکر عن النسفی من وجوب اعتقاد ان مذھبہ صواب

ف۱ جو دے تمکو رسول سو لیلو اور جس سے منع کرے سو چھوڑ دو ف۲ چلو اوسی پر جو اوترا تمکو تمہاری رب سے ف۳ حاصل اس کلام کا یہہ ہے
کہ واجب ہونا ایک چیز کا دلالت کرتا ہی اوسکی چھوڑ دینی کی حرام ہونے پر اور حرام ہونا ایک چیز کا دلالت کرتا ہے
چھوڑ دینے کے واجب ہونے پر اور یہہ ایسی بات ہے کہ اسمین جھگڑا خیال مین نہین آتا
ف۴ جس وقت ہمارے اور ہمارے مقابل کے مذہب کو کوئی پوچھے تو بطرلق وجوب ہونیکی ہم جواب دینگے کہ مذہب ہمارا ٹھیک ہے فقط غلطی کا گمان
ہے اور مذہب ہمارے مقابل کا غلط ہی ٹھیک ہونیکا گمان ہے ف۵ جس وقت تونے یہہ جان لیا تو تجھے ظاہر ہوگئی یہہ بات کہ وہ جو نسفی سی مذکور ہے کی اعتقاد رکھنا ہمارا مذہب کا

يحتمل الخطاء مبني على انه لا يجوز تقليد المفضول وانه يلزم التزام مذهب وان ذلك لا يتاتى في العامي وقد رايت في
آخر فتاوى ابن حجر الفقيه التصريح ببعض ذلك فانه سئل عن عبارة النسفي المذكورة ثم حرر ان قول الائمة الشافعية
كذلك ثم قال ان ذلك مبني على الضعيف من انه يجب تقليد الاعلم دون غيره والاصح انه يتخير تقليد اي شاء ولو مفضولا وان
اعتقده كذلك وحينئذ فلا يمكن ان يقطع ويظن انه على الصواب بل على المقلد ان يعتقد ان ما ذهب اليه امامه يحتمل انه الحق قال ابن
حجر ثم رايت المحقق ابن الهمام صرح بما يؤيده حيث قال في شرح الهداية ان اخذ العامي بما يقع في قلبه انه اصوب اولى وعلى هذا اذا
استفتى المجتهدين فاختلفا عليه الاولى ان ياخذ بما يميل اليه قلبه منهما وعندي انه لو اخذ بقول الذي لا يميل اليه جاز
لان ميله وعدمه سواء والواجب عليه تقليد مجتهد وقد فعل انتهى اور صحطاوی نے بھی ظاہر معنی کو رد کر کر تاویل کی
ہے چنانچہ کہا ہے والمراد ان ما ذهب اليه امامنا صواب عنده مع احتمال الخطاء اذ كل مجتهد يصيب وقد يخطئ
في نفس الامر واما بالنظر الينا فكل واحد من الاربعة مصيب في اجتهاده فكل مقلد يقول هذه العبارة لو
سئل عن مذهبه عن لسان امامه الذي قلده وليس المراد انه يكلف كل مقلد اعتقاد خطاء المجتهد الآخر الذي
لم يقلده لان تقليده واحدا منهم انما يسوغ بعد ضرورة التقليد وهي كون المقلد ليس من اهل النظر في الادلة
لاستنباط الاحكام الظنية فيقلده في العمل فقط فان قلت انه مكلف به ايضا والا لزم اداء التكليف مع اعتقاده
عدم صحتها قلت لا يلزم ذلك الا لو اعتقد عدم صحة ما قلد فيه ونحن لا نقول به بل هو على الصواب ظاهرا وامامه خطئه خلاف مذهبه فيما هو

وجب ہی کہ اپنا مذہب ٹھیک ہی فقط غلطی کا گمان ہے اوسکی بنا یہ ہے کہ بڑے کے ہوتے گھٹیل کے جایز نہین ہی اور اپنے مذہب کا التزام ضروری اور یہہ بات
انپڑہ آدمی مین ہو نہین سکتی اور بلا شک مینے آخر فتاوا ابن حجر فقیہ مین تہوڑی سی تصریح اسبات کی دیکہی ہی کہ اون سے کسینے اس عبارت نسفی
کا حال پوچہا سو اونہوں نے صاف لکہا کہ علما شافعی بہی یوہین کہتے ہین پہر کہا کہ اس مقولہ کی بنا ضعیف ہے اور وہ یہہ ہے کہ تقلید زیادہ
علم والیکی واجب ہے غیر کی نہین اور صحیح تر یہہ بات ہی کہ تقلید مین وہ مختار ہے جسکی چاہی کری خواہ گہٹیل ہی ہو اور وہ شخص اپنے عقیدہ مین
بہی اوس گہٹیل کو گہٹیل جانتا ہو اور ہمارے درمیان یہہ نہین ہو سکتا کہ وہ یقین یا گمان کی طور پر یہہ جانی کہ وہ ٹہیک ہی بلکہ مقلد پر یہہ بات ہے
کہ وہ یہہ اعتقاد کرے کہ جس طرف اوسکا امام گیا ہے وہ محتمل حق کو ہی ابن حجر کہتی ہین کہ پہر مینے دیکہا کہ ابن ہمام نے اوس عبارت کو کہول کر
کہا جو میرے کلام کی تائید کرتی تہی چنانچہ شرح ہدایہ مین کہا کہ عمل کرنا انپڑہ کا اوس قول پر جو اوسکی جی مین ٹہیک معلوم ہو وہ بہتر ہے
اور اسی بنا پر جب اوسنے دو مجتہدوں سے فتوا پوچہا اور اونہوں نے باہم اوسکی جواب مین خلاف کیا تو بہتر یہہ ہے کہ اون دونو قولوں مین سے جدہر اوسکا
دل مائل ہو وہ اوسپر عمل کرے اور میرے نزدیک یہہ ہے کہ اگر اوسنی اوس قول پر عمل کر لیا جدہر اوسکا دل مائل نہ تہا تو بہی جایز ہے کیونکہ اوسکی دلکا
مائل ہونا اور نہونا برابر ہے اور اوسپر واجب اسیقدر تہا کہ کسی مجتہد کی تقلید کرلی سو وہ کر چکا انتہی اور مراد یہہ ہے کہ جدہر ہمارا امام گیا ہے وہ
ٹہیک ہے امام کی نزدیک مع گمان خطا کے کیونکہ ہر مجتہد ٹہیک ورنہ بہی ٹہیک یہہ ہوتا ہی حقیقت مین اور جب نظر ہماری دیکہا جاوے تو ہر ایک
ائمہ اربعہ مین سے اپنے اجتہاد مین ٹہیک راہ پر ہی تو ہر مقلد عبارت مذکور کو مذہب کے سوال کی وقت گویا اپنے امام کی زبانی کہتا ہی یعنی

مکلف بہا کذا الخصہ شیخنا من القول السدید لابن الملا فروخ المکی الحنفی اہ ابو السعود
انتہے کلام الطحطاوی فی حاشیۃ الدر المختار اور عبارت صحیح ابن الملا فروخ المکی الحنفی کے قول سدید میں یون ہے، ولیس المراد ان یکلف
کل مقلد ان یعتقد ذلک فیما قلد فیہ اذ ذلک تقلید فیما لا یحتاج الیہ وھو ممنوع کما افدتک من قبل ان التقلید انما
یسوغ بقدر الضرورۃ وھو محتاج الی العمل فلابد من التقلید فی حصولہ واما اعتقاد صحۃ ما قلد فیہ وبطلان کل ما عداہ فلیس من
مکلفاتہ فان قلت بل ھو مکلف بہ والا یلزم اداء التکلیف مع اعتقاد عدم صحتہا قلت لا یلزم ذلک الا لو اعتقد عدم صحۃ ما قلد فیہ ونحن
لا نقول بہ بل ھو علی الصواب ظاھرا حیث فعل ما علیہ وھو الاخذ بقول مجتہد واما تخطئۃ من اخذ بخلاف قول مجتہد مقلدہ فیما ھو مکلف بہا
انتہے اور ایسا ہی ملا علی قاری نی بہی شرح عین العلم مین اس قول النسفی کے تخطیہ اور تغلیط کی ہی تو مقلد کو چاہیے کہ چارون اماموں کو
برابر جانی اس حسب بیحہ ممہد ہولیا تو اب وجہ استدلال کی بیان ہوتی ہے وہ یہہ ہے کہ جو شخص حنفی المذہب مثلا ہوکر یہی تخصیص غیر
اپنے مذہب کے کرتاہے کہ شافعی مذہب کا مثلا کسی مسئلہ مین اتباع نہین کرتا اور اوسکو ناروا جانتا ہے اور کرنے والی کو طعن کرتا ہے
تو ترک کیا اوسنی بعض ما اتی بہ الرسول کو بحکم مقدمہ ثانیہ کی اور ترک کرنا بعض ما اتی بہ الرسول کا حرام ہے بحکم مقدمہ اولی کی تو تخصیص
کرنا اوس حنفی کا اپنے مذہب کو اسطرح کہ شافعی کی کسی مسئلہ کا اتباع نہین کرتا ناروا جانکر حرام ہوا بحکم دونو مقدمون کے اور یہہ دلیل
جاری نہین ہوسکتی حقیقین ائمہ اربعہ وغیرہم من المجتہدین کے بسبب ترک کرنے اونکی بعض احادیث کو بحکم مقدمہ ثالثہ کی اور مقلد
محض عامی یہہ بات نہین کہہ سکتا بحکم مقدمہ رابعہ کی اور بعض مقلدین صاحب علم آج کی زمانہ کی جیسا کہ مولف ہی وہ بہی نہین کہہ سکتا
بحکم مقدمہ خامسہ کے اور دونو قسم کے مقلد کی طرف سے یہہ عذر کہ ہم لوگ مذہب دوسرے امام کا سوائے مذہب امام اپنے کے یقینا ما اتی بہ

مراد نہین ہے کہ ہر مقلد اسکا تکلیف دادہ ہے کہ اور مجتہدون کو خطا پر جانی کیونکہ تقلید کسی ایک مجتہد کی بقدر ضرورت روا ہے اور وہ
ضرورت یہہ ہی کہ مقلد صاحب بصیرت نہو کہ دلائل شرعی مین سے حکم نکال سکی سو فقط عمل مین مجتہد کی تقلید کرلی اور اگر تو یون کہنے لگے
کہ مقلد اوس بات کا بہی تکلیف دادہ ہی ورنہ باوجود عقیدہ عدم صحت کی ادا کرنا تکلیفات شرعیہ کا لازم آویگا تو مین جواب دونگا کہ وہ
بات لازم نہین مگر اوسحالتمین کہ جسپر عمل کیا ہے اوسی غیر صحیح جانے اور ہم یہہ نہین کہتی بلکہ وہ ٹہیک ہی بظاہر رہا غیر کو خطا پر جاننا سو یہہ امر تکلیف
دادہ نہین ہو نہین ہمارے شیخ نے ابو سعود کی قول سدید سے تلخیص کیا ہے ہو چکی عبارت طحطاوی کی انتہے اور یہہ مراد نہین کہ جس مسئلہ مین مقلد کسی مجتہد کی
قول پر عمل کرے اوسمین وہ اعتقاد کرے کیونکہ یہہ ایسی بات مین تقلید کرنا ہی جسکی حاجت نہین ہے اور اسطرح منع ہے چنانچہ پہلی گذرچکا کہ تقلید
بقدر ضرورت روا ہے اور وہ وہی ہے جسکی عمل مین حاجت ہو سو ضروری ہے کہ تقلید سی وہ حاصل ہو اور یہہ عقیدہ کہ جسپر مینے عمل کیا وہ صحیح ہے
اور جو ماسوا اسکی ہے وہ غیر صحیح ہے سو اسکی تکلیف نہین دی گئے اور اگر کوئی کہے کہ وہ بہی تکلیف مین داخل ہے اور نہین تو
باوجود عقیدہ بے صحتی کے ادائے تکلیف لازم ہو ویگی تو مین جواب دونگا کہ یہہ امر لازم نہین آتا مگر اوس صورت مین
کہ جسپر عمل کیا ہے اوسکو غیر صحیح جانے اور ہم یہہ نہین کہتے بلکہ وہ بظاہر ٹہیک راہ پر ہے اسلئے کہ جو کہ اوسکی ذمہ
تہا ادا کرچکا اور وہ عمل کرنا ہے کسی مجتہد کے قول پر رہا اوروں کا خطا پر جاننا سو یہہ تکلیف مین داخل نہین ؛

الرسول جانتے ہی نہین بنا بر قول علامہ نسفی کے تو ترک کرنا ہمارا مذہب شافعی کی مسئلہ کو موجب ترک ما آتی بہ الرسول کا نہوا نہین بن سکتا بحکم مقدمہ سادسہ کی فافہم وتشکر اور اسجگہہ سے کوئی یہہ نسمجھے کہ اس دلیل سے لازم آتا ہے کہ ہر ایک کو واجب ہوا کہ ہر مذہب کے تمام مسائل پر عمل کیا کرے ورنہ ترک بعض ما آتی بہ الرسول کا لازم آویگا سنو کہ یہہ دلیل اوس مقلد کے حق مین جاری ہوتی ہے جو کہ قسم ثالث کو اقسام تقلید سے ختیار کرے اور جو مقلد تخصیص مذہب معین کو بطور قسم ثانی کے اختیار کرے وہ حقیقۃ تارک بعض ما اتی بہ الرسول کا نہین ہے بلکہ عامل بمقتضا عموم نص کے ہے اسلئے کہ تخصیص اوسکی یا بنظر عدم استطاعۃ کے ہوگی یا بنظر اسکے ہوگی کہ نص سے عموماً اتباع ما آتی بہ الرسول کا ثابت ہوتا ہی پہر اگر حنفی مذہب کے مسئلہ کی ضمن مین اخذ ما اتی بہ الرسول کر لیا تو بہی کافی ہے تو اس نظر سے ترک بعض کا نہوا نظیر اسکی یہہ ہے مثلاً عموم آیۃ فاقرء وا ماتیسر من القرآن سے فرضیۃ قراءۃ کی نماز مین بدون تعیین کی ثابت ہوتی ہے تو اگر کسی شخص نے بنظر اسکے کہ تحقق عام کا ایک فرد مین ہو جاتا ہے یا بنظر اسکے کہ مجہے تمام قرآن کی حفظ پر قدرت نہین پارہ عم کو واسطی قراءۃ کی نماز مین خاص کر رکہا تو اوس شخص نے باقی قرآن کی قراءۃ کو ترک نہین کیا ہان اگر کوئی شخص پارہ عم کو باوجود قدرت کی تمام قرآن پر اس نظر سے کہ پارہ عم کا پڑہنا نماز مین وجب ہے اور باقی قرآن پڑہنا درست نہین خاص کر لے تو بیشک اوسنی باقی قرآن کو ترک کیا اور مرتکب ممنوع کا ہوا جیسا کہ مقلد بتقلید قسم ثالث باوجود علم ایک مسئلہ کے بموجب مذہب دوسرے امام کے اس نظر سے کہ ہمکو سوائے اتباع اپنے امام کے کسیکے پیروی درست نہین اوس مسئلہ کو عمل مین نہین لاتا تو بیشک ترک کیا اسنے بعض ما اتی بہ الرسول کو بخلاف مقلد مخصص بتقلید قسم ثانی کے کہ تخصیص اوسکے بنظر کفایت یا عدم استطاعۃ عملاً بعموم النص ہے تو ثابت ہوا کہ ایسے مقلدین تارک بعض ما اتی بہ الرسول کی نہین اور اسپر تقلید ہر مذہب کے ہر مسئلہ کی واجب نہین فافہم دوسرے دلیل حدیث اسود کی ابن مسعود سے قال قال عبد اللہ لا یجعل احدکم للشیطان شیئا من صلوتہ یری حقا علیہ ان لا ینصرف الا عن یمینہ لقد رایت رسول اللہ صلعم کثیرا ینصرف عن یسارہ[۵] روایت کی اسکو امام بخاری نے حاصل ترجمہ فرمایا ہے عبد اللہ بن مسعود صحابی جلیل الشان نے کہ جو کوئی امام یہہ التزام کرلے کہ بعد فرغت کی نماز سے دہنے ہی طرف کو پہر کر بیٹھے اور بائین طرف نہ بیٹھے تو اوسنے اپنے نماز مین سے شیطان کا حصہ ٹہیرا دیا اسواسطے کہ مینے رسول اللہ کو بہت دفعہ بائین طرف کو پہرتے ہوئے دیکہا ہے شیخ الاسلام عینی حنفی نی فرمایا ہے کہ یہہ حدیث ابن مسعود کی اوسکی حق مین ہے جو دہنے طرف ہے کی پہرنی کو ضروری اور واجب جانتا ہے اور اگر واجب نہ جانے تو دونون طرف برابر ہین لاکن دہنی طرف اولی ہے چنانچہ شرح بخاری مین فرماتی ہین ما تحت اسی حدیث کے فکان یری حتمہ ووجوبہ اما اذا لم یعتقد ذلک فیستوی فیہ الامران ولکن جہۃ الیمین اولی انتہی اور طیبی نے فرمایا کہ اس حدیث سے

---

[۵] کہا عبد اللہ ابن مسعود نے کہ کوئی آدمی بعد نماز کی سیدہی طرف پہر کر بیٹہنے کو ضروری جانکر اپنے نماز مین شیطان کا حصہ نہ لگادے بلاشک آنحضرت صلعم کو دیکہا کہ آپ اکثر بائین طرف پہر کر بیٹہے تہے [۵] سو گویا کہ وہ اوسکو ضروری اور واجب جانتا اور اگر یون نہو تو دونو امر برابر ہین لیکن

معلوم ہوا کہ جو کوئی ایک امر مستحب پر یعنے جیسا کہ اسمقام مین اختیار کرنا جانب یمین کا ہے خوب اصرار کر کر رکھے
سطرح کہ کبہو اوسکو نچہوڑے تو اوسی شیطان کی حصہ یا یہ اضلال کا پہر کیا حال اوس شخص کا جو امر منکر اور بدعت پر مصر
ہو رہی چنانچہ شرح مشکوۃ مین فرماتی ہین تحت اوسی حدیث کی وفیہ ان من اصر علی امر مندوب وجعل عزما ولم یعمل بالرخص
اصاب منہ الشیطان من الاضلال فکیف من اصر علی بدعۃ ومنکر انتہے اور اسی جگہہ سے ہی جو فقہا نی لکہا ہے کہ سجدہ شکر
کا فی نفسہ مستحب ہے لاکن بعد نماز کے مکروہ ہے اس جہت سی کہ عوام دیکہکر واجب جانینگے یا سنت سمجہین گی چنانچہ
در المختار مین فرماتی ہین وسجدۃ الشکر مستحبۃ بہ یفتی لکنہا تکرہ بعد الصلوۃ لان الجہلۃ یعتقدونہا سنۃ او واجبۃ وکل
مباح یودی الیہ فمکروہ انتہی وہکذا فی سائر کتب الفقہ اور طحطاوی نے کہا ہے کہ یہہ مکروہ تحریمی ہے تو اس حدیث کے بموجب
سی مطابق تصریحات اون محدثین اور فقہا کی جبکہ کسی امر مستحب کا التزام اور اوسپر اصرار اور ہٹ کرنا فعل شیطانی اور
مکروہ تحریمی ہوا تو التزام اور اصرار حتما اور وجوبا ایک مجتہد کی مذہب کا جو مخالف اجماع قرون ثلثہ کی اور مخالف قرآن کے ہے
کیونکر بدعت نہوگا **تیسری دلیل** اجماع صحابہ کا جو غزالی نے نقل کیا ہے واجمع الصحابۃ علی ان من استفتی ابابکر
وعمر وقلدہما فلہ ان یستفتی اباہریرۃ ومعاذ بن جبل چنانچہ صاحب مسلم الثبوت فی حاشیہ منہیہ مین نقل
کیا ہے اور فاضل قندہاری نے ناقلا عن التقریر مغتنم الحصول مین نقل کیا ہے اور مولانا عبد العلی نی شرح مسلم مین
نقل کر کے اوسپر تفریعات کے ہین اور عبد الوہاب شعرانی نے میزان مین نقل کیا ہے اور تمام کتب اصول مین
مذکور ہے فالا قوی اجماع الصحابۃ یعنے قوی تر اجماع صحابہ کا ہے خلاف اس اجماع کا مقبول نہین
بلکہ مردود ہے اور اجماع تمام مسلمین کا قرون اولی مین چنانچہ روایت ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ سے
بوجہ بسط بہلے معلوم ہوا پس جبکہ کل صحابہ رض اور تمام مومنین کا قرون اولی مین اسپر اجماع ثابت ہوا کہ کبہی ایک مجتہد کی
تقلید کرنے اور کبہی دوسرے مجتہد کی پہر اب ایک ہی مذہب کا التزام کرنا اور اوسکو واجب جاننا اور تارک اس التزام کے کو
گمراہ جاننا اور لامذہب نام رکھنا اور لایق تعزیر کے جانکر تعزیر دینی اور مردود الشہادہ کہنا یہہ نسبت ایسے عقیدہ
والے کے بدعت ضلالہ اور حرام نہین تو کیا ہے اور معتقد ایسے عقیدہ اور عمل کا مصداق اس آیۃ کریمہ ویتبع غیر سبیل المومنین کا
کیونکر نہوگا اور مصداق من شذ شذ فی النار کا اس حدیث سی اتبعوا السواد الاعظم ومن شذ شذ فی النار کسطرح نہوگا **چوتہی دلیل**

---

**ف** اور اس حدیث مین یہہ ہی کہ جو کوئی اصرار کرے ایک امر نفل پر اور اوسکو ضروری ٹہرالی اور رخصت جو اوسکی مقابلہ مین ہے اوسپر عمل
نکرے تو اوسکو شیطان گمراہی پہونچاتا ہے پہر خیال کرنا چاہئے کہ جو شخص بدعت پر اصرار کرے اوسکا کیا حال ہے **ف** اور سجدہ شکر
کا مستحب ہے اسپر فتوا دیا گیا ہے لیکن بعد نماز کی مکروہ ہے تاکہ انجان اوسکو سنت اور واجب نہ ٹہرالین کیونکہ جو مباح اس درجہ کو
پہونچ جاوے تو وہ مکروہ ہے **ف** اور جمع ہوگئی ہین صحابہ اسپر کہ جو شخص ابوبکر صدیق اور عمر فاروق سی فتوا پوچہہ کر
اونکی قول پر عمل کرے اوسی روا ہے کہ فتوا پوچہہ لے ابوہریرۃ اور معاذ بن جبل رض سے

قیاس مجتہد معین کا ائمہ اربعہ مین سی مجتہدین پر خلفا اربعہ مین سی تصویر اسکی یہہ ہے کہ جبکہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کہ جنکے اجتہاد سی کسیکو انکار نہین اور فضایل اون کے اظہر من الشمس ہین باجماع اہل سنت کی تقلید بالتخصیص اون کی واجب نہوئی اور کوئی مذہب اون کا خاص کر التزام نہین کرتا تہا تو اب مثلا ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالے کی تقلید بالتخصیص بطریق اولی واجب اور لازم ہر مسئلہ مین نہوگی پس قول اسکی وجب ہونیکا حرام ہوگا بحکم آیۃ کریمہ ولاتقولوا لما تصف السنتکم[۱] الکذب ھذا حلال وھذا حرام لتفتروا علی اللہ الکذب اور اس استدلال سی ہمارے کسیکو یہہ شبہ نگذرے کہ غیر مجتہد ہوکر قیاس کیون کیا اسلئے کہ یہہ وہ قیاس نہین جو کہ مستنبط علیہ سی ہوا ور مختص ساتہہ مجتہد کے ہوتا ہے بلکہ یہہ دلالۃ النص ہے کما فی قولہ تعالی ولاتقل لھما اف[۲] دلالۃ علی نہی الضرب اور دلالۃ النص کو عوام بہی سمجہتے ہین چنانچہ شیخ ابن الہمام تحریر مین فرماتی ہین دلالۃ النص یخالف القیاس فی ان القیاس یختص بالمجتہد ودلالۃ النص[۳] یفہمھا العوام انتہے اور قیاس کہنا اسکو مذہب امام رازی کے مذہب پر مبنی ہے چنانچہ مسلم مین لکہا ہے وجمہور الحنفیۃ والشافعیۃ علی انہ نعنی بہ دلالۃ النص لیس بقیاس وقیل قیاس جلی واختارہ الامام الرازی[۴] انتہے وکذا فی مغتنم الحصول **تنبیہ** جناب مولف نی دعوے وجوب تعین پر یہی دلیل فرمائی تہی کہ جبکہ چار مذہب کے تعین واجب ہوئے تو ایک کی تقلید بہی ہوگئی کیونکہ یہہ ایک ہی تو وہنین چار مین سی ہے تو اسکے مثال ایسی ہوئی کہ جبکہ چار جنت ہوئی تو ایک بہی جنت ہوگیا سو یہہ تو ایسی دلیل ہے کہ آجتک کسی جاہل محض سے بہی صادر نہین ہوئی چہ جائے علما اور سی ہرگز وجوب ثابت نہین ہوتا اور اس ہیچمدان نے عدم التزام مذہب معین کو باستدلال چار دلیلون کے اور باستشہاد پینتیس[۵] روایات سلف اور خلف کی جو ہر ایک اونمین سی مدلل بدلایل ہے بعض روایتو نمین اجماع امت کو حجۃ ٹہیرایا ہی اور بعض مین عدم وجود دلیل وجوب تعین کو سند بکڑا ہے اور بعض مین عموم آیۃ قرآنی کو دلیل گردانا ہی اور کسی مین قواعد اصولیہ اجماعیہ کو حجت ٹہیرایا ہے ثابت کر دیا تو اب قول کسی کا جو مصداق ہی ومن شذ شذ فی النار کا بلا دلیل کسطرح مقابل دلایل اور روایات مدللہ کے ہوسکتا ہے اور جو ایک دو قول ضعیف جناب مولف نی اخیر مین اس باب کے نقل کئے ہین کیونکر معارض ایسے حصن حصین دلائل اور روایات کے ہوسکتی ہین اسیواسطے بعد اسقدر تحقیق کے حاجت رد کرنے اون اقوال ضعیف مولف کی نہین رہی لاکن چونکہ بعض طبایع کو جو کہ اصول فقہ سی واقف نہین ہین یہہ اوسکی باقی کلام سی وہم ہوجائیگا اسلئے ضرور ہوا کہ باقی کلام کو مع اون روایات کے رد کیا جاوے فلنشرع بہ **قال** اون

---

[۱] اور نہ کہو اوس چیز کو جستے تمہارے زبانین جہوٹ کہتی ہین کہ یہہ حلال ہے اور یہہ حرام تا کہ بنا ندہوا اللہ پر جہوٹ

[۲] سو نہ کہہ ان باپ کو اُف [۳] دلالۃ النص قیاس سے جدا ہے اسبات مین کہ قیاس مجتہد کے ساتہہ خاص ہے اور دلالۃ النص کو سب عام لوگ سمجہتے ہین [۴] اور گروہ حنفیون اور شافعیون کا اسپر ہے کہ کہ دلالۃ النص قیاس نہین ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ وہ قیاس جلی ہی اور اسکو امام رازی نی پسند کیا ہے

طریق اول یہہ ہی کہ جب تقلید ثابت ہوئی اِس آیہ سی فاسئلوا اهل الذکر وغیرها سے تو مقتضا اِسکا یہہ ہوا کہ
اسپر عمل کرکر بری الذمہ ہوجاوین ہم بالیقین عہدہ تکلیف تقلید کیسی نم **قال** سو یہہ بات حاصل ہوتی ہے
تقلید مذہب معین مین ساتھ چہہ وجہون کے وجہ اول یہہ ہے کہ اسمین احتمال ہے پڑنیکا خلاف اجماع کا بیچ مین یعنی ایسی
بات کریگا کہ اوسکے سبکی نزدیک عمل باطل ہو جیسیکہ ایک شخص نے عمل کیا بموجب مذہب امام مالک رح کی کہ وضو کیا قلتین
سے کم ہے کہ اوسمین نجاست پڑی ہی اور مسح کیا بموجب مذہب شافعی کی چند بالونپر پہر نماز پڑہے تو یہہ نماز چارون
اماموں میں ہے کیسیکے نزدیک جایز نہوئی **اقول** غرض مولف کی وجہ اول سی یہہ ہے کہ عدم تعین مذہب مین احتمال ہے
پڑنیکا ان صور تونمین جو باطل ہین باجماع مرکب آئمہ اربعہ کی جیسا کہ صورت مذکورہ مین گذرا اور جبکہ تقلید غیر معین
مین ایسا احتمال ہوا تو تقلید معین واجب ہوئے پس معلوم کرنا چاہیے کہ یہہ قول مولف کا باطل ہے اور یہہ وجہ اول ہرگز
مفید اور مثبت وجوب تقلید معین کو نہین ہوسکتی اِسلئے کہ ایسے صورتمین ترکب اجماع مرکب کا ممنوع ہے اسواسطے
کہ اجماع مرکب مین اتحاد مسئلہ کا شرط ہے اور اسجگہ مسائل متعدد فیہا مختلف ہین مسئلہ پانیکا علیحدہ ہے اور مسح کا
علیحدہ ہی جگہہ سی ہے کہ محققین اصولیین نی صورۃ نکاح بلا مہر اور بلا گواہ اور بلا ولی کا باطل اجماع مرکب ہونا نہیں
تسلیم کیا چنانچہ کہا ہے مسلم مین وما اورد انہ ربما یکون المجموع مما لم یقل بہ احد فیکون باطلا اجماعا کمن تزوج بلا
صداق ولا شہود ولا ولی فاقول مندفع بعدم اتحاد المسئلۃ ولانہ لو تم لزم استفتاء مفت بعینہ انتہے اور کہا شرح
بحر العلوم مین وما اورد انہ علی تقدیر جواز الاخذ بکل مذہب احتمال وقوع الخلاف المجمع علیہ اذ ربما یکون المجموع الذی
یعمل مما لم یقل بہ احد فیکون باطلا اجماعا کمن تزوج بلا صداق للاتباع بقول الامامین ای ابی حنیفۃ والشافعی رحمہما اللہ ولا شہود اتباعا بقول الامام
مالک ولا ولی علی قول امامنا ابی حنیفۃ فہذا النکاح باطل اتفاقا اما عندنا فلانتفاء الشہود اما عند غیرنا فلانتفاء الولی فاقول مندفع بعدم اتحاد المسئلۃ

---

لہ اور وہ جو اعتراض کیا گیا ہے کہ اکثر مل جل کر ایسے صورت ہوجاتی ہے جسکا کوئی بہی قائل نہین تو بالاجماع ایسے صورت
باطل ٹہرگی جیسے کہ ایک آدمی نی نکاح بغیر مہر کے اور بغیر گواہ اور ولی کی کرلیا تو جواب اسکا یہہ ہے کہ یہہ اعتراض مندفع ہے
بسبب ایک نہونی مسئلہ کے اور یہہ بہی ہے کہ اگر یہہ اعتراض پورا ہوجاوے تو لازم آویگا کہ ایک ہی مفتی سی فتوا پوچہا جاوے
سلہ اور وہ جو اعتراض کیا گیا ہے کہ بر تقدیر جایز ہونے عمل جملہ مذاہب کے احتمال ہے کہ کبہے کسی امر اجماعی کی
مخالفت پڑجاوے اس سببسے کہ کبہی مل جل کر ایسی صورت ہوجاتی ہے جسکا کوئی بہی قائل نہین تو بالاجماع باطل ٹہریگا
جیسے ایک شخص نے بغیر مہر کی بموجب مذہب امام ابو حنیفہ اور شافعی رح کی نکاح کرلیا اور بموجب مذہب امام مالک کے
گواہ بہی نہ کیئے اور بموجب قول امام ابو حنیفہ کے ولی بہی نہ کیا سو یہہ نکاح بالاتفاق باطل ٹہریگا حنفیونکی
نزدیک تو بسبب نہونے گواہون کے اور اورون کے نزدیک بسبب نہونی ولی کے تو مین جواب
دیتا ہوں کہ یہہ اعتراض مندفع ہے بسبب ایک نہونے مسئلہ کے

وقد مران الاجماع علی بطلان القول الثالث انما یکون اذا اتحدت المسئلۃ حقیقۃ او حکما فتدبر ولانہ لو تم
لزم استفتاء مفت بعینہ والا احتمل الوقوع انتہے اس عبارت مین خیال کرو کہ وجہ اول کو لفظاً لفظاً رد کر رہی ہے اور کسطرح سی
احتمال کو بیان کر کر رد کر دیا ہے، اور لکھا ہے مغتنم الحصول مین ثم مایتعلق بہ بعض المتفقہۃ فی المنع بین المذہبین ولو
فی مسئلتین من انہ خلاف الاجماع المرکب مردود بان شرط ترکب الاجماع اتحاد المسئلۃ وایضا لو تم لزم استفتاء مفت بعینہ فی جمیع
المسائل وقد عرفت بطلانہ بالاجماع کذا فی المسلم انتہے اور اگر کوئی کہے کہ تحقق اجماع مرکب کا اوپر بطلان ایسی صورت کے
ہوسکتا ہے اس تصویر سے کہ بمذہب امام مالک کے کم ہونا مقدار مسح کا یعنی ایک دو بال کا مانع صحۃ وضو ہے نے کمی
مقدار پانی کی یعنے کم ہونا قلتین سے اور بمذہب امام ابوحنیفہ کے دونو مقدارون کی کمی مانع ہے صحت وضو سے
اور نزدیک امام احمد کے اور امام شافعی کے قلت مقدار پانے کی قلتین سے مانع صحت وضو ہے نہ مقدار مسح کی
تو جو کوئی اسطرحکا وضو کریگا تو اسنے یہہ سمجھا کہ ان دونین سی کوئی چیز بھی مانع صحت وضو نہین ہے یعنے شمول عدم کی
جیساکہ توضیح مین ایسی صورت لکھی ہے اور اسکو شمول عدم سی تعبیر کیا ہے اور یہہ شمول عدم باطل ہے باجماع
مرکب آئمہ اربعہ کی تو یہہ وضو بھی باطل ہوا اجماع مرکب سی اونکی تو عدم التزام مذہب معین باطل ہوا کیونکہ اوسمین
احتمال ہے پڑنیکا ایسی صورتون باطلہ مین تو اب جواب اسکی چار ہین اول یہہ ہے کہ اسیطرح بعض اور صورتو نمین بھی
شمول عدم متحقق ہے حالانکہ وہ بعض صورتین تمہارے نزدیک بھی مسلم الصحۃ ہین جیساکہ ایک شخص نے پانی بقدر قلتین سے
جسمین کچھہ نجاست تھی امام مالک کا مقلد ہوکر وضو کیا اسلئے کہ جبکہ مذہب اونکی مین قلتین سے کم پانی نجس نہین ہے تو بعد
قلتین کے بطریق اولی نجس نہو گا اور مسح بعض سر کا امام ابوحنیفہ کا مقلد ہوکر کیا تو ظاہر ہے کہ تجویز مین صحت وضو کی بھی
شمول عدم موجود ہے اسطرح کہ امام مالک کے مذہب مین کمی ربع مسح کی مانع صحت وضو کو تھی اور امام ابوحنیفہ کی مذہب مین
کمی قدر پانیکی مانع تھی تو گویا مجوز اس وضو کی نے کہا کہ دونو امر مانع نہین ہین تو شمول عدم بوجہ اظہر اس صورت مین
متحقق ہوگیا اور باوجود اسکی یہہ صورت تمہارے نزدیک صحیح ہے پھر کیا وجہ اسکی کہ صورت اپنی بیان کئے کو فاسد کہو اور اس
صورت کو جو کہ ہمنی بیان کی ہے صحیح کہو باآنکہ شمول عدم دونو صورتون مین متحقق ہے بلکہ پہلی صورتمین اہل اختلاف
ایک عصر مین نہین اور صورت ثانی مین اہل اختلاف کا ایک زمانہ مین خلاف ہوا ہے فلیس ذلک الا
ترجیح المرجوح اور اگر کہو کہ یہہ صورت بھی باطل اور فاسد ھی تو اور آفت اور مصیبت پڑیگی کہ تخصیص ایک مذہب

---

اور یہہ پہلی گذر چکا کہ تیسرے قول کی باطل ہونی مین حقیقۃً یا حکماً مسئلہ ایک ہونا چاہیے سمجھ لے تو اور یہہ بھی ہے کہ اگر یہہ اعتراض
پورا ہو جاوے تو لازم اویگا کہ ایک ہی مفتی سے فتوا پوچھا جاوے ورنہ وہی خرابی پیش آویگی سلہ پھر بعضے فقیہہ دو مسئلونمین
بھی خلاف اجماع مرکب کو دلیل ٹھہرا کر دو مذہبون پر عمل کرنیکو منع کرتے ہین تو یہہ بات مردود ہے اسطرح پر کہ اجماع مرکب مین مسئلہ کا
ایک ہونا چاہیے اور یہہ بھی ہے کہ اگر یہہ اعتراض پورا ہو جاوے تو لازم آویگا کہ سب مسئلونمین ایک ہی مفتی سے پوچھا جاوے اور اسکا باطل ہونا بالاجماع تو جان چکا ہے

کی ثابت کرتے کرتے مذاہب اربعہ کو ناحق ہی دے بیٹھو گے کیونکہ یہہ وضو بنا بر مذہب امام شافعی اور امام احمد کی درست ہے
اسلیئے کہ اونکے مذہب مین کمی مقدار پانی اور کمی مقدار مسح کی دونو مانع صحت وضو نہین ہین پس اگر اسصورت کو فاسد
کہو گے تو مذہب شافعی اور احمد کا باطل ہو جائیگا اور انحصار مذاہب اہل سنت کا مذاہب اربعہ مین نرہیگا بلکہ مذہب
مین امام مالک اور امام اعظم کے مذاہب اہلسنت منحصر ہونگی دوسرا یہہ کہ صورت شمول عدم مقلد کو بالاجماع درست ہے
تصویر اسکی یہہ ہے کہ جبکہ ایک شخص نے قلتین سے کم پانی نجاست افتادہ مین سے وضو کیا امام مالک کا مقلد ہو کر تو اوس
پانی کی وضو کو امام احمد اور شافعی اور ابو حنیفہ ہرگز فاسد نہین جانتے بنا بر اس بات کی کہ اوس شخص متوضی نے
اس مسئلہ مین تقلید امام مالک کی کی ہے اگرچہ وہ ائمہ اوس پانی کو اپنے حق مین اور اپنے مقلدین کے حق مین نجس
جانتے ہین اوسی طرح ہی جبکہ اوس شخص نے مسح کیا دو بال پر امام شافعی کا مقلد ہو کر تو اس مسح کو امام مالک اور امام اعظم
اوسکی حق مین ناقص نہین جانتے اس نظر سے کہ وہ شخص اس مسح مین مقلد ہی امام شافعی کا اگرچہ امام اعظم اور امام
مالک اوس مسح کو اپنے حق مین اور اپنے مقلدین کے حق مین ناقص جانتے ہین تو یہہ وضو باجماع ائمہ اربعہ کی درست
ہوا اسیواسطے اور اسیطور پر بعضے محققین نی صورت نکاح بلا صداق و بلا ولی اور بلا شہود کو جو شمول عدم پر مشتمل ہے
بعد تسلیم اتحاد مسئلہ کی بہی درست کہا ہے چنانچہ سید بادشاہ شرح تحریر مین فرماتی ہین واعترض علیہ بان بطلان الصورۃ
المذکورۃ عندهما غیر مسلم فان مالکا مثلا لم یقل ان من قلد الشافعی فی عدم الصداق ان نکاحہ باطل ولم
یقل الشافعی ان من قلد مالکا فی عدم الشهود ان نکاحہ باطل انتهی واورد علیہ ان عدم قولهما بالبطلان فی
حق من قلد احدهما وراعی مذهبہ فی جمیع ما یتوقف علیہ صحۃ العمل وما نحن فیہ من قلدهما وخالف کلا منهما
فی شیء وعدم القول بالبطلان فی ذلک لا یستلزم عدم القول بہ فی هذا وقد یجاب عنہ بان الفارق بینهما لیس الا ان کلا واحد
من المجتهدین لا یجد فی صورۃ التلفیق جمیع ما شرط فی صحتها بل یجد بعضها دون بعض وهذا الفارق لا یسلم ان یکون
موجبا للحکم بالبطلان وکیف یسلم والمخالفۃ فی بعض الشروط اهون من المخالفۃ فی الجمیع فیکون الحکم فی الصحۃ

لـه اور یہہ اعتراض کیا گیا ہے اسطرح کہ باطل ہونا صورت مذکورہ کا اون دونوں کی نزدیک مسلم نہین ہے کیونکہ امام مالک مثلا یہہ نہین
کہتے کہ جسنے مہر کے نہ ٹہرانے مین امام شافعی کی پیروی کرے تو اوسکا نکاح باطل ہوگیا اور امام شافعی یہہ نہین کہتے کہ جسنے
گواہونکی نہ لینے مین امام مالک کی پیروی کرے تو نکاح اوسکا باطل ہے اور اس تقریر پر یون اعتراض کیا گیا ہے کہ ان دونو کا باطل
نہ کہنا اوسکی حق مین ہی جسنے ایک کی پیروی کی اور اپنے امام کی ساری باتونکی رعایت رکہی اور ہم جسبات کی در پی بحث ہین وہ
اوسکی حق مین کہ جسنے دونونکی پیروی کی اور بعض بات مین ہر ایک کی مخالف ہوا اور پہلی صورت کو باطل نکہنا اسکی باطل کہنے کو لازم
نہین کرتا اور کبھی اسکا جواب یون دیا جاتا ہے کہ فرق دونو صورتونمین یہہ ہے کہ کوئی مجتہد تلفیق کی صورت مین
ساری شرطین صحت عمل کی نہین پاتا

اَنی الاهون بالطریق الاولی ومن یدعی وجود فارق اخر و وجود دلیل اخر علی بطلان صورة التلفیق علی خلاف الصورة الاولی فعلیه بالبرهان فان قلت لانسلم کون المخالفة فی البعض اهون من المخالفة فی الکل لان المخالف فی الکل یتبع مجتهدا واحدا فی جمیع ما یتوقف علیه صحة العمل وهنا لم یتبع واحدا قلت هذا انما یتم لک اذا کان معک دلیل من نص او اجماع او قیاس قوی یدل علی ان العمل اذا کان له شروط یجب علی المقلد اتباع مجتهد واحد فی جمیع ما یتوقف علیه ذلک فات به ان کنت من الصادقین والله اعلم انتهی کلام السید بادشاه رحمه الله علی ما نقله الملا احسن الشرنبلالی الحنفی فی العقد الفرید وما اورد علیه فسنجیب عنه انشاء الله تعالی فی مبحث التلفیق

اور علامہ اکمل صاحب غایہ تقریر مین فرماتے ہین وتعقب الاول بان الجمع المذکور لیس بضار لان مالکا لم یقل ببطلان نکاح الشافعیة ولا الشافعی ببطلان نکاح المالکیة بلا شہود ولکن فیه نظر ظاهر علی ما نقله القندهاری فی مغتنم الحصول اقول وجه النظر ما فی کلام السید بادشاه من ایراده وقد مر جوابه

تیسرا یہہ کہ فرض کیا کہ ایک امام کی مقلد کے فعل کو دوسرا امام فاسد کہتا ہے اور شمول عدم مقلد کو درست نہین لاکن مآل اور مبنی اِس عدم جواز شمول عدم کا تو یہی ہے کہ اختلاف ائمہ اربعہ کا مستلزم بطلان شق مخالف کا ہوتا ہے اور اسکا بطلان مبحث مین اجماع مرکب کے بوجہ بسط معلوم ہوچکا جو تہا یہہ کہ فرض کیا کہ اجماع مرکب ائمہ اربعہ کا بہی درست ہوسکتا ہے اور یہہ صورت وضو کی باطل ہے تو بہر بہی اِتنے یہہ نہین لازم آتا ہے کہ تقلید ایک مجتہد کی ہر مسئلہ مین واجب ہوجاوے بلکہ ہوسکتا ہے کہ مقلد ایسی صورتونسی جنمین جمع بین المذاہب لازم آوے پرہیز رکہے اور باوجود اسکی التزام ایک مذہب کا نکرے مثلاً کوئی شخص اسطرح کرے کہ فجر کے وضو مین امام مالک کے مذہب کے تمام مسائل پر عمل کرے اسطور پر کہ جتنی شرائط اور ارکان اور سنن اور مستحبات اونکی مذہب مین ہین سکو ادا کرے اور کوئی امر ایسا نکرے کہ جسسے امام مالک کے مذہب مین وہ وضو فاسد ہوجاتا ہے اور ظہر کے وضو مین امام شافعی کے مذہب کے تمام مسائل پر عمل کرے اوسی کیفیت سی کہ امام مالک کے مذہب کے عمل مین گذرے ہے اور عصر کے وضو مین امام احمد کی تقلید کرے اوسی کیفیت سی اور مغرب کی وضو مین

بلکہ بعضے شرطین پاتا ہے اور یہہ نہین مانتی کہ فقط اتنا فرق باطل ہونیکی وجہ پڑسکتا ہے اور کیونکر یہہ امر مذکور ناجاوے حالانکہ مخالفت بعضے باتومین بہ نسبت سارے باتونکی سہل ہے تو حکم صحت کا سہل مین بطریق اولی دیا جاویگا اور جسکو اور فرق کا دعوا اور تعلیق کے باطل ہونیکی اور دلیل اوسکی پاس ہے تو وہ پیش کرے پہر اگر کوئی اعتراض کرے کہ بعضے باتومین مخالفت کا سہل ہونا بہ نسبت ساری باتونکی ہمین مسلم نہین ہے کیونکہ مخالفت کرنیوالا سارے باتومین ایک مجتہد کی پورے پیروی کرتا ہے اور یہان یون نہین ہے مین جواب دونگا کہ یہہ بات جب پورے ہوگی کہ تیری پاس کوئی دلیل آیۃ یا اجماع یا قیاس قوی سے ہووے کہ دلالت کرے اسپر کہ کسی عمل کے جب شرطین ہووین تو مقلد پر واجب ہے ایک مجتہد کا اتباع سب شرطونمین اگر وہ دلیل ہے تو لا اگر تو سچا ہو چکی عبارت سید بادشاہ کی جو ملا حسن شرنبلالی نی عقد الفرید مین نقل کی ہے اور جو اعتراض کیا گیا ہے اوسکا جواب انشاء اللہ تعالی ہم بحث تلفیق مین دینگی اور تعقب اول کا یون کیا گیا ہے کہ جمع مذکور مضر نہین کیونکہ مالک نے شافعیون کی نکاح باطل ہونیکو نہین کہا اور نہ شافعی نے مالکیون کے نکاح باطل ہونیکو جو بلا شہود ہو کہا ولیکن اسمین اعتراض ظاہر ہے جیسا کہ نقل کیا قندہاری نے مغتنم الحصول مین مین کہتا ہون کہ وجہ اعتراض وہی ہے

امام ابو حنیفہ کی تقلید کرے اوسی کیفیت اور شرائط سے جو گذری ہین تو اس شخص کے حق مین مولف کی وجہ اول کیونکر جاری ہوگی اور اوسپر تقلید شخص معین کی اوس دلیل سے کیونکر واجب ہوگی اسیواسطے لکھا ہے ملا حسن شرنبلالی نے عقد الفرید مین فتحصل مما ذکرنا انہ لیس علی الانسان التزام مذہب معین وانہ یجوز لہ العمل بما یخالف ما عملہ علی مذہبہ مقلدا فیہ غیر امامہ مستجمعا شروطہ ویعمل بامرین متضادین فی حادثتین لا تعلق لواحدۃ منہما بالاخری انتہی کما نقل سابقا

**قال** اور دوسری وجہ یہہ ہے کہ جب مذہب غیر معین پر عمل کریگا تو احتمال ہے پڑنیکا غیر ثواب مین نزدیک ائمہ اربعہ کے جیسا کہ ایک شخص نے عمل کیا بموجب مذہب شافعی کی کہ پڑہا نماز مین ساتہہ جہر بسم اللہ کے اور عمل کیا بموجب مذہب امام اعظم اور امام مالک کے کہ ترک کیا جہر آمین کو تو نماز چاروں کی نزدیک خراب ہوئی **اقول** بہت ظاہر ہے کہ مآل اور مرجع اس وجہ کا طرف وجہ اول ہی کی ہے تو جبکہ اوس وجہ کی خاک اوڑائی گئی تو اسکا کیا ذکر باقی رہا تو چاہیئے کہ جواب وجہ اول کو اسپر منطبق کرلین **قال** تیسری وجہ یہہ ہے کہ رجوع کرنا تقلید سے بعد عمل کرنیکے ممنوع ہے بالاتفاق کہا یہ شیخ ابن حاجب مالکی نے بیچ مختصر الاصول کے اور **قاضی عضد الدین** شافعی نے شرح اوسکی مین اور شیخ ابن ہمام حنفی نے بیچ تحریر الاصول کے اور صاحب در المختار نے بیچ در مختار کے اور سوا انکے اور علمائی رحمہم اللہ مانند آمدی وغیرہ نے اور عبارت تحریر کی یہہ ہے لا یرجع عما قلد ای عمل بہ اتفاقا انتہی اور کہا صاحب بحر الرائق نے بیچ رسائل زینیہ کی نقل الشیخ فی تصحیحہ عن جمیع الاصولیین انہ لا یصح الرجوع عن التقلید بعد العمل بالاتفاق انتہی یعنے نقل کیا شیخ قاسم نے بیچ تصحیح اپنے کے جمیع اصولیین سے کہ بلاشبہہ نہین صحیح ہے رجوع کرنا تقلید سے بعد عمل کرنیکے بالاتفاق مثلا ایک شخص نماز پڑہے تقلید امام اعظم کے تو نہین درست ہی کہ نماز پڑہے اور کسی طور پر اور یاد اور رکہنا اعمال کا کہ ہمنے فلانے مذہب پر عمل کیا ہے فلانی وقت اب اوسکی خلاف نکرین مشکل ہے بسبب کم ہونے دینداری کی اور سستی ہونیکی امور دین مین پس جبکہ یاد نرہا ہو تو پڑیگا اوسمین رجوع ممنوع ہے بالاتفاق یعنے بالاجماع پس اسلئے تعین مذہب ضرور ہوئی **اقول** جواب اسکی دو ہین اول جواب ساتہہ اثبات خلاف کی رجوع بعد العمل مین اور ساتہہ توڑدینے دعوے اجماع کے اسکے ممنوع ہونے پر تو کہتی ہین ہم کہ اولا دعوے اس اتفاق کا ابن الحاجب اور آمدی نے کیا ہے اور باقی صاحب جنکا مولف نی ذکر کیا ہے اور سوا اونکی سب تابع ہین ابن الحاجب اور آمدی کے تو معلوم کرنا چاہیئے کہ دعوے اجماع کا منع ہونی پر رجوع بعد العمل کے

جو سید بادشاہ کی کلام مین گذرا اور البتہ اوسکا جواب بہی ہوچکا ۱۲ جو ہمنی ذکر کیا اوسکا حاصل کلام یہہ ہے کہ انسان پر لازم نہین کہ ایک مذہب معین کا التزام کرے اور یہہ کہ جائز ہے اوسکو عمل کرنا مخالف اوسکی جسپر عمل کرچکا مع لحاظ شرائط کی اور عمل کرے دو امر متضادہ پر ایسے دو حادثون مین کہ ایک کو دوسرے سے تعلق نہین یہہ عبارت ہوچکی جیسا کہ پہلی گذرچکی ۱۲ نہ پہرے اوس مسئلہ سے جسپر عمل کرچکا بالاتفاق ۱۲ نقل کیا شیخ نے اپنے تصحیح مین سارے اصولیون سے کہ بالاتفاق بعد عمل کے نہ پہری تقلید سے

محققین نے رد کر دیا ہے اور قائل ہوئی ہین خلاف کی اس مسئلہ مین چنانچہ زرکشی نے کہا ہی کہ جو کہ ابن الحاجب اور آمدی نے کہا ہے یہہ غلط ہے یعنے دعوی اجماع کا ٹہیک نہین اسلئے کہ ان دونوں کے غیر کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ رجوع بعد العمل مین خلاف ہے یعنے بعضے کہتے ہین کہ رجوع بعد العمل درست ہے، اور بعضے کہتے ہین کہ درست نہین پس ہمکو جایز ہے کہ اتباع کرین اوس شخص کا جو قائل ہے جواز کا چنانچہ ملا حسن شرنبلالی حنفی نا فلا شرح تحریر سے فرماتی ہین قال الزرکشی لیس کما قالا یعنے الامدی وابن الحاجب ففی کلام غیرهما مایقتضے جریان الخلاف ای فلنا اتباع القائل بجواز التقلید بعد العمل بقول غیر من قلده وعمل به انتہے کلام شرنبلالی اور فاضل بہاری منہیہ مسلم مین ارشاد کرتے ہین قال الزرکشے الاتفاق ذکره الامدی وابن الحاجب ولیس کما قالاه ففے کلام غیرهما مایقتضے جریان الخلاف بعد العمل ایضاً انتہے ما فی الحاشیة المنہیة فاضل اکمل صاحب عنایہ نی تقریر مین کلام کو زرکشی کے نقل کر کے اوسکی تائید کی ہے اور کہا کہ رجوع کرنا کیونکر ممنوع ہوگا جس حالت مین کہ غیر کی مذہب کو صحیح جانی چنانچہ فاضل قندہاری نے مغتنم الحصول مین کہا ہے وفی التقریر الاتفاق ذکره الامدی وابن الحاجب وتعقبه الزرکشی بان کلام غیرهما یقتضے الاختلاف بعد العمل ایضاً وکیف یمتنع الرجوع اذا اعتقد صحة غیره انتہے اور ایسا ہی شیخ امام تقی الدین سبکی نے بہی دعوے اجماع کو رد کیا ہے اور کہا ہے کہ سوائے ابن الحاجب اور آمدی کے اور دنکے کلام سے رجوع بعد العمل مین خلاف معلوم ہوتا ہے اور کہا کہ کسطرح سے رجوع ممنوع ہوگا جبکہ صحة مذہب غیر کے معلوم ہوگی چنانچہ سید شریف علی السمہودی عقد الفرید فی احکام التقلید مین فرماتے ہین ثم رایت فی فتاوی السبکے انه سئل عن ذلك فی ضمن مسائل الی ان قال السبکے ودعوی الاتفاق فیها نظر وفی کلام غیرهما ما یشعر باثبات الخلاف بعد العمل ایضاً وکیف یمتنع اذا اعتقد صحته انتہی کذا فی العقد الفرید للشرنبلالی اور ایسا ہی سید محقق شامی نے بہی کہا ہے کہ دعوے اجماع مین نظر ہے اسلئے کہ خلاف مروی ہے پس جایز ہے اتباع قول بالجواز کا چنانچہ رد المحتار مین فرماتے ہین علی ان فی دعوی الاتفاق نظر فقد حکی الاختلاف

۱ زرکشی نی کہا ہی کہ آمدی اور ابن حاجب نے جیسا کہا ہے ویسا نہین ہے کیونکہ ان دونو کی سوا اور ونکی کلام مین وہ عبارت ہی کہ جس سے خلاف کا جاری ہونا پایا جاتا ہے یعنی ہمکو جایز ہی اتباع اوسکا جو یہہ کہتا ہے کہ بعد عمل کے بہی اور کی تقلید وا ہی ۲ کہا زرکشی نی آمدی اور ابن حاجب نے اتفاق نقل کیا ہے اور جیسا اونہون نے کہا ہے یون نہین ہے کیونکہ اور ونکی کلام مین بعد عمل کی بہی خلاف جاری ہے ۳ اور تقریر مین ہی کہ آمدی اور ابن حاجب نے اتفاق نقل کیا ہے اور اوسپر زرکشی نی یون اعتراض کیا ہے کہ ان دونکا کلام بعد عمل کے بہی خلاف کو چاہتا ہے اور بہلا رجوع کیونکر منع رہیگا جب غیر کی مذہب کے صحیح ہونیکا اعتقاد جم جائیگا ۴ پہر مینے دیکہا فتوی سبکی مین کہ اور مسائل کے شامل کسی نے اونسے رجوع کا مسئلہ پوچہا تو سبکی نی کہا کہ دعوے اتفاق مین بحث ہے کیونکہ آمدی اور ابن حاجب کے سوا اور ونکی کلام مین وہ عبارت ہے جس سے بعد عمل کی بہی خلاف سمجہا جاتا ہے اور کیونکر رجوع منع ہوگا جب غیر کی صحت کا اعتقاد جم جائیگا یونہین ہے شرنبلالی کی عقد الفرید مین ۵ علاوہ یہہ کہ دعوے اتفاق مین بحث ہے کیونکہ خلاف نقل کیا گیا ہے

فیجوز اتباع القائل بالجواز انتہے بلکہ خود شیخ **ابن الہمام** نی اگرچہ تحریر مین موافق ابن الحاجب کے کہا، لاکن **فتح القدیر** مین ابن حاجب کے اتباع کو طاق پر رکھہ کر حق کو اختیار کیا ہے اور قائل خلاف کی ہوئی ہین چنانچہ **بحر العلوم** **شرح مسلم** مین فرماتی ہین لا یرجع المقلد عما عمل بہ من حکم جزئی اتفاقا کذا فی المختصر والتحریر للشیخ وان ذکر مہنا موافقا للمختصر وتنزلا علی رایہ لکن کلامہ فی فتح القدیر مشعر بالخلاف بعد العمل انتہے بلکہ جمہور کے کلام سے اختلاف رجوع بعد العمل مین معلوم ہوتا ہے اسلیئے کہ لزوم تقلید مین بعد التزام کی جمہور کے نزدیک تین قول ہین قیل[ف۵۲] یلزم وقیل لا وهو الاصح وقیل لکن هو لم یلتزم جیساکہ سابق مین نودس کتابون کے عبارتون سے معلوم ہوا اور ظاہر ہے کہ جبکہ لزوم بعد الالتزام مین تین قول ہوئی تو منع رجوع مین جو فرع ہے لزوم کے کیونکر خلاف نہو گا چنانچہ **مسلم** مین کہا ہے وقیل مختلف فیہ یعنی الرجوع بعد العمل اقول یدل علیہ التثلیث فی الالتزام فان وجودہ لیس اولی من عدمہ ضرورۃ تدبر انتہی[ف۵۳] اور شرح مین **بحر العلوم** نے کہا ہے اقول یدل علیہ التثلیث فی المذاہب فی الالتزام ای مذہبہ فان وجودہ ای الالتزام لیس اولی من عدمہ ضرورۃ ولا معنی الاتفاق عند وجودہ والاختلاف عند عدمہ تدبر انتہے پس جبکہ کلام سے زرکشی کے اور شیخ تقی الدین سبکی کے بلکہ خود شیخ ابن الہمام کے بلکہ کلام سے تمام قائلین بالتثلیث کی ثابت ہوا کہ دعوے اجماع کا منع ہونے رجوع بعد العمل پر غلط ہے تو یہہ امر مختلف فیہ ٹہرا اسوہمنی بقول ملا حسن شرنبلالی حنفی کے جواز کو اختیار کیا بسبب اسکے کہ جواز رجوع مدلل ہے بعینہا اون دلائل سے جو عدم التزام تقلید معین پر گذر چکین ہین اور امتناع رجوع پر کوئی دلیل ادلہ شرعیہ مین سے نہین ہے ما انزل اللہ بہا من سلطان **دوسرا جواب یہہ** ہے کہ اگر فرض بہی کیا جاوی کہ دعوے اجماع کا ثابت ہے تو بہی اس سے تقلید معین نہین ہوتی اسلئی کہ محققین نقاد معنی امتناع رجوع بعد العمل کے یہہ کرتے ہین کہ جبکہ کوئی شخص ایک حادثہ مین کسی مجتہد کے تقلید کرلے تو اوسکو درست نہین کہ اوس حادثہ خاص مین اوس تقلید سی رجوع کرے مثلا ایک شخص نے ظہر کا وضو کیا ساتہہ مسح ربع سر کے امام ابوحنیفہ کا مقلد ہوکر تو اب اسکو درست نہین کہ اس وضو خاص مین تقلید سی امام ابوحنیفہ کی رجوع کرے اور اس مسح کو باطل کہے اور مسح تمام سر کا بنا بر مذہب امام مالک کے اوسی وضو مین واجب جانی اور امتناع

---

تو جو جواز کا قائل ہے اوسکی پیروی ہوسکتی ہے **ف۵۱** نہ پہری مقلد اوس مسئلہ سی جسپر بطور حکم جزئی کی عمل کر چکا بالاتفاق یونہین ہے مختصر اور تحریر ابن ہمام مین اور یہان موافق مختصر کی مذکور ہوا ہے لیکن کلام اوکا فتح القدیر مین خبر دیتا ہے کہ بعد عمل کے بہی خلاف ہے **ف۵۲** بعضون نے کہا ہے کہ لازم ہو جاتا ہے، اور بعضون نے کہا ہے کہ نہین اور یہہ بہت صحیح ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ التزام کرنا اور نہ کرنا یکسان ہے، **ف۵۳** بعضون نے کہا ہے کہ رجوع کرنا بعد عمل کی اختلافی ہی مین کہتا ہون کہ دلالت کرتی ہین اس خلاف پر اوسکی تین قول کہ بلاشک التزام اور بلا التزام دونو یکسان ہین سوچ لیے ہو چکی عبارت مسلم کی **ف۵۴** مین کہتا ہون کہ دلالت کرتی ہین اوسپر تین قول مذہبون مین جو وجود با التزام ایک مذہب کے گذر چکی تو التزام کرنا نہ کرنی سی اولی نہین ہوسکتا اور التزام کی وقت اتفاق

رجوع بعد العمل کے یہہ معنی نہین کہ جبکہ اوس شخص نے مثلاً بیچ فرض ظہر کے دن جمعہ کے مسح ربع سر مین تقلید ابوحنیفہ
کی اختیار کی تو اب اوسکو دوسرے وضوء مین مثلاً ہفتہ کے ظہر کے وضوء مین یا جمعہ ہی کہ عصر کی وضوء مین بہی ربع سر کی
مسح سے رجوع کرنا ممنوع ہے جیسا کہ حضرت مولف سمجھی ہین اور بعض محققین اوس امتناع کو اس محل مین جاری کرتی
ہین جسجگہہ کسے کا ضرر لازم آوی جیسیکہ ایک شخص نے نکاح کیا بلا شہود بنا بر مذہب مالک رح کی اور جبکہ عورت نے
مہر طلب کیا تو وہ شخص تقلید مالکی سے رجوع کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ مین حنفی مذہب کا مقلد ہو کر اس نکاح کو ناجائز
ٹہرا کر مہر دینی سے بچ جاؤن تو اوس محل مین رجوع کرنا اوسکا مذہب مالکی سے باعث ضرر اوس عورت کا ہی اور
بعضوں کے نزدیک یہہ امتناع رجوع محمول ہے صورۃ تلفیق پر لاکن یہہ محل خلاف تحقیق کی ہے چنانچہ بحث تلفیق مین آویگا
اسلئے اسانید پہلی دونون معنی کی نقل کیئے جاتی ہین تو سنو کہ کہا محقق شامی نے ردالمحتار مین بعد قول عدم جواز
رجوع کے او هو محمول علی منع التقلید فی تلك الحادثة بعینها لا مثلها کما صرح به الامام
السبکی وتبعه علیه جماعة وذلك کما لو صلی ظهرا بمسح ربع الراس مقلدا للحنفی فلیس له ابطالها
باعتقاده لزوم مسح الکل مقلدا للمالکی واما لو صلی یوما علی مذهب واراد ان یصلی
یوما اخر علی غیره فلا یمنع منه علی ان فی دعوی الاتفاق نظرا فقد حکی الخلاف فیجوز اتباع
القائل بالجواز کذا افاده العلامة الشرنبلالی فی العقد الفرید ثم قال بعد ذکر فروع من اهل المذهب
صریحة بالجواز وکلام طویل فتحصل مما ذکرناه انه لیس علی الانسان التزام مذهب معین وانه یجوز له العمل
بخلاف ما عمله علی مذهبه مقلدا فیه غیر امامه مستجمعا شروطه والعمل بامرین متضادین فی حادثتین لا تعلق لواحدة منهما بالاخری
انتہی اور کہا طحطاوی نی حاشیہ درمختار مین **قوله** وان الرجوع الخ کان قلد الحنفی مالکا مثلا فی نکاح بغیر شهود

---

اور عدم التزام کی وقت اختلاف ہونا اسکی کوئی وجہہ نہین ف یا وہ حمل کیا گیا ہے منع تقلید پر جو بعینہ اوسی مسئلہ مین ہووے اوسکی
مثل اور دوسرے مسئلہ مین چنانچہ امام سبکی نی اسکی تصریح کی ہی اور ایک جماعت سبکی کی پیرو ہوئی ہی چنانچہ ایک شخص نی بموجب قول امام ابوحنیفہ کی
پاؤ سر کا مسح کر کی ظہر کی نماز پڑہے تو اب یہہ نہین چاہیئی کہ امام مالک رح کے مذہب کا اعتقاد کر کے اوس نماز کو باطل ٹہراوی ہان اگر ایک دن
ایک مذہب کے موافق پڑہے اور دوسرے دن اور دوسرے مذہب کے موافق پڑہنے کا ارادہ کرے تو اوسی منع کیا جاوے علاوہ دیہہ کہ اتفاق کی دعوی
مین بحث ہے کیونکہ اختلاف بہی یقینی نقل کیا گیا ہے تو جو علما رجوع بعد العمل کو جائز کہتے ہین اونکی اتباع جایز ہے یوہین فائدہ
بخشا ہے علامہ شرنبلالی نے عقد الفرید مین بہر صاحب مذہب کے جزئی مسئلہ ذکر کر کی جس سی صریح جواز رجوع کا نکلتا ہے
کہا ہے کہ جو ہمنے ذکر کیا اوسکا حاصل کلام یہہ ہوا کہ انسان پر التزام پکڑنا ایک مذہب معین کا ضرور نہین اور بشرط نگاہ رکہنے
شرائط کی اوسی بعد عمل کے بہی اور مذہب کے مسئلو نپر جو مسائل معمولہ کے مخالف ہین عمل کرنا روا ہے اور ایسے دو حادثون مختلف مین
اوسی عمل پہونچتا ہے کہ ایک کو دوسرے سے لگاؤ نہو ف چنانچہ تقلید کرے حنفی امام مالک کی مثلاً بی گواہ کے نکاح مین

ثم اراد الرجوع عن التقليد ای ویحکم بمذهبه بان المهر لا یلزمه فلیس له ذلك ۱ھ ح بزیادة واعلم انه لیس المراد نفی
جواز التقلید مطلقا بل فی نحو ما ذکرناه لان الرجوع ههنا یلزم منه ضرر الغیر واعلم ان تقلید الحنفی الشافعی مثلا فی مسئلة
عبارة عن الاخذ بقوله مع بقائه علی مذهبه فی المسئلة حتی لو استفتی عن خصوص هذه المسئلة التی قلد فیها لا یجیب السائل
الا بطبق مذهب الامام ومعنی بقائه علی مذهبه فیها ان یکون وقت العمل بمذهب الشافعی فی المسئلة التی قلده فیها باقیا
علی اعتقاد متابعة الامام فی حکم المسئلة التی قلد الشافعی فیها ای بالنسبة لما عساه ان یقع له فی المستقبل فان قلت
ان بقاؤه علی مذهبه و لا یجیب الا بقوله امامه یتضمن الرجوع عما قلده فیه قلت الممتنع الرجوع عن عین تلك الواقعة المنقضية
لا ما یحدث بعدها من جنسها انتہے اور کہا فاضل قندہاری نے مفتنم میں ثم ان الشرنبلالی الحنفی قرر ان المنع
عن الرجوع بعد العمل انما هو فی تلك الحادثة بشخصها لا فی مثلها انتہے اور کہا سید شریف علی سمہودی نے عقد الفرید فی حکام التقلید میں
المختار ان کل مسئلة اتصل عمله بها فلا مانع من اتباع غیر مذهبه الاول وبه یعلم ما فی
حکایة اطلاق الاتفاق علی المنع ولعل المراد اتفاق الاصولیین ثم ان کان المراد من منع الرجوع
حیث عمل فی الواقعة عین تلك الواقعة المنقضية لا ما یحدث بعدها من جنسها فهو ظاهر لحنفی سلم شفعة
بالجوار عملا بعقیدته ثم عن له تقلید الشافعی حین ینزع العقار ممن سلمه له فلیس له ذلك کما انه لا یخاطب بعد
تقلیده للشافعی باعادة ما مضی من عباداته التی یقول الشافعی ببطلانها المضیها علی الصحة فی اعتقاده فیما مضی فلو شری

---

پہر ارادہ کرے رجوع کا یعنے اپنے مذہب کے موافق کہے کہ مہر مجہہ پر لازم نہین تو یہہ اوسے نہین چاہیئے اور جان کہ بالکل غیر کی تقلید سے ممانعت
مراد نہین ہے بلکہ ایسے صورتون مین ہے جو ہمنے ذکر کرے ہین کیونکہ ایسی رجوع مین ایک کا نقصان ہے اور جان رکہہ کہ تقلید کرنا حنفی کا مثلاً امام
شافعی کی کسے مسئلہ مین یہہ ہے کہ شافعی مذہب کا قول لیکر اپنے مذہب پر باقی رہے اوس مسئلہ مین یہانتک کہ اوس خاص مسئلہ مین اگر کوئی
فتوا پوچھے تو اپنے امام کے قول کے موافق جواب دیوے اور معنی باقی رہنے اپنے مذہب کے یہہ ہین کہ امام شافعی کی مذہب پر عمل کرنیکی وقت
اوس مسئلہ مین تابعداری امام اپنے کا آگے کو معتقد رہے پہر اگر تو کہی کہ باقی رہنا اپنے مذہب پر اور جواب فتویکا دینا اپنے امام کے موافق
شتمل ہے رجوع کو اوس صورت سے جسپر عمل کر چکا تو مین جواب دونگا کہ ممتنع وہ رجوع ہے جو مین اوسی حادثہ مین ہو نہ اوسمین جو اوسکی
جنس سے پیدا ہوا ہی سے ہ پہر شرنبلالی حنفی نی ٹہرایا کہ منع رجوع بعد عمل کے اوسیصورتمین ہے کہ جب اوسی مسئلہ خاص مین ہو اوسکی مثل مین
نہین ہے عہ مذہب مختار یہہ ہے کہ جس مسئلہ پر عمل کر چکا اوسمین اور مذہب کے موافق عمل کرنے سے کوئی مانع نہین ہے اور حکایت اتفاق
منع مین جو شبہہ ہے وہ اوسی اوپر کی تقریر سے معلوم ہوتا ہے شاید اتفاق سے اصولیون کا اتفاق مراد ہے پہر اگر منع رجوع سے وہی
مسئلہ خاص بعینہا مراد ہے نہ اوسکی جنس کا دوسرا تو ظاہر ہے جیسے ایک حنفی مذہب نے موافق اپنے عقیدہ کی حق شفع پڑوسی کو
دیا پہر اوسنے امام شافعی کی تقلید کرکے وہ گہر چہین لیا تو اوسے یہہ روا نہین جیسا کہ نہین کہا جاتا اوس حنفی کو بعد تقلید مذہب
شافعی کے اون مسئلونکی اعادہ کی لئے جنکو وہ کر چکا اسوجہہ سے کہ وہ مذہب حنفی مین ٹہیک ہے اگرچہ موافق مذہب شافعی کی ٹہیک ہتی ہان اگر

لهذا الحنفي بعد ذلك عقارا آخر وقلد الشافعي في عدم القول بشفعة الجوار فلا يمنعه ما سبق من ان يقلده في ذلك
فله ان يمتنع من تسليم العقار الثاني فان قال الآمدي وابن الحاجب ومن تبعهما بالمنع في مثل هذا وعمموا ذلك في جميع
صور ما وقع العمل به اولا فهو غير مسلم ودعوى الاتفاق عليه ممنوعة ففي الخادم ان الامام الطرطوسي رحمه الله
حكى انه اقيمت صلوة الجمعة وهم القاضي ابو الطيب الطبري بالتكبير فاذا طائر قد ذرق عليه فقال انا
حنبلي ثم احرم ودخل في الصلوة انتهى قلت ومعلوم انه انما كان شافعيا يتجنب الصلوة بذرق الطائر فلم يمنعه
عمله اي السابق بمذهبه في ذلك من تقليد المخالف عند الحاجة اليه وفي الخادم ايضا ان القاضي ابا عاصم العامري
الحنفي كان يفتي على باب مسجد القفال والمؤذن يؤذن المغرب فنزل ودخل المسجد فلما رآه القفال امر
المؤذن ان يثني الاقامة وقدم القاضي فتقدم وجهر بالبسملة مع القراءة واتى بشعار الشافعية في صلوته
انتهى ومعلوم ان القاضي اباعاصم انما يصلي قبل بشعار مذهبه فلم يمنعه سبق عمله بمذهبه في ذلك ايضا ثم
قال السيد السمهودي ثم رأيت في فتاوى التقي السبكي انه سئل عن ذلك في ضمن مسائل الى ان قال السبكي
ودعوى الاتفاق فيها نظر وفي كلام غيرهما ما يشعر باثبات الخلاف بعد العمل ايضا وكيف يمتنع اذا اعتقد صحته ولكن وجه
ما قاله الآمدي انه بالتزامه مذهب امام مكلف به ما لم يظهر له غيره والعامي لا يظهر له الغير بخلاف المجتهد حيث ينتقل من امارة الى امارة

یہہ حنفی اسکی بعد کوئی اور گہر خریدے اور پڑوسکی شفع نہ ہونی مین امام شافعی کی تقلید کرے تو اوسی یہہ نہین کہا جاسکتا کہ اب بہی حنفی کی موافق عمل کر
سو اوسی یہہ پہونچتا ہی کہ دوسرا گہر پڑوسیکو نہ دیوی سو اگر آمدی اور ابن حاجب اور اون دونوں کی پیرو نے ایسی صورتوں مین رجوع کو منع کہہ کر تمام صورتون مین
یہہ حکم عام رکہا ہے تو یہہ امر غیر مسلم ہے اور دعوی اتفاق کا ماننے کی قابل نہین کیونکہ خادم مین ہے کہ امام طرطوسی نی حکایت کی کہ جمعہ کی نماز
جماعت کہڑی ہوئی اور قاضی ابو الطیب طبری نے تکبیر تحریمہ کا ارادہ کیا تہا کہ ایک جانور نی اونپر بیٹ کر دی تہی اونہون نی کہا کہ مین حنبلی ہون اور
اور نیت باندہ کر نماز مین داخل ہوگئی ہو چکی عبارت خادم کی مین کہتا ہون کہ یہہ بات معلوم ہے کہ وہ شافعی تہی جانور بیٹ کر دی تو بغیر دہوئے
نماز نہین پڑہتی تہی سو اونکی مذہب کے عمل درآمد سابق نی اونکو مخالف مذہب پر عمل کرنے سے وقت ضرورت کی باز نہ رکہا اور یہہ بہی خادم مین ہے کہ قاضی
ابو عاصم عامری حنفی قفال کے مسجد کے دروازہ پر فتوا دیتی تہی اور موذن نے مغرب کی اذان دی تو وہ دروازہ پر سی اوتر کر مسجد مین آگئی سو قفال نی
جب اونکو دیکہا موذن سی کہدیا کہ اقامت کی لفظ دو دو دفعہ کہی اور قاضی کو امام بنایا سو قاضی امام بن گئی اور بسم اللہ اور قرات پکار کر پڑہی اور
باتین موافق مذہب امام شافعی کے برتین ہو چکی عبارت خادم کی اور یہہ بات معلوم ہے کہ پہلی قاضی ابو عاصم اپنے مذہب حنفی کی موافق عمل درآمد
رکہتے تہے سو پہلی کی عمل درآمد نی اونکو اس عمل سے منع نہ کیا پہر سمہودی نے کہا کہ مین نے دیکہا ہے تقی الدین سبکی کی فتوی مین کہ اونسی کسینی اور ایسے مسئلونکی
شامل مین رجوع مذہبی کا فتوا پوچہا تو سبکی نی اور جوابات دیکر اسبابمین یہہ کہا کہ دعوے اتفاق مین بحث ہی کیونکہ اوروں کی کلام مین وہ عبارت ہے
جس سے خلاف سمجہا جاتا ہے عمل کے بعد بہی اور پہلا کیونکر رجوع منع ہوگا جب مخالف کی صحت کا عقیدہ جم جاوے لیکن وجہ اون دونو کی کہتی کی یہہ ہے
کہ جس مسئلہ پر عمل کر چکا بالتزام مذہب یک امام کر تو جب تک اوسی سکی سوا اور نہ معلوم ہو وسیکا مکلف رہیگا برخلاف مجتہد کی کہ دم بدم ایک دلیل سے دوسری دلیل کی طرف جاتا ہے

هذا وجه ما قاله الآمدی وابن الحاجب ولا باس به لکنی اری تنزیله علی خصوص العین فلا یبطل عین ما فعله وله فعل جنسه بخلاف انتهی عبارة السید ملخصا نقلا عن العقد الفرید للعلامة الشرنبلالی الحنفی

اور خود ملا حسن الشرنبلالی الحنفی نے عقد الفرید مین منقول روایات صحیحہ معتمدہ کی ان معنی کو ثابت کیا ہے جسکو شوق ہو عقد الفرید کو ملاحظہ کرلے اِس مختصر مین نقل کرنا تمام کلام کا اوسکی دشوار ہے مگر قدرے قلیل تیمناً کہا جاتا ہی تو سنو کہ شروع مین تحقیق منع رجوع بعد العمل کے فرماتی ہین خاں قلت کیف ہذا مع قول العلامة الشیخ الامام کمال الدین ابن الہمام فی تحریرہ مسئلة لا یرجع فیما قلد فیه ای عمل به اتفاقا انتہی قلت لا یمنع ذلک ما قلته من صحة التقلید لحمل المنع علی خصوص العین لا خصوص الجنس انتہی اور بعد اسکی چند روایتین معتمدہ مویدہ اپنی جواب کی نقل کئے ہین پہر معنی ظاہری کلام ابن الحاجب کو اور کلام شیخ خالد ازہری رحمة اللہ کو رد کرتے ہین چنانچہ فرماتی ہین ولما فیه من رد ما یتوهم من ظاهر عبارة ابن الحاجب ومن رد ما صرح به فی شرح جمع الجوامع للشیخ خالد الازہری مستندا لذلک الایہام حیث قال واذا عمل العامی بقول مجتهد فی حادثة فلیس له الرجوع عنه الی فتوی غیره فی مثل تلک الواقعة اجماعا کما نقله ابن الحاجب وغیره انتہی عبارة الشیخ خالد رحمه الله وانت تری انه لیس فی کلام متن جمع الجوامع ولا کلام ابن الحاجب التصریح بالمنع عن مثل ما قلد فیه بل احتمال لدولنا ان نمنع ذلک الاحتمال ونقول لیس فی کلام ابن الحاجب ولا جمع الجوامع الا المنع عن الرجوع عن عین ما قلد فیه وعمل به لان عبارة ابن الحاجب التقلید هو العمل بقول الغیر من غیر حجة ثم قال فلا یرجع عنه بعد تقلیده اتفاقا وفی حکم اخر المختار جوازه لنا القطع بوقوعه ولم ینکر انتہی لان قوله وفی حکم اخر یراد به حادثة اخری اعم من ان تماثل ما فعله او تخالفه وان ارید به ما یخالفه فقط قلنا

یہی وجہ ہے اوس قول کی جسکو آمدی اور ابن حاجب نے کہا ہی اور اس مقولہ مین کچہ ڈر نہین لیکن میرے عقیدہ مین لگاؤ اس مقولہ کا خاص مسئلہ مین ہے جو کچہ کر چکا ہے بعینہ اوسکو باطل نکری اور دوسرا مسئلہ اوس جنس کا جو پیش آوی اوسمین اوسکو رجوع پہونچتا ہی ہوچکی عبارت سید کی بطور تلخیص کے شرنبلالی کی عقد الفرید مین سے ف اگر ہی تو کیونکر ہوگا یہہ باوجود کہنی ابن ہمام کے تحریر مین نہ رجوع کری اوس مسئلہ مین جسپر عمل کر چکا بالاتفاق ہوچکی عبارت تحریر کی مین کہتا ہون کہ رجوع کا منع کرنا خاص بعینہ اوسی مسئلہ مین ہی نہ اوسکی جنس مین ہوچکی عبارت شرنبلالی کی ف اور لئے اس عبارت مین رد ہے اوسکا جو وہم ہوتا تہا ظاہر عبارت ابن حاجب سے اور رد ہی اوسکا جسکی تصریح کی ہی شیخ خالد ازہری نے شرح جمع الجوامع مین وہم کو دلیل ٹہراکر چنانچہ کہا ہے کہ جسوقت عمل کرے عامی کسی مجتہد کی قول پر کسی مسئلہ مین تو اوسکو رجوع بالاجماع نہین پہونچتا اور مجتہد کے فتوی کیطرف اوس مسئلہ کی مثل اور مسائل مین چنانچہ نقل کیا اسکو ابن حاجب وغیرہ نے ہوچکی عبارت شیخ خالد کی اور تو خوب جانتا ہی کہ متن جمع الجوامع اور کلام ابن حاجب مین تصریح مثل کی نہین بلکہ احتمال ہی سکا تو ہمین پہونچتا ہے کہ اوس احتمال کو نہ مانین اور کہدین کہ نہین ہے ابن حاجب کے کلام مین اور جمع الجوامع مین مگر منع رجوع کرنے خاص مسئلہ بعینہ سی جسپر عمل کر چکا کیونکہ عبارت ابن حاجب کی تو یہی ہی کہ تقلید عمل کرنا غیر کی قول پر بغیر دلیل کے ہے پہر کہا ہے کہ رجوع نکری بعد تقلید کرنیکی بالاجماع اور دوسرے مسئلہ مین غیر کے قول پر عمل کرنا موافق مذہب مختار کی جائز ہے کیونکہ ہمین یقین ہے کہ اگلی زمانہ مین بلا روک ٹوک یونہین ہوا ہے ہوچکی عبارت ابن حاجب کی ابن کی قول سے مراد ہی کہ دوسرے مسئلہ مین عام ہی خواہ وہ مسئلہ پہلی کے موافق ہو یا مخالف اور اگر کوئی فقط مخالف ہے لیوے تو ہم

المنع وكذا الكلام على عبارة جمع الجوامع وسنذكر ما يحقق هذا ان شاء الله تعالى فهذا قد علمت به جواز
التقليد بعد العمل في جنس ما عمل بخلافه انتهى كلام الشرنبلالي الحنفي حاصل کلام یہہ کہ اگر دعوی اجماع کا تسلیم بھی کیا جاوے
تو معنی اسکے یہہ ہین کہ جس حادثہ خاص مین تقلید کرچکا او سمین اوس سے رجوع نکرے اگرچہ دوسرے حادثہ مین جو مثل اوسکی ہو رجوع
درست ہے چنانچہ کلامون مین اتنی اکابر حنفیہ او شافعیہ کی گذرا تو پہر بہی تقلید معین ہر مسئلہ مین ہر حادثہ مین ثابت نہوئی
**قال** چوتہی وجہ یہہ ہے کہ تلاش کرنا مذاہب کے رخصتون کا ممنوع ہے بالاجماع کہا ہے اسکو ابن عبد البر مالکی نے کہا یہہ بیچ مسلم کے
اور لوگو نکا یہہ حال ہے کہ جو کچہ اونکی نفسون کے موافق ہے اوسکی طرف بہت دوڑتے ہین بسبب کمی دین داری اور سستی کی امور
دین مین خصوصاً اس زمانہ مین پس پڑینگی لوگ بیچ ممنوع کی کہ بالاجماع ہے پس کیونکر بری الذمہ ہونگی عہدہ تقلید کیسی
بالیقین **اقول** جناب مولف نے اس قول مین یہہ خیانت کی ہے کہ لاتقربوا الصلوۃ کو تو لے لیا ہے اور انتم سکاری کو
چہوڑ دیا ہے یعنی جسطرح سے کہ کتاب مسلم مین سی اجماع ابن عبد البر کا لے لیا ہے اور جو کہ مسلم مین اسکا جواب لکہا ہی اوسکو چہوڑ دیا
خیر یہہ چالاکی اونکی کچہہ نئی نہین ہے ہمکو اس چالاکی سے کچہہ تعرض نہین اصل بات کا جواب دینا چاہیے تو سنو کہ اس
چوتہی وجہ کی جواب دو ہین اول جواب تو یہہ ہے کہ دعوے اجماع ابن عبد البر کا منقوض ہے ساتہہ اثبات خلاف امام احمد کے
اور ساتہہ ہونی اوسکی کے مخالف احادیث صحیحہ کی جو مروی ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان اسکا یہہ ہے کہ امام احمد سے
روایت ہی کہ تلاش کرنیوالا رخصتون مذاہب کا فاسق نہین تو تتبع رخص اونکی نزدیک ممنوع نہوا تو اجماع کہان ہوا بنا بر
اس قاعدہ متفق علیہا کی خلاف الواحد مانع کذا فی جمیع کتب الاصول اگرچہ ایک روایت مینہی بہی آیا ہے کہ وہ فاسق ہے
لاکن قاضی ابو یعلی وغیرہ نے روایت مفسقہ اوس شخص کے حق مین محمول کی ہے جو غیر عامل ہو اور بعض نے کہا ہے کہ یہہ روایت
متلہی کے حق مین ہے اور روضۃ النودی مین ستسے انکار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہہ شخص فاسق نہین ہے چنانچہ ہر ایک قول پر شاہد
نقل کیا جاویگا اور سوائی اسکی اجماع کیواسطے کوئی سند چاہیئے قرآن سی یا حدیث سی یا قیاس سے حالانکہ تتبع رخص کے ممنوع
ہونی پر کوئی سند و دلیل شرعی نہین چنانچہ عنقریب جہابذہ فن کی کلامون سے معلوم ہوگا بلکہ چند احادیث صحیحہ مخالف اسکی جنسی تتبع
رخص جایز معلوم ہوتا ہے موجود ہین چنانچہ عنقریب کلام مین شارح تحریر کے اونگین کہا شیخ ابن الہمام نے تحریر مین ویتخرج علیہ
منہ جواز اتباعہ رخص المذاہب ولا یمنع منہ مانع شرعی اذ للانسان ان یسلک الاخف علیہ اذا کان لہ الیہ سبیل
بان لم یکن عمل فیہ باخر وکان علیہ السلام یحب ما خفف علیہم انتہی اور کہا سید بادشاہ نے شرح تحریر مین وکان صلی اللہ علیہ وسلم

---

نہین ماننی اور صحیح کی گفتگو عبارت جمع الجوامع مین ہے ما وانشاء اللہ تعالے ہم قریب اسکی تحقیق کو ذکر کرینگے یہان اتنی بات تو تو نی جان لی کہ بعد عمل کرنیکی
اوس جنس کی اور مسائل مین اور مجتہد کی تقلید جایز ہے ہوچکا کلام شرنبلالی حنفی کا ۱ھ ایک کا خلاف بہی مانع اجماع ہوتا ہی سب اصول کی
کتابو نمین یہی ہے ۱ھ اور نکلتا ہے اس سے رخصتو نکی پیروی کا جایز ہونا اور نہین منع کرتا ہی اوس سے کوئی مانع شرعی اسلئے کہ انسان کو پہونچتا ہے
کہ جو طریق پاوی تو وہ رستہ چلی جو سہیر سہل ہے اوسکی طرف وہ طریق یہہ ہے کہ عزیمت پر عمل نہ کرچکا ہو اور آنحضرت صلعم اسبات پر تخفیف کو دوست رکہتی تہی ۱ھ علیہم اللہ اعلم

يحب ما خفف عليهم في صحيح البخاري عن عايشة رضي الله عنها بلفظ عنهم وفي رواية بلفظ ما يخفف عنهم اي امته
وذكروا عدة احاديث صحيحة دالة على هذا المعنى قلت وذلك لقوله تعالى يريد الله بكم اليسر ولا يريد بكم العسر
وروى الشيخان وغيرهما حديث انما بعثتم ميسرين ولم تبعثوا معسرين ولاحمد بسند صحيح خير دينكم اليسر وروى
الشيخ نصر المقدسي في كتاب الحجة مرفوعا اختلاف امتي رحمة ونقله ابن الاثير في مقدمة جامعه عن قول مالك
وفي المدخل للبيهقي عن القاسم ابي محمد انه قال اختلاف امة محمد صلى الله عليه وسلم رحمة ويترجح ما قاله بعضهم على
حمله على الاختلاف في الاحكام بما في مسند الفردوس عن ابن عباس مرفوعا اختلاف اصحابي لكم رحمة لان في
المدخل للبيهقي عن عمر بن عبد العزيز قال ما يسرني ان اصحاب محمد صلى الله عليه وسلم لم يختلفوا لانهم لو لم يختلفوا
لم تكن رخصة واخرج البيهقي في حديث لابن عباس رضي الله عنهما قال فيه ان اصحابي بمنزلة النجوم فايما اخذ
به اهتديتم واختلاف اصحابي لكم رحمة قلت واختلاف الصحابة هو منشاء اختلاف الامة
ولما اراد هارون الرشيد حمل الناس على موطاء الامام مالك كما حمل عثمان الناس على القران قال
له مالك ليس الى ذلك سبيل لان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم افترقوا بعده في الامصار
فحدثوا عند اهل كل مصر علمه وقد قال صلى الله عليه وسلم اختلاف امتي رحمة وهذا كالصريح في ان المراد
الاختلاف في الاحكام قال السيد علي السمهودي رحمه الله وقال الكمال في فتح القدير في باب الاعتكاف ان الله

---

دوست رکھتی تھی اون باتون کو جو ہلکی ہون امت پر صحیح بخاری مین حضرت عائشہ رض سی روایت یون ہے کہ دوست رکھتی تھی ہلکی باتونکو
امت سے اور ایک روایۃ مین امت کی تفصیل ہے آئی ہے اور ذکر کیے ہین علما نی بہت سے حدیثین ہما یہ مین مین کہتا ہون کہ اور وہی ہے سبب قول الله تعالی کی
کہ الله ارادہ رکھتا ہے تمہاری حق مین آسانی اور نہین ارادہ رکھتا تمہاری حق مین سختی اور روایت کی بخاری اور مسلم اور اہل حدیث نے
کہ بھیجی گئی ہو تم اسانی کرنیوالی اور سخت گیر نہین بہیجے گئے اور امام احمد نے سند صحیح سے روایت کیا ہے کہ اچھا دین تمہارا وہ ہے
جو سہل تر ہے اور روایت کیا شیخ نصر مقدسی نی کتاب الحجۃ مین مرفوع آنحضرت کا یہہ فرمانا کہ اختلاف میری امت کا رحمت ہی اور نقل
کیا اسکو ابن اثیر نی امام مالک رح کا قول اپنے جامع کے مقدمہ مین اور بیہقی کی مدخل مین قاسم ابو محمد سی روایت ہی کہ آنحضرت صلعم کی امت کا
اختلاف رحمت ہی اور بعضون نے یہہ جو لکھا ہے کہ اس اختلاف سی احکام مین اختلاف مراد ہی اسکو غلبہ ہی بسبب اوس روایت کی جو مرفوع
حضرت ابن عباس سے مسند فردوس مین آئی ہی کہ اختلاف میری صحابہ کا رحمت ہی کیونکہ بیہقی کی مدخل مین ہے کہ عمر بن عبد العزیز نی کہا کہ مجھی
یہہ بات اچھی نہین لگتی ہی کہ آنحضرت صلعم کی اصحاب باہم اختلاف نکرتی اسلیے کہ اگر وہ اختلاف نکرتی تو رخصت کہان سے آتی اور روایت کی بیہقی نی ابن عباس کی
حدیث مین آنحضرت صلعم کی یہہ تقریر کہ آپنے فرمایا کہ میری اصحاب مثل تارونکی ہین جسکی قول پر تم عمل کروگی ہدایت پاؤگی اور میری صحابہ کا اختلاف
تمہاری لئے رحمت ہی مین کہتا ہون کہ صحابہ کی ہی اختلاف سی امت کا اختلاف پیدا ہوا ہے اور جسوقت ہارون رشید نی لوگونکو امام مالک کے
موطا پر عمل کرانا چاہا جیسا کہ حضرت عثمان رض نے لوگون کو قران کے عمل پر آمادہ کیا تو امام مالک رح نی ہارون رشید سی کہا کہ یہہ بات نہین ہوسکتی اسلئے کہ

يحب الاناة والرفق فى كل شئ حتى طلبه فى المشى الى الصلوة وان كان ذلك يفوت بعضها معه بالجماعة وكره الاسراع ونهى عنه
وان كان محصلا لها كلها بالجماعة تحصيلا لفضيلة الخشوع اذ هو يذهب بالسرعة انتهى قلت وهو معنى حديث فى
الجامع الصغير للسيوطى عن عمر مرفوعا افضل امتى الذين يعملون بالرخص انتهى اور كها سيد بادشاه شارح تحرير نے وما نقل عن ابن
عبد البر من انه لا يجوز للعامى تتبع الرخص اجماعا فلا نسلم صحة النقل عنه ولو سلم فلا نسلم صحة دعوى
الاجماع كيف وفى تفسيق متتبع الرخص روايتان عن احمد وحمل القاضى ابو يعلى الرواية المفسقة على غير متاول ولا مقلد
انتهى كذا فى العقد الفريد للعلامة الشرنبلالى اور كها **فاضل بهارى** نے مسلم مين وما عن ابن عبد البر انه لا يجوز
للعامى تتبع الرخص اجماعا فاجيب بالمنع اذ فى تفسيق متتبع الرخص عن احمد روايتان انتهى اور كها بحر العلوم نے
شرح مسلم مين اذ فى تفسيق متتبع الرخص عن الامام احمد روايتان فلا اجماع ولعل رواية التفسيق انما هى فيما اذا قصد التلهى لا غير فقط
انتهى اور كها **فاضل قندهارى** نے مغتنم مين قال ويتخرج منه جواز اتباع رخص المذاهب ولا يمنع
منه مانع شرعى اذ للانسان ان يسلك الاخف عليه اذا كان له سبيل اليه بان لم يكن عمل باخر فيه
وكان عليه وآله الصلوة والسلام يحب ما خفف عليهم فى التقرير اخرجه البخارى عن عائشة رض

---

کہ بعد آنحضرت صلعم کے آپکی صحابہ شہرون مین پھیل گئے اور ہر شہر والونکو ہر ایک نے اپنے علم کی روایت کی او آنحضرت نے فرمایا ہی کہ میری امت کا اختلاف
رحمت ہی تو یہ بمنزلہ صریح کی ہوگیا اسبات مین کہ مراد اختلاف سی احکام کا اختلاف ہی سیدہ ہوئی جس کے کہا آگے اور کہا کمال الدین ابن ہمام نے
فتح القدیر کی باب اعتکاف مین کہا کہ اللہ تعالے نرمی کو ہر کام مین پسند کرتا ہے یہانتک کہ اوسکو نماز کی طرف جانے مین بھی پسند کیا ہے اگرچہ
اوس سے جماعت وغیرہ مین ہرج پڑجاوی تو خیر اور جلدی کو مکروہ کہا اور اوس سے نہی آئی ہے اگرچہ اوس جلدی سے وہ جانے والے فضیلت پوری نماز کی جماعت کی
کیون نہ پاوے اور یہ حضور قلب کے لئے ہے کہ وہ جلدی مین نہین ہوتا ہو چکی عبارت فتح القدیر کی مین کہتا ہون کہ یہی معنی ہین اوس حدیث کی کہ جو
جامع صغیر سیوطی مین عمر رض سے مرفوع آئی ہے کہ اچھے لوگ میرے امت کے وہ ہین کہ رخصتون پر عمل کرتے ہین ہو چکی عبارت شرح تحریر کی ٥١
اور وہ جو ابن عبد البر سی نقل کیا گیا ہے کہ عامی کی لئی رخصتونکا ڈہونڈہنا بالاجماع جائز نہین ہے تو اول تو اس نقل کو صحیح ہم نہین مانتے
اور اگر صحیح مان بھی لیوین تو دعوی اجماع کا نہین مانتے کسلئے کہ امام احمد سے رخصتونکی ڈہونڈہنی والےکی فاسق ہونی کی باب مین دو روایتین
ہین اور ابو یعلی نے روایت فسق کو غیر متاول اور بی پابند تقلید پر حمل کیا ہے شرنبلالی کی عقد الفرید مین یونہین ہے ٥٢ اور وہ جو ابن عبد البر سی
منقول ہے کہ عامی کی لئی جائز نہین ہے رخصتونکا ڈہونڈہنا بالاجماع تو اسکا جواب دیا گیا ہی کہ ہم دعوی اجماع کو نہین مانتی اسلئی کہ فاسق ہونے مین رخصتونکے
ڈہونڈہنی والی کی امام احمد سی دو روایتین ہین ہو چکی عبارت مسلم کی ٥٣ اسلئی کہ رخصتونکی ڈہونڈہنے والےکی فاسق ہونے مین امام احمد سی دو روایتین
ہین تو اجماع نہ رہا اور شاید کہ روایت فاسق بتانیکی اوس صورت مین ہے جب لہو لعب کا محض قصد ہو ہو چکی عبارت شرح مسلم کی ٥٤ کہا فاضل قندہاری نے کہ
نکلتا ہے اس سے جائز ہونا مذاہب کے رخصتون پر چلنا اور اس سے کوئی مانع شرعی منع نہین کرتا کیونکہ آدمی کو روا ہے کہ اپنے اوپر سہل طریقہ کو اختیار کرے جو ممکن ہو سکی اور یہان
ممکن ہونا اسطرح پر ہے کہ عزیمت پر عمل نکر چکا ہو اور آنحضرت صلعم امت پر ہلکی بات کو دوست رکہتے تہے تقریر مین یہی روایت کی بخاری نے عائشہ رض سے

بلفظ علیہم وفی لفظ ما یخفف عنہم ای عن امتہ ویدل علیہ عدۃ احادیث صحیحۃ لکن ما عن ابن عبد البر لا یجوز
للعامی تتبع الرخص اجماعا ان صح احتاج الی الجواب ویمکن ان یمنع صحۃ دعوی الاجماع اذ فی تفسیق متتبع الرخص
عن احمد روایتان وحمل القاضی ابو یعلی الروایۃ المفسقۃ علی غیر متاول ولا مقلد وفی روضۃ النووی انہ لا تفسیق انتہی
اور ابن امیر حاج مقابل مین رویانی کی جو اونسی تتبع رخص سے منع کیا ہے فرماتے ہین وتعقب ہذا ای منع الرویانی عن تتبع
الرخص بانہ ان اراد بالرخص ما ینقض فیہ قضاء القاضی وہو ما یعتبر ما خالف الاجماع او القواعد او النص او القیاس الجلی
فہو حسن متعین فان ما لم نقرہ مع تاکدہ بحکم الحاکم فاولی ان لا نقرہ قبل ذلک وان اراد بالرخص ما فیہ
سہولۃ علی المکلف کیف ما کان یلزمہ ان یکون من قلد الامام مالکا فی المیاہ والارواث وترک الالفاظ فی العقود مخالفا لتقوی اللہ
ولیس کذلک انتہی ما قال ابن امیر الحاج فی شرح التحریر کذا فی العقد الفرید للشرنبلالی اور ایسا ہی قرافی نی بہی مقابل رویانی کی ہو کر اوسکی
منع کو تتبع رخص سے رد کرتا ہے چنانچہ تقریر مین مصنف عنایہ نی فرمایا ہے وتعقبہ القرافی الاخیر بانہ ان اراد بالرخص ما
ینقض فیہ قضاء القاضی فحسن متعین وان اراد ما فیہ سہولۃ علی المکلف کیف ما کان یلزم ان یکون من قلد
مالکا فی المیاہ والارواث مخالفا لتقوی اللہ تعالی ولیس کذلک انتہی کذا نقلہ الفاضل القندہاری فی المغتنم دوسرا جواب یہہ ہے
کہ ہمنی فرض کیا کہ تتبع رخص ممنوع ہے لاکن اس سی یہہ کہاں لازم آتا ہی کہ تقلید مجتہد معین کی وجوب ہو جاوے کیا عدم تعیین مذاہب کو تتبع
رخص لازم ہی اور احتمال اور ظن جیسا کہ مؤلف کہتا ہی اوس سے وجوب تعیین ثابت نہین ہو جاتا مثلا ایسے شخص کے حق مین جو ایک مذہب صاحب کی

کہ ہت پر ملکی بانکو دوست رکہتے تہے اور ایک حکایت مین ہت سی آیا ہے اور یہہ مضمون پر چند حدیثین صحیح دلالت کرتی ہین لیکن وہ جو ابن عبد البر سی منقول ہے
کہ بالاجماع عامی کو رخصتونکا ڈہونڈہنا نہین جایز ہے اگر یہہ بات درجہ صحت کو پہونچ جائی تو جواب دینی کی احتیاج پڑیگی تو ممکن ہے کہ دعوی اجماع کی
صحیح ہونیکو منع کیا جای اسلئی کہ فاسق بتانی مین رخصتونکی ڈہونڈہنیوالیکی امام احمد رحمہ سی دو روایتین ہین اور حمل کیا ہی قاضی ابو یعلی نے
روایت فاسق بتانیکو اوس شخص پر جو تاویل نکرتا ہو یا کیسیکی تقلید کا نہو اور روضۃ نووی مین ہی کہ فاسق بتانا ثابت نہین ہی سلہ اور رویانی
نے رخصتونکی ڈہونڈہنی پر ممانعت جو کی ہی اوسپر یون اعتراض کیا گیا ہے کہ اگر اوسنے رخصتون سی وہ مسائل ارادہ کئی ہین جسمین قاضی کی
قضا ٹوٹ جاتی اور وہ چار موقع ہین یا تو مخالف اجماع کی ہووے یا قواعد شرعیہ کی یا نص کے یا قیاس جلی کی تو یہہ خوب ٹہری ہوئی بات ہے
کیونکہ جس چیز کا باوجود مضبوط ہو جانے حکم حاکم کی ہم اقرار نہین کرتی تو اوس سے پہلے اولی ہی کہ ہم اقرار نکرین اور اگر رخصتون سی مکلف کی سہولت کو
ارادہ کیا ہی جیسی ہو تو اوسپر لازم آتا ہے کہ جسنے پانی اور لید وغیرہ مین امام مالک رحمہ کی تقلید کرلی اور الفاظ مشہورہ کو عقود مین برتا تو مخالف
اللہ کے خوف کی ہوگیا اور ہرگز یون نہین ہی ہو چکی وہ عبارت جو ابن امیر حاج نی شرح تحریر مین کہا یونہین ہی عقد الفرید مین سلہ اور اعتراض
کیا ہی قرافی نی اخیر پر یہہ طرح کہ اگر ارادہ کیا ہے رخصتون سے وہ مسائل جسمین قاضی کی قضا ٹوٹتی ہی تو یہہ خوب ٹہری ہوئی بات ہی اور اگر
سہولت کو ارادہ کیا ہے تو کیونکر لازم آتا ہی کہ جسنے پانی اور لید کی طہارت وغیرہ مین امام مالک کی تقلید کرلی تو اللہ کی خوف کی مخالف ہوگیا
ہرگز یون نہین ہے ہو چکی عبارت تقریر کے اسطرح مغتنم مین فاضل قندہاری نے نقل کیا ہے ؛

تقلید تو نہین کرتا اور چارون مذہب کی عزائم مسائل کو حوادث مختلفہ مین عمل مین لاتا ہے یہہ وجہ چوتہی جو مبنی جہالت پر ہے
اسطرح جاری ہوگی فتدبر **قال پانچوین وجہ** یہہ ہے کہ تقلید بطریق تعین کی جایز ہے بالاجماع اور تقلید بدون
تعین کے مختلف ہے درمیان علماء کی آہ **اقول** غرض آپکی اس قول سی یہہ ہے کہ تقلید بطریق تعین جسکا جواز مجمع علیہ ہے
کرکے بری الذمہ ہوسکتی ہین نہ غیر معین کہ وہ مختلف فیہ ہی تو جواب اسکا بہت ظاہر ہے اسلئی کہ کلام اوس تعین تقلید مین ہے
جو بنظر وجوب کے ہو جیساکہ مولف مسوی کرتا ہے اور اسکی جواز پر اجماع ہونی کی کیا معنی جبکہ باعتبار اعتقاد کہنی وجوب شرعی کے
بدعت ہونا اوسکا سابق مین چارون دلیلون اور تینتیس روائیتون سی ثابت ہوچکا ہے **قال اور وجہ چہٹی** یہہ ہے
کہ تقلید بدون تعین کے کہولنا دروازہ فساد کا ہے دین مین اور بند کرنا دروازہ فساد کا واجب ہے بالاجماع **اقول** مقدمہ اولی اسکا
مردود ہے بلکہ تقلید بدون تعین کی بہین مصلحت پر مشتمل ہے اور محافظ ایمان ہے ساتہہ خدا اور رسول کی اور مانع ہی اشراک
فی الحکم سی اور تقلید بطریق تعین کی بزعم وجوب راس المفاسد ہے اور منجر ہوتی ہے طرف شرک کی جیساکہ آج کل کے بعضے لوگ
اسی تقلید معین کے التزام سے مشرک ہورہے ہین کہ مقابل مین روایت کیدانی کی اگر حدیث صحیح پیش کرو تو نہین مانتی بعضی تو یہہ
عذر کرتی ہین کہ ہمارا منصب یہ نہین کہ حدیث کو سمجہین حلوا خوردن را روئی باید باوجود اسکی کہ یہہ لوگ اپنے مذہب کے موافق
حدیثون کو سمجہتے ہین اور حدیث کی کتابونکا ترجمہ کرتے ہین اور بعضی تاویلین کرتے ہین اور شرک ہونا ایسی تقلید کا سابق مین
مدلل بدلائل بیان ہوچکا ہے وہان پر دیکہنا چاہیئے تو کہو کہ تقلید بدون تعین مذہب معین کے کہولنا دروازہ فساد کا ہے
یا تقلید بتعین ایک مذہب کے بزعم وجوب متضمن فساد ہے اور اختیار کرنے مین تقلید غیر معین کی دروازہ فساد کا بند ہوتا ہے
یا تقلید معین مین **قال** اور چوتہی دلیل یہہ ہے کہ جبکہ ہوئی تقلید غیر معین ایسے جو اوپر گذر گئی تو اقل مرتبہ یہہ ہے کہ ہوگی
مرجوح **اقول** جبکہ تقلید معین وجوبا کا بدعت ہونا ثابت ہوگیا تو اسکی راجح ہونی کی اور غیر معین کی مرجوح ہونی کی کیا معنی
یہہ بات تو ظاہر ہے ہی لیکن اس مقام مین قابل اعلام و تنبیہ کے یہہ بات ہے کہ اس دلیل کے قبل کوئی دلیل پہلی اور دوسرا اور تیسری نہین گذری
اسلئے کہ مولف نی پہلی باس سے تین باتین اپنے واہی اجماع سی استنباط کرکی بیان کین ٹہرادی اور تیسری بات اگرچہ
اس معنی پر متضمن ہے لاکن وہ ایک ہے نہ تین پہر اس دلیل کو جو حضرت مولف دلیل چوتہی فرماتی ہین اس سی معلوم ہوا کہ یا تو
ایسے جاہل ہین کہ ایک دو تین چار کی گنتی سے ناواقف ہین اور یہہ نہین جانتے کہ چار کے پہلے تین درجے اعداد کے
بہی ہوا کرتی ہین اور یا جہوٹہہ کہہ دیا کہ چوتہی دلیل تو کہ عوام معلوم کرین کہ اس سے پہلے تین دلیلین گذر چکی ہین اور تعداد دلائل ثابت ہے
**قال** اور پانچوین دلیل یہہ ہے کہ جبکہ ہوئی یہہ تقلید غیر معین مرجوح تو ترک کرنا اوسکا واجب ہوا ساتہہ قول اللہ تعالی کے
ولکل وجہۃ ہو مولیہا فاستبقوا الخیرات[1] اور ساتہہ قول اللہ تعالی کے ویسارعون فی الخیرات[2] **اقول** جواب اسکا بہی ظاہر ہے کہ تقلید بطریق تعین بزعم
کے یہی ہی سبیل مومنین کے بعضے صحابہ اور تابعین اور مجتہدین کے اور تقلید معین بزعم وجوب بدعت ہے اور مخالف کتاب اللہ کا اور حدیث

[1] اور ہر کسیکی لئی ایک طرف ہے کہ وہ اوسکی طرف متوجہ ہوتا ہے سو تم بہلائی کی طرف دوڑو [2] دوڑ دوڑ لیتے ہین بہلائیان

رسول اللہ کے اور اجماع کی اور قیاس کی تو اوس کا مستحب ہونا اور اوسکی ترک کرنیکا خیر ہونا کیونکر ہوسکتا ہے لاکن ایک یہہ امر ہے بیان کرنے کے قابل تنبیہ کے ہے کہ جناب مولف نے

ترک امر مرجح کو خیر ٹہرا کر واجب کہا اوس آیۃ سی جو کہ گذری ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ جناب مولف کی نزدیک جو خیر ہے خواہ

وہ سنت ہو خواہ مستحب ہو سب واجب ہے بحکم اس آیۃ کے اور مستحب اور واجب مین فرق کرنا جیسا کہ اجماع امت کا ہی یہہ سب بے

معنے ہے حالانکہ یہہ بات زمانہ رسول اللہ کے سے لیکر آجتک کسی مسلمان نے خواہ وہ جاہل ہو خواہ عالم نہین کہے ایسی جس

شخص نے اس بات کو سنا تو اوسنی سوائی قہقہ کی کچہہ جواب نہین دیا تو ناظرین **تنویر الحق** کے اگر اس دلیل پر جناب مولف کے

بہی مطلع ہو کر اونکی لیاقت سی مطلع نہون تو خدا حافظ **قال** چہٹی دلیل الی آخرہ **اقول** مدار اس دلیل کا اس مقدمہ پر

ہے کہ تقلید غیر معین سے عہدہ تکلیف سی براءۃ نہین ہوتی اور تم خوب دیکہہ چکے ہو تقلید غیر معین ہی سبیل مؤمنین کی

زمانہ صحابہ سے لیکر زمانہ اصحاب مذاہب تک اور خلاف اسکا بدعت ہی پہر کسطرح عہدہ برائی نہوگی تقلید غیر معین سی **قال** اور

طریقہ دوسرا الخ اقول مدار اسکا اس مقدمہ پر ہے کہ اپنا اپنا مذہب غلبہ ظن سے احسن ہوتا ہے مذہب غیر سے جیسا کہ کہا ہی علامہ نسفی نے

تو جواب اسکا یہہ ہے کہ یہہ قول نسفی کا نامقبول ہے بظاہر معنی اور ہر مقلد کے یہہ شان نہین کہ اپنے مذہب کو غیر مذہب سے بہتر سمجہہ رکہی بلکہ

اسکی نزدیک سب ائمہ حق مین برابر ہین چنانچہ تحقیق اسکی بوجہ بسط مقدمہ سادسہ مین متفرقات دلیل اول سی اور بر بطلان تقلید معین

بزعم وجوب کی گذر چکی ہی شایق کو چاہیئے کہ وہان پر دیکہی **قال** طریق تیسرا الخ اقول اس طریق کا مبنی کئی امر ہین ایک تو

بطلان حکم مخالف للائمۃ الاربعۃ ہے اور ایک امتناع رجوع بعد العمل اور ایک امتناع تتبع رخص سو ان تینون امرون کی تحقیق بوجہ

بسط علیحدہ علیحدہ گذر چکی ہے اور ثابت ہو چکا ہی کہ یہہ امور اولاً تو باطل ہین اور ثانیاً باوجود تسلیم صحۃ انکی کی مستلزم وجوب تعیین

مذہب معین کی نہین ہوتی اور ایک معنی جدید اس طریق کا یہہ ہے کہ حکم ملفق باطل ہے بالاجماع تو بنا بر اس مبنی کی تقریر اس

طریق کی قطع نظر صحۃ اور غلطی سی یہہ ہوگی کہ تلفیق باطل ہے بالاجماع پس تقلید ایک مذہب کی واجب ہو گئے تو جواب اسکی دو ہین

اول یہہ کہ تلفیق امر مختلف فیہ ہے بعضی کہتے ہین جایز ہے اور بعضون کی نزدیک باطل ہے تو جسنی کہ بالاجماع باطل کیا ہی تو دعوی

اوسکا مردود ہے سیو اسطی **طحطاوی** نی کہا ہے قولہ باطل بالاجماع لعلہ لم یعتبر القول بجوازہ انتہے یعنی شاید کہ

اجماع کی نی قول جواز کو خیال نہین کیا اور کہا وہو باطل خلافا لابن الہمام افادہ ابو السعود انتہے اور جبکہ دعوی مدعی اجماع کا

مردود ہوا اور حکم ملفق مختلف فیہ ہوا تو اب ہم دعوی کرتے ہین کہ جواز ہے تلفیق کا محقق ہے اور یہی مدلل بدلائل ہے اور

مختار ہے محقق ابن الہمام کا اور **سید بادشاہ شارح** تحریر کا اور خاتم المتاخرین ابن نجیم صاحب بحر کا اور بعض ائمہ کا علما خوارزم

اور اون سب علما کا جو قضا علی الغایب بصحۃ النکاح بعبارۃ النساء تجویز کرتے ہین بلکہ ثابت ہے جواز اسکا امام ابو یوسف

کے فعل سے کہا صاحب بحر نے رسالہ بیع الوقف لا علی وجہ الاستبدال مین ویمکن ان یوخذ صحۃ الاستبدال من قول ابی یوسف

وصحۃ البیع بغبن فاحش بقول ابی حنیفۃ بناء علی جواز التلفیق فی الحکم بین القولین قال فی الفتاوی البزازیۃ من کتاب الصلوۃ

---

ف اور ہوسکتا ہے کہ صحت استبدال قول امام ابو یوسف سے لیا جاوے اور صحت بیع نقصان صریح کا امام ابو حنیفہ کی قول پر تلفیق جائز ہونیکی بنا پر دو قولون مین کہا فتاوی

من فصل زلة القاری ومن علماء خوارزم من اختار عدم الفساد بالخطاء فی القرأة اخذا بمذهب الامام الشافعیؒ فقال
الیاقوجی مذهبه من غیر الفاتحة فقال للیاقوجی اخذت من مذهبه الاطلاق وترکت القید لما تقرر فی کلام محمد ان المجتهد یتبع
الدلیل لا القائل حتی صح القضاء بصحة النکاح بعبارة النساء علی الغائب انتهی وما وقع فی اخر التحریر من منع التلفیق فانما عزاه
الی بعض المتاخرین ولیس هذا المذهب انتهی کلام صاحب البحر الرائق اورکہا سید بادشاہ نے شرح تحریر میں واعترض علیه بان بطلان الصورة
المذکورة عندهما غیر مسلم فان مالکا لم یقل ان من قلد الشافعی فی عدم الصداق ان نکاحه باطل ولم یقل الشافعی ان من قلد مالکا فی عدم الشهود
ان نکاحه باطل انتهی واورد علیه ان عدم قولهما بالبطلان فی حق من قلد احدهما وراعی مذهبه فی جمیع ما یتوقف علیه صحة العمل وما
نحن فیه من قلدهما وخالف کلا منهما فی شئ وعدم القول بالبطلان فی ذلک لا یستلزم عدم القول به فی هذا وقد یجاب عنه بان
الفارق بینهما لیس الا ان کل واحد من المجتهدین لا یجد فی صورة التلفیق جمیع ما شرط فی صحتها بل یجد بعضها دون بعض ومثل
الفارق لا یسلم ان یکون موجبا للحکم بالبطلان وکیف یسلم والمخالفة فی بعض الشروط اهون من المخالفة فی الجمیع فیلزم الحکم بالصحة
بالاهون بالطریق الاولی ومن یدعی وجود فارق اخر ووجود دلیل اخر علی بطلان صورة التلفیق علی خلاف الصورة الاولی فعلیه
بالبرهان فان قلت لا نسلم کون المخالفة فی البعض اهون من المخالفة فی الکل لان المخالف فی الکل یتبع مجتهدا واحدا فی جمیع ما یتوقف
علیه صحة العمل وههنا لم یتبع واحدا قلت هذا انما یتم لک اذا کان معک دلیل من نص او اجماع او قیاس قوی یدل علی ان العمل اذا کان له

زلة القاری کی فصل میں اور علما خوارزم میں سے وہ علما بعضے ہیں جنہوں نے اختیار کیا ہے عدم فساد نماز کا قراءة کی خطا سے امام شافعی کی
مذہب کا عملدرآمد کرکے تو ایسے عالم سے یاقوجی نے کہا کہ مذہب شافعی کا فاتحہ کی سوا میں ہے تو اونہنے یاقوجی کو جواب دیا کہ مینے
امام شافعی رح کی مذہب کو مطلق لی لیا ہے اور فاتحہ کی قید چھوڑ دے ہے چنانچہ ٹہر گیا ہے امام محمد کی قول میں کہ مجتہد دلیل کا پیرو
ہوتا ہے نہ کہنے والیکا یہانتک کہ صحیح ہے حکم صحت نکاح کا غائب پر موجب بیان عورتونکی اور وہ جو آخر تحریر میں منع تلفیق
کی بحث واقع ہوئی ہے تو وہ بعضے متاخرین کی طرف صاحب تحریر نے منسوب کی ہے اور یہہ مذہب نہیں ہے ہوچکا کلام بحر الرائق کا
سلطان اور اعتراض کیا گیا ہے اسپر اسطرح سے کہ باطل ہونا صورت مذکور کا اون دونوکے نزدیک غیر مسلم ہے کیونکہ امام مالک نے
نہیں کہا کہ جسنے امام شافعی کی تقلید کرکے بلامہر کے نکاح کر لیا تو نکاح اوسکا باطل ہے اور امام شافعی نے نہیں کہا کہ جو امام
مالک کی تقلید کرکے بے گواہونکے نکاح کر لیا تو نکاح اوسکا باطل ہے ہوچکی عبارت اعتراض شرح تحریر کی اور اعتراض کیا گیا اسی پر یون
کہ اون دونو نکا باطل نہ کہنا اوسکی حق میں ہے جو ایک کی تقلید کرکے مذہب کے تمام ضروری باتونکی رعایت رکہی اور اس صورت میں نہیں
جسمین ہمارے تمہارے بحث ہے باطل نہ کہنا لازم نہین اور کبھی جواب اس اعتراض کا یون دیا جاتا ہے کہ ان دونومین فرق فقط اتنا ہے
کہ کوئی مجتہد صورت تلفیق میں اپنے مذہب کے صحت کے سارے شرطین نہین پاتا بلکہ بعضے پاتا ہے بعضے نہین اور یہہ فرق ہم نہین مانتے
کہ باطل ہونیکا سبب ہوسکی اور کیونکر مانا جاوے حالانکہ مخالفت بعض شرطونمین سہل ہے پوری مخالفت سے تو لازم آئیگا حکم صحت کا دینا سہل پر بطریق اولی
جو شخص دعوے رکہتا ہے کہ اور بھی فرق ہے تو اوسپر دلیل لازم ہے پہر اگر کوئی کہے ہم نہین مانتے کہ بعضی باتونکی مخالفت پوری مخالفت سے سہل ہے کیونکہ پوری

شروط يجب على المقلد ههنا اتباع مجتهد واحد في جميع ما يتوقف على ذلك فات بد ان كنت من الصادقين
انتهى كلامه كما مر من قول الغير اعلم ان الملا حسن الشرنبلالي يدعي خلاف ما ادعاه السيد بادشاه فلذا نقل
كلام السيد في رسالة العقد الفريد ثم اورد عليه كلاما طويلا لكن مبنى جميع ذلك على الاجماع المركب للائمة
الاربعة وقد رأيت فساده وما اورد على سند منهية بوجود الفارق من انه مع التلفيق لا نجد شيئا لنحكم
عليه بالصحة او الفساد وادعاء اهونية التقليد في البعض من الكل يستلزم وجود موصوف
ليقال بوصفه بالاهونية ولا وجود لشيء حالة التلفيق فانتهى ادعاء الاهونية فلا نحتاج لاقامة
دليل من نص او اجماع او قياس على منع التلفيق انتهى ايراده فلا يخفى انه باطل صريحا وبعيد من
قولہ تعالے فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون عام ہست مقید ہیچ یکی ازین قیود نیست و در صدر اول عوام از خواص صحابہ رضی اللہ عنہم
استفتا مینمودند و عمل مے کردند و مبالات ازین قیود مروی نیست تمام ہوا کلام قاضی صاحب مغفور و مرحوم کا پس قول مؤلف
تنویر الحق کا کہ آیۃ فاسئلوا اہل الذکر خاص ہے اور تقلید ایک مجتہد کی واجب ہوئی ہے بالاجماع رد ہو گیا ساتھہ قول
قاضی صاحب قدس سرہ کی اور جاء الحق و زہق الباطل واضح ہوا اللہم ارنا الحق حقا و الباطل باطلا برحمتک اب اگلی تہوری سی
وصیت شیخ اکبر کبریت احمر کہ جنکو مولانا عبد العلی اور مولانا نظام الدین وغیرہ خاتم ولایت احمدیہ کی لکھتی ہین آخر فتوحات
مکیہ سی نقل کی جاتی ہے وصیۃ الذی اوصیک بہ ان کنت عالما فحرام علیک ان تعمل بخلاف ما اعطاک اللہ دلیلک
و یحرم علیک تقلید غیرک مع تمکنک من حصول الدلیل فان لم تکن فی ہذہ الدرجۃ وکنت مقلدا فایاک ان تلتزم مذہبا
بعینہ بل العمل کما امرک اللہ وہو ان تسال اہل الذکر ان کنت لا تعلم واہل الذکر ہم العلماء بالکتاب و السنۃ واطلب رفع الحرج فی نازلتک
ما استطعت واسال عن الرخصۃ فی ذلک حتی تجدہا فان اللہ یقول ما جعل علیکم فی الدین من حرج وان قال لک المفتی ہذا
حکم اللہ او حکم رسولہ فی مسئلتک فخذ بہ وان قال لک ہذا رائی فلا تاخذ بہ وسل غیرہ انتہی ما قال ابن العربی المشہور
بالشیخ الاکبر فی آخر الفتوحات المکیۃ اور ایک رسالہ جز بہر کا قاضی ثناء اللہ صاحب قدس سرہ کا مہر کیا ہوا ونکا ہمارے ہاتھہ لگا جیا نچہ
اس رسالہ سی تہوری سی عبارت اسکی اس مقام مین نقل کی جاتی ہی و اما اذا لم یکن اہلیۃ ففرضہ ما قال اللہ تعالی فاسئلوا اہل الذکر
ان کنتم لا تعلمون واذا جاز اعتماد المستفتی علی ما یکتب لہ المفتی من کلامہ او کلام شیخہ وان علا فلا یجوز اعتماد الرجل علی ما کتبہ الثقات من کلام رسول اللہ

---

یعنی جسپر شیخ بڑونکو پایا ہے سلہ وہ وصیت جو مین تجہی کرتا ہون یہہ ہے کہ اگر تو عالم ہے تو تجہپر حرام ہے کہ تو برخلاف اوس دلیل کے جو تجہی اللہ
نے دی ہی عمل کرے اور حرام ہے تجہپر تقلید غیر کی اس حالت مین کہ تجہے حصول دلیل پر قوت ہے اور اگر یہہ درجہ نہو اور تو مقلد ہو تو اس سے بچیو کہ
تو ایک مذہب خاص کا التزام کرے بلکہ عمل کر جسطرح تجکو اللہ تعالی نے حکم کیا ہے وہ یہہ کہ اگر تو نہین جانتا ہو تو اہل ذکر سی پوچہہ لے اور
اہل ذکر قرآن اور حدیث کی جاننے والے علما ہین سو تو اپنے ضرورت مین رفع حرج کی خواہش کر جبتک قوت ہی اور رخصت کو ڈہونڈہ جہان
تک تو پا دی کیونکہ اللہ تعالے فرماتا ہے دین مین تجہپر تنگی نہین کی گئی اور اگر تجہے مفتی کہی کہ یہہ اللہ تعالے یا اوسکی رسول کا حکم ہے تیری فلانہ
مسئلہ مین تو تو اوسپر عمل کر اور اگر کہی کہ یہہ میری رای ہے تو اوس سکوت لی اور دوسرے سے پوچہہ لے ہو چکی وہ عبارت جسی ابن عربی کہ جو شیخ
اکبر کی مشہور ہین آخر فتوحات مکیہ مین کہا ہے سلہ جس کسیکو اہلیت علم کی نہو تو اوسکی ذمہ پر یہہ بات ہی جو اللہ تعالے نے فرمائی ہی کہ اہل ذکر سی پوچہہ لے
اگر نہ جانے اور جسوقت کہ پوچہنے والے کا اعتماد شرعا اوسپر جایز ہے جو مفتی اپنی یا اپنی بڑونکے کلام سے لکہدے تو یہہ بات بدرجہ اولے جایز ہے کہ ثقات دین نے جو آنحضرت صلعم کا کلام

جواب ؎۱ کا یہ ہے کہ روایت ہی ابوہریرہ سی کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے اذا ؎۱ استیقظ احدکم من نومہ فلا یغمس یدہ فی الاناء حتی یغسلہا ثلثا فانہ لا یدری این باتت یدہ متفق علیہ کہا نووی نی بیچ شرح صحیح مسلم کی نیچے اس حدیث کی ان ؎۲ اھل الحجاز کانوا یستنجون بالاحجار فاذا نام احدھم عرق فلا یامن النائم من ان یطوف یدہ علی ذلک الموضع النجس فاذا وقع یدہ علی ذلک الموضع النجس تنجس یدہ فاذا یغمس یدہ تنجس ماءہ انتھی اور روایت ہی ابوہریرہ سی کہ فرمایا رسول خدا نے لا ؎۳ یبولن احدکم فی الماء الدائم الذی لا یجری ثم یغتسل فیہ متفق علیہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے اذا ؎۴ شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسلہ سبع مرات متفق علیہ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے اذا ولغ ؎۵ الکلب فی اناء احدکم فلیرقہ ثم یغسلہ سبع مرات رواہ مسلم اور روایت ہے عطا سے ان ؎۶ حبشیا وقع فی زمزم فمات قال فامر ابن الزبیر ان ینزف ماء زمزم قال فجعل الماء لا ینقطع قال فنظر فاذا ھو عین تنبع من قبل الحجر الاسود قال ابن الزبیر حسبکم رواہ ابوبکر بن ابی شیبہ فی اور روایت ہے ابن عباس سے ان ؎۷ زنجیا وقع فی زمزم فمات قال فانزل الیہ رجل فاخرجہ ثم قال انزحوا ما فیہا من ماء زمزم ثم قال للذی فی البیر ضع دلوک من قبل العین التی تلی البیت والرکن فانہا من عیون الجنۃ رواہ ابوبکر بن ابی شیبۃ فی مصنفہ اور روایت ہے ابن عباس و ابن الزبیر سے امر ؎۸ بنزح ماء زمزم عند وقوع زنجی و موتہ فیہ رواہ الدارقطنی اور روایت ہے کہ ان ؎۹ زنجیا وقع فی بیر زمزم فمات فیہا فامر ابن عباس و ابن الزبیر ان اخرج وامر ان ینزح قال غلبتہم عین جاءت من الرکن فامر بہا فدست بالقباطی والمطارف حتی نزحوھا والصحابۃ متوافرون من غیر نکیر ولم ینکر منہم احد وکان ذلک الافتاء بمحضر الصحابۃ ولم ینکر منہم احد رضی اللہ تعالیٰ عنہم رواہ الطحاوی اور روایت کیا ابوبکر بن ابی شیبہ نے خالد بن سلمہ سے ان ؎۱۰ علیا رضی اللہ تعالیٰ سئل عن بال فی البیر قال ینزح

؎۱ جو وقت نم میں کا کوئی جاگ پڑے تو بغیر تین دفعہ دہوئی ہوئی ہات اپنے پانی کی برتن مین نہ ڈالی کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اوسکی ہاتھ رات کو کہان رہی روایت کی اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے ؎۲ عرب کی لوگ ڈہیلون سے استنجا کرتے تھے پہر جب اونمین کی لوگ سوتی تو ضرور موضع نجاست تک ہاتھ پہونچتا تھا پہر وہ ہاتھ پانی مین پڑنے سے پانی ناپاک ہوجاتا تہا ؎۳ ہرگز نہ پیشاب کرے کوئی ٹہری پانی مین اور پہر اوسمین نہاوے متفق علیہ روایت ہے ؎۴ جو وقت کتے برتن مین منہ ڈالدے تو اوسی سات مرتبہ دہو ڈالی متفق علیہ روایت ہے ؎۵ جو وقت کتا برتن میں منہ ڈالدے تو اوسکا پانی پہینک کر سات دفعہ دہو ڈالی مسلم کی روایت ہے ؎۶ ایک حبشی چاہ زمزم میں گر پڑا اور مرگیا عطا کہتے ہین کہ پہر ابن زبیر نے حکم دیا کہ پانی چاہ زمزم کا نکالا جاوی عطا کہتی ہین کہ پانی ٹوٹ نسکا دیکہا تو تہی حجر اسود کی طرف سے ایک سوت ابل چلی آتی ہے تو ابن زبیر نے لوگوں سے کہا کہ تم میں اسیقدر پانی کا نکل جانا کافی ہی ابوبکر بن ابی شیبہ نے اپنے مصنف میں روایت کی ہی ؎۷ ایک حبشی زمزم مین گر کر مرگیا ابن عباس رض کہتے ہین کہ پہر ایک آدمی کوئی مین اوتارا گیا کہ اوسنے اوسی نکالا پہر اوسکی سارا پانی نکالنی کو فرمایا پہر جو پہر اوس آدمی سے جو کوئی مین تہا کہا کہ اوس سوت کی طرف جو رکن کی پاس ہے اپنا ڈول رکھ یہہ سوت جنت کی سوتوں سی ہے روایت کی ابوبکر بن ابی شیبہ نے ؎۸ ابن عباس و ابن زبیر نے زمزم کی پانی نکالنی کا حکم دیا جبکہ حبشی اوسمین گر کر مرگیا روایت کی دارقطنی نے

یعنی تحقیق علی رضی اللہ عنہ پونچہے گئے اوسکی حال سے کہ پیشاب کری کوئی مین فرمایا کہ کہینچا جاوی یعنی سارا پانی اوسکا پس کچہہ
حدیثین صحیح کہ بعض اونکی متفق علیہ ہین اور بعضی غیر متفق علیہ ہین صریح دلالت کرتے ہین اس پر کہ پانی اور باسن پانیکا نجس ہوجاتا ہے
نجاست کی پڑنیسے اور یہہ پانی عام ہے شامل ہے قلیل کو اور کثیر کو برابر ہے کہ کم ہو قلتین سی یا زیادہ یا برابر پس واقع ہوا
تعارض درمیان حدیثون قلتین کی اور درمیان ان حدیثون صحیحون کی پس ضرور ہوا یہہ کہ ترجیح دینوین حدیثون
صحیحہ کو اوپر ضعیفون کی اور عمل کیا جاوے ان حدیثون صحیحہ پر **اقول** بتوفیق اللہ و توفیقہ کہ اول تو یہہ تمام حدیثین
حدیث قلتین کے معارض ہے نہین حدیث اذا استیقظ اور حدیث اذا ولغ اسلئے معارض نہین کہ اونمین تو
فقط حکم باسن کے پانی کا بیان کیا گیا ہے نہ پانی عام کا جیسا کہ موئف کو اشتباہ ہوا ہے پس پانی بقدر قلتین
کے اگر حوضمین ہو تو وہ مورد اون دونون حدیثونکا نہین ہوسکتا ہے کیونکہ حوض کو کسی بولی مین باسن نہین
کہتے جیسا کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری شرح صحیح بخاری مین کہا ہے تحت پہلی حدیث کی قولہ[۹] فی
وضوئہ ای اناء الذی اعد للوضوء وفی روایۃ الکشمیھنی فی الاناء وھو روایۃ مسلم من طرق اخری ولابن خزیمۃ
فی انائہ او وضوئہ علی الشک والظاھر اختصاص ذلک باناء الوضوء ویلحق بہ اناء الغسل لانہ وضوء وزیادۃ وکذا
باقی الآنیۃ قیاسا لکن فی الاستحباب من غیر کراھۃ لعدم ورود النھی فیھا عن ذلک واللہ اعلم وخرج بذکر الاناء البرک
والحیاض التی لا تغیر بغمس الید فیھا علی تقدیر نجاستھا فلا یتناولھا النھی انتھی اور اگر وہ پانی بقدر قلتین کے سوائے حوض کے کسی اور بڑے
باسن مین ہو جیسا کہ پیپا وغیرہ تو بہی حکم سے اون دونون حدیثون کے خارج ہے اسلئے کہ اونمین مراد وہ باسن ہین
جو کہ اونکی عادت اور استعمال مین رہتے اور وہ قلتین سے بہت چہوٹے ہوا کرتے تہی جیسا کہ امام نواوی نے
شرح صحیح مسلم مین کہا ہے تحت اوسی حدیث کی وکانت عادتہم[۱۰] استعمال الاوانی الصغیرۃ التی تقصر عن القلتین بل لا تقاربھا انتہی

[۹] تحقیق ایک لڑکا زمزم کے کوئین مین اوتر گیا اور مرگیا اوسمین پس حکم کیا ابن عباس اور ابن زبیر نے یہہ کہ نکالا جاوے زنگی اور حکم کیا اون
دونون نے یہہ کہ کہینچا جاوے پانی اوسکا کہارا وے تنے کہ وہ سوت حجر رکن کی طرف سی آتی ہتی اوسکا پانی نہ ٹوٹا سو اوس سوت مین باریک
کپڑی ٹہونس کر پانی نکالا اور صحابہ جو تہی کسی نی انکار نہین کیا روایت کی طحاوی نے [۱۰] حضرت علی سی کسی نے پوچہا کہ کوئی
کوئی مین پیشاب کرے تو کیا کرے کہا سارے پانی نکالی [۱۱] یعنی وضو کا برتن اور کشمیہنی کی روایت مین برتن ہے
اور مسلم مین بہی اور طریق سے یہی ہے اور ابن خزیمہ کے روایت مین وضوا اور برتن شک کے طور پر آیا ہے اور ظاہر یہہ ہے
کہ یہہ وضو کی برتن کی ساتہہ تخصیص ہے اور غسل کا برتن اسکی ذیل مین آگیا کیونکہ غسل مین وضو مع بڑہوتری کی ہوتا ہے اور قیاساً
اسیطرح اور برتن لیکن بطریق استحباب کے ہے کراہتہ نہین کیسلئے کہ اسباب مین نہی نہین وارد ہوی آگے اللہ جانے
اور برتن کے ذکر کرنے سے وہ حوض وغیرہ جنمین ناپاک ہاتہہ ڈالنے کی نہی نہین فرمائی نکل گئے سو اونکو نہی شامل نہین
ہو چکی عبارت فتح الباری کی [۱۲] اون لوگونکی عادت تہی کہ قدر دو قلون سے چہوٹے برتن برتا کرتے رہتے

فان قلت الاناء عام يشتمل الصغير والكبير وقد تقرر ان العبرة لعموم الالفاظ لا لخصوص المورد فما وجه التخصيص
بالصغير قلنا لا نسلم عموم الاناء مع وجود العهد الخارجي وقد قال في مسلم الثبوت واسم الجنس كذلك حيث لا
عهد انتهى فان قلت ما القرينة على العهد الخارجي قلنا ان العهد الخارجي هو الاصل ما لم توجد قرينة على عدمه تقتضي
العموم كذا في التلويح والتوضيح والمحلى شرح الموطأ للمحقق الشيخ سلام الله الحنفي وههنا ليست قرينة على نفي العهد لا
وجود العموم وسيجئ تحقيق هذه المسئلة في الحديث الماء طهور لا ينجسه شئ ان شاء الله تعالى فانتظر على انه
على تقدير عموم الاناء هذا عليكم فان الاناء الذي يكون مملوءا [illegible] عشرا في عشر [illegible]
يكون داخلا في هذا الحكم فما هو جوابكم فهو جوابنا پس ثابت ہوا کہ پانی بقدر قلتین کی خواہ [illegible]
حکم اول دونوں حدیثوں کا نہیں اور وہ حدیثیں معارض حدیث قلتین کے نہیں اور حدیث [illegible] معارض
قلتین کی نہیں کہ وہ حدیث اپنے عموم پر باقی نہیں بلکہ محمول ہے اس پانی پر جو قلیل ہو [illegible]
حضرت مولف بھی ہو گئے بلکہ کہا ہے [illegible]
پس حدیث لا یبولن الخ نہ باقی رہے [illegible]
خالفصاحب مظاہر الحق ترجمہ مشکوٰۃ میں تحت حدیث لا یبولن کے [illegible] یہاں پانی [illegible]
اگر کثیر ہو حکم جاری کا رکھتا ہے اور نجس نہیں ہوتا [illegible] انتہی کلامہ اور
حافظ عسقلانی نے فتح الباری میں کہا ہے [illegible] حدیث لا یبولن [illegible] وحمله كلهم على الماء القليل عند اهل العلم
على اختلافهم في حد القليل وقد تقدم من لا يعتبر الا التغير وعدمه وهو قوي لكن الفصل بالقلتين
اقوى لصحة الحديث فيه وقد اعترف الطحاوي من الحنفية بذلك انتهى اور جب کہ عموم پر نہ ہوئی تو قلتین کے معارض
کیونکر ہوئی اور حدیث نزح زمزم کی دو وجہ سے معارض قلتین کے نہیں ہو سکتی وجہ اول یہہ کہ اس قصہ کی ثبوت ہی نہیں

---

پھر اگر کوئی یوں کہہ بیٹھے کہ برتن کا لفظ عام ہے بڑے چھوٹے برتنوں سب کو شامل ہے اور یہہ بات ٹھہر چکی ہے کہ
خصوصیت محل ورود کے نہیں ہوتے بلکہ لفظوں کی عموم کا اعتبار ہوتا ہے تو ہم جواب دیوینگے کہ یہہ امر مسلم نہیں کہ باوجود
موجود ہونی عہد خارجی کی برتن عام رہے مسلم الثبوت میں کہا ہے اسم جنس عام ہے جہاں عہد نہو پھر اگر کوئی یوں کہے کہ
عہد خارجی پر کیا قرینہ ہے تو ہم کہینگے کہ عہد خارجی اصل ہے جبتک اسکی نہونیکا قرینہ یا تقاضا عموم کی نہووے یونہیں ہے
توضیح تلویح اور محلی شرح موطا شیخ سلام اللہ حنفی میں اور یہاں عہد کے نہونے پر کوئی قرینہ نہیں ہے اور تحقیق اس مسئلہ کی
حدیث الماء طہور میں انشاء اللہ تعالیٰ آویگی منتظر رہنا علاوہ یہہ کہ جب برتن عام رہے تو تمہیں مضر ہے کیونکہ وہ برتن
جو وہ دردہ ہو اس حکم میں داخل ہوگا سو جو جواب تمہارا وہی ہمارا ــه اور یہہ سب لکھا گیا ہے تھوڑے پانی کے حکم میں علما کی نزدیک مع
اختلاف حد قلیل کے اور پہلی اس مذہب کا ذکر ہو چکا ہے جسمیں پانی کی تغیر اور عدم تغیر کا اعتبار ہی اور یہہ مذہب قوی ہے لیکن حد قلتین بہت

ابن سیرین اور قتادہ کی ابن عباس سے کہا ہے فانہما لم یلقیا ابن عباس ولم یسمعا منہ پہر کہا ورواہ جابر الجعفی عن ابی الطفیل عن ابن عباس وھو عن ابی طفیل نفسہ ان غلاما وقع فی زمزم فنزحت وجابر الجعفی لا یحتج بہ ورواہ ابن لھیعۃ عن عمرو بن دینار عن ابن عباس وابن لھیعۃ لا یحتج بہ انتہی اور محدث سلام اللہ حنفی نے محلی میں کہا ہے وقد روی ابن ابی شیبۃ عن قتادۃ عن ابن عباس ان حبشیا وقع فی زمزم فمات فانزل الیہ رجلا فاخرجہ ثم قال اخرجوا ما فیہا من ماء وھذا منقطع انتہی اسی انقطاع کی نظر سے مولف نے روایتون کی سرخی سے نام اوس راویکا جو ابن عباس سے روایت کرتا ہے اوڑا دیا ہے پہ یہہ چالاکی کام نہ آئی کہ چوری پکڑی گئی وجہ ثانی نہ معارض ہونیکی حدیث زنجی کی حدیث قلتین کو یہہ ہی کہ ہمنے فرض کیا کہ یہہ روایت بجمیع طرق ثابت ہے لاکن آخر فعل صحابی کا ہے جسکو حدیث موقوف کہتے ہین اور ظاہر ہے کہ حکم مین مرفوع کی جسکی یہہ پہچان ہی کہ اوسمین اجتہاد کو دخل نہو جیسا کہ خبر دینا امور ماضیہ کا یا آیندہ کا یا خبر دینا کہ فلانی کام کی اتنا ثواب ہوتا ہے یا اسقدر عذاب ہوتا ہے نہین ہی اور حدیث قلتین کی مرفوع ہے یعنے قول پیغمبر کا ہے اور صحیح موصول الاسناد جیسپر کسیطرح کا غبار نہین چنانچہ عنقریب خوب ثابت کرینگے اور یہہ قاعدہ ہی اہل اصول دین کا کہ حدیث موقوف حدیث مرفوع کی ہوتی حجت نہین ہوتی اور اوسکی معارض نہین ہوتی جیسا کہ ابن نجیم حنفی بحر الرائق مین فرماتے ہین وحدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقدم علی غیرہ انتہی وھکذا فی کتب الاصول اور حدیث خیر جو علی رضی سے مروی ہے وہ بہی اسی وجہ سے معارض قلتین کی نہین ہوسکتی کہ وہ موقوف ہی اور حدیث قلتین کی مرفوع اور اگر بطور فرض محال کے فرض بہی کیا جاوے کہ یہہ تمام حدیثین حدیث قلتین کی معارض ہین تو بہی تو یہہ نہین لازم آتا کہ حدیث قلتین کی ترک کیجاوے اور ان حدیثون کو ترجیح دیکر اسلیئے کہ حدیث قلتین کی بہی صحیح اور جید ہے چنانچہ عنقریب ثابت کیا جاویگا اور جمع اور موافقت اوسکی ساتھ ان حدیثون کی ممکن ہے چنانچہ علی التفصیل بیان کیا جاویگا اور یہہ قاعدہ اصول حدیث کا ہے کہ جبتک کہ احادیث صحیحہ متعارضہ مین جمع اور موافقت ہوسکی ترجیح کیطرف رجوع نہین کرتی جیسا کہ حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین کہا ہے والترجیح لا یصار الیہ مع امکان الجمع انتہی اور نخبۃ الفکر مین کہا ہے وان عورض بمثلہ فلا یخلو اما ان یمکن الجمع بین مدلولہما بغیر تعسف او لا فان امکن الجمع فھو النوع المسمی بمختلف الحدیث وان لم یمکن الجمع

مجمع البحار کے لکھا ابو عبید نے کہا ہی یہہ روایت نہین جانے کیونکہ اتارمین آیا ہی کہ وہ کہیچا نجانگا لکھا وہ دونو نہین ملی ابن عباس سے اور نہین سماعت اونکا اون سی تھا اور روایت کی جابر جعفی نی ابی الطفیل سے اور اوسنی ابن عباس سے اور کبہی ابی طفیل سے کہ ایک لڑکا زمزم مین گرا اور پانی کہینچا گیا حالانکہ جابر جعفی وہ ہی جسکے روایت حجت نہین گنی جاتی اور روایت کیا اوسی ابن لہیعہ نے عمرو بن دینار سے اور اوسنی ابن عباس سے اور ابن لہیعہ کے روایت بہی حجت نہین گنی جاتی تھی اور روایہ کی ابن ابی شیبہ نے قتادہ سی اور اوسنی ابن عباس سے کہ ایک حبشی زمزم مین گرکر مرگیا اور ایک آدمی نے اوترکر اوسکو نکالا اور ابن عباس نے کہا کہ اسکا پانی نکالو یہہ روایت منقطع ہے ہوچکی عبارت محلی کی لکھا اور حدیث نبی کے مقدم ہے غیر کے کلام پر اور ایسا ہی کتب اصول مین ہی [illegible] جمع ممکن ہو تو ترجیح ایک حدیث کیطرف رجوع نہین کیا جاتا لکھا اگر معارض ہووے

فلا یخلو اما ان یعرف التاریخ اولا فان عرف وثبت المتاخر فهو الناسخ والاخر المنسوخ وان لم یعرف التاریخ فلا یخلو اما ان یمکن ترجیح احدهما بوجه من وجوه الترجیح المتعلق بالمتن او بالاسناد اولا فان امکن الترجیح تعین المصیر الیه والا فلا انتهی مختصرا اور شیخ محمد اکرم حنفی کتاب امعان النظر فی توضیح نخبة الفکر مین فرماتے ہین قال ملا الهداد فی شرح البزدوی التوفیق مقدم علی الترجیح انتهی اور تفصیل موفقت ہر ایک حدیث کی حدیث قلتین سے یہ ہے کہ حدیث لایبولن کو معہ دونون حدیثون پہلیوان کے بزعم مولف عام کہینگے اور حدیث قلتین کو اونکی حکم سے مخصوص ٹہراوینگی یعنی یون کہینگے کہ قلتین کے ماسوائے ہر پانی پیشاب وغیرہ سے نجس ہو جاتا ہے اور جو بمقدار قلتین کی ہو وہ نجس نہین ہوتا کذا قال الحافظ ابن حجر کما مر فی کلامہ عن فتح الباری اور حدیث زنجی کو یون موافق کرینگی کہ عادت عوام وخواص کیسے ہے کہ جبکہ پینے کے پانی مین کوئی چیز مکروہ طبعی اگرچہ وہ شرعاً پاک ہی ہو جیسے خاک دہول گاد وغیرہ پڑجاتی ہے تو اوس پانیکو بن صاف کئے نہین پیتے ہین واسطے جبکہ بزعم مخالف زنجی کوئی عین گرا اور اوسکا خون اور اوسکی نجاست کوئی عین پانی پر ظاہر ہوئی تو اوسکا از راہ نظافت اور لطافت کی پانی کہنچوایا ایسا ہی امام مجدد حضرت امام شافعی نے اور جناب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے حجة اللہ البالغہ مین حدیث زنجی کی سے جواب دیا ہے جیسا کہ سنن کبریٰ مین کہا ہے قال الشافعی لمخالفیہ قد رویتم عن سماك بن حرب عن عکرمة عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال الماء لا ینجسه شیئ فتری ان ابن عباس روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم خبرا و ترکہ ان کانت هذه روایته ویرون عنہ انہ توضا من غدیر یدافع جیفة ویرون عنہ الماء لا ینجس فان کان شئ من هذا صحیحا فهو یدل علی ان لم ینزح زمزم للنجاسة ولکن للتنظیف ان کان فعل وزمزم للشرب وقد کان الدم ظهر علی الماء انتهی اور کہا محلی مین قال الشافعی لایعرف هذا عن ابن عباس ان کان قد فعل فللنجاسة ظهرت علی الماء للتنظیف انتهی

---

گہ یا تو بلا تکلف دونو حدیثون مین جمع ممکن ہوگی یا نہین سو اگر جمع ممکن ہو تو اس قسم کا نام مختلف الحدیث ہے اور اگر جمع ممکن نہو تو اس سے خالی نہین کہ تاریخ معلوم ہوگی یا نہین سو اگر تاریخ جانی جاوے اور پچھلی حدیث ثابت ہووی تو وہی ناسخ ہے اور دوسری منسوخ اور اگر تاریخ نجانی جاوے تو اس سے خالی نہین کہ ایک کی ترجیح قوة سند یا صحت متن حدیث کی سبب سے ممکن ہوگی یا نہین سو اگر ترجیح ممکن ہے تو اوسکی طرف رجوع متعین ہوگا اور نہین تو نہین ہوگی عبارت نخبہ کی بطور اختصار کے ف۵۱ کہا ملا الهداد نے شرح بزدوی مین موفقت کرنا دو حدیثون مین مقدم ہے ترجیح پر ف۵۲ یونہین کہا ہے حافظ ابن حجر نے چنانچہ فتح الباری سے اونکا کلام نقل ہو چکا ف۵۳ امام شافعی رحمہ نے اپنے مخالفون سے کہا کہ تمنے سماک اور حرب اور عکرمہ کے واسطہ سے جو ابن عباس رضہ سے یہہ روایت کی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ پانی کو کوئی چیز نجس نہین کرتی سو تمنے کیا یہہ گمان ہے کہ ابن عباس رضہ آنحضرت سے ایک حدیث روایت کرین اور باوجودیکہ وہ اونکی روایت صحیحہ ہو پہر اوسکو چہوڑ دین اور اونہین سے ایسے حوض کی پانی سے وضو کرنا روایت کرتے ہو جسمین نجاست پڑی ہتی اور اونہین سے یہہ کہ پانی نجس نہین ہوتا پہر اگر انمین سے کوئی روایت صحیح ہے تو وہ دلالت کرتی ہے اسپر کہ زمزم کا پانی بسبب ناپاک ہونیکی نہین کہنچا گیا بلکہ اگر کہینچا گیا ہی ہو تو ظاہر صفائی کے لئے کہنچا گیا ہے کیونکہ وہ پینے کا پانی تہا اور اوس حبشی کا خون اوسپر جو پایا گیا تہا ہو نجاست کی

الدلائل ای جمعا بین هذا الحدیث للزنجی علی تقدیر صحتہا وحدیث القلتین الصحیح الثابت کما ثبت صحتہ عنقریب وبین حدیث بیر بضاعۃ الصحیح کما سیجئ ذکرہ فافہم اور حضرت علی رض کی حدیث سی یون موافق کرینگے کہ حکم دینا حضرت علی کا واسطی اخراج پانی اُس کنوئین کی جسمین کوئی پیشاب کر دے اس نظر سی نہین تہا کہ کنوان پیشاب سی نجس ہو جاتا ہے بلکہ اس نظر سے تہا کہ اگر اُس آدمی کی پیشاب کر دینے سے درگذر کیا جاوے تو آیندہ کو اور کوئی پیشاب کر دیگا یہانتک کہ رفتہ رفتہ پانی کے اوصاف مین تغیر واقع ہو گا اور یہہ طبع کی بہی مخالف ہی ایسا ہی جواب دیا ہے محققین شافعیہ نی علی رض کے قول سے جیسا کہ کہا محلی مین واجاب الشافعیۃ عن حدیث النہی عن البول بانہ انما نہی عنہ لئلا یکون منجرا الی تنجیس الماء وتغیرہ باقتداء الناس بذلک الرجل ولئلا یتنفر عنہ طبعا لاشرعا انتہی اور ایسا ہی کہا ہی حضرت مولف تنویر نے مظاہر حق ترجمہ مشکوۃ مین درباب نجس ہونی پانی کثیر کے پیشاب وغیرہ سی چنانچہ بذیل حدیث لایبولن احدکم فی الماء الدائم کے فرماتے ہین **ف** مراد پانی سی یہان پانی قلیل ہے اگر کثیر ہو حکم جاری کا رکہتا ہے اور نجس نہین ہوتا پیشاب وغیرہ سی اور نہانا اوسمین جایز ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ اگر بہی ہو اگرچہ وہ نجس نہین ہوتا لیکن اُسمین پیشاب کرنا خوب نہین شاید کہ اوسکی دیکہا دیکہی اور بہی پیشاب کرین اور عادت اسکی پکڑین اور رفتہ رفتہ پانی متغیر ہو جاوے یعنے رنگ اور مزہ اور بو بدل جاوے انتہے پس جبکہ ہماری نزدیک پانی کثیر ٹہرا کنوئین کا تو ہم کو کون مانع ہے اوس تاویل سے بیچ حدیث علی کی جو اختیار کی ہی مترجم صاحب نے حدیث لایبولن مین اور اگر اس حدیث اور حدیث زنجی مین تاویلین نکرین تو سوائی بربادی حدیث صحیح قلتین کے ایک اور ایسی صحیح حدیث جسکے صحت مین کسیکو کلام نہین یہانتک کہ حضرت مولف بہی اوسکی صحت کی مقر ہین یعنے حدیث بیر بضاعہ کے باطل ہو جائیگی بیان اسکا یہہ ہے کہ ایک کنوان جسکو بیر بضاعہ کہتے ہین ایسا تہا کہ اوسمین حیض کی لتی اور کتی مرے ہوئی کا گوشت اور ناپاکیان متعفن پڑجایا کرتی تہین پہر اوسکی پانی کا حال کسی نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچہا تو حضرت نی فرمایا کہ پانی کو کوئی چیز نجس نہین کرتے جیسا کہ روایت کی ہی ترمذی نی ساتہہ ایسی سند کی جسکے سب راوی ثقہ ہین ابو سعید خدری سی قال قیل یا رسول اللہ انتوضأ من بیر بضاعۃ وھی بیر یلقے فیہا الحیض ولحوم الکلاب والنتن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الماء طہور لا ینجسہ شیٔ اور روایت کیا اوسکو ابو داود نے

---

قول سی اوپر بیان ہوئی لیکن ہمنے دلیلو نکی موافقت کرنیکے لئے معنے ظاہر سے تاویل کرلی اور وہ دلیلین برتقدیر صحت کے ایک تو حبشی والی حدیث ہے اور دوسرے حدیث قلتین کی جو ثابت اور صحیح ہے چنانچہ اوسکی صحت آگی مذکور ہوگی اور حدیث بیر بضاعہ کی جسکا ذکر آگی آویگا سمجہہ لے تو اس مقام کو ؎ اور جواب دیا ہی شافعیون نے پانی مین پیشاب کرنیکی حدیث سی اسطرح کہ وہ نہی اسلئی ہی کہ رفتہ رفتہ آخر کو پانی متغیر ہو کر نجس ہو جاوے کیونکہ ایک کی دیکہا دیکہی اور لوگ بہی پیشاب کرینگی اور اسطرح کہ اس نہی مین نفرت طبعی ہے شرعی نہین ہے جیسا کہ عبارت محلی کے ؎ نہ پیشاب کرے کوئی کہڑی پانی مین ؎ ابو سعید خدری کہتی ہین کہ آنحضرت صلعم سے لوگون نے پوچہا کہ کیا ہم وضو کیا

بہی اور کہا ترمذی نے هذا حدیث حسن وفی الباب عن عائشۃ وابن عباس یعنے یہہ حدیث حسن ہے اور اس باب مین
عائشہ اور ابن عباس سے بہی روایت ہے اور کہا امام احمد نے اور یحیے بن معین نے کہ یہہ حدیث صحیح ہے جیسا کہ
بحر الرائق مین لکھا ہے قال الامام احمد هو حدیث صحیح انتہی اور محلی مین کہا ہے وصححہ احمد وابن معین انتہی اور جناب
مؤلف کا کلام جسمین اسکی صحت کا اقرار ہے آگے آویگا پہر اگر کہو کہ ابن عباس اور علی نے کنوین کو وقوع نجاست سے
نجس سمجھہ کر تمام پانیکی نکالنی کا حکم دیا تہا تو مقتضائی اس حدیث مرفوع کا بہی باطل ہوتا ہے وہو کما تری اگر کہو کہ
بر بضاعہ اس جہت سے پاک تہا کہ وہ جاری تہا طرف باغون کی پس وہ حکم مین نہر جاری کی ہوا تو حدیث زنجی وغیرہ سے
بظاہر معنی معارض بر بضاعہ کی نہوئی اور حدیث بر بضاعہ کی باعث تاویل کی حدیث زنجی مین نہوئی تو کہا جائیگا کہ
راوی اسکا کہ وہ بیر بضاعہ باغون کیطرف جاری تہا واقدی ہے جیسا کہ ذکر کیا ہے محلی مین انہ ما قیل انہا کانت طریقا للماء
جاریا الی البساتین علی ما اخرجہ الطحاوی فی شرح معانی الآثار عن جعفر بن ابی عمران عن محمد بن الشجاع البلخی بسندہ
الی الواقدی انتہی وکذا فی بحر الرائق اور یہہ واقدی متروک الحدیث ہی اور حدیثین وضع کیا کرتا تہا کہا یہہ نسائی
نے جیسا کہ کہا ابن حجر نے تقریب مین محمد بن عمر بن واقد الاسلمی الواقدی المدنی القاضی نزیل بغداد متروک مع سعۃ
علمہ من التاسعۃ اور کہا نور الدین علی بن عراق نے مختصر تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ کی محمد بن عمر واقد
الواقدی قال النسائی یضع الحدیث انتہی اور کہا بیہقی نے کہ واقدی کی حدیث سے حجت نہ پکڑنی چاہیے
خاص کر اس حدیث مین کہ مرسل ہے جیسا کہ ذکر کیا ہے محلی مین ولکن قال البیہقی الواقدی لا یحتج بحدیثہ فضلا
عما یرسلہ انتہی ولذا قال فی بحر الرائق وما قال بعد قلنا قد اثنی علیہ الداودی وابو بکر بن العربی وابن الجوزی فجوابہ ما فی المحلی
من انہم لیسوا من ائمۃ الجرح والتعدیل وان سلم فالجرح مقدم علی التعدیل حیث عین الجارح النسائی مثلا سبب الجرح ای وضعہ

---

وضو کرین ہم تو کیونکہ وہ ایسا کنوان ہے جسمین ناپاک کپڑے اور مردار گوشت ڈالی جاتی ہین تو آپنے فرمایا کہ بلاشک پانی پاک ہے اوسکو
کوئی چیز ناپاک نہین کرتی ۱۲ یہہ حدیث حسن ہے اور اس باب مین حضرت عائشہ اور ابن عباس سے بہی روایت ہے ۱۲ کہا امام احمد نے
یہہ حدیث صحیح ہے ہو جکی عبارت بحر الرائق کی ۱۲ اور صحیح کیا ہی اسکو امام احمد اور ابن معین نے ہو جکی عبارت محلی کی ۱۲ پانی بر بضاعہ کا
باغون کیطرف جاری تہا بنا بر اوس روایت کی جسی طحاوی نے شرح معانی الآثار مین جعفر بن ابی عمران سے اور اوسنی محمد بن شجاع بلخی سی اور اوسنے
اپنے سلسلہ کو واقدی تک پہونچایا ہے ہو جکی عبارت محلی کی اور بحر الرائق مین بہی یوہین ہے ۱۲ محمد بن عمر بن واقد اسلمی
واقدی مدنی قاضی باشندہ بغداد کی روایت باوجود فراخ علم ہونی اوسکی کے ترک کر دی گئی ہے اور وہ نوین طبقہ مین سی ہے ۱۲
محمد بن عمر واقد واقدی نسائی نے کہا کہ حدیث بناتا تہا ہو جکی عبارت مختصر نور الدین کی ۱۲ لیکن بیہقی نی کہا ہی کہ واقدی کی
حدیث سی حجت نہین پکڑنی چاہیے خاص کر وہ حدیث جو مرسل ہو ہو جکی عبارت محلی کے اور یوہین ہے بحر الرائق مین اور وہ جو یہہ
کہا ہے کہ داودی اور ابو بکر بن عربی اور ابن جوزی نی اوسکی تعریف کی ہی تو اسکا جواب وہی ہے جو محلی مین ہے کہ یہہ لوگ جرح اور تعدیل کے

الاحادیث ولم یبین المعدلون ذلك السبب الخاص لا یکفی مجرد الثناء وسیجی عنقریب تحقیق تقدیم الجرح علی التعدیل مع الشاهد الدلیل فافهم وانتظر اور نقل کیا ہی ابن طاہر حنفی نی کہ واقدی بڑا جہوٹا ہے اور اپنے رائی کی خاطر حدیثون کی باطل کرنیمین حیلہ سازیان کیا کرتا تہا جیسا کہ مجمع البحار مین فرماتی ہین قیل کذاب احتال فی بطال الحدیث نصرة للرای فان بید بضاعة مشهورة فی الحجاز بخلاف ما حکی عن الواقدی انتہی پس ثابت ہوا کہ کوئی حدیث متفق علیہ غیر متفق علیہ حدیث قلتین کو ساقط اور متروک العمل نہین کرتی اگر صحت حدیث قلتین کی ثابت ہو جاوے لہذا اب حدیث قلتین کی صحت کیجاتی ہے اور مؤلف کی چارون وجہونکو نقل کرکے اونسی بخوبی جواب دیا جاتا ہی تو سنو **قال** المؤلف پس کہتے ہین ہم کہ حدیث قلتین کے نہین ہے قابل سند کی اور قابل قبول کرنیکے ساتھ چار وجہ سے وجہ اول یہہ ہے کہ تحقیق حدیث قلتین کے ضعیف ہی کہ ضعف بیان کیا اسکا ایک جماعت نی محدثین مین سی جیسا کہ کہا زیلعی نے بیچ شرح کنز الدقایق کے ان حدیث قلتین ضعیف ضعفه جماعة المحدثین حتی قال البیهقی من الشافعیة انه غیر قوی وترکه الغزالی والرویانی مع شدة اتباعهما الشافعی رحمهم الله لضعفه انتهی کلام الزیلعی اور کہا شیخ کمال الدین نے بیچ فتح القدیر کی هذا الحدیث ضعیف ضعفه الحافظ ابن عبد البر والقاضی اسمعیل بن ابی اسحاق وابو بکر بن العربی المالکیون انتهی کلام ابن الهمام اور کہا صاحب قاموس نے کہ وہ شافعی مذہب ہے بیچ سفر سعادت کی کہ حاصل اسکا یہہ ہے ضعفه بعض المحدثین وصححه بعضهم انتهی اور کہا بیچ کتاب تمہید کی ما ذهب الیه الشافعی من حدیث قلتین مذهب ضعیف انتهی اور کہا دبوسی نی اپنے کتاب اسرار مین وهو حدیث ضعیف انتهی اور کہا صاحب حلیہ نی بیچ ہدایہ کی انه ضعیف ضعفه ابو داؤد اور کہا علی ابن المدینی نے کہ وہ امام ہے امامون حدیث کی سے اور شیخ ہے بخاری وغیرہ کا انه لم یثبت هذا الحدیث عن رسول الله صلی الله علیه وسلم نقله الشیخ عبد الحق فی شرح المشکوة

امام نہین ہین اور اگر یہہ امر مان ہی لیا جاوے تو جرح تعدیل پر مقدم ہے جہان کہ جرح کرنیوالا سبب جرح کا بیان کر دی مثلا یہان نسائی نے سبب حدیث کا بنانا بتا دیا ہے اور تعدیل کرنیوالون نے اوسکی نفی نہین کی اور فقط یونہین تعریف کرنا کفایت نہین کر سکتا اور عنقریب تحقیق اسکی آویگی کہ جرح تعدیل پر مقدم ہے اور اسکی دلیل بیان ہوگی اور نظیر پیش کیجاویگی سمجہہ اور منتظر رہ ۱ه کہا گیا ہے کہ بڑا جہوٹا ہے اپنے رائے کے مددگاری کیلئی حدیثون کو جہٹلانیمین حیلہ کیا کرتا تہا کیونکہ بیر بضاعة تو لوگونکا عرب مین دیکہا ہوا ہے اور وہ اوسکی خلاف روایت کرتا ہے ہو چکی عبارت مجمع البحار کے ۲ه حدیث قلتین کے ضعیف ہے ایک جماعت محدثون نی اوسکو ضعیف کہا یہانتک کہ بیہقی نے کہ گروہ شافعیہ مین سی ہی کہا ہے کہ وہ حدیث قوی نہین ہے اور امام غزالی نی اوسکو بسبب ضعف کی چہوڑ دیا ہے اور رویانی نے بہی باوجودیکہ وہ بڑے پیرو شافعی کے ہین ہو چکا کلام زیلعی کا ۳ه یہہ حدیث ضعیف ہے حافظ ابن عبد البر اور قاضی اسماعیل بن ابی اسحاق اور ابو بکر بن عربیہ مالکیون نے اسے ضعیف کہا ہے ہو چکا کلام ابن ہمام کا ۴ه ضعیف کیا ہے اوسکو بعضے محدثون نی اور بعضون نے صحیح کیا ہے ہو چکی عبارت سفر سعادت کے ۵ه وہ قلتین کی حدیث جسطرف شافعی گئے ہین مذہب ضعیف ہے ہو چکی عبارت تمہید کے ۶ه وہ حدیث ضعیف ہے ۷ه وہ ضعیف ہے ابو داؤد نے

العربی الفارسی اور حاصل کلام کا یہہ ہے کہ تحقیق حنفیہ اور مالکیہ متفق ہوئی ہین اوپر ضعف اس حدیث قلتین کی اگرچہ مختلف
ہین بیچ بیان کرنے وجہ ضعف کی **اقول** یہہ حدیث صحیح ہے اور ضعیف کہنا اسکو بوجہ معقول اور بی دلیل نامقبول ہے
بیان الا صحت حدیث کی ثابت کیجاتی ہے بعد اسکے مضعفین کے کلام سی جواب دیا جاویگا توسنو کہ روایت کیا ہے اس حدیث کو
ترمذی اور ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ اور ابن خزیمہ وغیرہم نے اور سکی اسانید قوی اور جید ہین ترمذی کی یہہ اسناد ہی
حدثنا هناد نا عبدة عن محمد بن اسحاق عن محمد بن جعفر بن الزبير عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر عن ابن عمر قال سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم الحديث اور راوی اسکی سب ثقہ اور صادق ہین اما الاول فهو ثقة واما الثانی فهو ثقة ثبت
والثالث صدوق والرابع ثقة والخامس ثقة والسادس هو ابن عمر وهو احد المكثرين من الصحابة كل ذلك في تقريب التهذيب
اور ابو داود کی ایک اسناد تو یہہ ہے حدثنا ابن العلاء وعثمان بن ابی شيبة والحسن بن علی وغيرهم قالوا حدثنا ابو اسامة
عن الوليد بن كثير عن محمد بن جعفر بن الزبير عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر عن ابيه الحديث اسکی بھی سب راوی ثقات ہین
اما الاول فهو ثقة حافظ والثانی ای فی الذكر دون المرتبة ثقة حافظ والثالث ثقة حافظ له تصانيف والرابع
اسمه حماد بن اسامة ومشهور بابی اسامة وهو ثقة ثبت والخامس صدوق والباقون مر ذكرهم فی رجال الترمذی
اور دوسری اسناد اسکی یہہ ہے حدثنا موسى بن اسمعيل قال حدثنا حماد ح حدثنا ابو كامل ثنا يزيد يعني ابن زريع عن محمد بن
اسحاق عن محمد بن جعفر قال ابو كامل بن الزبير عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر عن ابيه نحوه اسکی راوی بھی سب ثقہ ہین اما
الاول فهو ثقة ثبت قال العسقلانی ثم قال ولا التفات الى قول ابن خراش تكلم الناس فيه انتهى والثانی هو ابو اسامة

---

ف روایت کی ہمین ہناد نی کہا روایت کی ہمین عبدہ نی محمد بن اسحق سے اونہوں نے محمد بن جعفر بن زبیر سے اونہوں نے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر
سے اونہوں نے ابن عمر سی کہا کہ سنا مینے آنحضرت صلعم سے آخر حدیث تک ف پہلا شخص اور چوتھا اور پانچوان ثقہ ہے اور دوسرا ثقہ اور ثبت اور تیسرا
صدوق ہے اور چھٹے ابن عمر اور وہ ایک کثیر ین صحابہ مین سے ہین یہہ سب تقریب التہذیب مین ہے ف روایت کی ہمین ابن علا اور عثمان
بن ابی شیبہ اور حسن بن علی وغیرہ نی اور کہا کہ روایت کی ہمکو ابو اسامہ نے ولید بن کثیر سے اونہوں نے محمد بن جعفر بن زبیر سی اونہوں نے عبید اللہ
بن عبد اللہ بن عمر سے اونہوں نے اپنے باپ سے آخر حدیث تک ف پہلا شخص ثقہ حافظ ہے اور دوسرا جگہ جو شخص مذکور ہی وہ ثقہ حافظ
ہے اور تیسرا بھی حافظ ثقہ ہے اور سکی تصانیف ہی اور چوتھے کا نام حماد بن اسامہ ہے اور ابی اسامہ کرکی مشہور ہے وہ ثقہ اور ثبت ہے اور پانچوان
صدوق ہے اور باقی ماندون کا ذکر ترمذی کے راویون کے ذیل مین گذرچکا ف روایت کی ہمکو موسے
بن اسمعیل نے اور کہا کہ روایت کی ہمین حماد نے ح اور کہا روایت کی ہمین ابو کامل نے کہا روایت کی ہمکو یزید یعنی
ابن زریع نے محمد بن اسحاق سی اونہوں نے محمد بن جعفر سے کہا ابو کامل نے بن زبیر اور اونہوں نے روایت کی عبید اللہ بن عبد اللہ
بن عمر سے اور اونہوں نے روایت کی اپنے باپ سی مثل گذشتہ کی ف پہلا شخص ثقہ اور ثبت ہی ابن حجر عسقلانی کہا ہے پہر کہا ہے
نہین خیال کرنا چاہیے اوس قول کی طرف جو ابن خراش نے کہا ہے کہ لوگون نے اس شخص کے باب مین کلام کیا ہے اور دوسرا وہ ابو اسامہ

حماد بن اسامۃ ثقۃ ثبت والثالث وھو فضیل بن حسین ابی کامل ثقۃ حافظ والرابع ثقۃ ثبت و
الباقون مر ذکرھم اور تیسری اسناد یہہ ہے ثنا موسی بن اسمٰعیل قال حدثنا حماد قال انا عاصم بن المنذر عن عبید اللہ
ابن عبد اللہ بن عمر قال حدثنی ابی الحدیث اِسکے راوی بہی وہی ہیں جنکا ذکر گذرا مگر ایک عاصم بن المنذر سو وہ بہی
صدوق ہیں کل ذلک فی التقریب للعسقلانی اور نسائی کی اسناد یہہ ہے اخبرنا ھناد بن السری والحسین بن حریث
عن ابی اسامۃ عن الولید بن کثیر عن محمد بن جعفر عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر عن ابیہ الحدیث اسکی راوی بہی
وہی ہیں مگر ایک حسین بن حریث سو وہ بہی ثقہ ہیں قالہ فی تقریب التہذیب ایضاً ابن خزیمہ اور ابن ماجہ کی اسناد کو
سمجھا چاہیے حاصل یہہ کہ یہہ حدیث جتنی طریقوں سی مروی ہی اسکی راوی ثقات ہیں اور اگر بالفرض کسی ایک راوی میں
کچھ عیب نکالوگی تو اوسکی تقویت دوسرے راوی سی قایم مقام اوسکی ہوجاویگی غرض کہ روات کی جہت سی حدیث قلتین میں
ضعف کا نام نہ لے سکوگی اور حالانکہ مدار صحت اور سقم اور قوت اور ضعف حدیث کی راوی ہوتی ہیں پس اسیقدر تعدیل روات کی
سی صحیح ہونا حدیث قلتین کا ثابت ہوگیا اور با اینہمہ اقوال ائمہ جرح اور تعدیل کے متضمن صحت اس حدیث کی سننی چاہیے تو واضح
ہو کہ اس حدیث پر عمل ہے امام شافعی کا اور امام احمد بن محمد بن حنبل کا اور امام اسحق کا اور امام ابو عبید کا اور امام ابو ثور کا
اور ایک جماعت کا محدثین میں سے اور تمام ائمہ شافعیہ کا سوا ے غزالی اور رویانی کے جیسا کہ کہا محلی میں وقال الشافعی
واحمد ما بلغ القلتین فھو کثیر لا ینجس بوقوع النجاسۃ وبہ قال اسحاق وابو عبید ابو ثور وجماعۃ من اھل الحدیث
منھم ابن خزیمۃ اور باقی ائمہ شافعیہ کا سوائی غزالی اور رویانی کے عمل سب پر روشن ہے اور ردالمحتار میں لکھا ہے ان المجتہد
اذا استدل بحدیث کان تصحیحا لہ کما فی التحریر وغیرہ انتہی یعنی عمل کسے مجتہد کا اوپر کسی حدیث کی تصحیح ہے اوس
حدیث کی پس امام شافعی اور امام احمد اور اسحق اور ابو ثور اور جماعت دیگر مصحح ہوئی اس حدیث کی اور تصحیح کی ہے اس حدیث کے
ابن خزیمہ نے اور ابن حبان نے اور دارقطنی نے اور حاکم نے جیسا کہ کہا محلی میں وصححہ ابن خزیمۃ وابن حبان والدارقطنی انتہی

---

حماد بن اسامہ ثقہ اور ثبت ہی اور تیسرا وہ فضیل بن حسین ابو کامل ثقہ حافظ ہے اور چوتہا ثقہ ثبت ہی اور باقی کا ذکر گذر چکا ۲ه روایت
ہمکو موسی بن اسماعیل نے اور کہا روایت کی ہمین حماد نے اور کہا روایت کی ہمین عاصم بن منذر نی عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے اور کہا مجہی
میرے باپ نے آخر حدیث تک ۳ه یہہ سب عسقلانی کی تقریب میں ہے ۴ه روایت کی ہمین ہناد بن سری اور حسین بن حریث نی ابی
اسامہ سے اور اونہوں نے ولید بن کثیر سے اونہوں نی محمد بن جعفر سے اونہوں نے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سی اونہوں نے اپنے باپ سے آخر حدیث تک
۵ه اور کہا شافعی اور امام احمد نی جو پانی حد قلتین تک پہونچ جاوے تو وہ کثیر ہے نجاست کی گرنی سی ناپاک نہیں ہوتا اور ایسا ہی
کہا ہے اسحاق اور ابو عبید اور ابو ثور اور ایک جماعت اہل حدیث نی اونمیں ہی سی ابن خزیمہ ہیں ۶ه بلاشک جب ثابت دلیل پکڑے کوئی
مجتہد کسی حدیث سی تو وہ اوس حدیث کا باعث صحت ہوجاتا ہے جیسا کہ تحریر وغیرہ میں ہے، ہو چکی عبارت ردالمحتار کی ۷ه
اور صحت کی ہے اسکی ابن خزیمہ اور ابن حبان اور دار قطنی نے ہو چکی عبارت محلی کی

اور کہا بلوغ المرام مین وصححہ ابن خزیمۃ وابن حبان والحاکم انتھی اور کہا حاکم نی یہہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور شیخین نے
اسکو روایت نہین کی کہ اسمین ولید سی اسناد مین کچہ خلاف واقع ہوگیا ہے جیساکہ کہا محلی مین وقال الحاکم
صحیح الاسناد ولم یخرجاہ لخلاف فیہ عن الولید بن کثیر انتھے اقول اس اختلاف کا جواب ہم دینگی عنقریب اور کہا
یحیی بن معین نی کہ یہہ حدیث خوب پختہ ہے اور کہا بیہقی نے یہہ حدیث موصول الاسناد اور صحیح اور کہا منذری
نے اسکی اسناد جید ہے اور اسپر کسیطرح کا غبار نہین جیساکہ کہا محلی مین وقال ابن معین جید قال البیھقی
موصول صحیح وقال المنذری اسنادہ جید لاغبار علیہ انتھی اور کہا ابن ماجہ نی کہ یہہ حدیث صحیح ہے جیساکہ بحر الرائق
مین ضمن مین ایک اعتراض کی کہ جسکا جواب بی دلیل ہے قد صححہ ابن ماجۃ وابن خزیمۃ والحاکم وجماعۃ من اھل
الحدیث انتھی بلکہ حضرت طحاوی حنفی نی جسنے تائید حنفی مذہب کی اپنے نفس پر واجب کرلی ہی اور جہانتک
بن آتی ہے حنفی مذہب کی مددگاری کرتا ہی جسکی حق مین شاہ عبدالعزیز قدس سرہ بستان المحدثین مین فرماتی ہی
بہر حال تصانیف مفیدہ در مذہب حنفی دارد و بزعم خود در نصرت این مذہب مساعی جمیلہ بتقدیم رسانیدہ
انتھی لاچار ہوکر اقرار کرلیا ہے کہ حدیث قلتین کی صحیح ہے اور ثابت اگرچہ عذر اضطراب معنی قلتین کا پیش
لایا ہے لاکن ہم اس سی بہی جواب دینگی انشاء اللہ تعالی اور یہہ ہی کلام طحاوی کا شرح معانی الآثار مین خلیہ
القلتین صحیح واسنادہ ثابت لاکن انما ترکناہ لانا لانعلم ما القلتان انتھے اور کہا محلی مین و
اعترف الطحاوی بصحتہ انتھی اور کہا فتح الباری مین الفصل بالقلتین اقوی بصحۃ الحدیث فیہ وقد
اعترف الطحاوی من الحنفیۃ بذلک انتھی اقول اعتراف طحاوی حنفی کا سخت حجت ہی حنفیہ پر الحاصل حدیث قلتین کی
صحیح اور ثابت اور اسناد اوسکی جید اور راوی اوسکی ثقات اور اسی وجہ اور اسی نظر سی صحیح کہا ہے اسکو امام شافعی نے
اور امام احمد بن حنبل نے اور امام اسحق نی اور امام ابو عبید نے اور امام ابو ثور نے اور ابن خزیمہ نی اور ابن حبان نے
اور ابن ماجہ نی اور دار قطنی نی اور بیہقی نی اور حاکم نی اور یحیی بن معین نی اور علامہ منذری نی اور طحاوی نے بس

---

اور صحت کی اسکی ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اور حاکم نی ہو جسکی عبارت بلوغ المرام کی اور حاکم نی کہا ہی کہ یہہ حدیث صحیح الاسناد
ہے اور شیخین نی بسبب اوس اختلاف کی جو ولید بن کثیر سے ہے اسکو روایت نہین کیا ہو جسکی عبارت محلی کی اور کہا ابن
معین نے یہہ اسناد جید ہے اور بیہقی نے کہا موصول صحیح ہے اور منذری نی کہا جید ہے اسپر کچہ غبار نہین ہو جسکی عبارت محلی کی
بلاشک صحت کی ہی اوسکی ابن ماجہ اور ابن خزیمہ اور حاکم اور ایک جماعت اہل حدیث نی حدیث قلتین کی صحیح ہی اور
اسناد اوسکی ثابت ہی لیکن ہمنے اسلیے اوسپر عمل نہین کیا کہ ہم قلتین کے معنے نہین جانتے اور اقرار کیا طحاوی نے اوسکی صحت کا ہو جسکی عبارت
محلی کے حد فاصل قلتین کے بہت قوی ہے بسبب صحیح ہوجانے حدیث کے اسباب مین اور حنفیون
مین سے طحاوی بلاشک اوسکی صحت کا مقر ہے ہو جسکی عبارت فتح القدیر کی ؛

اب کلام سی اون لوگون کے جو ان حدیثوں کو ضعیف کہتے ہین جواب دینا چاہیے تو واضح ہو کہ جنکا مولف نی ذکر کیا ہے اون میہون کی کلام سے ضعف حدیث قلتین کا ثابت نہین ہوتا اسلئی کہ بیہقی کی اوس قول کی جو زیلعی نی نقل کیا ہے یہہ معنی ہین کہ یہہ حدیث ایسی قوی نہین کہ علی شرط الشیخین ہے نہ یہہ معنی کہ ضعیف ہی ورنہ وہ کلام بیہقی کا جو محلی مین منقول ہو چکا ہے بی معنی ہو جاویگا اور ضعیف کہنا غزالی کا اور رویانی کا اور دبوسی کا اور صاحب ہدایہ کا اور شیخ ابن الہمام کا اور بعضی مالکیون کا حدیث کو ضعیف نہین کر دیتا کیونکہ یہہ لوگ مقلدین مین سے ہین ایمہ جرح اور تعدیل مین سے نہین ہین ایسے ایسے سیکڑون علما شافعی اسکی تصحیح کر رہے ہین تو جیسا کہ ہمنے ان سب کے تصحیح پر اعتماد نہین کیا ایسا ہی اون علما کی جرح کا جنکا مولف نی شمار کیا ہے یہی خیال بجا ہے اب رہا ضعیف کہنا ابن عبد البر کا اور ابو داؤد کا اور علی بن المدینی کا سو البتہ جرح انکا پایہ اعتبار رکھتی ہے لاکن اگر بیان سبب اور دلیل ہو تو معتبر ہے ورنہ بلے بیان سبب الکا جرح بہی مقبول نہین ہونیکا جیسا کہ وجیہ الدین علوی اپنی ابن عبد اللہ سی حاشیہ شرح نخبہ مین نقل کرتے ہین اور ذہبی نی

وقد عقد ابن عبد البر فی کتاب العلم بابا لکلام المعاصرین بعضهم فی بعض ورای ان اهل العلم لا یقبل جرحهم الا ببیان واضح انتہی

اور سوائی انکی اوروں کا بہی یہی مذہب ہے کہ جرح کیکا بی بیان سبب کے قبول نہین کیا جاتا جیسا کہ کہا ہی شرح نخبہ اور حاشیہ علوی مین والجرح مقدم علی التعدیل واطلق ذلك جماعة لکن محله التفصیل وهو انه مقدم ان صدر مبینا سببه من عارف باسبابه لانه ان کان غیر مفسر لم یبین سببه مثل قولهم فلان ضعیف و فلان لیس بشیء او نحو ذلك مقتصرا علی ذلك لم یقدح فیمن ثبت عدالته لان الناس یختلفون فیما یجرح وما لا یجرح فیطلق احدهم الجرح بناء علی امر اعتقده جرحا ولیس بجرح فی نفس الامر فلا بد من بیان سببه وان صدر من غیر عارف بالاسباب لم یعتبر به ایضا وهو ظاهر انتہی اور شرح نخبہ مین قبل اس کلام کے قال الذهبی وهو من اهل الاستقراء التام فی نقد الرجال لم یجتمع اثنان من علماء هذا الشان قط علی توثیق ضعیف ولا علی تضعیف ثقة انتہی ولهذا کان مذهب النسائی ان لا یترك حدیث الرجل حتی یجتمع الجمیع علی ترکه

سـ۵ اور بلاشک ابن عبد البر نے معاصر لوگون کے کلام کرنی مین ایک باب منعقد کری کہا ہے کہ اہل علم مین معاصر کی جرح بغیر بیان کے قبول نہین کرتی عـ۵ اور جرح مقدم تعدیل پر اگرچہ ایکجماعت نے علی الاطلاق ہی کہا لیکن یہہ بات تفصیل طلب ہے وہ یہہ ہے کہ جرح جب مقدم ہے کہ کوئی جرح کی سببونکا جاننی والا مع سبب جرح کرے کیونکہ اگر سبب جرح کا بیان نکیا مثلا کہدیا کہ فلانہ ضعیف ہی یا فلانہ ہیچ پوچ ہے یا اور کوئی ایسا لفظ کہدیا تو کسی شخص ثابت العدالت کو یہہ کہنا مضر نہوگا کیونکہ لوگ اون باتونمین جو جرح کرتی ہین اور نہین کرتین مختلف ہین سو بعضون نے وہ باتین جو اونکی اعتقاد مین جرح ہین بہ جالت جرح کہہ دی ہین حالانکہ حقیقت مین وہ جرح نہین ہے سو اس بنا پر جرح کا بیان ضرور ہے اور اگر انجان سی جرح ہو سکے تو اوسکا اعتبار نہوگا اور یہہ امر ظاہر ہے ہو چکے عبارت شرح نخبہ کی عـ۵ ذہبی نے کہ جو پورا اہل استقرا مین سے ہے نقد الرجال مین کہا ہے کہ اصول حدیث کے علما مین سے دو عالم ہرگز نہ ضعیف کے ثقہ بتانی پر جمع ہوئی ہین نہ ثقہ کے ضعیف بتانے پر ہو چکے عبارت نقد الرجال کی اور اسی سبب سے نسائی کا مذہب یہہ تہا کہ کسی راوی کی حدیث نچھوڑی جاوی جبتک کہ سب اوسکی چھوڑنی پر جمع نہو جاوین ؛

لیحذر المتکلم فی ھذا الفن فانہ ان عدّل بغیر تثبت وتجنب عن التساھل کان کالمثبت حکما لیس بثابت فیخشی علیہ ان یدخل فی
زمرۃ من روی حدیثا وھو یظن انہ کذب وان جرح بغیر تحرز اقدم علی الطعن فی مسلم بری من ذلک ووسمہ بمیسم سوء یبقی علیہ عارہ ابدا
والآفۃ یدخل فی ھذا تارۃ من الھوی والغرض الفاسد وکلام المتقدمین سالم من ھذا الجرح غالبا وتارۃ من المخالفۃ فی العقائد وھو موجود
قدیما وحدیثا انتھی کلام الحافظ فی شرح النخبۃ اور ظاہر ہے کہ کسی جارح مضعّف کا کلام متضمن وجہ ضعف کا اور سبب جرح کا
نہین ہے پس کیونکر مجرد اقوال بے دلیل سے حدیث صحیح ثابت کو جسکو جماعت محدثین کی اور خود وہ امام حدیث کی اماموں میں سے
جنکا ذکر گذرا صحیح کہتے ہین ضعیف مانا جاوے جائی انصاف کی ہے اور مقام داد کا اور اگر کوئی اعتراض کرے کہ ضعیف کہنا اونکا
با وجہ ہے اور وجہ یہہ ہے کہ حدیث قلتین کی مضطرب ہی الفاظ مین اور معنون مین جیساکہ حضرت مولف آگی ذکر کرینگے
اور مضطرب ہی اسناد مین جیساکہ ذکر کیا ہے محلی مین وقولہ وجہ انہ اختلف فی سندہ عن ابی اسامۃ فمرۃ یقول عن
الولید بن کثیر عن محمد بن عباد بن جعفر ومرۃ عن محمد بن جعفر بن الزبیر ومرۃ یروی عن عبد اللہ بن عبد اللہ بن عمر ومرۃ عن
عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر انتھی وکذا ذکرہ فی البحر الرائق یعنے اسکی اسناد مین اختلاف ہی کیونکہ ولید کی روایت
کبھی تو محمد بن جعفر سے اور کبھی محمد بن عباد بن جعفر سی اور انکی روایت کبھو ہے عبد اللہ بن عبد اللہ سے اور کبھو عبید اللہ
بن عبد اللہ سے تو جواب اسکا یہہ ہے کہ یہہ وجہ بھی کالعدم ہے کیونکہ اس حدیث مین تینوں مین سی کوئی بھی اضطراب نہین سو
ہونا اضطراب لفظی او معنوی کا تو وہین پر بیان کیا جاویگا جہان پر مولف اوسکو ذکر کرینگی دیکھہ کیا ضروری پر اضطراب
اسناد یکو یہان رفع کیا جاتا ہے تو معلوم کرنا چاہیے کہ اضطراب اوس اختلاف کا نام ہی جسمین توفیق یعنی جمع یا ترجیح بعض صورتون
اختلاف کے اوپر بعض کی ممکن نہو اور جہان کہین جمع یا ترجیح ہو سکی تو اوس محل مین اضطراب نہین پایا جاتا جیساکہ کہا وجیہ الدین
علوی نے حاشیہ شرح نخبہ مین قال ابن الصلاح ھو ما اختلف الرواۃ فیہ فیرویہ بعضھم علی وجہ وبعضھم علی وجہ آخر مخالف لہ ولا یترجح احدی الروایتین علی
الاخری ولا یمکن الجمع بینھما فان ترجحت فالحکم للراجح ولا یکون الحدیث حینئذ مضطربا وکذا ان امکن الجمع انتھی مختصرا

---

اور اس فن مین بولنی والیکو ڈرنا چاہیے کیونکہ اگر بغیر دلیل کسیکو ثقہ بتایا تو ایک امر غیر ثابت کا گویا ثبوت کیا تو خوف ہی سا تہا کہ کہین اونکی گروہ مین باوجودیکہ
جہوٹی ہونی کی روایت کی ہیں اوسکو روایت کرتے ہین داخل نہو جاوے اور اگر بیدہڑک کسیکو غیر ثقہ بتا دیا اور وہ اوس سے بری ہی تو اوسکا وبال ہمیشہ اوسپر رہیگا
اور آفت اس فن مین کبھی نفسانیت اور اوکسی بری غرض سے ہوتی ہے اور اگلی لوگون کا کلام اکثر اسطرحکی جرح سی خالی تہا اور کبھی وہ آفت عقیدہ کی
اختلاف سی ہوتی ہے یہہ بات پہلی سی ابتک موجود ہے حافظ کا کلام جسکا شرح نخبہ مین ہے تمام ہوا اور سبب اوسکا یہہ ہے کہ پہلی سند مین اسامہ اختلاف کرتا ہے
سو کبھی تو کہتا ہے روایت کی ولید بن کثیر نے محمد بن عباد بن جعفر سی اور کبھی محمد بن جعفر بن زبیر سی اور کبھی روایت کرتا ہے عبد اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے اور کبھی عبید اللہ
بن عمر سی ہو جسکی عبارت محلی کی ہے اور یون ہی بحر الرائق مین ہے تمام ہوا کہا ابن صلاح نے اضطراب وہ ہی کہ مختلف ہو روایت اوسکی بعضی راوی ایکطرح پر روایت
کرین اور بعضی ایسی دوسری طرح پر کہ وہ اوسکی مخالف ہو اور ایک کو اون دونون روایتوں مین سے ترجیح نہو اور اون دونو مین جمع بھی ممکن نہو اور اگر ایک روایت کو ترجیح
ہو جاوے تو وہی حکم اوسی کا ہے اور اوسوقت حدیث مضطرب نکہلاویگی اور اسیطرح جبکہ اون دونو مین جمع ممکن ہو ہو جسکی عبارت شرح نخبہ کی مختصر طور پر

اور اس اسناد مین ولید کی ترجیح بہی ممکن ہے اور جمع بہی ہو سکتا ہے پہر کہان ہوا اضطراب تو صورت ترجیح کی یہہ ہے کہ جو روایت ولید بن کثیر کی محمد بن جعفر بن زبیر سے اور اوسکی عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے ہی وہ مرجح ہے اور شاہد ہے اسپر روایت محمد بن اسحاق کی محمد بن جعفر بن الزبیر سے اور اوسکی عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے جیسا کہ اول روایت مین ترمذی کی اور دوسرے روایت مین ابو داؤد کی گذرا اور اختیار کیا اسکو خطابی نے جیسا کہ ذکر کیا ہے محلی مین واجاب[له] عنه الخطابی بان هذا اختلاف من قبل ابی اسامة حماد بن اسامة القرشی رواه بن محمد بن اسحاق بن بسار عن محمد بن جعفر بن الزبیر فالخطاء فی احدی روایتیه متروک والصواب معمول به ولیس فی ذلك مایوجب توهین الحدیث انتهی اور صورت جمع کی یہہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ولید نے محمد بن جعفر بن الزبیر سے بہی روایت کی ہوا در محمد بن عباد بن جعفر سے بہی کی ہو ایسا ہی عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے بہی روایت ہوا اور عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے بہی روایت ہوا اور یہہ سب ثقات ہین اما[عه] الاول فهو ثقة من السادسة والثانی ایضا ثقة من الثالثة والثالث ایضا كذلك وهكذا الرابع كذا فی تقریب التهذیب اور اختیار کیا اسکو امام نووی نے جیسا کہ ذکر کیا ہی بحر الرائق مین واجاب[عه] النووی عن هذا بان ندلیس اضطرابا لان الولید رواه عن كل من المحدثین فحدث مرة عن احدهما ومرة عن الاخر ورواه ایضا عبد الله وعبید الله ابنا عبد الله بن عمر عن ابیهما وهما ایضا ثقتان انتهی وكذا فی المحلی علاوہ یہہ کہ ترمذی کی روایت مین اور ابو داؤد کی دوسرے روایت مین نہ ابو اسامہ واسطہ ہی اور نہ ولید بن کثیر ہی اومین اتنا دہو کہا ظاہری ہی نہین ہوتا اور اسمین اضطراب کی بو بہی نہین آتی تو ثابت ہوا کہ اس اسناد مین اضطراب نہین ہے ایسا ہی نہونا اضطراب کا متن مین اور معنون مین بہی ثابت کیا جاویگا انشاء اللہ تعالی لیس وجہ جرح مضعفین کی ثابت نہوئی اور جرح اونکا بی وجہ باقی رہا تو پہر اسکو کون قبول کرتا ہے تا اینکہ صحت حدیث کی ثابت ہو وبهذا[عه] التحقیق اندفع ما قال بعض قاصری الانظار المعذورین فی بعض الحواشی علی بعض الکتب ولا یخفی ان الجرح مقدم علی التعدیل فلا یدا فعه تصحیح بعض المحدثین لمن ذكره ابن حجر وغیره

---

[له] اور جواب دیا ہے اوس سے خطابی نے اسطرح پر کہ یہہ خلاف جانب ابی اسامہ حماد بن اسامہ قرشی سے ہی چنانچہ روایت کیا ہے اوسکو محمد بن اسحاق بن یسار نے محمد بن جعفر بن زبیر سے تو خطا ایک روایت مین چہوڑ دیگئی اور ٹہیک بات پر عمل کیا گیا اب اسمین یہہ نہین رہا کہ حدیث کو ضعیف کری ہو چکی عبارت محلی کی [عه] پہلا شخص طبقہ چہٹے مین کا ثقہ ہے اور دوسرا بہی طبقہ تیسری مین کا ثقہ ہے اور تیسرا بہی اور اسیطرح چوتہا بہی یونہین ہے تقریب التہذیب مین [سه] اور جواب دیا ہے نووی نے اس سے اسطرح پر کہ یہہ اضطراب نہین کیونکہ ولید نے بسبب اوستادون کی روایت کی ہی سو ایکدفعہ ایک اپنے اوستاد سے روایت کی ہی اور دوسرے دفعہ دوسرے سے اور روایت کی ہی اسیطرح عبید اللہ اور عبد اللہ دونو بیٹون ابن عمر نے اپنے باپ سی اور وہ دونو ثقہ ہین ہو چکی عبارت بحر الرائق کی اور یونہین ہے محلی مین [عه] اور اس تحقیق سے اوٹہہ گیا وہ شبہہ جو بعضے کوتاہ نظر دن معذوروں نے بعضی حاشیون مین بعضے کتابون کی کیا ہے کہ جرح مقدم ہے تعدیل پر تو اب اس جرح کو بعضے محدثون کا صحیح کہنا نہین اوٹہا سکتا کہ ابن حجر وغیرہ نے ذکر کردیا

ووجه الاتد فاع لا يخفى عليك بعد التامل الصادق الا ترى ان تقديم الجرح على التعديل فرع لوجود الجرح وقد نفيناه لعدم وجود وجه وجعلناه هباء منثورا فاين المقدم واين التقديم وان سلمنا ان وجه الاضطراب فى الاسناد والمتن والمعنى فقد نفينا الاضطراب فى الافراد وسننفى الاخيرين وقد قال فى المسلم اذا تعارض الجرح والتعديل فالتقديم للجرح مطلقا وقيل بل للتعديل عند زيادة المعدلين ومحل الخلاف اذا اطلقا وعين الجارح شيئا لم ينفه المعدل او نفاه لا بيقين واما اذا نفاه يقينا فالمصير الى الترجيح اتفاقا انتهى وقال العلوى فى حاشيته على شرح النخبة نعم ان عين سببا نفاه المعدل بطريق معتبر فانهما يتعارضان انتهى فثبت صلوح معارضة الجرح للتعديل ثم الترجيح للتعديل لجودة الاسانيد من حيث ثقاة الرواة ومن الله التائيد فافهم **قال** اب مدار ... رہا کہ اضطراب معنوی اور متن میں جواب دیا جائے مؤلف کی وجہ ثانی کی جواب کی بعد اس سے جواب دیا جاویگا

اور وجہ دوسری یہہ ہے کہ یہہ حدیث قلتین کی مخالف ہے اجماع صحابہ کی جیسا کہ کہا شیخ عبد الحق نی بیچ شرح مشکوۃ وغیرہ کے قال[سله] علی بن مدینی وهو امام ایمة الحدیث وشیخ البخاری انه مخالف لاجماع الصحابة فان الزنجی وقع فی بیر زمزم فامر ابن عباس و ابن الزبیر بنزح الماء کله بحضور الصحابة ولم ینکره منهم احد انتهى اور کہا طحاوی نے وکان[عله] ذلک الافتاء بمحضر الصحابة ولم ینکره منهم احد انتهى اور کہا شیخ نے بیچ لمعات شرح مشکوۃ کی وکان[سه] ذلک الافتاء بمحضر الصحابة ولم یظهر من احدهم الانکار فیکون حدیث قلتین مخالف الاجماع انتهى **اقول** اس مغالطہ کی تین جواب ہیں اول یہہ ہی کہ اس قصے

---

اور وجہ اور شبہہ ... اور حق یہ ہے کہ بعد تامل صادق کی پوشیدہ نہیں ہے کیا تم نہیں جانتے ہو کہ مقدم ہونا جرح کا تعدیل پر اس بات کی ایک شاخ ہے کہ اصل میں جرح ہو تو یہاں ... نہیں ہے بسبب نہ ہونے وجہ جرح کی اور اسکو بالکل اڑا کر مثل ہبا میں کر دیا تو اب تقدیم و مقدم کہاں رہا اور اگر وجہ اضطراب کو ہم متن حدیث یا معنی حدیث میں مان لیوین تو سند ... کے اضطراب کو توہم اوڑا چکی اور دو اضطراب باقی ماندہ کی عنقریب بحث کرینگی اور مسلم میں کہا ہے کہ جب جرح کو تعدیل ... معارض ہو تو تقدیم جرح کو ہی ہر حال میں اور بعضوں نے کہا ہے کہ تقدیم تعدیل کو ہی جسوقت کہ تعدیل کرنیوالی زیادہ ہوں اور موقع خلاف کا جب ہے کہ یا تو جرح اور تعدیل دونو بلا سبب ہوں یا جرح کرنیوالی نی جو سبب بتایا ہو اوسکو تعدیل کرنیوالا اوٹہا نسکا ہو یا اوٹہا ہو مگر مضبوط نہو اور جسوقت کہ اچہی طرح اوٹہا دے تو بالاتفاق تعدیل کی طرف رجوع کرنا ہے ہوچکی عبارت مسلم کی اور علوی نے اپنے حاشیہ میں جو شرح نخبہ پر ہے کہا ہے کہ ہاں اگر معین کر دی جرح کرنیوالا سبب اوٹہا دی اوسکو تعدیل کرنیوالا معتبر طور پر تو دونو باہم متعارض ٹہرینگی ہوچکی عبارت حاشیہ کی تو ثابت ہوگیا قابل ہونا جرح کا معارضہ تعدیل کی لئی پہر ترجیح تعدیل کو ہی بسبب عمدگی اسناد کے جہاں کی راوی ثقہ ہوں اور اللہ سی ہی مدد ہی سمجھ لے

سله کہا علی بن مدینی نے اور وہ محدثوں کی اماموں کے امام ہیں اور بخاری کی اوستاد کہ یہہ قلتین کی حدیث اجماع کی مخالف ہے کیونکہ حبشی زمزم میں گرا اور ابن عباس اور ابن زبیر نے حکم دیا تمام صحابہ کی مجمع میں کہ اوسکا سارا پانی نکالا جاوے اور کسینے انکار نکیا ہوچکی عبارت شرح مشکوۃ کی سه اور یہہ فتوا صحابہ کی مجمع میں ... عله اور یہہ فتوا صحابہ کی مجمع میں اور اوسپر کسیکا انکار ظاہر نہیں ہوا تو حدیث قلتین کی اجماع کی مخالف ٹہری ہوچکی عبارت

اور اجماع کی ثبوت ہی مین کلام ہے جیسا کہ سابق ذیل مین حدیث زنجی کی انکار امام شافعی کا اور انکار سفیان بن عیینہ کا اور انکار
ابو عبید کا اس قصہ کی وقوع سی بضمن عبارت سنن کبری اور محلی کی گذرا اور جس روایت سی حنفی اس قصہ کو ثابت کہتی ہین اوس
روایت کا منقطع ہونا عبارت سی سنن کبری اور محلی کے ثابت کیا گیا دوسرا جواب یہہ ہے کہ ہمنے فرض کیا کہ یہہ قصہ ثابت ہے
اور اجماع پایا گیا لیکن پہر بہی اجماع سکوتی ہوا اور اجماع سکوتی امام شافعی بلکہ بعضے حنفی حجۃ شرعی نہین جانتی جیسا کہ کہا
مسلم الثبوت مین بعد بیان مسئلہ اجماع سکوتی کے ومختار[۵۱] الآمدی والکرخی ظنی وعن الشافعی رحمہ اللہ لیس بحجۃ
وعلیہ ابن ابان والباقلانی انتہی قلت وذهب اکثر الشافعیۃ الی ان هذا هو مذهب الشافعی کذا فی منهیۃ المسلم
فلا تغتر بما ذکرہ ابن الحاجب عن الشافعی من روایتہ علی خلافہ ایضا فان صاحب البیت اعرف بما فی البیت من غیرہ
پہر کسطرح یہہ اجماع سکوتی تمہارا شافعی پر حجت ہوگا تیسرا جواب یہہ ہے کہ فرض کیا کہ یہہ اجماع سکوتی بہی حجت ہی لاکن
یہہ اجماع پانی کے نکالنی پر موجب اور مخبر اسبات کا کہان ہوتا ہی کہ پانی کو نجس جانکر وہ پانی نکالا تہا بلکہ بلحاظ حدیث الماء طہور کے
جو بیر بضاعہ کی جواب مین وارد ہے اور خود ابن عباس سے مروی ہے اور صحت اوسکی سابق مین ثابت کی گئی ہی اور بلحاظ ثبوت اس امر کی کہ
ابن عباس نے ایسے حوض مین سی وضو کیا ہے جسمین کچہہ مردار پڑا ہوا تہا جیسا کہ ضمن مین عبارت سنن کبرے کے گذرا اور بلحاظ صحت
حدیث قلتین کے یہی کہینگے کہ نکالنا صحابہ کا پانی کو زمزم کی اس سبب سے تہا کہ گرنے سے زنجی کے پانی پر خوف ظہور نجاست طاہر
ہو گئی تہی اور زمزم پینے کا پانی تہا پس بطور نظافت اور لطافت کے پانی اوسکا نکلوا دیا تہا نہ بطور تطہیر نجاست کی پہر
کہان مخالف ہوئی حدیث قلتین کے اجماع کذا قال الامام[۵۲] الہمام الشافعی کما مر سابقا فی عبارۃ المحلی وسنن کبرے
قال اور تیسری وجہہ یہہ ہے کہ حدیث قلتین کی مضطرب ہے یعنے الفاظ اور معانی اسکے مختلف ہین پس اسمین اسلئی کہ ایک روایت عبد اللہ
بن عمر سے یہہ ہے کہ کہا سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الماء یکون فی الفلاۃ من الارض وما ینوبہ من الدواب والسباع فقال اذا
کان الماء قلتین لم یحمل الخبث رواہ الترمذی والنسائی وابو بکر وابو داود واحمد پس یہہ حدیث کہ روایت کیا ان محدثون نی دلالت کرتی
ہے اسپر کہ جبکہ ہو پانی قدر قلتین کے نہ اوٹہا سکیگا نجاست کو پانی سی یعنی نجس ہو جائیگا جیسا کہ مقتضائی ان حدیثون کا کہ
اوپر مذکور ہوئین اسلئی کہ معنی حمل کے لغت مین اور قران شریف مین اوٹہانیکی ہین کہا بیچ منتخب اللغات وغیرہ کے الحمل بر داشتن انتہی

[۵۱] اور پسندیدہ آمدی اور کرخی کا یہہ ہے کہ اجماع سکوتی ظنی ہے اور امام شافعی سی منقول ہی کہ وہ اجماع حجت نہین ہے اور ابن ابان اور باقلانی
اسیپر ہین یہانتک ہوچکی عبارت مسلم کی مین کہتا ہون کہ اکثر شافعیہ اسطرف گئی ہین کہ مذہب شافعی کا یہی ہے منہیہ مسلم مین یونہین ہے سواب ہوکا نہ کیجیو وہ تقریر
جو ابن حاجب نے اپنے روایت سی امام شافعی کا خلاف اسکی اسمین ذکر کیا ہے کیونکہ گہر والا گہر کی موجودات غیر سی زیادہ جانتا ہے [۵۲] جیسا کہا امام ہمام
شافعی نے جیسا کہ گذر چکا پہلے عبارت محلی اور سنن کبرے مین [۵۳] آنحضرت صلعم سے سوال کیا گیا اوس پانیکے حق مین جو جنگل
مین ہوتا ہے اور اوسمین چوپائے پہرتے ہین تو آپنے فرمایا کہ جب پانی قلتین کے حد کو پہونچ جاوے تو ناپاکی اوسی
منضر نہین روایت کے ترمذی اور نسائی اور ابو بکر اور ابو داود اور احمد نے + + + + + + + + + +

اور فرمایا اللہ تعالی نی وحملہ وفصالہ ثلثون شہرا اور جابی فرمایا ہے مثل الذین حملوا التورٰۃ ثم لم یحملوہا کمثل الحمار یحمل اسفارا اور دوسری روایت عبداللہ بن عمر سے یہہ ہے قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان الماء قلتین لم ینجسہ شئ رواہ ابن ماجہ ابوداؤد پس یہہ روایت دلالت کرتی ہی اسپر کہ جبکہ پڑہی پانی قلتین میں کوئی نجس چیز تو ناپاک نہین ہوویگا سو یہہ معنی مخالف ہین پہلی حدیث کی معنی کو باعتبار معنی والفاظ کی اور تیسری روایت عبداللہ بن عمر کی یہہ ہے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اذا بلغ الماء قلتین او ثلثا لم ینجسہ شئ رواہ ابن ماجہ پس یہہ روایت مشتمل ہی شک پر کہ دو قلی فرمائی ہین یا تین قلی پس یہہ روایت مخالف ہوئی دونون روایتون پہلی کو اور نہ معلوم ہوا کہ حضرت نی دو قلی فرمائی ہین یا تین اور چوتھی روایت عبداللہ بن عمر سے یہہ ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اذا کان الماء اربعین قلۃ لم ینجسہ شئ رواہ محمد بن المنکدر اور کہا شیخ ابن ہمام نے فتح القدیر میں قد وقع الاضطراب فی ذلک الحدیث ففی بعض الروایات لفظ قلتین وفی بعضہا ثلث قلال وفی بعضہا اربعین قلۃ وفی بعضہا اربعین غربا انتہی اور مانند اسکی کہا ملا علی قاری نی شرح مشکوۃ مین پس ثابت ہوا ان روایتون سی اضطراب اس حدیث کا **اقول** اس قول مین مولف نی بہت ابلہ فریبی کی ہے سلئی اسکی رد کو توجہ تام سی سننا چاہیئے تو پہلے سنو کہ جو خلاف ایسا ہو کہ اوسکی بعض وجوہ بعض پر مرجح ہوں یا سب وجوہ اسمین جمع اور موافقت قبول کرلیں تو ایسی اختلاف سی حدیث مین اضطراب نہین واقع ہوتا چنانچہ ضمن جواب جہ ثانی قول ابن صلاح کا عبارات حاشیہ علوی مین مصدق اسمعنی کا گذرا اب سنو کہ مولف نی دو وجہین اضطراب کی اس حدیث مین بیان کین ہین وجہ اول یہہ کہ بعضے روایتون مین لم یحمل الخبث آیا ہے اور اسکی معنی یہہ ہین کہ نہ اوٹہا سکیگا نجاست کو یعنی نجس ہو جائیگا اور دوسری روایت مین لم ینجس آیا ہے اور اسکی معنی یہہ ہین کہ نجس نہین کرتے اوسکو کوئی چیز یعنے نجس نہین ہوتا وجہ دوسرے یہہ کہ ایک روایت مین دو قلی آئی ہین اور ایک مین ساتہہ شک کے دو یا تین اور ایک مین چالیس قلہ اور کسی مین چالیس غرب فقط تو جواب وجہ اول کی یہہ ہے کہ اختلاف لم یحمل الخبث و لم ینجس کا حدیث مین اضطراب پیدا نہین کرتا اسلئے کہ معنی لم یحمل الخبث کی وہی ہین جو کہ لم ینجسہ کے ہین یعنی لینے اوپر نجاست نہین ظاہر ہونی دیتا اور نجس نہین ہوتا اور جو معنی مولف نی لکھے ہین ہرگز نہین ساتہہ تین دلیلون کے دلیل اول یہہ کہ معنی لم یحمل الخبث کی لغت مین یہہ ہین کہ نہین اوٹہاتا نجاست کو جیسا کہ خود مولف نی منتخب اللغات سی اور آیات قرآن سی ان معنی کو نقل کیا ہے پھر اس نہ اوٹہانیکی دو معنی ہین ایک یہہ کہ اوٹہا کر

ع۵ اور مدت حمل اور دودہ چہڑانا اوڑہائی برس ہین ع۵ کہا درستا و نکی جو لادی گئی تورات پہر نہ اوٹہایا اوسکو جیسے کہ مثل گدہی کی پیٹہہ پر لیجاتا ہے کتابین ع۵ فرمایا رسول خدا صلعم کہ جسوقت پانی مقدار دو قلون کو پہونچ جاوی تو اوسی کوئی چیز نجس نہین کرتی روایت کی ابن ماجہ اور ابوداؤد نی ع۵ جسوقت پہونچ جاوی پانی بقدر دو قلی یا تین کے تو نہین نجس کرتے اوسکو کوئی چیز ع۵ جسوقت پہونچ جاوی پانی بقدر چالیس قلے کے تو اوسکو کوئی چیز نجس نہین کرتے روایت کی محمد بن منکدر نے ع۵ بلاشک واقع ہو گیا اضطراب ایک حدیث مین کسلئی کہ بعضے روایتون مین دو قلی کا لفظ ہے اور بعضے مین تین قلی کا اور بعضے مین چالیس کا اور بعضی مین چالیس ڈول کی عبارت

نجاست کی انکار کرتا ہے جیسے کہتی ہین کہ زید صندوق نہین اوٹھاتا یعنی اوٹھانیسی صندوق کی انکار کرتا ہی اور ظاہر ہے کہ ایسا نہ
اوٹھانا حدیث قلتین مین متصور ہی نہین اور ایک یہہ معنی ہین کہ نجاست کو اپنی اوپر آنی اور ظاہر ہونی نہین دیتا جیسے کہتے
ہین کہ زید پیدل چلنی مین تکلیف نہین اوٹھاتا یعنے پیدل چلتی ہوئی اوسپر تکلیف نہین طاری ہوتی اور وہ اسمین تکلیف
نہین پاتا اور یہی معنی متصور او محقق اور متعین ہین حدیث قلتین مین اور خود مولانا قطب الدین خانصاحب مظاہر حق ترجمہ
مشکوۃ مین لکہتے ہین کہ جسوقت کہ ہووی پانی دو قلہ نہین اوٹھاتا ناپاکی کو یعنی پلید نہین ہوتا پلیدی پڑنیسے انتہی کلامہ
اور نزدیک امام ابو یوسف رح کی بہی یہی معنی متعین اور محقق ہے قال[۵۱] فی البزازیة انہ روی عن ابی یوسف رحمہ اللہ صلی
الجمعة مغتسلا من الحمام ثم اخبر بفارة میتة فی بیر الحمام فقال ناخذ بقول اخواننا من اهل المدینة اذا بلغ
الماء قلتین لم یحمل خبثا انتهی ما فی رد المحتار هکذا فی الطحطاوی وغیرهما اور جو معنی مؤلف نے بیان کیے ہین یعنے نہین اوٹھا سکیگا
وہ معنی لم یحمل کے نہین ہوسکتی بلکہ وہ معنی لم یحتمل کے ہین جو تحمل سے مشتق ہی اور اس حدیث مین اسکا ذکر نہین ہی اسیواسطی جنابنے لغات
ترجمہ حملہ کا حاشیہ مین یہہ کیا ہے یعنی اوٹھانا اوسکا انتہی اور یہہ ترجمہ نکیا کہ اوٹھا سکتا اور ترجمہ حملو کا یہہ کیا ہے اوٹھائی گئی
انتہی اور یہہ نہین ترجمہ کیا کہ اوٹھا سکی گئی اور ترجمہ ثم لم یحملوها کا یہہ کیا پہر نہ اوٹھایا اوسکو انتہی اور یہہ نہین ترجمہ کیا
کہ نہ اوٹھا سکی غرض کہ حمل کے معنے اوٹھانا ہی اوٹھا سکنا نہین اور اوٹھا سکنا تحمل کے معنی ہین جسکا اس حدیث مین ذکر نہین
اور ان دونو معنون مین ہزار دل کوسکا فرق ہی کیونکہ بنا بر معنی اوٹھانیکی معنی لم یحمل کے ہماری موافق ہوتی ہین جیسا کہ
بیان کیا گیا اور بنا بر معنی اوٹھا سکنی کی معنی لم یحمل کے موافق مؤلف کی یعنی نہین اوٹھا سکیگا نجاست کو بلکہ نجس ہوجائیگا ہوتے
ہین اور جبکہ معنی لم یحمل کے نہین اوٹھانا مولف کی تراجم اور زبان سی ثابت ہوئی تو نہ اوٹھا سکی یعنی نجس ہوجانیکی معنے
خود مؤلف کی تحریر اور اقرار سی باطل ہوئی اور ثابت ہوا کہ معنی حدیث لم یحمل کے یہی وہی ہین جو معنی حدیث لم ینجسہ کے ہی
یعنی کہ نہین آنے اور طاری ہونی دیتا نجاست کو اپنے اوپر اور نہین نجس ہوتا دوسری دلیل یہہ کہ جب کہ حدیث صحیح ابوداؤد مین ذکر
جو مؤلف کے کلام مین گذری ہی اور ابن ماجہ کے لفظ لم ینجسہ سے ثابت ہوگیا تو واجب ہوا کہ معنی لم یحمل الخبث کی بہی یہی
کیے جاوین جو لم ینجسہ کے ہین اس لیے کہ علماء کا اتفاق ہے اسپر کہ ایک حدیث سی دوسری اوس مضمون کی حدیث تفسیر کرنی
چاہیے جیسا کہ کہا نووی نی شرح مہذب مین چنانچہ عنقریب آویگا اسیواسطی شیخ عبد الحق محدث حنفی نے شرح عربی مشکوۃ مین اقرار
کیا ہے کہ معنی لم یحمل الخبث یہی ہین کہ اپنے اوپر نجاست نہین آنی دیتا اوسکو دفع کردیتا ہے اور جو کہ بعضی حنفیون نے یہہ معنی لم
لم یحمل الخبث کی کیئی ہین کہ نجاست اوٹھا نہین سکتا بلکہ ضعیف ہوجاتا ہے صحیح نہین چنانچہ فرماتی ہین قولہ[۵۲] لم یحمل الخبث

[۵۱] بزازیہ مین کہا ہے کہ ابو یوسف سی مروی ہے کہ اونہونے ایک حمام پانی سی نہاکر جمعہ کی نماز پڑہی پہر لوگونے خبر دی کہ اوس
حمام مین مرا ہوا چوہا نکلا تو ابو یوسف نی کہا کہ ہم اپنے بہائی اہل مدینہ کی قول پر عمل کرلیتی ہین کہ جسوقت پانی بقدر دو قلونکی پہونچ جاوے
تو نجس نہین ہوتا ہوچکی وہ عبارت جو رد المحتار مین ہی اور طحطاوی وغیرہ مین بہی یونہین ہے [۵۲] نجاست نہین اوٹہاتا

ای لم یقبلہ بل یدفعہ وجاء روایۃ لابی داؤد فانہ لا ینجس وھذہ الروایۃ ان صحت دلت علی ان تاویل لم یحمل خبثا بانہ لا
یحملہ ولا یطیق حملہ لضعفہ بل ینجس کما قال بعض اصحابنا الحنفیۃ غیر صحیح انتہی کلام الشیخ اقول وصحۃ روایۃ ابی داؤد کالشمس فی
نصف النہار کما حققناہ فافہم اور کہا مولانا عبد العلی حنفی نے ارکان اربعہ مین وادّعا صاحب الھدایۃ انہ لضعفہ لا یطیق
حمل النجاسۃ یردہ ما وقع فی روایۃ لابی داؤد فانہ لا ینجس انتہی مختصرا ایسے دلیل یہہ کہ اگر یہی معنی ہون کہ جبکہ پانی قدر
قلتین کو پہونچتا ہے تو نجس ہو جاتا ہے تو پہر یہہ کیون حد مقرر کر دی کہ جبکہ بقدر قلتین کے ہو تب نجس ہو جاتا ہی کیا جبکہ بقدر
قلتین ہو تو نجس نہین ہوتا یہہ تو کوئی عاقل نہین کہتا جیسا کہ ابن نجیم حنفی نے بحر الرائق مین کہا ہی ۵۴ ذکر شمس
الائمۃ السرخسی وتبعہ فی الھدایۃ ان معنے قولہ لم یحمل خبثا انہ یضعف ویتنجس وھذا مردود من وجہین ذکرھما
النواوی فی شرح المہذب الاول انہ ثبت فی روایۃ صحیحۃ لابی داؤد اذا بلغ الماء قلتین لم ینجس
فتحمل الروایۃ الاخری علیہا فمعنے لم یحمل خبثا لم ینجس وقد قال العلماء احسن تفسیر غریب الحدیث ان یفسر بما
جاء فی روایۃ اخری کذلک الحدیث الثانی انہ صلی اللہ علیہ وسلم جعل القلتین حدا فلو کان کما زعم ھذا القائل لکان
التقیید بذلک باطلا فان مادون القلتین یساوی القلتین فی ھذا انتہی مختصرا اور کہا عینی مین ۵۵ ثم ان ماذکرہ شمس الائمۃ
السرخسی وتبعہ صاحب الھدایۃ ان معناہ انہ یضعف عن النجاسۃ یردہ روایۃ ابی داؤد اذا بلغ الماء قلتین لم ینجس انتہی
جواب حدیث ثانی کا یہہ ہی کہ حدیث دو قلون کی مروی ہے ساتھہ سند صحیح اور قوی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور سوا اسکے اور
مقابل مین اسکے سب روایتین یعنی تین قلون کی ہی اور چالیس قلون کی ہی اور چالیس غرب کی ہی سب نامقبول ہین

---

یعنی نجاست کو قبول نہین کرتا بلکہ دفع کرتا ہے اور ایک روایت ابوداؤد مین آیا ہی کہ نجس نہین ہوتا یہہ روایت اگر صحیح ہو جاوے تو دلالت کرتی
ہے اوپر کہ یہہ تاویل کہ پانی نجاست کو نہین اوٹہاتا یعنے نجس ہو جاتا ہے جیسا کہ بعض ہماری ساتہی حنفیون نے کی ہی صحیح نہ ٹہریگی ہو چکی عبارت شیخ کی
مین کہتا ہون کہ صحت روایت ابی داؤد دوپہر کی سورج کی طرح چمکتی ہے چنانچہ ہم اسکی تحقیق کر چکی سمجہہ لے ۵۱ اور دلیل صاحب ہدایہ کو کہ
بسبب ضعف کے نجاست کو نہین اوٹہاتا رد کرتا ہے وہ جو ابوداؤد کی روایت مین آیا کہ نجس نہین ہوتا ۵۲ شمس الائمہ سرخسی نے ذکر کیا
اور صاحب ہدایہ تابع ہوا کہ معنے اسکی کہ پانی نجاست نہین اوٹہاتا یہہ ہین کہ نجاست سے دب کر ناپاک ہو جاتا اور یہہ بات سرخسی کے
قول کی مردود ہے دو وجہون سے جو نووی نے شرح مہذب مین ذکر کی ہین اول تو یہہ کہ روایت صحیح مین ابی داؤد کی ثابت ہو چکا کہ جو وقت
پانی بقدر دو قلی کی پہونچ جاوے تو ناپاک نہین ہوتا سو اس روایت پر دوسری روایت بہی لگالیجاویگی تو اب اسکی معنی کہ پانی نجاست کو نہین اوٹہاتا
یہی ہونگی کہ نجس نہین ہوتا اور بلاشک علما نے کہا ہی کہ اچہی تفسیر حدیث کی نادر لفظونکی یہی ہی کہ دوسری روایت سے کیجاوے دوسری یہہ کہ آنحضرت صلعم نے دو قلونکو
حد ٹہرایا ہی اس صورت مین اگر سرخسی کا کہنا ٹہیک ہو تو دو قلونکی حد لگانا رائگان ہے کیونکہ اب وہ پانی جو دو قلون کی حد کو پہونچ گیا ہی اور وہ پانی
جو اس حد سے کم ہے ناپاک ہونے مین برابر ہین ہو چکی عبارت بحر الرائق کی بطور اختصار کے ۵۳ پہر وہ جو ذکر کیا سرخسی نے اور صاحب ہدایہ اسکا تابع ہوا کہ معنی اسکی کہ پانی
نجاست کو نہین اوٹہاتا یہہ ہین کہ نجاست سے دب جاتا ہے رد کرتی ہی اسکو ابوداؤد کی وہ روایت کہ جب پانی بقدر دو قلونکی ہو تو ناپاک نہین ہوتا ہو چکی عبارت عینی کے

تو حدیث قلتین مین اضطراب ہوا اضطراب جب ہوتا ہے کہ سب روایتین برابر کی قوۃ کی ہین مختلفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوتین جیسا کہ معنی مین اضطراب کے گذرا اب ایک ایک کو تفصیل وار سنئے حبا و حدیث اول یعنی جسمین یون آیا کہ دو قلی یا تین تو شاذ ہے جیسا کہ کہا بحر الرائق مین واجاب[٥١] النووی عن ہذا الاضطراب اما عن الشک فی قولہ قلتین او ثلثا فہو روایۃ شاذۃ وھی متروکۃ فوجودھا کعدمہا انتہے وھکذا فی المحلے اقول شاذ کیا بلکہ منکر کیونکہ تمام روایتون صحیحہ مین یعنی ترمذی اور ابو داؤد کی تین اور نسائی اور ابن خزیمہ کی بلکہ خود ابن ماجہ کی دو روایتون مین یہی آیا ہی کہ اذا بلغ الماء قلتین یعنے دو قلی اور سب ائمہ تعدیل نے اسکو صحیح کیا ہے اور روایت شک والی کو اصحاب ستہ مین سے محض ابن ماجہ ہی نے تخریج کیا ہی اور اسکی بعضے راویون مین کلام ہے ازانجملہ حماد بن سلمہ کہ انکی حافظہ مین آخر عمر مین فتور ہو گیا ہے جیسا کہ تقریب عسقلانی مین کہا ہے حماد[٥٢] بن سلمۃ بن دینار ثقۃ عابد وتغیر حفظہ باخرہ انتہی مختصرا اور ازانجملہ وکیع بن محرز کہ اوسکو اوہام بہت ہوتے تھے جیسا کہ کہا تقریب مین وکیع[٥٣] بن محرز بن وکیع البصری صدوق لہ اوہام انتہی ملخصا اور ازانجملہ علی بن محمد کہ یہہ بھی بہولکر اوسنے جیسا کہ کہا تقریب مین علی[٥٤] بن محمد بن ابی الخصیب صدوق ربما اخطأ انتہے مختصرا بس بظن غالب یہہ شک انہین تینون مین سے کسی سے صادر ہوا ہے تو یہہ حدیث ضعیف مقابلہ مین احادیث صحیحہ کی حدیث منکر ہوئی جیسا کہ کہا نخبۃ الفکر مین فان[٥٥] خولف بارجح منہ فالراجح المحفوظ ومقابلہ الشاذ وان مع الضعیف فالراجح المعروف ومقابلہ المنکر انتہی اور حدیث منکر کیونکر مقابل ہو کر حدیث صحیح کے موجب اضطراب کی ہو گی حدیث دوسری جیسا کہ مولف نے چوتھی مرتبہ لاکر کہا ہے روا محمد بن المنکدر یہہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہین اور نسبت کرنا مولف کا اس روایت کو طرف محمد بن المنکدر کی کذب اور بہتان قبیح ہے اگر کوئی پوچھے کہ محمد بن المنکدر نے کونسی کتاب مین اس روایت کو رسول اللہ سے روایت کیا ہے تو جناب مولف قیامت تک ثبوت نہ پہونچا سکین گی نعوذ باللہ من ہذا الخیانۃ اصل حال یہہ ہے کہ حدیث اربعین قلہ کی روایت کی دارقطنی اور ابن عدی وغیرہ نے ساتھہ اسناد قاسم بن عبد اللہ عمری کے بواسطہ جابر کے رسول اللہ سے مرفوعا اور یہہ صحیح نہین کہا یہہ خود اون محدثون نے جنہون نے اوسکو روایت کیا ہے اسلئے کہ راوی اسکا قاسم جھوٹا ہے اور جھوٹھین حدیثین موضوع کیا کرتا تھا اور متروک الحدیث ہی امام احمد بن حنبل نے اوسکو جھوٹھا قرار دیا ہی جیسا کہ کہا نور الدین علی نے مختصر تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ مین

---

[٥١] اور جواب دیا نووی نے اس اضطراب سے کہ جو آیا ہے شک سے کہ بعضے روایتون مین دو قلی آئے ہین اور بعضے مین تین سو طرح جبر کہ وہ روایت شاذ متروک ہے اوسکا ہونا نہونا برابر ہے ہو چکی عبارت بحر الرائق کی اور یونہین ہے محلے مین [٥٢] حماد بن سلمۃ بن دینار ثقہ اور عابد ہی اور آخر عمر مین اوسکا حافظہ متغیر ہو گیا تہا ہو چکی عبارت تقریب کی بطور مختصر کے [٥٣] وکیع بن محرز بن وکیع بصری صدوق ہے کچھہ اوسی وہم رہتے ہتی ہو چکی عبارت تقریب کی [٥٤] علی بن محمد بن ابی خصیب صدوق ہے کبھی چوک جاتا تہا ہو چکی عبارت تقریب کی [٥٥] اگر مخالف پڑے بہت راجح حدیث ایک حدیث کی تو راجح کا نام محفوظ اور مقابل اوسکی شاذ اور اگر اسطرح کی مقابلہ مین حدیث ضعیف ہو تو راجح کا نام معروف اور مقابل کا نام منکر ہے ہو چکی عبارت نخبہ کی ؛

اذا بلغ الماء اربعين قلة لم يحمل خبثا مد من حديث جابر ولا يصح خلط فيه القاسم بن عبد الله العمری اور دوسری جگہ اسی کتاب مین کہا ہے قاسم بن عبد الله العمری يكذب ويضع اور کہا تقریب التہذیب مین القاسم بن عبد الله بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطاب العمری المدنی متروك رماه احمد بالكذب انتہی اور کہا ابن طاہر حنفی نی اپنے تذکرہ موضوعات مین فی الوجیز عن جابر اذا بلغ الماء اربعين قلة لم يحمل الخبث خلط فيه القاسم بن عبد الله العمری انتہی اور کہا قاضی شوکانی نی فوائد المجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ مین حدیث اذا بلغ الماء اربعين قلة لم يحمل الخبث رواه ابن عدی عن جابر مرفوعا وقال لا يصح خلط فيه القاسم بن عبد الله العمری انتہی اور کہا بحر الرائق مین وروی الدار قطنی وابن عدی والعقیلی فی کتابہ عن القاسم باسناده الی النبی صلی الله عليه وسلم اذا بلغ الماء قلتين فانه لا يحمل الخبث وضعفه الدار قطنی بالقاسم انتہی البتہ حدیث چالیس قلون کی روایت کی ہے دار قطنی نے اسناد صحیح سے بوسیلہ روح بن قاسم کے محمد بن المنکدر سے لاکن نہ رسول الله سے مرفوعا جیسا کہ مؤلف نے افترا کیا ہے نعوذ بالله منہ بلکہ ابن عمر سے موقوفا یعنے ابن عمر کا قول نقل کیا ہے رسول الله کا قول نہین نقل کیا جیسا کہ کہا بحر الرائق مین وروی الدار قطنی باسناد صحیح من جہة روح بن القاسم عن ابن المنکدر عن ابن عمر رض قال اذا بلغ الماء اربعين قلة لم ينجس انتہی اور کہا نور الدین علی نے مختصر مین ثم قال ای الدار قطنی كذا رواه القاسم عن ابن المنکدر عن جابر ووهم فی اسناده وكان ضعيفا كثير الخطاء وخالفه روح والثوری ومعمر فرووه عن محمد بن المنکدر عن ابن عمر موقوفا اخرجه الدار قطنی انتہی

---

۵۱ جسوقت پہونچ جاوی پانی چالیس قلونکو تو نجاست کو نہین اوٹہاتا یہہ حدیث جابر کی معروف ہے اور درجہ صحت کو نہین پہونچی اوسمین کچھ قاسم بن عبد الله عمر سے نے خلط ملط کر دیا ہے ۵۲ قاسم بن عبد الله عمری جہوٹہا ہے اور حدیث کا بنانی والا ۵۳ قاسم بن عبد الله بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب عمری مدنی متروک ہے امام احمد نی کہا ہے کہ یہہ جہوٹہا تہا ہوچکی عبارت تقریب کی ۵۴ وجیز مین جابر سی روایت ہی جسوقت پہونچ جاوی پانی چالیس قلونکو تو نجاست نہین اوٹہاتا اسمین قاسم بن عبد الله عمر سے نے خلط کر دیا ہے ہوچکی عبارت تذکرہ کی ۵۵ جسوقت پہونچ جاوے پانی چالیس قلونکو تو نجاست نہین اوٹہاتا روایت کی ابن عدی نے جابر سے مرفوعا اور کہا کہ درجہ صحت کو نہین پہونچ سکتی کچھ ملا دیا ہی اسمین قاسم بن عبد الله عمر سے نے ہوچکے عبارت فوائد المجموعہ کی ۵۶ اور روایت کی دار قطنی اور ابن عدی اور عقیلی نے اپنے کتاب مین قاسم کی اسناد سی حضرت تک کہ جسوقت پہونچ جاوی پانی دو قلونکو تو وہ نجاست نہین اوٹہاتا اور دار قطنی نے اوسکو بسبب قاسم کے ضعیف کہا ہے ہوچکی عبارت بحر الرائق کی ۵۷ اور روایت کی دار قطنی نے سند صحیح سے کہ روایت کی روح بن قاسم نے ابن منکدر سی اور انہون نے ابن عمر سے کہ جسوقت پانی بقدر چالیس کی پہونچ جاوے تو ناپاک نہین ہوتا ہوچکے عبارت بحر الرائق کی ۵۸ پہر کہا یعنے دار قطنی نے اسیطرح روایت کی قاسم نے ابن منکدر سے اور انہون نے جابر سے اور اوسکی سند مین قاسم کو وہم پڑ گیا ہے اور اہل حدیث کی نزدیک وہ ضعیف تہا بہت بہولتا تہا اور روح اور ثوری اور معمر نے اوسکی برخلاف روایت کیا ہے کیونکہ انہون نے روایت کی ہی محمد بن منکدر سے اور انہون نے ابن عمر سی موقوف روایت کی

اور ایسا ہی روایت چالیس غرب کی جسکو شیخ ابن الہمام حنفی اور ملا علی قاری سی مؤلف نی نقل کیا ہی وہ بہی رسول اللہ کا قول نہین
بلکہ ابو ہریرہ کا قول ہی جیسا کہ کہا بحر الرائق مین فی اربعین غربا ای دلوا عن ابی هریرة انتهی وکذا فی المحلی الحاصل رسول اللہ سی ایت
اربعین یعنی چالیس قلہ کی جابر کے واسطی سی یا ابن عمر کے واسطی سی ثابت نہین اور محمد بن المنکدر نی یہہ نہین کہا جیسا کہ مؤلف
نی جہوٹہہ کہدیا ہے اور ایسا ہی چالیس غرب کی روایت بہی رسول اللہ سی ثابت نہین بلکہ چالیس قلے عبد اللہ بن عمر سے مروی
ہین اور چالیس غرب ابو ہریرہ سی اور ظاہر ہے کہ قول رسول اللہ کا مرفوع مقدم ہے قول صحابی پر جو موقوف ہی جیسا کہ کہا
بحر الرائق مین و حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقدم علی غیرہ قال النووی وهذا ما نعتمد فی الجواب انتهی ما فی البحر وهكذا فی كتب الاصول
پس ثابت ہوا کہ حدیث قلتین مین کسیطرح کا اضطراب نہین نہ تو اسناد مین اور نہ لفظون مین اور نہ معنون مین اب چوتہی وجہ کا
مؤلف کی جواب پایا جاتا ہے **قال** اور چوتہی وجہ یہہ ہی کہ لفظ قلہ کا مشترک ہی درمیان معانی کثیرہ کی اسواسطی کہ کہا جاتا ہے
قلہ واسطی اوس چہوٹے سے لکڑی کی کہ کہیلتے ہین ساتہہ اوسکی لڑکے ساتہہ مارنی ایک لکڑی لمبی کے اوپر کہ اوسکو گلی
کہتی ہین اور کہا جاتا ہے قلہ واسطی اوس چیز کے کہ پانی پیتے ہین ساتہہ اوسکی اور کہا جاتا ہے قلہ اوس چیز کو کہ ہلکا جاتا ہے
اوسکو اونٹ اور کہا جاتا ہے قلہ حُب کو یعنے بڑے مٹکے کو اور کہا جاتا ہے قلہ جرہ کو یعنے تہلیا کو اور کہا جاتا ہی قلہ قربہ
یعنی مشک کو پس یہہ معانی مختلف ہین اسمین پس ہوئی یہہ حدیث مشترک درمیان معانی متغائرہ کی **اقول** لفظ قلہ کا
بلحاظ اصل وضع کی بیشک مشترک ہی معنی ذکر کیئے ہوئی مؤلف کی ہمین سوائی معنی گلی کے اسلیئی کہ گلی کہیلنی کی معنی قلہ مخفف
کی ہین نہ مشددہ کی کذا فی الرشیدی وغیرہ لاکن اس حدیث مین بقرینہ پانی کی سوائی متعلقات اور ظروف پانی کی
کچہہ مراد نہین ہوسکتا جیسا کہ لفظ عین کا بیچ قول اللہ تعالی فیها عین جاریة کے فی نفسہ تو مشترک تہا بولا جاتا تہا آنکہہ کو
بہی اور چشمہ پانی کو بہی لاکن اس ایت مین بقرینہ لفظ جاریہ کی سوائی چشمہ کی کچہہ مراد نہین کہتے پس لغو ہوگیا نقل کرنا مؤلف
کا قلہ کے ان معنی کو کہ اونٹہہ کی ہلکی جانی گئی چیز کو بولتی ہین اسلئی کہ اس چیز کو پانی کی تقدیر سی کیا علاقہ اب رہا اشتراک
پانی پینے کی چیز اور چہوٹی تہلیا مین اور بڑی مٹکی مین اور مشک مین آیا انمین سی کیا مراد ہے تو ہم کہتے ہین کہ ان سب معنو مین
بڑا مٹکا موضع ہجر کا جو بقدر تخمیناً اڑہائی مشک حجازی کی ہوتا مراد اور متعین ہے اور اشتراک مدفوع ہے تین وجہ سی اول یہہ کہ
حدیث نقل کی ہی امام شافعی نی اپنے مسند مین کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جبکہ پانی ہو بقدر دو قلون کی ساتہہ قلون
موضع ہجر کی تو وہ نجس نہین ہوتا اور ابن جریج راوی اس حدیث کی کہتے ہین کہ مین نی دیکہا قلہ ہجر کو تو اوسمین دو مشکین اور کچہہ
زیادہ پانی آتا تہا اور کہا امام شافعی نے کہ پس احتیاطاً اسمین ہی کہ اڑہائی مشکین ایک قلہ ہجر کے مین مقرر کیجاوین چنانچہ کہا بحر الرائق مین ہے
فانہ ای الشافعی قال فی مسندہ اخبرنی مسلم بن خالد الزنجی عن ابن جریج باسناد لا یحضرنی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

سلہ اور چالیس دول ابی ہریرہ روایت ہی ہوچکی عبارت بحر کی اسیطرح ہے محلی مین ۵۲ اور حدیث آنحضرت صلعم مقدم ہے غیر پر نووی نے کہا یہہ وہ تقریر ہے کہ جسپر جواب میں اعتماد کرتی ہین ہوچکی وہ عبارت جو بحر الرائق مین ہے اور کتب اصول مین بہی یونہین ہے ۵۳ بلا شک شافعی نے اپنے مسند مین کہا کہ خبر دی مجہی مسلم ابن خالد زنجی نی ابن جریج سے اسناد سے

قال اذا كان الماء قلتين لم يحمل خبثا و قال فى الحديث بقلال هجر قال ابن جريج رايت قلال هجر
فالقلة تسع فيه قربتين او قربتين و شيئا و قال الشافعى فالاحتياط ان تجعل قربتين و نصفا
فاذا كان خمس قرب كبار كقرب الحجاز لم ينجس انتهى و هكذا فى المحلى و قال ابن طاهر الحنفى
فى مجمع البحار فى تفسير القلة الجب العظيم و جمعه القلال و فى تفسير قلال هجر فهى قرية
بها القلال انتهى و قال الشيخ جلال الدين السيوطى فى الدر الثمين و القلة الجب العظيم لانها تقل اى
ترفع و تحمل انتهى اور كہا شيخ عبد الحق حنفى نے شرح مشكوة ميں القلة بضم القاف و تشديد اللام بمعنى
الجرة العظيمة اى الكوز الكبير الذى يجعل فيها الماء و تسميتها بالقلة اما من جهة علوها و ارتفاعها
او لان الرجل العظيم يرفعها و القلة اسم لكل مرتفع منه قلة الجبل و جمع القلة قلال بكسر القاف
و المراد ههنا قلال هجر بفتحتين كما جاء صريحا فى بعض روايات هذا الحديث و ايضا كان
المعروف فى ذلك الزمان فالظاهر وقوع التحديد به و الهجر اسم قرية ينسب اليه القلال
و قال ابن جريج رايت قلال هجر كان كل قلة منها قربتين اى قربتين و شيئا و قال الشافعى
كان ذلك الشيء مبهما فاخذنا نصفا احتياطا و كان القلتان خمس قرب انتهى مختصرا اقول
و ما قيل رواية الشافعى منقطع للجهالة و وجهه ما قال الشافعى باسناد لا يحضرنى

---

فرمایا کہ جسوقت پہونچ جاوے پانی بقدر دو قلونکی تو نجاست نہیں اوٹھاتا اور حدیث میں یہہ ہی مذکور ہے کہ قلے ہجر کی کہا ابن جریج نے ہجر کی قلے دیکھی ایسی ہوتی تہیں
کہ ایک میں دو مشکیزے سماتے ہیں یا کچھہ اوپر دو اور امام شافعی نے کہا کہ احتیاط یہہ ہے کہ ڈہائی مشکیزے لئے جاویں تو جسوقت پانچ مشکیزے بڑے عرب جیسے ہوں تو پانی
ناپاک نہوگا ہو چکی عبارت بحر کی اور اسیطرح محلی میں ہے اور ابن طاہر حنفی نے مجمع البحار میں کہا ہے کہ بڑا مٹکا قلہ کی تفسیر ہے اور قلال جمع ہے اور ہجر ایک
گانو کا نام تہا یا ہے جسمیں وہ بڑے مٹکے عرب کے بنتے ہیں اور شیخ جلال الدین سیوطی نے در ثمین میں کہا کہ قلہ بڑی مٹکی کو کہتے ہیں اسواسطے کہ اقلال کی معنی
اوٹہانیکی ہیں اور مٹکا بہی اوٹہایا جاتا ہے ف قلہ قاف کی پیش اور لام کی تشدید سے بڑی ٹہلیا پانیکی ہے اور قلہ یا تو بلندی کے اوس ٹہلیا کی سبب
اوسکا نام رکہا گیا ہے یا یہہ کہ بلند قد آدمی اوسکو اوٹہا سکتا ہے اور قلہ ہر بلند چیز کو کہتے ہیں جیسے کہ قلہ پہاڑ کا اور قلہ کی جمع قلال قاف کی زیر سے
ہے اور یہاں مراد ہجر گانو کی مٹکی ہیں چنانچہ بعضے روایتوں میں اس حدیث کی کہلا کہلا آیا ہے اور اوس زمانہ میں مشہور بہی وہیں کا مٹکا تہا سو ظاہر یہہ ہے
کہ یہہ مقدار پانی کثیر کے حد ہوگئی اور ہجر وہ گانو ہے جسکے طرف مٹکے عرب میں نسبت کئے جاتے ہیں اور ابن جریج نے کہا ہے
کہ مینے وہ مٹکے دیکھے ہیں ہر ایک میں دو مشکیزے یا کچھہ اوپر دو سماتے ہیں اور امام شافعی نے کہا کچھہ اوپر دو کہنا ایک
مبہم تہا اسلئے بنظر احتیاط ہمنے آدہا لیکر ڈہائی کر لئے تو دو قلے پانچ مشکیزونکی ہوگئے میں کہتا ہوں وہ جو کہا
گیا ہے کہ روایت شافعی کی منقطع ہے کیونکہ اوسکی راویونکا حال معلوم نہیں امام شافعی نے خود کہدیا ہے کہ یہہ سند
مجہی یاد نہیں سو معلوم نہوا کہ اوس سند کی لوگ ثقہ ہیں یا نہیں سو یہہ کہنا ٹہیک نہیں اسطرح کہ اگرچہ امام شافعی نے اوس سند کی لوگونکا نام نہیں لیا

بلا تسمية الرواة فلم يعلم ان رواته عدول اولا فهو مدفوع بان الشافعی وان ترک تسمية الرواة
لكنهم عدول عنده والشافعی معدل لهم بدليل العمل على روايتهم وقد صرح فی رد المحتار نقلا عن
التحرير وغيره ان عمل المجتهد على رواية تصحيح لها والحال ان الشافعی من ائمة التعديل والجرح فكيف اجترء على
زعم جهالة رواة روايته فان قلتم ان تعديل الشافعی غير مسلم ورواته مجروحون فهذا يحتاج الى بيان واثبات
جرح رواتها والا فناهيك تعديل معدل وای معدل لہ وجہ دوسرے کہ دفع ہے وجود اشتراک کہ اس
حدیث مین درمیان چھوٹی ٹھلیا اور بڑی شکل کے یہہ ہی کہ اگر بڑا مشکا مراد نہین تہا تو حاجت اختیار کرنے اور بولنی دو قلون کے
کیا تہی ایک قلہ کبیر کہہ دیتی مین دو صغیر سکتے تہے جیسا کہ کہا حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین لہ الفصل بالقلتين اقوی
لصحة الحديث فيه وقد اعترف الطحاوی من الحنفية بذلک لكنه اعتذر عن القول به بان القلة فی العرف تطلق
على الكبيرة والصغيرة كالجرة ولم يثبت من الحديث تقديرها فيكون مجملا فلا يعمل به وقواه ابن دقيق العيد
لكن استدل لغيرهما فقال ابو عبيد القاسم بن سلام المراد القلة الكبيرة اذ لو اراد الصغيرة لم يحتج
لذكر العدد فان الصغيرتين قدر واحدة كبيرة ويرجع فی الكبيرة الى العرف عند اهل الحجاز والظاهر ان الشارع ترک تحديدهما على سبيل
التوسعة والعلم محيط بانه ما خاطب الصحابة الا بما يفهمون فانتفى الاجمال انتهى وجہ تیسری یہہ کہ جبکہ اس حدیث
قلہ کی چار معنون کا احتمال ہوا یانی پینے کی چیز اور ٹھلیا صغیرہ اور مشک اور بڑا مشکا تو اگر ہم اعتبار کرین یانی پینی کی چیز کو
یعنے پیالہ وغیرہ کو یا ٹھلیا کو یا مشک تو اسمین شک تہا ہے کہ شاید مشکا مراد ہوا اور اگر مشکا بڑا بہری مقدار اڑہائی مشک کہانی کی
کی معین کرین تو اسمین پانی پینے کی چیز کا مقدار بہی آجاتا ہی اور ٹھلیا کا مقدار بہی موجود ہی اور مشک بہی آگئی غرضکہ مشکا بڑا
لیکن معلوم اونکی نزدیک ثقہ ہین اور دلیل اسکی یہہ ہے کہ امام شافعی نے اونکی روایت پر عمل کیا ہے اور رد المحتار مین تحریر وغیرہ سے نقل کرکی تقریر کی ہے
کہ مجتہد کا کسی روایت پر عمل کرنا اوس روایت کو صحیح کر دیتا ہے اور اسمین بڑے طول کلامی کی ہے کہ امام شافعی اماموں جرح اور تعدیل مین سی تہی پہر
راویون اونہون نے روایت لی ہی وہ مستور الحال نہین ہو سکتی پہر اگر تم کہو کہ تعدیل امام شافعی کی مسلم نہین اور راوی اوسکی اچہی نہ تہی سو یہہ بات قابل
بیان اور لایق اثبات ہی ورنہ اتنے بڑے معدل کی تعدیل کفایت کرتی ہے لہ حد فاصل دو قلونکی ساتہہ بہت قوی ہی کیونکہ اوس پر
حدیث صحیح ہو چکے اور بلا شک طحاوی نے حنفیون مین سے اسکا اقرار کیا ہی لیکن اوسکی قایل ہونے سے یہہ عذر پیش کیا ہے کہ قلہ عرف عرب مین چھوٹی بڑے
مٹکے دونو کو کہتے ہین مثل ٹھلیا بڑی چہوٹی کے اور حدیث مین اونکا اندازہ ثابت نہین ہوا تیہہ اندازہ مجمل رہا سو اوسپر عمل کیونکر ہو سکتا
اور اس تقریر کو ابن دقیق العید نے تقویت دی ہی لیکن اور لوگون نے اوس حدیث سی استدلال کیا ہے سو کہا ابو عبد القاسم بن سلام نے کہ مراد
قلہ سے بڑا مشکا ہے اس سبب سے کہ اگر چہوٹا مراد ہوتا تو عدد کے ذکر کی حاجت نہ تہی کیونکہ دو چہوٹے ایک بڑے کی برابر ہو کر ایک
بڑا ہو جاتا عرف اہل عرب مین اور ظاہر یہہ ہے کہ شارع نے اون سے ایک حد بیان کے ہے فراخی کی طور پر
اور یہہ بات معلوم ہے کہ آپ صحابہ کرام سے ایسے باتین فرماتی تہے جو سمجھہ مین آوین تو اجمال اوٹھ گیا

مراد رکہنا بالیقین اختلاف سی نکالنا ہے اور سب معانی لفظ مشترک کی کو محیط اور متضمن ہے اسلئی یہی متعین ہوا دقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دع ما یریبک الی ما لا یریبک اگر کہو کہ قلہ چوٹی پہاڑ کو بہی کہتی ہین پس معنی محیط اور متضمن سب معانی کو وہ ہے اور یہ اوسکا متضمن اوسکا نہین تو جواب اسکا یہہ ہی کہ اگرچہ قلہ پہاڑ کی چوٹی کو کہتی ہین لکن اس حدیث مین دربارہ بید بضاعہ پانی کی یہہ معنے نہین ہوسکتی واسطی ثبوت حدیث بیر بضاعہ کی حالانکہ اسمین پانی بقدر چوٹی پہاڑ کی نہتا اور باوجود اسکی آنحضرت نی اوسکو نجاست پڑنی سی بہی نجس نہین قرار دیا اور فرمایا کہ یہہ پاک ہی جیسا کہ سابق مین گذرا اور سوال بہی قلات اور صحرا کی پانی سی تہا نہ چوٹی پہاڑ سے ۵ برین عقل و دانش ببایدگریست پس ثابت ہوا کہ حدیث قلتین کی صحیح اور ثابت ہی از راہ اسناد کی بہی اور تصریحات آئمہ جرح اور تعدیل سی بہی اور یہی قابل ہے عمل کے اوسکی طرح کا اسمین جرح اور خدشہ نہین ہی نہ مخالف اجماع کے اور نہ مضطرب الاسناد والالفاظ والمعنی اور نہ مشترک درمیان معنی کثیرہ کی فالحمد للہ علی توفیقہ والہام الحق بتحقیقہ اب مولف کی ایک اور وجہ کا جواب دیا جاتا ہی بعد اسکے عشر فی عشر کی خدمت گذاری سی شرف حاصل کیا جاویگا **قال** اور ایک وجہ اوپر قلتین کی حدیث پر عمل نکرنی کے یہہ ہے کہ تحقیق یہہ حدیث ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الماء طہور لا ینجسہ شئ صحیح تر ہی حدیث قلتین کی سی یہانتک کہ منعقد کیا ہے بخاری نی صحیح بخاری مین باب خلاف حدیث قلتین کی اور موافق حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ کے کہ عبارت اوسکی یہہ ہی باب ما یقع من النجاسات فی السمن والماء وقال الزہری لا باس بالماء ما لم یتغیرہ طعم اوریح اولون انتہی اور یہی مذہب ہی امام مالک اور اتباع اونکی کا پس جمع کی حدیث قلتین کی معارض حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ کی اور نہین ہی ممکن حمل کرنا حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ کا اوپر حدیث قلتین کی یعنی یون کہا جاوی کہ مراد حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ سی قدر قلتین کی ہی سو یہہ نہین ممکن اسلئی کہ حدیث قلتین کی ضعیف ہی اور حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ کی صحیح ہے اوس سی پس اگر مراد لیجاوی حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ سی قدر قلتین کی تو لازم آویگا باطل کردینا عموم حدیث قوی کا ساتہہ حدیث ضعیف کی اور یہہ باطل ہی بالاتفاق پس ہوگئی حدیث قلتین کی متروک العمل ساتہہ حدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ کی **اقول** اولًا تو حدیث الماء طہور مین لفظ ماء کا عام ہی نہین بلکہ معہود بعہد خارجی ہے اسلئے کہ یہہ ہے اسم جنس معرف باللام اور اسم معرف باللام عام اوسوقت ہوتا ہی جبکہ عہد نہو جیسا کہ کہا مسلم الثبوت مین ومنہا الموصولات والجمع المحلی والمضاف واسم الجنس کذلک حیث لا عہد انتہی اور کہا توضیح مین ومنہا ای الفاظ العام المفرد المحلی باللام اذا لم یکن للعہد انتہی اور ایسا ہی سب کتابو مین اصول کی لکہا ہی اور ظاہر ہے کہ اسم معرف باللام مین اصل عہد خارجی ہی تو جبتک کوئی

۵۱ فرمایا رسول خدا صلعم نی چہوڑدی وہ چیز جو تجہی شک مین ڈالی اور کر جو غیر مشکوک ہو ۵۲ آنحضرت صلعم نی فرمایا پانی پاک ہے اوسی کوئی چیز ناپاک نہین کرتی ۵۳ یہہ باب ہی اوس بیان مین کہ نجاست گہی اور پانی مین پڑی اور کہا زہری نی اوسکا کچہ خوف نہین جبتک کہ اوسکا مزا اور بو اور رنگ بدلی ہو چکی عبارت بخاری کی ۵۴ اور اوسمین ہے موصولات والف لام والی جمع اور مضاف اور اسم جنس بہی اسیطرح جہان عہد نہو چکی عبارت مسلم کی ۵۵ لفظ عام سی ہی مفرد الف لام والا جبکہ الف لام

وجہ مقتضی عموم کا متحقق نہو گا ہرگز اوس اسم کو عام نہین کہین گی جیسا کہ کہا توضیح مین اعلم ان لام التعریف اما للعہد
الخارجی والذہنی واما للجنسیۃ ای الجنس واما لتعریف الطبیعۃ لکن العہد ہو الاصل ثم الاستغراق ثم تعریف الطبیعۃ
لان اللفظ الذی یدخل علیہ اللام دال علی الماہیۃ بدون اللام فحمل اللام علی الفائدۃ الجدیدۃ اولی من حملہ علی تعریف الطبیعۃ
والفائدۃ الجدیدۃ اما تعریف العہد او استغراق الجنس وتعریف العہد اولی من الاستغراق لانہ اذا ذکر بعض
افراد الجنس خارجا او ذہنا فحمل اللام علی ذلک البعض اولی من حملہ علی جمیع الافراد لان البعض متیقن والکل
محتمل انتہی اور کہا تلویح مین اذا تمہد ہذا فنقول الاصل ای الراجح ہو العہد الخارجی لانہ حقیقۃ التعیین
وکمال التمییز ثم الاستغراق الی اخر ما قال من تحقیق وتدقیق مع الجرح علی بعض کلام
صدر الشریعۃ غرض کہ عہد خارجی بالاتفاق اصل ہوتا ہی اسم معرف باللام مین جبتک کوئی قرینہ عموم کا نہو
پس ہم کہتے ہین ساتھہ توفیق اللہ کی کہ الماء طہور اس حدیث مین یہہ معنی رکھتا ہے کہ وہ پانی جس سے تم سوال کرتی ہو یعنی
پانی بیر بضاعہ کا وہ پاک ہے اور ظاہر ہی کہ پانی بیر بضاعہ کا قدر قلتین سی کم نہین تہا پس اس الماء طہور سے پاکی اوس
پانی کی جو قلتین سی کم ہو ثابت نہوئی اور الماء طہور کا حدیث قلتین سی تعارض نہوا اور واضح ہو کہ بعضی حنفیون کو بہی اس پر
اقرار ہے کہ الماء طہور مین عموم نہین بلکہ مراد اس سی پانی بیر بضاعہ کا ہے ازانجملہ حضرت مولف مظاہری حضرت قطب الدین
خان صاحب دام اقبالہ کہ مقلد محمد شاہ کی ہین اپنی ترجمہ مشکوۃ مسمی بمظاہر حق مین فرماتی ہین تحت حدیث الماء طہور کے
بعد بیان معنی بیر بضاعہ کی پس پانی اوسکا بہت تہا اور چشمہ دار تہا بلکہ لکہا ہی علمائی کہ وہ جاری تہا اوسوقت مین کہ راہ
رکہتا تہا طرف باغ کی مثل نہر جاری کی اوسکا حکم حضرت سی پوچہا جواب مین اوسکی پانی کا حکم بیان فرمایا جو کہ مذکور ہوا حاصل
یہہ کہ اسکی ظاہر عبارت سی کوئی یہہ نہ سمجہی کہ کوئی کا پانی پلید نہین ہوتا تہوڑا ہو یا بہت بلکہ یہہ جانی کہ یہہ حکم پانی مذکور کا تہا
اور بعضی روایت مین ہماری علما سی منقول ہے کہ کنوان چشمہ دار حکم پانی جاری کا رکہتا ہے الخ انتہی کلامہ بعینہا [illegible]
مظاہر حق مین تحت حدیث قلتین کی فرماتی ہین اور یہہ جو حدیث بیر بضاعہ کی مین آیا ہی کہ الماء طہور لا ینجسہ شئ یعنی پانی پاک ہے
نہین نجس کرتی اوسکو کوئی چیز اور اوسکو دلیل اپنے ٹہرایا ہے اصحاب ظواہر نی مراد اس سے یہہ تہا اوسکی پانی کثیر ہی انتہی کلامہ [illegible]

---

سلہ جان کہ لام تعریف کا یا تو عہد خارجی کی لئی ہے یا ذہنی کی لئے یا جنس کے لئے یا تعریف کی لئی لیکن عہد اصل ہے پہر استغراق ہے
پہر تعریف کیونکہ وہ لفظ جسپر لام داخل ہے بغیر لام کی بہی ماہیت پر دلالت کرتا ہی پہر حمل کرنا لام کا نئی فائدہ پر اچہا ہی تعریف پر
حمل کرتی سے اور نیا فائدہ یا تعریف عہدی ہی یا استغراق جنس کا اور تعریف عہدی استغراق سی اولی ہے اس سبب کہ جس وقت
بعضے فرد جنس کے خارج یا ذہن کے طور پر ذکر کئی گئی تو حمل کرنا لام کا اون بعضو پر ساری افراد کی حمل کرنے سے بہتر ہے کیونکہ بعضے
یقینی ہین اور سب احتمالی سلہ جو وقت یہہ تمہید ہو چکے تو کہتے ہین ہم راجح عہد خارجی ہے کیونکہ اوسمین یقین اور تمیز
پوری ہے پہر استغراق ہے آخر اوس عبارت تک جو تحقیق اور دقیقہ سنجی سی کہا ہی اور بعضی باتون صدر الشریعۃ پر اعتراض [illegible]

حلبی حنفی ہین کہ شرح منیہ مین فرماتی ہین فعلم ان المراد بہ مورد النص وھو بیر بضاعۃ خاصۃ انتھی کلامہ مختصراً
بس افسوس کا مقام ہی کہ تنویر الحق کی ترجمہ مین اپنے پہلی تحریر کو خواب خرگوش کر دیا کیونکہ وہان تو اس حدیث مین
عموم کو باطل کرتے ہین اور تنویر الحق مین تقلید محمد شاہ کی ثابت کرتی ہین انا للہ وانا الیہ راجعون وازانجملہ مولوی
احمد علی سہارنپوری ہین کہ بعض حواشی ترمذی مین فرماتی ہین قولہ[۵۱] فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الماء
الالف واللام للعھد الخارجی فتاویلہ ان الماء الذی تسألون عنہ فالجواب مطابق لا عموم کلی
کما قال مالک انتھی وازانجملہ طحاوی ہین کہ شرح معانی الآثار مین ایسا ہی کہتی ہین اور بہت علماء
حنفیہ نے یہہ اقرار کیا ہی کہ یہہ حدیث عموم پر نہین اگرچہ انہون نے وجہ بالتخصیص پاک ہونی بیر بضاعہ کی حدیث قلتین سے
وہ نہین بیان کی جو ہمنی بیان کی ہی بلکہ کہا ہے کہ وہ بیر بضاعہ باغون کیطرف جاری تہا تو حکم مین نہر جاری کی ہوا
لاکن ہمنی سابق مین بضمن تاویل حدیث زنجی کی ثابت کر دیا ہے کہ یہہ بات یعنی جاری ہونا اوسکا طرف باغون کی
غلط ہی اور راوی اسکا واقدی ہی کذاب اور متروک اور واضع حدیثون کا اور مبطل حدیثون کا نزدیک ائمہ حدیث کے
کما مر[۵۳] عن التقریب للعسقلانی والمختصر لنور الدین علی ومجمع البحار لابن طاھر الحنفی وبھذا التحقیق اندفع ما
ورد علی من قال بان المراد من الماء فی حدیث الماء طھور لا ینجسہ شئ الماء الذی ورد عنہ السوال وھو ماء بیر
بضاعۃ من انہ مخالف لقولھم العبرۃ لعموم الالفاظ لا لخصوص المحل ووجہ الاندفاع غیر خفی علی من یعلم الفاظ
العام لانہ اذا علم الفاظ العام تیقن ان الماء فی ھذا الحدیث لیس من الفاظ العام فان کونہ عاما موقوف علی عدم
کونہ للعھد الخارجی الذی ھو الاصل وعدم کونہ للعھد بلا قرینۃ العموم انتفاء الاصل وھو کما تری فاذا تیقن ان الماء
لیس من الفاظ العموم فی ھذا الحدیث جزم باندفاع الایراد لانہ بعد ثبوت عموم لفظ الماء فافھم ولا تغتر من تمثیل

---

[۵۱] سو جانا گیا کہ مراد پانی سی موقع سوال ہے اور وہ خاص بیر بضاعہ ہی ہو چکا کلام حلبی کا بطور مختصر [۵۲] فرمایا رسول صلعم نے کہ پانی
پاک ہے یہان لفظ الماء پر جو الف لام ہے وہ عہد خارجی کی لئی ہی تو تاویل حدیث یہہ ہوئی کہ اے لوگو جس قدر پانی سے
تم پوچہتے ہو وہ پاک ہے تو اب جواب سوال کی مطابق ہے عام نہین جسطرح مالک کہتی ہین ہو چکا کلام مولوی احمد علی کا [۵۳]
جیسا کہ گذر چکا عسقلانی کے تقریب اور مختصر نور الدین علی اور مجمع البحار ابن طاہر حنفی سی اور اس تحقیق سی اوٹہہ گیا وہ اعتراض
جو اون لوگو پر کیا گیا تہا کہ جو حدیث الماء طہور مین کہتے ہین کہ مراد پانی سے یہان بیر بضاعہ ہے اور وہ اعتراض یہہ تہا
کہ یہہ تمہارا مقولہ اس مشہور مسئلہ کی مخالف ہے کہ اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے موقع کی خصوص کا نہین اور اوس شبہہ کے
اوٹہہ جانیکی وجہ مخفی نہین اوسپر جو الفاظ عام کو جانتی ہین کیونکہ الفاظ عام کی تفصیل جاننے کے بعد یہان تو معلوم ہو گیا کہ اس حدیث مین
لفظ عام نہین کیونکہ لفظ عام ہونا موقوف تہا اسپر کہ یہان الف لام عہد خارجی کی لئی جو اصل ہے نہو اور اوسکا بغیر قرینہ عموم کی یہہ ایک چیز کی
اصل کو نفی کرنا ہے اور یہہ ٹہیک نہین سو جسوقت یقین ہو گیا کہ حدیث مین لفظ الماء الفاظ عام مین سے نہین تو اوس اعتراض کی اوٹہنی کا ہی یقین ہو گیا

بعض الاعلام بقاعدة العبرة لعموم الالفاظ بحديث الماء طهور وبعد تحرير هذا التقريب رايت ما في غنية المستملي
شرح منية المصلي لابراهيم الحلبي الحنفي في هذا التصوير فوجدته موافقا لي في التقرير وهذا نصه
ولا يقال العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب لانا نقول لا نسلم عموم اللفظ وانما يكون لو كانت اللام للجنس
او للاستغراق وهو ممنوع ولا دليل عليه بل هي للعهد فان الاصل انه اذا امكن جعل اللام للعهد
لا تجعل لغيره وقد امكن ههنا لذكره في السوال فان قول السائل انتوضأ من بير بضاعة المراد به من
مائها قطعا ودعوى كونه صلى الله عليه وسلم استانف جوابا عاما يشتمل المسؤل عنه وغيره لابد لها من دليل انتهى كلام الحلبي
اور اگر تسلیم کیا جاوے کہ اس حدیث الماء طهور سے ہر پانی کا پاک ہونا معلوم ہوتا ہی تو کہا جاویگا کہ اس حدیث کی بابت عام ہی
نزد پانی جو کہ قلتین سی کم ہو مخصوص ہے جیسا کہ نقل کیا ہے شیخ سلام اللہ حنفی نی بعض شافعیہ سی چنانچہ کہا ہی محلی مین
ثم عموم حديث الماء طهور لا ينجسه شئ مخصوص بمفهوم حديث القلتين عند الشافعية انتهى تو حدیث الماء طهور کی یہہ معنے
ہوئی کہ ہر پانی جو کہ قلتین سی کم نہو پاک ہی اور یہین بطلان عموم اقوی کا ساتھہ حدیث ضعیف کی لازم نہین آتا جیسا کہ
مولف نی کہا ہے اسلئے کہ حدیث قلتین مین کسیطرح کا ضعف نہین اور یہہ حدیث بھی صحیح اور قوی اور جیسی ہی قابل عمل کے
سنئیے جبکہ ثابت ہو گیا کہ حدیث الماء طهور کی اور حدیث قلتین کی معارض نہین اور دونو کا محل ایک ہی ہے تو وہ حدیثین
جو مولف نی اپنے سند مین پیش کی ہین یعنی حدیث ولوغ کلب اور حدیث اذا استیقظ اور حدیث نهی عن البول
في الماء الدائم اور سوا اسکی اور بھی بہت سی روئتین جو دلالت کرتی ہین پانی کی نجس ہونی پر اون حدیثون مین اور
حدیث الماء طهور مین اوسیطرح موافقت اور جمع کیجاویگی جیسی کہ حدیث قلتین کو اس حدیث سی موافق اور جمع کیا تہا پر
باطل اور لغو ہو گیا مولف کا بیان کرنا دو وجہ کو واسطے اسقاط حدیث الماء طهور کی نقل کرنا اون دو وجہونکا اور رد کرنا اونکا
موجب حرج اوقات ہی ہماری غرض بوجہ کامل حاصل ہو گئی یعنی ثابت ہوا کہ حدیث قلتین ہی کی سزاوار ہی عمل کے
اور یہین کسیطرح کا نقصان نہین اور مولف نی جو پانچ وجہ سی اسکا متروک ہونا بیان کیا تہا وہ سب باطل ہو گیا جاء
الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا اب حضرت مولف کی عشر فی عشر کی خدمت گذاری کیجاتی ہی قال جبکہ ہوئے

---

کیونکہ وہ اعتراض جب تہا کہ پہلی عموم یہان ثابت ہو جاوی سمجھے تو اور نہ وہ کا کہا بعضی لوگونکے اس شائع نہی سی کہ اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے
اور بعد لکھنی اس تقریر کے دیکھی مینی وہ عبارت جو غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی ابراہیم حلبی حنفی مین ہے تو اس مسئلہ مین مینی اونکی تقریر اپنے
موافق پائی اور وہ عبارت اونکی یہہ ہے کہ اعتراض نکیجیے کہ اعتبار عموم لفظ کا ہی خصوص سبب کا نہین کیونکہ ہم جواب دینگی کہ ہم عموم لفظ کا
یہان نہین مانتی یہہ تو جب ہوتا کہ الف لام جنسی یا استغراقی ہوتا اور وہ ممنوع بلا دلیل ہے بلکہ یہان الف لام عہد خارجی کی لئی ہے کیونکہ اصل یہی ہے
کہ جبتک الف لام کو عہد خارجی کی لئی لینا ممکن ہو تو اور غیر کی واسطی نہین کیا جاتا اور یہان بسبب سوال کی وہ ممکن ہے کیونکہ سوال سائل کا یہہ
ہی کہ بیر بضاعہ کی پانیکا حکم فرمائی اور یہہ دعوی کرنا کہ آپ نی عام جواب دیا کہ بیر بضاعہ اور سب مقدار کے پانیونکو شامل ہے اسکے لئی کوئی دلیل چاہئے ہو چکا کلام حلبی کا ١٥

کوئی تقدیر کسی امام کی بیچ باب پانی کی فرق مقتضای ان احادیث کی سوائی تقدیر ابحنیفہ اور اتباع اونکی کی اور تہا اجماع
منعقد اوپر باطل ہونی اوس عمل کی کہ مخالف ہو ائمہ اربعہ کی تو ہوئی تقدیر ابحنیفہ اور اتباع اونکی کی صحیح اور مطابق ساتہہ ان
حدیثون صحیحہ کی اور اجماع مذکور کے اور تقدیر فوقانی یہہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے بیچ کتاب اپنی کی کہ نام اوسکا مصنف ہے
حدثنا ابو معاویۃ عن عاصم عن عکرمۃ انہ قال مر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغدیر فقالوا یا رسول اللہ ان الکلاب تلغ
فیہ والسباع فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للسبع ما اخذ فی بطنہ وللکلب ما اخذ فی بطنہ فاشربوا وتوضئوا
قال ابو حنیفۃ لا باس بہ اذا کان عشرا فی عشر ما لم یتغیر طعمہ وریحہ ولونہ وتوضئوا بہ انتہی کلام ابی بکر
اور یہی ہی مذہب امام ابحنیفہ اور ابو یوسف اور امام محمد کا اور کہا یہہ ہدایہ مین اسپر فتوی ہے اور موافق مذہب امام اعظم کی مذہب ہے
امام احمد بن حنبل کا بیچ نجاست رقیقہ کی جیسا کہ ہے بیچ ترجمہ مشکوۃ کی کہ شیخ کا ہے اور ارکان اربعہ مین کہ مولنا عبد العلی کی ہے
**اقول** اصل شبہہ ہمارا حنفیون پر یہہ تہا کہ متی جو حد پانی کثیر کی دہ در دہ اور مثل اسکی ٹہرائی ہی اسکی کیا اصل ہے اور یہہ
اعتراض نہ تہا کہ قلتین کو نجس کیون کہتے ہو جسکے جواب مین مؤلف نی بزعم خود یہہ زور شور دغوغائی عام کا سا کیا
سو ظاہر ہے کہ مولف نی جواب اصل اعتراض ہمارا کیا نہ یا یعنی دہ در دہ کو دلیل شرعی سی ثابت نکیا یعنی اوسکی بنا ہے
اصل دہ در دہ کی ثابت ہونی اصلی کیا اولا تو امام ابو حنیفہ کا اور امام ابو یوسف کا مذہب یہہ ہرگز نہین کہ جو پانی بقدر عشر
فی عشر ہو وہ کثیر ہی اور کسی حنفی نے علما معتبرین سی یہہ نہین کہا کہ ابو حنیفہ اور ابو یوسف دہ در دہ کی قایل ہیہ
بلکہ مذہب اونکا رائی مبتلی بہ کے ہے اور معنی اسکی یہہ ہین کہ اگر پانی استعمال کرنے والی کو اسبات کا یقین ہو کہ پلیدی
اوس تمام پانی مین جسمین وضو کرتا ہے ملی ہوئی ہے تو وضو وغیرہ نکرے اور اگر ایسا ہو کہ ناپاکی ایک جانب مین پانی کے
پڑے ہے اور وہ ناپاکی دوسرے جانب مین نہین پہونچی تو اوس دوسری جانب مین وضو کرنا یا غسل کرنا اوسکو درست
ہے اور وہ جانب پانی کی پاک ہی اور عشر فی عشر کی بنا اسپر ہے کہ امام محمد بن الحسن سی کسی نی سوال کیا تہا کہ پانی کی حوض
کبیر کے کیا حد ہے اونہون نے کہا میری مسجد کی مقدار پس اونہون نی مسجد کو ناپا تو اندر کی زمین اوسکی ہشت در ہشت
نکلی اور بیرونی زمین اوسکی دہ در دہ معلوم ہوئی پس بعض نے دہ در دہ کو کالوحی من السماء سمجھہ لیا اور بعض نے ہشت در ہشت
اور متاخرین نی اسی پر جمود کر لیا ہے حالانکہ امام محمد نے آخر کو اوس اپنی قول سی رجوع کر لیا ہی اور قائل ہوگئی ہین ساتہہ قول
ابحنیفہ اور ابی یوسف کی یعنی اعتبار کیا ہے رائی مبتلا بہ کو غرضکہ یہہ تقدیر دہ در دہ کی کسی امام کی نزدیک ائمہ اربعہ کی ابو یوسف

یعلم حدیث کا کہ پانی پاک ہے نہین نجس کرتا اوسکو کوئی شے خاص ہے مضمون حدیث قلتین کے نزدیک شافعیہ کے **سلہ**
روایت کی ہمین ابو معاویۃ نے عاصم سے اونہون نے عکرمہ سی یہہ کہ گذر ہوا رسول صلعم کا ایک جہیل پر سو لوگون نے
آپسے پوچہا کہ کتے اور اور درندی اسمین موہنہ ڈالتی ہین آپنے فرمایا کہ درندی کتون اور درندون کے جو پیٹ مین آگیا تم پیئو
پانی پیو اور وضو کرو امام ابو حنیفہ نی کہا کچہہ ڈر نہین جبکہ وہ دہ در دہ ہوا اور اوسکا مزہ اور بو اور رنگ بدلی تو وضو کر و ہو چکا کلام ابی بکر کا

یا امام محمد کے حق و ثابت نہین اور کوئی امام اسکا قایل نہین اور کچھ اسپر دلیل نہین ما انزل اللہ بہا من سلطان اسیواسطے
اکابر حنفیہ سے یہی مروی ہی کہ امام ابو حنیفہ کا اور ابو یوسف کا مذہب اعتبار رای مبتلی بہ ہی نہ دہ در دہ اور اسیکی طرف
رجوع کیا ہی امام محمد نی جیسا کہ کہا شمس الائمہ سرخسی نے مبسوط مین کہ یہی ظاہر المذہب اور یہی صحیح ہی چنانچہ بحر الرایق مین
ذکر کیا ہے قال ابو حنیفۃ فی ظاہر الروایۃ عنہ یعتبر فیہ اکبر رای المبتلی ان غلب علی ظنہ انہ بحیث تصل
النجاسۃ الی الجانب الاخر لایجوز الوضوء والا جاز ومن نص علی انہ ظاہر المذہب شمس الائمۃ السرخسی
فی المبسوط وقال انہ الاصح انتہی اور کہا امام ابو بکر رازی نے احکام القرآن فی سورۃ الفرقان مین ان مذہب اصحابنا ان کل
ما تیقنا فیہ جزء من النجاسۃ او غلب فی الظن ذلک لایجوز الوضوء بہ سواء کان جاریا او لا انتہی
اور کہا امام ابو الحسن کرخی نے اپنی مختصر مین وما کان من المیاہ فی الغدران او فی مستنقع من الارض وقعت
فیہ النجاسۃ نظر المستعمل فی ذلک فان کان فی غالب رایہ ان النجاسۃ لم تختلط بجمیعہ لکثرتہ توضأ من الجانب الذی
ہو طاہر عندہ فی غالب رایہ فی اصابۃ الطاہر منہ وما کان قلیلا یحیط العلم ان النجاسۃ قد وصلت الی
جمیعہ او کان ذلک فی غالب رایہ لم یتوضأ انتہی اور کہا رکن الاسلام ابو الفضل عبد الرحمن کرمانی نے شرح ایضاح مین واختلف
الروایات فی تحدید الکثیر والظاہر عن محمد انہ عشر فی عشر والصحیح عن ابی حنیفۃ انہ لم یوقت
فی ذلک بشیء فانما ہو موکول الی غلبۃ الظن فی خلوص النجاسۃ انتہی اور کہا حاکم شہید نے اپنی کافی مین
الذی ہو جمع کلام محمد قال ابو عصمۃ کان محمد بن الحسن یوقت عشرۃ فی عشرۃ ثم رجع الی قول ابی حنیفۃ
وقال لا اوقت فیہ شیئا انتہی اور کہا امام اسبیجابی نے شرح مختصر طحاوی مین ثم الحد الفاصل بین القلیل والکثیر عند اصحابنا

ف۱ کہا ابو حنیفہ نے ظاہر روایت مین کہ اس باب مین برتنے والے کی ظن غالب کا اعتبار ہے اگر اسکا گمان غالب ہو جاوے
کہ ایک کنارہ کی پلیدی دوسرے جانب تک پہونچ جاتی ہے تو وضو جایز نہین اور نہین تو جایز ہے اور جس شخص نے کہا کہ یہی ظاہر
مذہب ہے وہ شمس الائمہ سرخسی ہین کہ اونہون نے مبسوط مین بیان کر کے یہہ کہا کہ یہے بہت صحیح ہے ف۲ مذہب ہمارے صاحبون کا
یہہ ہے کہ جس پانی مین نجاست کے مخلوط ہونیکا ہمین یقین ہو یا گمان غالب ہو تو وضو اوس سے جایز نہین برابر ہے کہ وہ پانی جاری
ہو یا نہو ف۳ اور جو پانی حوض یا گڑھے ہوں مین ہو اور کہین نجاست پڑ جاوے برتنے والا غور کرے اگر اوسکی گمان غالب مین
آدمی کہ نجاست بسبب کثرت پانی کی ساری پانی مین نہین ملتی جو کونہ اوسکی عندیہ مین نجاست سے بچا ہوا ہے اوس سے وضو کرے اور اگر پانی تہوڑا ہو ا تنا کہ
معلوم ہو جاوے یقینا کہ سارا پانی نجاست لگ گئی یا ظن غالب ہو تو اوس سے وضو نکرے ہو چکی عبارت مختصر کرخی کی ف۴ مختلف ہوئین روایتین کثیر پانی کی
مقدار کی بیان مین اور ظاہر امام محمد سے یہہ ہے کہ دہ در دہ ہی اور صحیح امام ابی حنیفہ سے یہہ ہے کہ اونہون نے کوئی حد مقرر نہین کی بلکہ اونہون نے مبتلی والیکی گمان
پہ نجاست کے پہیلاو پر موقوف رکہا ہی ہو چکی عبارت شرح ایضاح کی ف۵ وہ تقریر جو جمع ہی کلام امام محمد کی یہہ ہے کہ ابو عصمہ نے کہا کہ محمد بن حسن دہ در دہ انکی
حد بتاتی تہی پہر امام ابی حنیفہ کی قول کیطرف رجوع کیا اور کہا کہ مین کچھہ حد نہین لگاتا ہو چکی عبارت کافی کی ف۶ پہر وہ حد جو کثیر اور قلیل

هو الخلوص وهو ان يخلص بعضه من جانب الى جانب ولم يفسر الخلوص فى رواية الاصول وسئل محمد عن حد الحوض فقال مقدار مسجدى فذرعوه فوجدوه ثمانية فى ثمانية وبه اخذ محمد بن سلمة وقال بعضهم مسح محمد مسجده وكان داخله ثمان فى ثمان وخارجه عشرا فى عشر ثم رجع محمد الى قول ابى حنيفة وقال لا اوقت فيه شيئا انتهى

اور معراج الدرایہ میں لکہا ہے الصحیح عن ابی حنیفة انه لم یقدر فی ذلک شیئا وانما قال هو موکول الی غلبة الظن فی خلوص النجاسة من طرف الی طرف وهذا اقرب الی التحقیق لان المعتبر عدم وصول النجاسة وغلبة الظن فی ذلک یجری مجری الیقین فی وجوب العمل کما اذا اخبره واحد بنجاسة الماء وجب العمل بقوله وذلک یختلف بحسب اجتهاد الرای وظنهم انتہی

اور ایسا ہی لکہا ہی شرح جمع الجوامع اور مجتبی میں اور لکہا غایة البیان میں ظاهر الروایة عن ابی حنیفة اعتبار غلبة الظن وهو الاصح انتہی اور ینابیع میں لکہا ہے قال ابو حنیفة الغدیر العظیم هو الذی لا یخلص بعضه الی بعض ولم یفسره فی ظاهر الروایة وفوضه الی رای المبتلی به وهو الصحیح وبه اخذ الکرخی انتہی خاتم المتاخرین ابن نجیم حنفی بعد نقل کرنے روایات مذکورہ کی بحر الرائق میں فرماتے ہیں وهکذا فی اکثر کتب ائمتنا فثبت بهذه النقول المعتبرة من مشائخنا المتقدمین مذهب امامنا الاعظم ابی حنیفة وابی یوسف ومحمد رحمهم الله فتعین المصیر الیه واما ما اختاره کثیر من مشائخنا المتاخرین بل عامتهم کما نقله فی معراج الدرایة من اعتبار العشر فی العشر فقد علمت انه لیس مذهب اصحابنا فان قلت ان فی الهدایة وکثیر من الکتب ان

---

کردی ہمارے سب ہیتوں کے نزدیک نجاست کا پہیلاو ہے اور وہ یہہ ہے کہ ایک طرف کی نجاست دوسری طرف پہونچ جاوی اور ظاہر روایت میں پہیلاو کی تفسیر نہیں ہی اور کسینے پوچہا امام محمد سے حوض کی مقدار تو کہا کہ جتنی مقدار میری مسجد پہر لوگوں نے جو ناپا تو طول وعرض آٹہہ گز پایا سو محمد بن سلمہ کا یہہ مذہب ٹہر گیا اور بعضوں نے کہا کہ مسجد جو ناپی تو اندر طول وعرض آٹہہ گز تہا اور باہر دہ در دہ پہر رجوع کیا امام محمد نے ابی حنیفہ کے قول کیطرف اور کہا کہ میں کوئی حد مقرر نہیں کرتا ہونگی عبارت شرح مختصر طحاوی کی ٥١ روایت صحیح امام ابی حنیفہ سی یہہ ہے کہ انہوں نے کوئی حد مقرر نہیں کی بلکہ گمان غالب پہیلاو نجاست پر سونپا ہے اور یہہ امر تحقیق کے قریب ہے کیونکہ اعتبار نجاست کے نہ پہونچنی کا ہے اور گمان غالب ایسا ہیں قائم مقام یقین کے ہی وجوب عمل میں جیسا کہ ایک آدمی خبر دیوی پانیکی ناپاک ہونیکی تو اسکی قول پر عمل واجب ہو جاتا ہے اور یہہ گمان بمقتضا لوگوں کے عقلوں کے مختلف ہے ٥٢ ظاہر روایت امام ابی حنیفہ سی یہہ گمان غالب کا اعتبار ہے اور یہی بہت صحیح ہے ہو چکی عبارت غایة البیان کی ٥٣ امام ابی حنیفہ نی کہا کہ بڑا تالاب وہی کہ ایک طرف کی نجاست دوسری طرف نہ پہونچی اور ظاہر روایت میں اسکی تفسیر نہیں کی بلکہ برتنی والیکی رای پر کہا ہے اور یہی صحیح ہے اور کرخی کا معمول بہ ہے ہو چکی عبارت ینابیع کی ٥٤ اور اسیطرح ہے ہمارے اماموں کی اکثر کتابوں میں پس معتبر نقلوں سے پہلے مشائخوں کی مذہب ہماری امام ابی حنیفہ اور ابی یوسف اور محمد کا ثابت ہوا پس تو اسیطرف رجوع کرنا ٹہر گیا ہے اور وہ جو بہت سی مشائخ متاخرین نی اختیار کیا ہے بلکہ عام متاخرین نی جیسی کہ معراج الدرایہ میں نقل کیا کہ اعتبار دہ در دہ کا تو یہہ تو جان چکا کہ مذہب ہمارے اصحاب کا نہیں پہر اگر تو کہوی کہ ہدایہ اور اور بہت کتابوں میں یہہ ہے

الفتوی علی اعتبار العشر فی العشر و اختاره اصحاب المتون فكيف ساغ لهم ترجيح غير المذهب قلنا لما كان مذهب
ابی حنيفة التفويض الی رای المبتلی به وكان الرای يختلف بل من الناس من لا رای له اعتبر المشائخ العشر فی
العشر توسعة وتيسيرا علی الناس فان قلت هل يعمل بما صح من المذهب و بفتوی المشائخ قلت يعمل بما صح
من المذهب فقد قال الامام ابو الليث فی النوازل سئل ابو نصر فی مسئلة وردت عليه ما تقول رحمك الله
وقعت عندك كتب اربعة كتاب ابراهيم بن رستم و اداب القاضی عن الخصاف وكتاب المجرد وكتاب
النوادر من جهة هشام هل يجوز لنا ان نفتی منها اولا وهذه الكتب محمودة عندك فقال ما صح
عن اصحابنا فذلك علم محبوب مرغوب فيه مرضی به واما الفتيا فانی لا اری لاحد ان يفتی بشیٔ
لا يفهمه ولا يحتمل اثقال الناس فان كانت مسائل قد اشتهرت وظهرت وانجلت عن اصحابنا
رجوت ان يسع الاعتماد عليها فی النوازل انتهی وعلی تقدير عدم رجوع محمد رح عن هذا التقدير
فما قدر به لا يستلزم به تقديره به الا فی نظره وهو لا يلزم غيره بل يختلف باختلاف ما يقع
فی قلب كل مبتلی فليس هذا من قبيل الامور التی يجب فيها علی العامی تقليد المجتهد اليه اشار فی فتح القدير ويؤيده ما فی شرح الزاهدی
عن الحسن والاصح عنده ما لا يخلص بعض الماء الی بعض بظن المبتلی به واجتهاده ولا يناظر المجتهد فيه انتهی فعلم من هذا
ان التقدير بعشر لا يرجع الی اصل شرعی يعتمد عليه كما قال محی السنة فان قلت قال فی شرح الوقاية انما قدر بما ذكر علی قوله

ر فتوا دہ در دہ پر ہے اور فقہ کے متنوں میں اوسی کو پسند کیا ہے تو انہوں نے غیر مذہب کو ترجیح کیونکر دی پہلا تو جواب یہہ ہے کہ جب امام ابی حنیفہ کا مذہب مبتلی کی را
سونپنا ٹھہرا اور رائے مختلف ہوتی ہی بلکہ بعضے آدمیونکو رائے ہی نہیں ہی تو مشائخ نے دہ دردہ کو لوگوں کی آسانی کیلئے معتبر کر لیا ہے پہر اگر تو کہے
کہ کیا عمل کیا جاوے اوسپر جو مذہب کی رو سے صحیح ہوا ہے یا مشائخ کی فتوی پر تو جواب یہہ ہے کہ عمل کیا جاوے اوسپر جو مذہب کی رو سے صحیح ہوا ہے کیونکہ کہا ہے
امام ابو لیث نے نوازل میں کہ کسی نے پوچھا ابو نصر سے کہ کیا کہتے ہو تم ان چار کتابوں کی نسبت ایک کتاب ابراہیم بن رستم دوسری ادب القاضی
خصاف کی تیسری کتاب المجرد چوتھی کتاب النوادر ہشام کی کیا ہمیں جائز ہے کہ ہم فتوا دیویں ان میں سے یا نہیں اور یہہ کتابیں تمہارے نزدیک
اچھی ہیں انہوں نے جواب دیا کہ جو ہمارے اصحاب سے صحیح ہو گیا تو وہ مسئلہ نہایت پسندیدہ ہے رہا فتوا دینا سو میں کسی کے واسطے اعتقاد نہیں کرتا
کہ بغیر سمجھے فتوا دیوے اور لوگوں کا بوجھ اپنے ذمہ لیوے ہاں اگر مسائل شہرت پکڑ جاویں اور ہمارے اصحاب سے ظاہر ہو جاویں تو مجھے امید ہے
کہ نوازل میں بہروسا اونپر جایز ہو سکتا ہے اور بر تقدیر نہ رجوع کرنے امام محمد کی اس اندازہ سے خواہ مخواہ انہوں نے اپنے رای سے یہہ اندازہ کیا ہوگا سو
غیر کو کچھ ضرور ہے نہیں بلکہ مبتلی کے اپنے جی میں پڑنے سے مختلف ہے اور یہہ کچھ امور ان میں سے نہیں کہ انمیں عامی پر مجتہد کی تقلید ضروری ہو چنانچہ
اسطرف فتح القدیر میں اشارہ کیا ہے اور اسکی تائید کرتے ہیں وہ تقریر جو شرح زاہدی میں ہے حسن سے اور بہت صحیح حسن کے نزدیک گذر جانیکا اندازہ ہی کہ
والیکی ظن غالب میں ایک طرف کی نجاست دوسری طرف پہونچی ہو اور ظن مجتہد فیہ مسئلہ میں کچھ تکرار نہیں ہو سکتی سو اب اس سے معلوم ہو گیا کہ اندازہ
دہ دردہ کا کسی ایسی اصل شرعی کیطرف نہیں جو کرتا جسپر اعتماد کیا جاوے چنانچہ محی السنۃ نے کہا ہے پہر اگر تو کہے کہ شرح وقایہ میں کہا ہے کہ یہ اندازہ حضرت معلم اس قول کے

صلی اللہ علیہ وسلم من حفر بیرا فله حولها اربعون ذراعا فیکون لہ حریمہا من کل جانب عشرۃ ففهم من هذا انه
اذا اراد اخر ان یحفر فی حریمها بیرا یمنع لانه ینجذب الماء الیها وینفض الماء الیها وینقص الماء فی البیر
الاولی وان اراد ان یحفر بیر بالوعة یمنع ایضا لسرایة النجاسة الی البیر الاولی وتنجس ماءها ولا یمنع فیما وراء الحریم
وهو عشر فی عشر فعلم ان الشرع اعتبر العشر فی العشر فی عدم سرایة النجاسة حتی لو کانت النجاسة تسری یحکم بالمنع
قلت هو مردود من ثلثة اوجه الاول ان یکون حریم البیر عشرۃ اذرع من کل جانب قول البعض والصحیح انه اربعون
من کل جانب کما سیاتی ان شاء اللہ تعالی الثانی ان قوام الارض اضعاف قوام الماء فقیاسه علیها فی مقدار عدم السرایة
غیر مستقیم الثالث ان المختار المعتمد فی البعد بین البالوعة والبیر نفوذ الرائحة فان تغیر لونه او
ریحه او طعمه ینجس والا فلا کذا فی الخلاصة وفتاوی قاضی خان وغیرهما وصرح فی التاتارخانیة ان
